فقہ اسلام

ڈاکٹر حسن رضا اعظمی

اِدارہ تصنیفات امام احمد رضا۔ کراچی

Marfat.com
Marfat.com

Book Serial ...
Serial No. ...
Price ...
Date ...

Marfat.com
Marfat.com

العطایا الرضویہ فی المسائل الشرعیہ

فقہ اسلام

ڈاکٹر حسن رضا اعظمی
(ایم۔ اے۔ پی۔ ایچ۔ ڈی)

ادارہ تصنیفات امام احمد رضا خوند مسجد کھارادر
کراچی

Marfat.com
Marfat.com

نام کتاب	فقیہہ اسلام
مصنف	مولانا حسن رضا اعظمی
مطبوعہ	مشہور آفسٹ پریس
طابع	محمد الطاف ضیائی۔ محمد ریاض ضیائی
پیشکش	سید ریاست علی قادری
صفحات	۴۹۶
قیمت	95/-

ملنے کا پتہ

مدرسہ انوار القرآن

میمن مسجد مصلح الدین گارڈن کراچی ۲

رابطہ کیلئے فون ۲۲۶۵۶۸

ناشر

ادارہ تصنیفات امام احمد رضا، کراچی

Marfat.com

Marfat.com

فہرست مندرجات

نمبر شمار	مضمون	صفحہ
۱	پیش گفتار	۶
۲	تقریظ (خراج عقیدت)	۱۲
۳	افتتاحیہ	۱۷
۴	الباب الاول	۳۷
	(ہندوستان میں فقہ اسلامی کا ارتقاء)	
	(الف) تحقیق الفقہ	۳۸
	(ب) فقہ اسلامی کے مأخذ	۴۰
	(ج) فقہ اسلامی کی عہد بعہد ترقی	۴۱
	(د) ہندوستان میں فقہ اسلامی کا ارتقاء	۴۴
	(ہ) فتاویٰ عالمگیری کے مرتب مخصوص فقہاء	۴۷
	(و) فقہائے ہند اور ان کی فقہی تصانیف	۷۸
	(ز) ہندوستان مصنفین و رسائل فقہیہ	۹۷
۵	الباب الثانی	۹۹
	(تیرھویں صدی ہجری میں ہندوستان میں فقہ اسلامی کی ترقی کے عوامل)	
	(الف) فرنگی حکومت کا تسلّط اور اس دَور کے دُور رس اثرات	۱۰۰
	(ب) ادیان مختلفہ کی آویزش	۱۰۷
	(ج) اختلاف مسالک	۱۱۰
	(د) تحریک وہابیت	۱۱۴

Marfat.com
Marfat.com

نمبر شمار	مضمون	صفحہ
۶	الباب الثالث	۱۱۶
	(مکاتب فقہ اسلامی اور اعلیٰحضرت کا دور)	
	(الف) اختلاف مذاہب کی بناء	۱۱۷
	(ب) فرقوں کی تقسیم	۱۱۷
	(ج) اہل سنّت وجماعت	۱۱۸
	(د) مجتہدین مذاہب اربعہ	۱۱۹
	(ہ) اعلیٰ حضرت کے دور میں مختلف فرقے	۱۲۵
	(و) اہل تشیع	۱۲۹
۷	الباب الرابع	۱۳۲
	(ابتدائی زندگی، تعلیم اور اساتذہ)	
۸	الباب الخامس	۱۷۳
	(احوال وآثار)	
	(الف) کتب بینی	۱۷۴
	(ب) فتاویٰ نویسی	۱۷۷
	(ج) درس وتدریس	۱۹۲
	(د) تصنیف وتالیف	۱۹۲
	(ہ) عبادت وریاضت	۲۲۰
	(و) سادات کرام کا احترام	۲۲۰
۹	الباب السادس	۲۲۶
	(معاصرین، تلامذہ اور متبعین)	

Marfat.com
Marfat.com

نمبر شمار	مضمون	صفحہ
۱۰	الباب السّابع	۲۹۹
	(فقہ اسلامی میں اعلیٰ حضرت کی خدمات)	
	(الف) اصول فقہ	۳۰۰
	(ب) عوام عقلیہ کے ذریعہ فقہی خدمات۔	۳۱۱
	(ج) ریاضی و جغرافیہ سے مسائل شرعیہ کا استحکام۔	۳۲۹
	(د) فقہی معمّہ کا حل	۳۴۵
	(ہ) ندرت استنباط	۳۴۷
	(و) کثرت استدلال	۳۵۲
	(ز) اقوال متبائنہ میں ترجیح	۳۸۴
	(ح) متعارض دلائل میں تطبیق	۳۸۶
	(ط) شواہد سے تائیدات	۳۹۰
	(ی) ضمنی مسائل	۳۹۵
	(ک) فقہ حنفی کے ابواب پر مکمل بحث	۳۹۸
	(ل) تنقیح مسائل	۴۰۰
	(م) معروضات	۴۲۱
	(ن) مسائل جدیدہ	۴۲۸
	(س) اعلیٰ حضرت کا فقہی مقام	۴۵۱
	(ع) اعلیٰ حضرت کی فقہی تصانیف	۴۶۵
	الباب الثامن	۴۸۰
	(کتابیات)	

Marfat.com
Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پیش گفتار

اعلیٰ حضرت مجدد دین و ملت علامہ شاہ احمد رضا خاں فاضل بریلوی علیہ الرحمۃ والرضوان مسلک اہلسنت کے ایک عظیم شارح، ایک دردمند مصلح اور مسلمانوں کے ایک مقتدر امام کی حیثیت سے ہمیشہ ہماری فکر و نظر کے مرکز رہے لیکن ان کی علمی اور فقہی حیثیت پر تحقیقی کام کرنے کا خیال اس وقت پیدا ہوا جب آج سے چند سال پیشتر جمشید پور میں امام احمد رضا کانفرنس کے نام ان کے علمی اور دینی کارناموں پر ایک مذاکرۂ علمیہ منعقد ہوا تھا۔ اس موقعہ پر اعلیٰ حضرت کے فقہی مقام سے متعلق ایک وقیع اور معلوماتی خطبہ کی فرمائش مجھ سے کی گئی تھی۔ ذمہ داران کانفرنس کی فرمائش کے بموجب اس موضوع پر تیاری کے سلسلے میں مجھے بہت ساری کتابوں کا مطالعہ کرنا پڑا۔

اعلیٰ حضرت پر جتنی کتابیں اب تک ہند و پاک میں لکھی جا چکی ہیں ان میں بیشتر کتابیں میرے مطالعہ میں آئیں ان کتابوں کے مطالعہ سے اعلیٰ حضرت کے متعلق میری معلومات میں جو اضافہ ہوا وہ تو مسلم ہے لیکن ایک عظیم فائدہ یہ حاصل ہوا کہ

Marfat.com
Marfat.com

اعلیٰ حضرت کو سمجھنے کے لئے براہ راست ان کی تصانیف کے مطالعہ کا اشتیاق میرے دل میں پوری شدت سے پیدا ہوگیا۔ اعلیٰ حضرت کی تصانیف ہیں گراں قدر تصنیف "فتاویٰ رضویہ" ہے۔ جو بارہ ضخیم جلدوں پر مشتمل ہے۔ حسن اتفاق سے اس کی پہلی جلد میرے نجی کتب خانہ میں موجود تھی میں نے اپنی ساری مصروفیات سے صرف نظر کرکے اس کتاب کا بالاستیعاب مطالعہ شروع کردیا۔

یہ میری زندگی کا بالکل پہلا اتفاق تھا جبکہ اعلیٰ حضرت کی شخصیت کا عرفان بغیر کسی واسطہ کے حاصل ہوا۔ فتاویٰ رضویہ کے مطالعہ کے دوران مجھے اعلیٰحضرت کی شخصیت میں متعدد اصحاب کمال کے چہرے نظر آئے۔ میں نے کھلی آنکھوں سے دیکھا کہ اعلیٰ حضرت جب کسی مسئلے پر بحث کرتے ہیں تو ایک ایسے فقیہہ کی تصویر ابھر آتی ہے جو قوت اجتہاد، بصیرت فکر، ذہانت و تعقل اور علمی استحضار میں دور دور تک اپنا جواب نہیں رکھتا۔ مطالعہ کے دوران جب آگے بڑھے تو ایسا محسوس ہونے لگا کہ اب ہم کسی فقیہہ کے سامنے نہیں بلکہ وقت کے ایک عظیم مورخ کے سامنے ہیں جو کسی مسئلہ کی تنقیح کے سلسلے میں تاریخ کے مختلف مراحل پر بحث کر رہا ہے۔ پھر اور کچھ دور چلے تو دیکھا کہ وہی مورخ ادب و لغت اور صرف و نحو کے ایک جلیل القدر امام کی حیثیت سے علم و فن کے جواہر ریزے بکھیر رہا ہے۔ کچھ اور آگے بڑھے تو مسئلے کے استنباط کے ذیل میں ایک حدیث زیر بحث آگئی۔ اب اس کا قلم ایک عظیم محدث، ایک نکتہ رس نقاد اور جرح و تعدیل اور اصول حدیث کے ایک ماہر فن کی حیثیت سے حیرت انگیز تحقیقات کے دریا بہا رہا ہے اور چند اوراق الٹنے کے بعد تو میں حیران رہ گیا اور پہلی بار مجھ پر یہ حقیقت آشکارا ہوئی کہ ایک فقیہ صرف منقولات ہی پر حاوی نہیں ہوتا بلکہ علم طبیعات، علم الافلاک، علم ہندسہ، فلسفہ، کون و فساد، علم تشریح الابدان اور علم جغرافیہ کے اصول و جزئیات سے

Marfat.com
Marfat.com

بھی ایک ماہرِ فن کی طرح باخبر ہوتا ہے۔

"فتاویٰ رضویہ" کے صفحات پر عقل و نقل اور علم و فن کی بے شمار شاخوں میں اعلیٰحضرت کے علمی رسوخ، وقت نظر اور مہارت و تبحر کی تفصیلات سے گذرتے ہوئے دیکھ کر میں بار بار سوچنے لگا کہ ہماری یہ فروگذاشت کیا تاریخ کبھی معاف کریگی کہ ہم نے چودھویں صدی کی ایک عبقری اور نادرالوجود شخصیت کے مقام و فضل سے اہل علم کی دنیا کو کبھی متعارف نہیں کرایا اور نہ خود دانشورانِ ہند کو کبھی یہ توفیق ہوئی کہ وہ مسلک کے اختلاف سے پرے ہو کر ایک مسلم الثبوت اور یگانۂ روزگار شخصیت کے کارناموں کا غیر جانبدارانہ طور پر مطالعہ کرتے اور ان کے مقام علم و فضل سے روشناس ہوتے حکمت و فن کا گوہر گرانمایہ جہاں بھی ملے وہ بہرحال مردِ مومن کی میراث ہے۔

یہی وہ احساسات تھے جن کی وجہ سے میرے دل میں اعلیٰ حضرت پر تحقیقی کام کرنے کی تحریک پیدا ہوئی۔ میں اپنے اس تحقیقی مقالہ کے بارے میں ہرگز اس خوش فہمی کا شکار نہیں ہوں کہ اعلیٰ حضرت کے علمی کردار پر میری یہ تحریر حرف آخر ہے۔ اصحاب علم و دانش کے حضور میں یہ مقالہ پیش کرتے ہوئے میرا مدعا صرف اتنا ہے کہ تحقیقی کام سے دلچسپی رکھنے والے دانشوروں کو ایک نئے میدان عمل کی طرف رجوع کرنے کی دعوت دوں اور جو لوگ اپنی لاعلمی کی بنیاد پر اس غلط فہمی کا شکار ہیں کہ اعلیٰ حضرت صرف ایک سخت گیر فقیہ اور مسلمانوں کے سواد اعظم کے صرف ایک رہنما تھے انھیں یہ باور کراؤں کہ اس کے ساتھ ساتھ وہ ایک عظیم محقق، ایک نکتہ رس مفکر ایک بلند پایہ فقیہ اور اپنے دور کے ایک فقید المثال صاحب قلم بھی تھے۔

اعلیٰ حضرت کا فقہی مقام ان کی بے شمار علمی حیثیتوں کا صرف ایک حصہ ہے اور اس مخصوص حیثیت پر جو کام میں نے کیا ہے وہ بھی تشنہ ہے۔ ان کے علمی کارناموں پر کام کرنے والوں کے لئے میں نے ایک وسیع میدان چھوڑ دیا ہے۔

Marfat.com
Marfat.com

مندرجہ ذیل موضوعات توجہ طلب ہیں۔

اعلیٰ حضرت بحیثیت ایک محدث، مہندس، متکلم، ادیب، مصلح، مجدد، مصنف، نعت گو شاعر اور مرشد طریقت۔ یہ اور اس طرح کے بے شمار عنوانات اصحاب فکر کو دعوت لوح و قلم دے رہے ہیں۔

علم و فضل کی ایک نادر الوجود شخصیت چونکہ دلوں کا مرکز عقیدت بن جاتی ہے اس لئے فطری طور پر اس کی طرف منسوب ہونے والی ہر چیز سے انس و محبت کا رشتہ قائم ہو جاتا ہے اس لئے ارباب عقیدت کے جذبے کی تسکین کے لئے میں اعلیٰ حضرت سے تعلق رکھنے والی بے شمار غیر جانبدار چیزوں کی تصاویر بھی مقالہ کے ساتھ منسلک کر دی ہے۔ اس مقالہ کی ترتیب و تحقیق کے سلسلے میں جن بزرگوں، دوستوں، اور عزیزوں نے میرے ساتھ تعاون کیا ہے۔ بڑی ناشکری ہوگی اگر میں ان کے پر خلوص تعاون کا شکریہ نہ ادا کروں۔

سب سے پہلے میں اپنے رئیس ادارہ جناب پروفیسر فیاض الدین حیدر صاحب کا شکر گذار ہوں جن کی بے لوث سرپرستی مجھے حاصل رہی نیز استاد گرامی ڈاکٹر اطہر شیر کا ممنون ہوں جنھوں نے تحقیقی کام کے لئے بنیادی ڈھانچہ تیار کرنے میں میری بھرپور رہنمائی فرمائی۔ علاوہ ازیں مندرجہ ذیل اکابر کا بھی میں بے حد مشکور ہوں جن کی رہنمائی تعاون اور ہمت افزائی کے بغیر میں تحقیق کے دشوار گذار فرائض سے عہدہ برآ نہیں ہو سکتا تھا۔

۱۔ جناب استاد گرامی پروفیسر سید امین احمد کاظمی صاحب صدر قسمت عربی پٹنہ یونیورسٹی پٹنہ۔

۲۔ جناب پروفیسر سید حسن صاحب سابق رئیس ادارہ تحقیقات عربی و فارسی پٹنہ

۳۔ جناب پروفیسر ڈاکٹر سید علی حیدر نیر صاحب صدر قسمت فارسی ادارہ تحقیقات

Marfat.com
Marfat.com

عربی و فارسی پٹنہ ۔

۴ ۔ جناب پروفیسر سمیع الدین حیدر صاحب قسمت تعلیم ادارہ تحقیقات عربی و فارسی پٹنہ

۵ ۔ حضرت علامہ ارشد القادری صاحب ورلڈ اسلامک میشن بریڈفورڈ (انگلینڈ)

۶ ۔ حضرت مولٰنا مشتاق احمد نظامی صاحب مہتمم دارالعلوم غریب نواز ۔ الہ آباد

۷ ۔ حضرت مولٰنا ضیاء المصطفٰے صاحب شیخ الحدیث الجامعۃ الاشرفیہ مبارکپور

۸ ۔ حضرت مولٰنا مفتی شریف الحق صاحب مفتی " " "

۹ ۔ حضرت مولٰنا مفتی عبدالمنان صاحب شیخ الجامعۃ الاشرفیہ

۱۰ ۔ حضرت مولٰنا افتخار احمد اعظمی صاحب

۱۱ ۔ حضرت مولٰنا یٰسین اختر اعظمی صاحب

۱۲ ۔ حضرت مولٰنا عبدالمبین صاحب بنارسی

۱۳ ۔ حضرت مولٰنا محمد مطیع الرحمٰن نوری صاحب مہتمم مدرسہ نورالہدیٰ پوکھریرا (سیتامڑھی)

۱۴ ۔ حضرت مولٰنا حکیم محمد موسیٰ صاحب امرتسری (پاکستان)

۱۵ ۔ جناب پروفیسر ڈاکٹر مسعود احمد صاحب گورنمنٹ کالج مٹھی (پاکستان)

۱۶ ۔ جناب پروفیسر عبدالسلام دانش باتھ اصلی (سیتامڑھی)

۱۷ ۔ جناب مولٰنا اظہار الحسن صاحب " "

۱۸ ۔ حضرت مولٰنا سید رکن الدین اصدق صاحب مہتمم ادارۂ شرعیہ بہار پٹنہ

علاوہ بریں مندرجہ ذیل اعزہ کا بھی بے حد شکر گذار ہوں ۔ جن کے تعاون کے بغیر یہ جوئے شیر لانا دشوار طلب تھا ۔

۱ ۔ مولٰنا مجاہد حسین صاحب پلاموی ۔

۲ ۔ مولٰنا محمد عزیز الرحمٰن صاحب پوکھریردی استاد غوث الوریٰ عربک کالج سیوان

Marfat.com
Marfat.com

۳۔ مولٰنا اطہر حسین صاحب باتھوی

۴۔ مولوی ابواللیث شمسی صاحب عمادپوری (اورنگ آباد)

۵۔ مولٰنا محمد میکائیل ضیائی سب ایڈیٹر "پاسبان" الٰہ آباد

۶۔ مولوی شکیل احمد صاحب راجگانگ پوری (اڑیسہ)

۷۔ مولٰنا مسعود احمد صاحب پیغمبرپوری

اگر اس حقیر علمی کاوش کے ذریعہ میں اعلیٰ حضرت کی فقید المثال شخصیت اور انکے عظیم کارناموں سے اہل علم کو کماحقہٗ متعارف کرا سکا تو میں سمجھوں گا کہ میری محنت ٹھکانے لگی۔

محمد حسن رضا خاں

۳ جنوری ۱۹۷۹ء

Marfat.com
Marfat.com

امام کی بارگاہ میں خراجِ عقیدت

از: خطیب مشرق پاسبانِ ملت حضرت علامہ مشتاق احمد نظامی

ایڈیٹر ماہنامہ "پاسبان" الہ آباد۔ و۔ مہتمم دار العلوم غریب نواز الہ آباد

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ کفیٰ وسلام علیٰ حبیبہ المصطفیٰ

فقیہہ اسلام سیدنا امام احمد رضا جیسی نابغۂ روزگار و عبقری شخصیت جو اپنے معاصرین میں حق آگاہ، حق نگر، حق پسند اور حق گو ہونے میں وحید عصر اور فرید دہر ہو جس کے رمز شناس قلم سے علوم و معارف کے بے شمار سوتے پھوٹ پڑے ہوں۔ جو متقی نہیں تقویٰ، زاہد نہیں زہد، اور عالم نہیں علم کی چلتی پھرتی زندہ مثال ہو۔ ایسی قدسی صفات اور بلند پایہ ہستی کے لئے مجھ جیسے تہی دست و بے نوا سے کچھ لکھنے کی فرمائش کرنا میری نگاہ میں اس کی تعبیر حصول سعادت کے سوا کچھ بھی نہیں ——

میں نے اسے شدت سے محسوس کیا کہ کہیں میرے افکار پر تمناؤں کے قتل عام اور آرزوؤں کے خون ناحق کا الزام نہ آجائے۔ نیز میرے دل نے گواہی دی کہ شاید میرا عشق میرے کام آگیا جب ہی تو یہ سعادت میرے نصیبہ میں مقدر کی جارہی ہے۔

فقیہہ اسلام مولانا ڈاکٹر حسن رضا صاحب کی تحقیقی کاوشوں کا خوشگوار ثمرہ ہے جو صفحۂ قرطاس پر مرتسم ہو گیا ہے ——

تفقہ فی الدین ایک ایسا خزانہ ہے کہ اس دولت بے مایہ کو ہر دل کی تجوری

Marfat.com
Marfat.com

میں مقفل نہیں کیا جا سکتا۔ اور نہ ہی اس کا رشتہ و ناطہ کسب و حصول کے تانے بانے تک محدود ہے۔ اس کا آشیانہ اتنا بلند ہے کہ ہر صاحب فضل و کمال اپنی جلالت علم و فکری بلندیوں کے بل بوتے اس پر اپنی کمند نہیں ڈال سکتا ——— اگر قرآن حکیم کا گہرائی سے مطالعہ کیا جائے تو یہ حقیقت واشگاف ہو جائے گی کہ تفقہ فی الدین کا تعلق کسب و تحصیل سے پہلے مشیت ایزدی اور ارادۂ الٰہی سے وابستہ ہے۔ چنانچہ اس سلسلے میں قرآنی صراحت یہ ہے ——— مَن یُّرِدِ اللّٰہُ خَیرًا یُّفَقِّھہُ فِی الدِّین۔ اللہ تعالیٰ اپنے جس بندہ پر خیر اور بھلائی کا ارادہ فرماتا ہے اسے تفقہ فی الدین کی دولت گرانمایہ سے مالا مال فرما دیتا ہے۔ معلوم ہوا کہ یہ فن بندوں کی کوششوں تک محدود نہیں رکھا گیا۔ بلکہ یہ دولت گرانقدر ارادۂ الٰہی اور مشیت باری کی توفیق اور تفویض کا نتیجہ ہے پھر کیا کہنا ایسے فن اور فن کار کے علو مرتبت کا! جس پاکیزہ علم کے لئے رحمت باری نے کسی صاحب بصیرت کو منتخب کر لیا ہو۔ گویا اس انتخاب نے ان بشری لغزشوں اور غلطیوں پر پہرہ بٹھا دیا جو ہوائے نفس کی پیداوار ہوتی ہیں۔ جس کا خلاصہ یہ ہے کہ فقیہہ اپنے منصب کے لحاظ سے مسائل کے استخراج و استنباط اور ترجیح و تطبیق وغیرہ جیسی صورتوں میں خدا داد قدیر کی بخشی ہوئی بے غبار صلاحیتوں کی روشنی میں غور و فکر کرتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اگر مجتہد سے کوئی خطا بھی ہو جائے تو اس سے کوئی مواخذہ و محاسبہ نہیں چونکہ اس کی تمام تر کوششوں کی اساس و بنیاد اس کی نیک نیتی خدمت دین اور جذبۂ اخلاص پر ہی منحصر ہے گویا اس کا ارادہ

Marfat.com
Marfat.com

احکام ومسائل کی چھان پھٹک میں کتر بیونت غیر مناسب و ناروا ترمیم و تنسیخ یا دینی و علمی خیانت سے لگا بندھا نہیں ہے۔ وہ محض خدا کی ودیعت کردہ بے غبار صاف وشفاف صلاحیتوں کی قوت ادراک اور فکر ونظر کی بلند پروازیوں کو ہی دخیل بناتا ہے اور عقلی گدے اور منطقی اصولوں کو بھی اپنانے کی بجائے قرآن وسنت سے اخذ مسائل میں قیاس کے متعینہ خطوط کو اپنی فکر وفہم کی جولانگاہ قرار دیتا ہے۔ اور غیر مصرح مسائل میں ایسے ہی امور کو مقیس علیہ بناتا ہے جس پر شرعاً وعقلاً قیاس کرنا درست ہو وہ غیر مصرح مسائل کے تتبع وتلاش میں ایسی راہ نہیں اختیار کرتا جس کی تگ ودو اور فکری کاوشوں کو قیاس مع الفارق یا تجاوز عن الحدود سے تعبیر کیا جاسکے۔ وہ قرآن وسنت سے مسائل کے استخراج واستنباط میں کسی خارجی دباؤ کو قبول نہیں کرتا۔ بلکہ اخذ مسائل میں قیاس کے انہیں متعینہ حدود کی پابندی کرتا ہے۔ جن کو شرعی اصابت رائے کی ترازو میں تولا گیا ہو۔ اور پیمانہ سے ناپا گیا ہو۔ معلوم ہوا کہ جو قدسی نفوس اس مرتبہ پر فائز کئے جاتے ہیں ان پر انعامات الٰہی اور توجہات خصوصی کی موسلا دھار بارش ہوتی رہتی ہے۔ اگرچہ وہ معصوم نہیں مگر بہت دور تک فکری لغزشوں اور قیاس میں ہوائے نفس کے تقاضوں سے یکسر محفوظ رکھا جاتا ہے ——— سیدنا امام احمد رضا کو مجتہد علی الاطلاق نہیں بلکہ مقلد ہیں لیکن امام کی فقہی خدمات کا رشتہ مثلاً قیاس، توضیح وتاویل اور تطبیق وترجیح،

Marfat.com
Marfat.com

جیسے مسائل میں اسی طبقے سے لگا بندھا ہے۔

اس کتاب کے مطالعہ سے آپ پر یہ حقیقت منکشف ہو جائے گی کہ اعلیٰ حضرت علم و فن بھی جانتے تھے۔ فن کے تکنک اور اس کی باریکیوں پر بھی ان کی نگاہ تھی۔ انہیں معنی فہمی بھی آتی تھی اور نکتے آفرینی بھی۔ وہ ژرف نگاہ بھی تھے اور بالیدہ نظر بھی۔ اس کے علاوہ وہ صوفی پاکباز بھی تھے۔ عابد شب زندہ دار بھی، راز دار آئین شریعت بھی تھے، رمز آشنائے پیغام نبوت بھی چنانچہ آپ دیکھیں گے وہ جب تصوف کے اسرار و رموز و اشگاف کرتے ہیں تو ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے ان کا طائر خیال لامکانی بلندیوں پر پرواز کر رہا ہے۔ لیکن جب وہ قرآن پاک کی تفسیر بیان کرتے ہیں یا احادیث کی کتابوں پر تشریحی نوٹ یا حواشی قلمبند کرتے ہیں۔ تو ان کا قلم اس قدر محتاط ہو جاتا ہے کہ ہر ہر قدم پھونک پھونک کر رکھتے ہیں ـــــ آقائے کائنات سے ان کی والہانہ شیفتگی ضرب المثل بن چکی ہے۔ لیکن اس حقیقت سے بھی انکار نہیں کیا جا سکتا کہ ان کی ربودگی اور از خود رفتگی بھی ادب شناس ہو جاتی ہے وہ کیف و سرور کے عالم میں بھی تقاضائے ادب ملحوظ رکھتے ہیں۔ وہ اضطراب شوق کے ہنگامہ ہا دہو میں بھی فریاد کی لے تیز نہیں ہونے دیتے۔ آواز کے زیر و بم پر بھی ان کی گرفت رہتی ہے۔ اور وہ نوک قلم پر بھی پہرہ بٹھاتے ہیں ایسی محتاط اور ادب آشنا مگر معنی شناس و معنی آفریں شخصیت سے ظاہر ہے کہ جب فقہ جیسے عظیم فن پر اجتہادی کارنامے انجام

Marfat.com
Marfat.com

دیئے ہوں گے. تو وہ کارنامہ اپنی موشگافیوں اور دقیقہ سنجیوں کے باوصف کیا کچھ ہوگا۔

ع قیاس کن زگلستان من بہار مرا

یہ ایک حقیقت ہے کہ اعلےٰ حضرت کے تجدیدی کارناموں پر عصبیت کا ایک دبیز پردہ پڑا ہوا تھا۔ مولانا حسن رضا خاں کو دعائیں دیجیے کہ انہوں نے اعلیٰ حضرت کو ان کے اصلی رُوپ میں پیش کر کے ہم نیازمندوں کے سر سے ایک الزام اتارنے کی کامیاب کوشش کی ہے ۔ مولائے کریم انہیں اس خدمت کا بہترین صلہ دے اور دین و مذہب کی خدمت کے لئے ان کی زبان و قلم دونوں ہی میں مزید حُسن عطا فرمائے ۔ آمین

مشتاق احمد نظامی

خادم آل انڈیا سُنی تبلیغی جماعت

مرکزی آفس الہ آباد

Marfat.com
Marfat.com

باسمہ تعالیٰ

اِفتتاحیہ

پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد پرنسپل گورنمنٹ
ڈگری کالج - ٹھٹھہ (سندھ - پاکستان)

(۱)

امام احمد رضا خاں بریلوی (م ۱۳۴۰ھ / ۱۹۲۱ء) عہد جدید کے عظیم عبقری تھے جس پر ان کی علمی تخلیقات و تحقیقات شاہد اور زمانہ خود گواہ ہے ۔ زمانے نے ان کو جانچا، پرکھا اور پھر آفتاب، ماہتاب بنا دیا ۔ ان کی روشنی دور دور پھیلی ۔ ان کی آواز دور دور پہنچی ۔ علمائے عرب نے ان کے فضل و کمال کی کھلے دل سے داد دی اور خوب خوب سراہا چناں چہ شیخ عبدالرحمٰن دھان مکی فرماتے ہیں :-

الذی شهد له علماء البلد الحرام بانه السيّد الفرد الامام[1]

(ترجمہ) وہ جس کے متعلق مکہ معظمہ کے علماء کرام گواہی دے رہے ہیں کہ وہ سرداروں میں یکتا و یگانہ ہے۔

اور شیخ عبداللہ نابلسی مدنی فرماتے ہیں :-

وهو لنا درة هذا الزمان وعزة هذا الدهر والاوان ... سيّد الشيوخ والفضلاء الكرام يتيمة الدهر بلا توان[2]

---

[1] احمد رضا خان : حسام الحرمین ، مطبوعہ لاہور ، ص ۸۳

[2] احمد رضا خان : الدولۃ المکیۃ ، مطبوعہ کراچی ، ص ۹۴ - ۹۶

Marfat.com
Marfat.com

(ترجمہ:۔ وہ نادر روزگار، اس وقت۔ اور اس زمانے کا نور۔۔۔۔۔۔ معزز مشائخ اور فضلاء کا سردار بلا تامل وہ زمانے کا گوہر یکتا۔

شیخ محمد عارف بن محی الدین ابن احمد الشہیر بالمحبی دمشقی فرماتے ہیں:۔

فکلامہ ..... یدلّ علی کمال علمہ[1]

(ترجمہ) ان کا کلام ان کے کمال علم پر دلالت کرتا ہے۔ اور دمشق ہی کے علامہ شیخ محمد القاسمی تحریر فرماتے ہیں:۔

جامع للکمالات والفضائل من الخطدون شرفہ کل متطاول فانہ من الفضل والبوہ والمذعن لفضلہ اعداؤہ ومحبوہ مقدارہ فی العلم جلیل ومثلہ فی الانام قلیل[2]

(ترجمہ:۔ فضائل وکمالات کے ایسے جامع ہیں جن کے سامنے بڑے سے بڑا ہیچ ہے، وہ فضل کے باپ اور بیٹے ہیں۔ ان کی فضیلت کا یقین دشمن و دوست دونوں کو ہے ان کا علمی مقام بہت بلند ہے۔ ان کی مثال لوگوں میں بہت کم ہے۔

پاک وہند کے فضلاء و محققین میں ان کی دھوم ہے۔ چناں چہ پاکستان کے مشہور محقق و دانشور پروفیسر ڈاکٹر غلام مصطفےٰ خان صاحب (سابق صدر شعبۂ اردو، سندھ یونیورسٹی، حیدر آباد سندھ) فرماتے ہیں:۔

اعلیٰحضرت مولانا احمد رضا خان علیہ الرحمہ اپنے دور کے بے مثل علماء میں شمار ہوتے ہیں، ان کے فضل وکمال، ذہانت وفطانت، طبّاعی و درّاکی کے سامنے بڑے بڑے علماء فضلاء، یونیورسٹیوں کے اساتذہ، محققین و مستشرقین نظروں میں نہیں جچتے[3]۔

---

[1] محمد مسعود احمد: امام احمد رضا اور عالم اسلام مطبوعہ کراچی ۱۹۸۳ء، ص ۱۳۷

[2] محمد مسعود احمد: امام احمد رضا اور عالم اسلام، مطبوعہ کراچی ۱۹۸۲ء، ص ۱۳۹

[3] محمد مرید احمد: جانِ رضا، مطبوعہ لاہور، ص ۱۸۸

Marfat.com
Marfat.com

۱۹۲۱ء میں جب امام احمد رضا کا وصال ہوا تو لاہور کے پیسہ اخبار نے اپنے اداریہ میں ایک تعزیتی نوٹ لکھا جس کو پڑھ کر یہ اندازہ ہوتا ہے کہ پاک و ہند میں امام احمد رضا کا بڑا چرچا تھا۔ اور ان کے فضل و کمال کے سب قائل تھے۔ اداریہ نگار لکھتا ہے :۔

آپ ہندوستان میں علوم اسلامیہ دینیہ کے آفتاب تھے، بڑے فاضل اور متبحر جید عالم ..... آپ کی وفات سے ہندوستان کی ایک ایسی برگزیدہ ہستی اٹھ گئی جس کی خالی جگہ پر کرنا ناممکن نظر آتا ہے[1]

امام احمد رضا کے فضل و کمال کے ساتھ ساتھ ان کی وسعت علم کے بھی فضلاء اور دانشور قائل نظر آتے ہیں۔ چنانچہ پروفیسر جی۔ ڈی قریشی (نیو کاسل یونیورسٹی، انگلستان) لکھتے ہیں :۔

انہوں نے اپنے وسیع اور عمیق علم کے طفیل اپنی ذات میں ایک اسلامی یونیورسٹی کی بلندیاں جمع کر لی ہیں۔[2] (ترجمہ انگریزی)

اور پروفیسر ایس۔ ٹی علی نقوی (صدر شعبۂ کیمیا گورنمنٹ ڈگری کالج ٹھٹھہ) لکھتے ہیں :۔

وہ اپنے عہد کے عظیم فقیہہ اور مصنف تھے۔ ان کا علم وسیع اور بوقلموں تھا وہ ۵۰ علوم و فنون پر مہارت تامہ رکھتے تھے۔[3] (ترجمہ انگریزی)

عہد جدید کے مشہور و معروف مصنف مولانا ابوالاعلیٰ مودودی لکھتے ہیں :۔

مولانا احمد رضا خان صاحب کے علم و فضل کا میرے دل میں بڑا احترام ہے۔ فی الواقع وہ علوم دینی پر بڑی وسیع نظر رکھتے تھے۔ اور ان کی اس فضیلت کا اعتراف

---

[1] پیسہ اخبار (لاہور) شمارہ ۵، ۳۔ نومبر ۱۹۲۱ء

[2] پیغام برائے مجلس رضا مانچسٹر، انگلستان، محررہ ۹۔ اکتوبر ۱۹۸۱ء

[3] الہاشم (ٹھٹھہ، سندھ) شمارہ ۱۹۸۳ء، ص ۱۵

Marfat.com
Marfat.com

ان لوگوں کو بھی ہے جو اُن سے اختلاف رکھتے ہیں۔[1]

پاکستان کے ایک سن رسیدہ صحافی و قلمکار میاں عبدالرشید اپنی انگریزی کتاب "پاک و ہند میں اسلام" (مطبوعہ لاہور ۱۹۷۷ء) میں لکھتے ہیں :۔

> حضرت احمد رضا خاں بریلوی برصغیر کے حدود سے چند غیر معمولی شخصیات میں سے ایک تھے ـــــ وہ ہمہ گیر عبقری، نہایت ذہین اور بے حد متقی اور فقہ اسلامی کے ماہر ـــــ ان کے علم ہمہ گیر تھا[2] (ترجمہ انگریزی)

(۲)

بلاشبہ امام احمد رضا اپنے عہد کے ایک عظیم فقیہہ تھے۔ طبقات فقہاء میں امام احمد رضا کو جو مقام حاصل ہے وہ اُن کے معاصرین میں کسی حاصل نہ تھا ـــــ فقیہہ کا ایک امتیاز خاص یہ ہے کہ اس کو آیاتِ قرآنیہ اور احادیثِ نبویہ پر کامل عبور ہو ـــــ امام احمد رضا کی محوت حافظہ قرنِ اوّل کی یاد دلاتی ہے۔ وہ خود حافظ قرآن تھے اور معانی و مفاہیم سے آشنا ـــــ ان کے سامنے نہ صرف قرآن کے الفاظ تھے بلکہ اس کے معانی اور روحِ معانی بھی ـــــ ان کا فکر و خیال آیات و احادیث سے آباد تھا۔ حدیث میں ان کے مقام کا اس سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ خود علمائے عرب ان کی شان میں یہ اظہار خیال فرما رہے ہیں۔

کیف لا مرھو امام المحدثین[3]

کیوں نہیں وہ تو محدثین کے امام ہیں

---

[1] عبدالنبی کوکب، مقالاتِ یوم رضا، ج ۲، ص ۶۰، مکتوب محررہ ۲۸ مئی ۱۹۶۸ء

[2] میاں عبدالرشید : پاک و ہند میں اسلام، مطبوعہ لاہور ۱۹۷۷ء، ص ۶۵

[3] شیخ محمد یٰسین احمد الخیاری مدنی، بحوالہ رسائل رضویہ، مطبوعہ لاہور ج ۲، ص ۱۴۸

Marfat.com
Marfat.com

اور ڈاکٹر سید محمد عبداللہ (چیئرمین شعبہ دائرۃ المعارف الاسلامیہ پنجاب یونیورسٹی لاہور) نے امام احمد رضا کو "عبقری فقیہہ، صاحب نظر، مفسر قرآن اور "عظیم محدث" قرار دیا ہے[1]۔

سجادہ نشین مارہرہ شریف (بھارت) حضرت حسن میاں مدظلہ العالی ۲۸ جولائی ۱۹۸۴ء کو راقم کے غریب خانے پر تشریف لائے اور دیر تک علمی گفتگو فرماتے رہے۔ اثنائے گفتگو میں فرمایا:

حضرت شاہ اولاد رسول مارہروی اعلیحضرت کے لئے فرماتے تھے کہ وہ "فقیہہ النفس" تھے، ان کے الفاظ اپنی جگہ ایسے تھے جیسے منح

حضرت شاہ اولاد رسول، امام احمد رضا کے معاصر تھے۔ صاحب علم و فضل اور ۳۰ کتابوں کے مصنف، ۱۳۷۲ھ میں آپ کا وصال ہوا۔

مولانا ابوالحسن علی ندوی، امام احمد رضا کے ہم خیال نہ ہوتے ہوئے بھی یہ اظہار خیال فرماتے ہیں:-

جزئیات فقہ پر جو ان کو عبور حاصل تھا ان کے زمانے میں اس کی نظیر نہیں ملتی

اور جسٹس پیر کرم شاہ صاحب (جج سپریم کورٹ آف پاکستان شریعت بنچ) فرماتے ہیں:-

علوم دینیہ، فقہ، حدیث، تفسیر وغیرہ میں آپ کو جو عدیم النظیر مہارت حاصل تھی اس میں تو کسی کو کلام نہیں[2]۔

اس میں شک نہیں کہ بحیثیت فقیہہ امام احمد رضا جامع فضائل و کمالات تھے۔ وہ حق پسند بھی تھے، عدل گستر بھی اور حق گو بھی۔

---

[1] محمد مقبول احمد قادری: پیغامات یوم رضا، مطبوعہ لاہور ۱۹۸۱ء، ص ۵۰۳

[2] عبدالنبی کوکب: مقالات یوم رضا، مطبوعہ لاہور ۱۹۷۶ء، ج ۲، ص ۲۹

[3] ابوالحسن علی ندوی نزہتہ الخواطر مطبوعہ حیدرآباد دکن ج ۸، ص ۱۴

Marfat.com
Marfat.com

وہ امین بھی تھے، مخلص بھی تھے، زاہد و عابد بھی اور متقی بھی۔ ——— وہ معقولیت پسند بھی تھے اور بلند خیال بھی ——— وہ بے ریا اور بے نفس تھے۔ ——— ایسے صداقت شعار کہ قول و فعل میں اصلاً تضاد نہیں۔ وہ باغیرت تھے، باوقار تھے۔ ضدی اور ہٹ دھرم نہ تھے ——— جو کہتے اس پر عمل کر کے دکھاتے۔ ——— بے باک دگستاخ اور خود سر و مغرور نہ تھے ——— زمانے کے فیض شناس تھے اور علوم و فنون کے ماہر ——— دوست کی دوستی اور دشمن کی دشمنی سے بے نیاز ——— وہ ہشیار تھے، بے خبر نہ تھے ——— ان کی نظر ہمہ گیر تھی، اور ان کا قلم دلگیر ——— وہ صاحب بصیرت تھے۔ ان کی نظر پس منظر اور پیش منظر پر بھی رہتی تھی ——— بندگانِ خدا کو مشکل میں نہیں ڈالتے تھے۔ ان کے خدا و رسول نے جو سہولتیں ان کو دی ہیں اس کا خیال رکھتے تھے ——— وہ زمانے کی حرکی قوت سے آگاہ تھے۔ ——— تہذیبوں اور تمدنوں کے آثار چڑھاؤ اور رسم و رواج کے نشیب و فراز سے واقف تھے ——— ان کا دماغ روشن ——— ان کا دل منور تھا ——— کتب احادیث و فقہ پر گہری نظر تھی ——— تمام مسائل شرعیہ معہ دلائل شرعیہ مستحضر تھے ——— وہ تصنیف کے ساتھ ساتھ، مصنف کے مقام و مرتبے سے بھی آگاہ تھے ——— ان کو زبان و بیان پر حیرت انگیز قدرت تھی ——— عربی، فارسی اور اردو میں بے تکان لکھتے چلے جاتے ——— ان کی فقہی نگارشات میں بھی بکثرت ادب پارے ملتے ہیں ——— انہوں نے تحقیق و تدقیق کا وہ اعلیٰ معیار قائم کیا دور جدید میں جس کی نظیر نہیں ملتی ——— ان کی طنزیات میں بھی ابتذال نہیں ——— وہ اپنے قاری کو پہچانتے ہیں۔ اور اس کو مطمئن کر کے چھوڑتے ہیں۔ ——— وہ اپنے قاری کو کسی الجھن میں مبتلا نہیں کرتے ——— مطالب و معانی خود ان کے ذہن میں

Marfat.com
Marfat.com

صاف ہوتے ہیں۔ وہ بڑی صفائی سے اپنی باتیں صاف صاف بتاتے چلے جاتے ہیں جو دل میں اترتی چلی جاتی ہیں۔ ـــــــ وہ دلائل و شواہد کے اتنے انبار لگا دیتے ہیں کہ قاری کا فکر و خیال پیاسا نہیں رہتا بلکہ ایسا سیر ہو جاتا ہے۔ کہ پھر کبھی پیاس ہی نہیں لگتی ـــــــ ان کی تحقیقات مبالغہ آرائی اور حشو و زوائد سے پاک ہیں ـــــــ ان کے اسلوب بیان میں قطعیت ہے ـــــــ ان کو اپنے حافظہ پر پورا بھروسہ ہے ـــــــ متون کی صحت کا خاص اہتمام رکھتے ہیں ـــــــ معاصر شہادتوں کو چھان پھٹک کر قبول کرتے ہیں ـــــــ علوم و فنون کی مصطلحات سے پوری طرح باخبر ہیں۔ ـــــــ انہوں نے علوم و فنون کو تفصیل و تشریح عطا فرمائی اور نظم و ضبط دیا ـــــــ وہ دلائل و براہین کو ترتیب و تدریج کے ساتھ بیان کرتے ہیں ـــــــ وہ بڑی خوبی سے مضمون پھیلاتے ہیں پھر سمیٹتے چلے جاتے ہیں اور کمال مہارت سے دریا کو کوزے میں بند کر دیتے ہیں۔ ـــــــ ان کے پاس جامعیت صحت اور دیانت پوری آب و تاب کے ساتھ جلوہ گر ہے ـــــــ ان کی فقہی تنقیدات بھی اعلیٰ درجہ کی تحقیقات ہیں۔ ـــــــ وہ جب فیصلہ کر لیتے ہیں تو پیچھے نہیں ہٹتے ـــــــ علامہ ڈاکٹر محمد اقبال مرحوم امام احمد رضا کی علمیت و فقاہت اور قوت فیصلہ پر اظہار خیال فرماتے ہوئے کہتے ہیں :-

ہندوستان کے دور آخر میں ان جیسا طباع اور ذہین فقیہہ پیدا نہیں ہوا۔ ..... میں نے ان کے فتاویٰ سے یہ رائے قائم کی ہے اور ان کے فتاویٰ اور ان کی ذہانت، فطانت اور جودت طبع، کمال فقاہت اور علوم دینیہ میں تبحر علمی کے شاہد عادل ہیں ـــــــ مولانا ایک دفعہ جو رائے قائم کر لیتے تھے اس پر مضبوطی سے قائم رہتے تھے۔ یقیناً وہ اپنی رائے کا اظہار بہت غور و فکر کے بعد کرتے تھے[1] (حاشیہ اگلے صفحہ پر ملاحظہ ہو)

Marfat.com
Marfat.com

۳

فن فتویٰ نویسی میں امام احمد رضا کا جواب نہ تھا۔ ان کا سلسلہ حدیث حضرت شاہ ولی اللہ محدّث دہلوی اور حضرت شیخ عبدالحق دہلوی سے منسلک ہے ——— انہوں نے فقہ میں سند شیخ عبدالرحمٰن حنفی مکی سے حاصل کی۔ جن کا سلسلہ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ تک پہنچتا ہے۔ ——— امام احمد رضا نے ۱۴ شعبان ۱۲۸۶ھ / ۱۸۶۹ء کو فتویٰ نویسی کا آغاز کیا۔ اور ۱۲۹۳ھ / ۱۸۷۶ء کو فتویٰ نویسی کی مطلق اجازت مل گئی۔ پھر جب ۱۲۹۷ھ / ۱۸۸۰ء ان کے والد ماجد علامہ مولانا محمد نقی علی خاں کا وصال ہوا تو امام احمد رضا مستقل طور پر مسند افتاء پر فائز ہو گئے ——— مجموعی طور پر ۵۴ سال امام احمد رضا نے فتوے لکھے۔ ان کی سرعتِ تحریر کا عالم یہ تھا کہ مسودات کو چار نقل کرنے والے بیک وقت نقل کرتے جاتے یہ فارغ بھی نہ ہوتے کہ پانچواں صفحہ تیار ہو جاتا۔ ——— اس سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ امام احمد رضا نے اپنی زندگی میں کتنا کچھ لکھا ہوگا! ——— امام احمد رضا کے پاس ساری دنیا سے استفتاء اس قدر آتے کہ کسی مفتی کے پاس اتنی تعداد میں فتوے آتے نہ سُنے ——— ایک وقت میں پانچ پانچ سو استفتاء جمع ہو جایا کرتے تھے ——— خود امام احمد رضا نے تحریر فرماتے ہیں:۔

فقیر کے یہاں علاوہ ——— دیگر مشاغل کثیرہ دینیہ کے کار فتویٰ اس درجے وافر ہے کہ دس مفتیوں کے کام سے زائد ہے۔ شہر و دیگر بلاد و امصار جملہ رفقاء ہندوستان، بنگال و پنجاب و ملیبار و برما، ارکان و چین و غزنی و امریکہ و افریقہ، حتیٰ کہ سرکار حرمین محترمین سے استفتاء

(حاشیہ صفحہ سابق) ۱؎ ڈاکٹر عابد احمد علی مرحوم، تحریر محررہ یکم اگست ۱۹۶۸ء (شریک مجلس اقبال)

Marfat.com
Marfat.com

آتے ہیں۔ اور ایک وقت میں پانچ پانچ سو[۵۰۰] جمع ہو جاتے ہیں[۱]

امام احمد رضا کے مجموعہ فتاوی کی بارہ جلدیں یادگار ہیں۔ بقول مولانا افتخار احمد قادری (رکن المجمع الاسلامی، مبارکپور، اعظم گڑھ۔ بھارت) فتاوی رضویہ کی پانچ جلدیں مبارک پور سے شائع ہو چکی ہیں۔ چھٹی جلد کتابت ہو رہی ہے۔ ساتویں اور آٹھویں دار الاشاعت مبارکپور میں محفوظ ہیں[۲] اس کے بعد کی سند بد چار جلدیں بریلی میں محفوظ ہیں۔

امام احمد رضا کا مجموعہ فتاوی کی فقہی اور دینی اہمیت تو مسلّم ہے۔ لیکن دوسری کئی حیثیات سے اہم ہے ——— تاریخی، سیاسی، علمی لسانی، ادبی، عمرانیاتی، اقتصادی، معاشرتی، سوانحی وغیرہ وغیرہ ——— فتاوی رضویہ اپنے دامن میں بہت سے علوم و فنون کو سمیٹے ہوئے ہے۔ ———

امام احمد رضا کے فتوے عربی، فارسی اور اردو میں ہیں۔ اور ہر زبان میں ایسی پیاری تحریر گویا یہ ان کی مادری زبانیں ہیں۔ ——— بعض فتوے انگریزی میں ترجمہ کئے گئے ہیں۔ کیوں کہ مستفتی جس زبان میں سوال کرتا تھا اس کو اسی زبان میں جواب بھیجا جاتا تھا ——— انگریزی زبان میں ایک استفتاء ۱۹ر ۱۹۰۸ء کو محمد قادر غنی نے رنگون (برما) سے بھیجا تھا جس کا جواب ۲۸ر مئی ۱۹۰۸ء کو ارسال کیا گیا۔ اس کا عکس معارف رضا (کراچی ۱۹۸۲ء) میں شامل ہے ——— امام احمد رضا اس کا لحاظ تو رکھتے ہی تھے کہ جس زبان میں استفتاء آئے اسی زبان میں جواب لکھا جائے۔ لیکن اس کا بھی اہتمام رکھتے استفتا منثور آتا تو جواب منثور دیا جائے، اور منظوم استفتاء آتا تو جواب منظوم دیا جاتا ——— فتاوے رضویہ میں منظوم فتوے بھی ہیں۔

---

[۱] احمد رضا خاں: العلایا النبویہ فی الفتاوی الرضویہ، ج ۴، ص ۱۴۹

[۲] مکتوب محررہ ۲۵ر اپریل ۱۹۷۹ء از مبارکپور بنام راقم الحروف

Marfat.com
Marfat.com

امام احمد رضا کی فقہی تحقیقات اور فاضلانہ فتوے نے بہت سے علماء کو مفتی بنا دیا۔ مخالف و موافق سب ان کے فتووں سے استفادہ کرتے ہیں۔ بعض ان کا حوالہ دیتے ہیں اور بعض یہ تکلیف گوارا نہیں کرتے اور امام احمد رضا کی تحقیقات کو اپنے حساب میں لگا لیتے ہیں بہر کیف امام احمد رضا اجر و ثواب سے محروم نہیں۔

امام احمد رضا کے مجموعہ فتاوی الفتاوی الرضویہ فی العطایا النبویہ کو قانون کے ماہرین نے قدر کی نگاہ سے دیکھا۔ چنانچہ ہندوستان کے مشہور قانون دان اور بمبئی ہائی کورٹ کے جج پروفیسر ڈی۔ ایف ملا نے امام احمد رضا کے فتاوی رضویہ اور فتاوی عالم کبریہ کو فقہ اسلامی کا شاہکار قرار دیا ہے[1]۔

اور پروفیسر ڈاکٹر رشید احمد (استاد شعبہ اسلامیہ کراچی یونیورسٹی، کراچی) لکھتے ہیں :۔

> فقہ کے میدان میں آپ کے فتاوی فقہ اسلامی کا وہ عظیم الشان کارنامہ ہیں جو آپ کو مجتہد کے درجے پر فائز کرنے کے لئے کافی ہیں[2]۔

ہندوستان کا مشہور عالمی شہرت یافتہ علمی مجلہ معارف (اعظم گڈھ) فتاوی رضویہ اور امام احمد رضا پر یہ تبصرہ کرتے ہوئے لکھتا ہے :۔

> دینی علوم خصوصاً فقہ و حدیث پر ان کی نظر وسیع اور گہری تھی مولانا جس دقتِ نظر اور تحقیق کے ساتھ علماء کے استفسارات کے جواب تحریر فرماتے ہیں اس سے ان کی جامعیت، علمی بصیرت، فقہی جزرسی استحضار، ذہانت، طبّاعی کا پورا پورا اندازہ ہوتا ہے۔ ان

---

[1] مکتوب علامہ نور احمد قادری از سفارت خانہ انڈونیشیا اسلام آباد مورخہ ۷ جنوری ۱۹۸۱ء

[2] سید ریاست علی قادری : معارف رضا، مطبوعہ کراچی ۱۹۸۳ء ص ۴۳

Marfat.com
Marfat.com

کے کمالانہ اور محققانہ فتاویٰ مخالف و موافق ہر طبقے کے مطالعہ کے لائق ہیں۔[1]

شیخ ابوالفتاح ابوغدہ (پروفیسر کلیتہ الشریعہ محمد بن سعود یونیورسٹی ریاض) نے فتاویٰ رضویہ کا صرف ایک عربی فتویٰ مطالعہ کیا تو وہ حیران رہ گئے خود فرماتے ہیں :-

عبارت کی روانی اور کتاب و سنت و اقوال سلف سے دلائل کے انبار دیکھکر میں حیران و ششدر رہ گیا اور اس ایک فتوے کے مطالعہ کے بعد میں نے یہ رائے قائم کرلی کہ یہ شخص کوئی بڑا عالم اور اپنے وقت کا زبردست فقیہہ ہے۔[2] (ترجمہ عربی)

مشہور محقق و قلمکار اور امام احمد رضا کے معاصر، مولانا وحید احمد مسعود بدایونی نے بڑی دل لگتی بات فرمائی ہے۔ وہ لکھتے ہیں :-

حضرت مولانا بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کا قلم نافع ان کی فقاہت پر منتہی تھا ـــــ اس سے انہیں مقبولیت حاصل ہوئی اور اسی سے ان کا نام زندہ ہے۔[3]

یہ وہ فضلاء ہیں جو دل کی آواز پر لبیک کہتے ہیں۔ جو نفس کے اشاروں پر نہیں چلتے ـــــ جو روز روشن میں آنکھیں بند نہیں رکھتے ـــــ وہی کہتے ہیں جو ان کا دل کہتا ہے۔ ـــــ عالم اسلام کے موافق و مخالف فضلاء و دانشوروں نے جن جن القاب و آداب سے نوازا اور ان کے علم و فضل پر جو جو اظہار خیال کیا اس کو بیان کرنے کے لئے ایک دفتر چاہیئے۔ ـــــ ان

---

[1] معارف (اعظم گڈھ، یوپی، بھارت) شمارہ ستمبر ۱۹۴۹ء، ص ۴۳-۴۴

[2] محمد امین الاعظمی : امام احمد رضا ارباب علم و دانش کی نظر میں، مطبوعہ الہ آباد ۱۹۷۷ء، ص ۱۹۴

[3] محمد مرید احمد : جہان رضا، مطبوعہ لاہور ۱۹۸۱ء، ص ۱۶۲

Marfat.com
Marfat.com

حضرات کے تاثرات پر مشتمل پاکستان اور ہندوستان سے اب تک چھ مجموعے شائع ہو چکے ہیں اور مزید شائع ہونے والے ہیں۔

۴

امام احمد رضا کے مستفتیوں میں علماء، فضلاء کے علاوہ پاک و ہند کی عدالت ہائے عالیہ کے جج بھی شامل ہیں۔ اور کلیات و جامعات کے پروفیسر بھی ——— جسٹس محمد ابن مرحوم (چیف کورٹ، بہاول پور) جب ایک مقدمہ کا فیصلہ نہ کر سکے، مفتیوں سے آٹھ فتوے لئے پھر بھی وہ مطمئن نہ ہو سکے۔ تو انہوں نے ہدایت کی کہ پورا مقدمہ متعلقہ فتوے کی نقول کے ساتھ امام احمد رضا کی خدمت میں پیش کیا جائے۔ اور ان سے درخواست کی جائے کہ :۔

> ان تمام فتووں کو ملاحظہ فرما دیں اور ان سوالات حل طلب کے متعلق اپنی رائے کا مع استناد جواب تحریر فرما کر بہت جلد مرحمت فرمائیں۔۔۔۔
> مقدمہ چوں کہ عرصے سے دائر ہے اس لئے نتیجہ کے بھجوانے کے لئے استدعا، کی جاتی ہے کہ بہت جلدی عدالت میں بھجوا دیں[1] (۱۹۱۳)

اسی طرح اسلامیہ کالج لاہور کے پروفیسر ریاض اور پرنسپل پروفیسر مولوی حاکم علی مرحوم امام احمد رضا سے سائنسی، علمی اور سیاسی موضوعات پر گفتگو فرماتے اور فتوے لیتے ——— تحریک ترک موالات (۱۹۲۱ء) کے زمانے میں انہوں نے امام احمد رضا سے جو فتویٰ لیا (اور جو علامہ اقبال کی نظر سے بھی گذرا) مشہور و معروف ہے[2]۔ ——— اس فتوے نے تحریک ترک موالات کے حامیوں کی اصلاح کی اور مسلمانوں کو تباہی سے بچایا۔

---

[1] احمد رضا خان : فتاویٰ رضویہ، مطبوعہ بریلی ۱۴۰۲ھ، ج ۱۱، ص ۱۹۶

[2] پروفیسر محمد صدیق : پروفیسر مولوی حاکم علی، مطبوعہ لاہور ۱۹۸۳ء، ص ۱۱۴-۱۳۳

Marfat.com
Marfat.com

امام احمد رضا نے فن فتویٰ نویسی میں جن کی تربیت فرمائی وہ بھی اپنے عروج کو پہنچے۔ ——— ان میں قابل ذکر یہ حضرات ہیں، مفتی اعظم مولانا محمد مصطفےٰ رضا خاں۔ مولانا امجد علی اعظمی، مولانا سید شاہ غلام بہاری، مولانا محمد ظفر الدین بہاری، حکیم سید عزیز غوث اور مولانا نواب مرزا وغیرہ ——— مولانا مصطفےٰ رضا خاں علیہ الرحمہ، امام احمد رضا کے چھوٹے صاحبزادے تھے۔ فن فتویٰ نویسی میں اپنی مثال آپ تھے۔ امام احمد رضا نے مولانا امجد علی اعظمی اور آپ کو منصب افتاء و قضاء پر مامور فرماتے ہوئے یہ ارشاد فرمایا:۔

ان دونوں کو نہ صرف مفتی بلکہ شرع کی جانب سے ان دونوں کو قاضی مقرر کرنا ہے کہ ان کے فیصلے کی وہی حیثیت ہوگی جو ایک قاضی اسلام کی ہوتی ہے۔[1]

علامہ مصطفےٰ رضا خاں کا مجموعہ فتاویٰ فتاویٰ مصطفویہ کے نام سے ۱۹۸۴ء میں ادارہ تصنیفات امام احمد رضا (کراچی) نے شائع کر دیا ہے۔ اس سے قبل ہندوستان سے بھی یہ شائع ہو چکا ہے۔

مولانا امجد علی اعظمی، امام احمد رضا کو دنیا بھر سے آنے والے استفتاء سنایا کرتے تھے اور امام احمد رضا جواب میں جو ارشاد فرماتے وہ املاء کراتے جاتے، طبیعت اخاذ تھی، طرز سے واقف ہو گئے اور فتوے لکھتے رہے۔ فقہ میں ان کا مقام بہت بلند ہے۔ بہار شریعت ان کی مشہور تصنیف ہے۔ ان کا مجموعہ فتاویٰ، فتاویٰ امجدیہ ہندوستان سے شائع ہو چکا ہے۔ ——— مولانا ظفر الدین بہاری بھی فقہ و حدیث میں بہت بلند مقام کے مالک تھے۔

امام احمد رضا کے پرپوتے علامہ محمد اختر رضا خاں (ابن علامہ محمد ابراہیم رضا خاں ابن علامہ محمد حامد رضا خاں ابن امام احمد رضا خاں) آج کل بریلی میں منصب افتاء پر فائز ہیں۔ وہ جامعہ ازہر (قاہرہ۔ مصر) کے فارغ ہیں، بے مثال

---

[1] امجد علی اعظمی: فتاویٰ امجدیہ، مطبوعہ الہ آباد ۱۹۷۹ء، ص۔ ذ۔ ر

Marfat.com
Marfat.com

عربی لکھتے ہیں اور علم فقہ و حدیث میں مہارت رکھتے ہیں۔

۵

فتاویٰ کے علاوہ امام احمد رضا دیگر کتب و تصانیف خاص اہمیت رکھتی ہیں، جن کی تعداد ایک ہزار سے متجاوز ہے۔ ان کتب و تصانیف میں شروح و حواشی اہل علم کی توجہ کے مستحق ہیں۔ امام احمد رضا کے ایک جلیل القدر معاصر مولانا ہدایت رسول لکھنوی (۱۹۱۵ء) امام احمد رضا کے حواشی پر تبصرہ کرتے ہوئے کہتے ہیں:۔

اعلیٰ حضرت کے حواشی خود ان کے افاضات و افادات ہوتے ہیں۔[1]

خانقاہ مجددیہ مظہریہ (دہلی) کے سجادہ نشین علامہ ابوالحسن زید فاروقی الازہری دسمبر ۱۹۸۲ء میں پاکستان تشریف لائے۔ کراچی میں ایک ملاقات میں اثنائے گفتگو راقم سے فرمایا کہ وہ حیدر آباد دکن تشریف لے گئے۔ وہاں امام احمد رضا کے رد المحتار پر عربی حاشیہ جد الممتار کے[2] چند اوراق دیکھے تو حیران رہ گئے۔ ——— جہاں صاحب رد المحتار ایک دو کتابوں کا ذکر کرتے ہیں وہاں مولانا احمد رضا خاں آٹھ دس کتابوں کے حوالے دے ڈالتے ہیں۔

شاہ اولاد رسول مارہروی (م ۱۳۷۲ھ) اسی حاشیے پر تبصرہ کرتے ہوئے فرماتے تھے:۔

اعلیٰ حضرت کو میں ابن عابدین شامی پر فوقیت دیتا ہوں کیوں کہ جو جامعیت اعلیٰ حضرت کے ہاں ہے وہ ابن عابدین شامی کے ہاں نہیں۔[3]

---

[1] ظفر الدین بہاری: حیات اعلیٰ حضرت، مطبوعہ کراچی، ج ۱، ص ۱۳۸

[2] جد الممتار ــــ (جلد اول) ۱۹۸۲ء میں حیدر آباد دکن سے چھپ کر المجمع الاسلامی، مبارکپور سے شائع ہو گئی ہے اس میں مولانا افتخار احمد قادری (رکن المجمع الاسلامی) نے

(باقی اگلے صفحہ پر)

Marfat.com
Marfat.com

سراج الفقہا مولانا سراج احمد (مفتی سراج العلوم، خانپور) امام احمد رضا کے معاصرین میں تھے۔ ان کے اساتذہ نے ان کو باور کرایا تھا کہ امام احمد رضا کو علم و تحقیق سے کوئی علاقہ نہیں۔ ان کی کتابیں پڑھنا بے سود ہے۔ لیکن جب سراج الفقہا منصب افتاء پر فائز ہوئے اور میراث کے ایک مسئلے میں ان کو الجھن پیش آئی تو مجبوراً انہوں نے امام احمد رضا سے رجوع کیا۔ امام احمد رضا نے ایسا تشفی بخش جواب عنایت فرمایا کہ سراج الفقہا حیران رہ گئے۔ اور امام احمد رضا کی علمی عظمت کا نقش ان کے دل پر مرتسم ہو گیا ——— انہیں ایام میں ان کی ملاقات ایک غیر مقلد عالم مولانا نظام الدین (احمد پور) سے ہو گئی۔ جو ان کے مخلصین میں تھے۔ سراج الفقہاء نے امام احمد رضا کا رسالہ الفضل الموہبی ان کو دکھایا تو وہ حیران رہ گئے۔ اور عالم حیرت میں فرمایا:۔

یہ سب منازل فہم مو بمو مولانا کو حاصل تھے؟ ———

افسوس کہ میں ان کے زمانے میں رہ کر بے خبر و بے فیض رہا ——

علامہ شامی اور صاحب فتح القدیر مولانا کے شاگرد ہیں ——

یہ تو امام اعظم ثانی معلوم ہوتے ہیں[1]

۶

امام احمد رضا کا تحقیقی معیار بہت بلند تھا۔ اپنی تصنیف حجب الغوار (مطبوعہ لاہور) میں انہوں نے ماخذ اور اس کے متن پر علمی بحث کی ہے[2]

(بقیہ حاشیہ صفحہ سابق) امام احمد رضا پر ایک وقیع مقالہ شامل کیا ہے (ص ۲۴ - ۴۹)

[3] بروایت علامہ حسن میاں مارہروی سجادہ نشین خانقاہ مارہرہ شریف۔ مسعود

[1] المیزان (بمبئی) شمارہ مارچ ۱۹۷۶ء، ص ۱۸۵ - ۱۸۶

[2] راقم نے اپنے مقالے حیات امام اہلسنت (مطبوعہ لاہور ۱۹۸۴ء، ص ۳۸ - ۴۱) میں اس بحث کا خلاصہ پیش کیا ہے۔ حیات امام اہلسنت کا ایک ایڈیشن کراچی سے شائع ہوا ہے اور ایک ایڈیشن مبارکپور (بھارت) سے

Marfat.com
Marfat.com

اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ وہ کیسے بلند پایہ محقق تھے۔ ——— برکلے یونیورسٹی (امریکہ) کے شعبۂ تاریخ کی فاضلانہ ڈاکٹر باربرا ڈی مٹکاف اپنی کتاب میں لکھتی ہیں :۔

احمد رضا کی نگارشات کا انداز مدلل تھا جس میں بے شمار حوالوں کے ڈھیر ہوتے تھے جس سے ان کی علمی اور عقلی فضیلت کا اندازہ ہوتا ہے۔ اور اس کے ساتھ ساتھ ان کے مخالفین کی کوتاہیوں کا علم بھی ہوتا ہے[1]

(ترجمہ انگریزی)

ڈاکٹر محی الدین الوائی جو پہلے جامعہ ازہر (قاہرہ، مصر) میں تھے اور اب مدینہ یونیورسٹی میں پروفیسر ہیں اور مسلکاً اہل حدیث ہیں۔ لیکن حق پسند اور حق گو ہیں۔ وہ امام احمد رضا کی خدمات کو سراہتے ہوئے لکھتے ہیں :۔

جن علمائے ہند نے مروجہ علوم عربیہ و دینیہ کی خدمت میں اعلیٰ قسم کا حصہ لیا ہے ان میں مولانا احمد رضا خاں صاحب کا نام سرفہرست نظر آتا ہے ——— علوم عربیہ اسلامیہ کو آراستہ کرنے میں آپ کا بہترین ریکارڈ ہے[2]

امام احمد رضا کی فقہی اور دینی خدمات پر کام ہو رہا ہے۔ چنانچہ پروفیسر ڈاکٹر محمد حنیف اختر فاطمی (صدر شعبہ سائبرنیٹکس، لندن یونیورسٹی انگلستان) نے امام احمد رضا کی تین فقہی اور دینی تصانیف کو سامنے رکھکر انگریزی میں مقالات تحریر فرمائے ہیں :۔

---

[1] باربرا مٹکاف مسلم ریلیجیس لیڈرشپ ان انڈیا، برکلے ۱۹۷۴

[2] صوت الشرق و قاہرہ، شمارہ فروری ۱۹۷۰ء، ص ۱۲

Marfat.com
Marfat.com

۱۔ اسلام کا تصوّرِ علم

۲۔ اسلام کا تصوّرِ جہل

۳۔ اسلام کا تصوّرِ دولت

پہلا مقالہ لاہور سے چھپ کر مجلس رضا مانچسٹر (انگلستان) کی جانب سے ۱۹۸۳ء میں شائع ہو گیا ہے ——— پروفیسر محمد حنیف اختر صاحب نے کئی سال ہوئے امام احمد رضا کے ترجمہ قرآن کو انگریزی میں منتقل کیا تھا۔ جو لاہور میں چھپ رہا ہے۔

کنز الایمان کو پروفیسر شاہ فرید الحق (کراچی) اور آل رسول حسنین صاحب (مارہرہ شریف) نے انگریزی میں منتقل کر رہے ہیں۔

پروفیسر جی۔ ڈی قریشی (نیو کاسل یونیورسٹی، انگلستان) نے امام احمد رضا کی قابل مطالعہ تصنیف تمہید ایمان کا انگریزی میں ترجمہ کیا ہے جو عنقریب مجلس رضا مانچسٹر کی طرف سے شائع ہو جائے گا۔

پروفیسر ڈاکٹر جے۔ ایم۔ ایس بلیان (شعبہ اسلامیات، لیڈن یونیورسٹی ہالینڈ) بھی مجموعہ ہائے فتاویٰ کے تقابلی مطالعہ کے سلسلہ میں امام احمد رضا کا فتاویٰ رضویہ مطالعہ کر رہے ہیں۔

امام احمد رضا کے فکر کا ہر گوشہ تحقیق و تدقیق کا مقتضی ۔ اور ایک الگ مقالے کا محتاج ہے ——— راقم کو امام احمد رضا پر تحقیق کرتے ۱۴ سال گذر چکے ہیں۔ مگر ایسا محسوس ہوتا ہے کہ ابھی ساحل سمندر تک بھی رسائی حاصل نہ ہو سکی۔ شناوری اور غواصی تو بہت دور کی بات ہے۔

——— امام احمد رضا کی شخصیت بزبان حال یہ کہتی معلوم ہوتی ہے ؎

دل ہر قطرہ ہے ساز انا البحر
ہم اس کے ہیں ہمارا پوچھنا کیا

Marfat.com
Marfat.com

ہندوستان کے مشہور و محقق و فاضل علامہ شبیر احمد غوری (جن کے علمی مقالات سالہا سال سے علمی مجلّات کی زینت بن رہے ہیں) فلسفہ جدید و قدیم پر امام احمد رضا کی تصنیف الکلمۃ الملہمہ پر اپنے مقالے "عہدِ حاضر کا تہافت الفلاسفہ"[1] میں تبصرہ کرتے ہوئے امام احمد رضا کو امام غزالی کا ہم پلّہ قرار دیتے ہیں اور یہ دل لگتی بات فرماتے ہیں۔

> مجدد مائۃ حاضر جیسے نادرہ روزگار کی عبقریت کی حقہ تصویر کشی کے لئے جن جامع منقول و معقول فضلاء کی کاوش و تحقیق درکار ہے وہ نایاب نہیں تو کم یاب ضرور ہیں۔[2]

بلاشبہ امام احمد رضا کا ایوان علم و دانش ایک ایسا حیرت کدہ ہے جہاں زمانے کے بڑے بڑے دانشور گم ہوتے نظر آتے ہیں۔

۷

امام احمد رضا کی جلالتِ علمی کے بارے میں فضلاء و محققین کی آراء و تاثرات قاری کو یہ جاننے کے لئے بے چین کئے دیتے ہیں کہ آخر امام احمد رضا اتنے عظیم کیوں تھے؟ ——— اس کے جواب میں مولانا ڈاکٹر حسن رضا خان صاحب کی یہ علمی کاوش اور تحقیقی مقالہ "فقیہہ اسلام" پیش کی جا سکتی ہے

دراصل یہ مقالہ ۱۹۷۹ء میں پٹنہ یونیورسٹی (بھارت) میں ڈاکٹریٹ کے لئے پیش کیا گیا تھا جس پر ڈاکٹر صاحب کو پی۔ ایچ۔ ڈی کی ڈگری عطا کی گئی۔

---

[1] معارف رضا، مطبوعہ کراچی ۱۹۸۳ء

[2] ایضاً، ص ۲۳۴

Marfat.com
Marfat.com

_____ یہ مقالہ ۱۹۸۱ء میں اسلامک پبلی کیشن سنٹر پٹنہ نے ہندوستان سے شائع کیا۔ _____ ڈاکٹر صاحب نے اس کتاب کے ہر باب میں تحقیق کا حق ادا کیا ہے۔ _____ پہلے، دوسرے اور تیسرے ابواب محنت سے لکھے گئے ہیں۔ اور اس میں بہت ہی مفید معلومات جمع کی ہیں _____ چوتھا باب امام احمد رضا کے حالات سے شروع ہوتا ہے۔ اس میں آپ کے حالات و افکار کا جائزہ لیا گیا ہے _____ آخر میں ان سندات کی نقول بھی شامل کی ہیں جو امام احمد رضا کو حدیث و فقہ میں عطا کی گئیں۔ _____

پانچویں باب میں امام احمد رضا کے احوال و آثار کا ذکر کیا گیا ہے۔ اس میں امام احمد رضا کے منظوم و منثور فتوے، نیز عربی، فارسی اور اردو فتووں کے نمونے بھی پیش کیے گئے ہیں۔ اور انگریزی ترجمہ شدہ ایک فتویٰ بھی نقل کیا ہے۔ اور آخر میں پچاس علوم و فنون پر امام احمد رضا کی ۴۱۲ تصانیف کی تفصیلی فہرست دی ہے۔

_____ چھٹے باب میں معاصرین، تلامذہ اور خلفاء متبعین کا ذکر کیا گیا ہے۔ یہ باب بھی محنت سے مرتب کیا گیا ہے۔

_____ ساتویں باب میں فقہ اسلامی میں امام احمد رضا کی خدمات کا جائزہ لیا گیا ہے۔ اور فتویٰ نویسی میں ان کی مہارت کا ذکر کیا ہے۔ اور ان کی نگارشات کے نمونے پیش کیے ہیں۔ جن سے اندازہ ہوتا ہے کہ وہ محدثِ وقت اور فقیہہ العصر تھے۔ اس باب میں فقہ سے متعلق امام احمد رضا کی مزید ۲۴۰ کتب و حواشی کا ذکر کیا گیا ہے۔ اس طرح مجموعی طور پر امام احمد رضا کی ۶۶۶ کتب و حواشی کی تفصیلات اس تحقیقی مقالے میں

Marfat.com
Marfat.com

آگئی ہیں ـــــــــ مجموعی طور پر یہ مقالہ قابل مطالعہ اور لائق تحسین و آفرین ہے۔ فاضل مقالہ نگار اور وہ علماء و دانشور جنہوں نے ان سے تعاون کیا سب قابل مبارک باد اور ہم سب کے شکریہ کے مستحق ہیں۔

اس کتاب کی اہمیت اور افادیت اس امر کی متقاضی تھی کہ اس کو پاکستان میں بھی شائع کیا جائے ـــــــــ سب سے پہلے اس کی اشاعت کا خیال محترمی جناب سید ریاست علی قادری (ناظم اعلیٰ ادارۂ تحقیقات امام احمد رضا کراچی) کے ذھن میں آیا۔ مگر وہ بعض مجبوریوں کی وجہ سے شائع نہ کر سکے۔ تو ادارۂ تصنیفات امام احمد رضا کراچی کو اس اہم کام کے لئے تیار کیا۔ اور ادارۂ تصنیفات امام احمد رضا کراچی نے اس اہم کام کا بیڑا اٹھایا۔ ـــــــــ اس ادارے کے اراکین بالخصوص عزیزان گرامی محمد ریاض ضیائی اور محمد الطاف ضیائی، حضرت شاہ تراب الحق مدظلہ العالی کی سرپرستی میں قابل قدر خدمات انجام دے رہے ہیں۔ انہوں نے کئی اہم اور مفید کتابیں شائع کی ہیں۔ اور پیش نظر کتاب تو علمی و تحقیقی نقطۂ نظر سے نہایت ہی اہم ہے۔ اور اہل علم کے لئے قابل مطالعہ ـــــــــ اللہ تعالیٰ ادارۂ تصنیفات امام احمد رضا کے تمام اراکین اور معاونین کو دارین میں سرفراز فرمائے۔ اور مزید ہمت و استقامت ارزانی فرمائے۔ آمین بجاہ سید المرسلین رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم۔

۲ محرم الحرام ۱۴۰۵ھ
۲۸ ستمبر ۱۹۸۴ء
یوم جمعۃ المبارک

احقر محمد مسعود عفی عنہ
(پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد)
پرنسپل گورنمنٹ ڈگری کالج
ٹھٹھہ (سندھ۔ پاکستان)

Marfat.com
Marfat.com

باب اول

ہندوستان میں فقہ اسلامی کا ارتقاء

Marfat.com
Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تحقیق الفقہ

فقہ کا معنی کسی شئے کا جاننا اور سمجھنا ہے جیسا کہ لوئیس معلوف نے المنجد میں فقہ کا معنی "العلم بالشی والفھم بہ" لکھا ہے۔ [1]

علامہ زمخشری نے فقہ کا معنی شق اور فتح لکھا ہے الفقہ حقیقۃ الشق والفتح [2] حضرت امام غزالی نے احیاء العلوم میں فقہ کا معنی فہم وتدبر اور دین میں بصیرت بیان کیا ہے۔ [3]

اصطلاح شرع میں احکام شرعیہ کا علم ادلہ تفصیلیہ کے ساتھ ہونا جیسا کہ حضرت صدر الشریعہ توضیح میں رقمطراز ہیں :-

"العلم بالاحکام الشرعیۃ العملیۃ من ادلتہا التفصیلیۃ" [4]

حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے قول کے مطابق فقہ انسان کے مالہ وماعلیہ کی معرفت کا نام ہے۔ [5]

---

[1] المنجد ص ۶۲۳ [2] حقیقۃ الفقہ ج ۱ ص ۲ [3] احیاء العلوم ج ۱ ص ۳۲۴
[4] توضیح شرح تنقیح ص ۶ [5] توضیح ص ۵ ۔

Marfat.com
Marfat.com

احمد ابن مصطفیٰ نے علم فقہ کی تعریف یہ کی ہے:-

"وھو علم باحث عن الاحکام الشرعیۃ الفرعیۃ العملیۃ من حیث استنباطھا عن ادلتھا التفصیلیۃ" [1]

فقہ وہ علم ہے جو شریعت کے احکام فرعیہ عملیہ سے بحث کرتا ہے اس حیثیت سے کہ ان احکام کو ان کے تفصیلی دلائل سے کس طرح اخذ کیا گیا ہے۔ [2]

اس رائے کی تائید مصنف توضیح نے بھی فرمائی ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ فقہ شریعت کے ان احکام کا علم ہے جن پر عمل کرنا مقصود ہے اور جو ہم کو بذریعہ وحی معلوم کرائے گئے ہیں۔ یا اجماع علماء قرار پائے ہیں۔

بل ھو علم لکل الاحکام الشرعیۃ العملیۃ التی قد ظھر نزول الوحی بھا والتی انعقد الاجماع علیھا من ادلتھا مع ملکۃ الاستنباط الصحیح منھا۔ [3]

---

[1] مفتاح السعادہ ص ۱۹۴ [2] اصول اسلام ص ۵۷ [3] توضیح ص ۱۱

Marfat.com
Marfat.com

فقہ اسلامی کے مأخذ

فقہ اسلامی کے عملی قوانین کے متعدد بنیادی مأخذ ہیں جمہور علماء کا اس پر اتفاق ہے کہ شریعت کے مأخذ اور تفصیلی احکام کا سرچشمہ چار ہیں۔

۱۔ قرآن کریم ۲۔ سنت نبوی ۳۔ اجماعِ امت ۴۔ قیاس

مذکورہ چاروں اصولوں کے لئے قرآن کی تشریح موجود ہے۔

یاایھا الذین اٰمنوا اطیعوا اللہ واطیعوا الرسول واولی الامر منکم فان تنازعتم فی شئ فردوہ الی اللہ والرسول ان کنتم تومنون باللہ والیوم الاٰخر ذلک خیر واحسن تاویلاً ——

بعض علما نے ان چاروں بنیادی اصولوں کے علاوہ دوسرے اصول کو بھی شرعی مأخذ قرار دیا ہے جسے اصطلاح میں استدلال کے نام سے پکارا جاتا ہے۔ وہ پانچ ہیں۔

۱۔ استحسان ۲۔ مصالح مرسلہ ۳۔ استصحاب

۴۔ مسلک صحابی ۵۔ اسلاف کے قوانین

Marfat.com
Marfat.com

فقہ اسلامی کی
عہد بہ عہد ترقی

علامہ محمد الخضری نے اپنی تالیف "تاریخ التشریع الاسلامی" میں فقہِ اسلامی کے چھ ادوار قائم کئے ہیں۔

۱۔ فقہ بہ عہد رسالت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

۲۔ فقہ بہ عہد صحابہ کبار رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین

۳۔ فقہ بہ عہد صحابہ و تابعین رضی اللہ تعالیٰ عنہم (یہ عہد پہلی صدی ہجری کے بعد ختم ہو جاتا ہے)

۴۔ وہ عہد جب فقہ نے مستقل علم کی شکل اختیار کر لی۔

(یہ عہد دوسری صدی کے اوائل سے شروع ہو کر تیسری صدی کے اخیر میں ختم ہو جاتا ہے)۔

۵۔ وہ عہد جس میں ائمہ فقہاء کے مابین اکثر مسائل شرعیہ پر بحثیں ہوا کیں اور نتیجہ کے طور پر نت نئے فقہی مسائل پیدا ہوئے۔

(یہ دور خلافت عباسیہ کے زوال اور تاتاری غارتگری کے کچھ دنوں بعد ختم ہو جاتا ہے)

۶۔ فقہ بہ زمانہ تقلید ــــ یہ دور پانچویں صدی کے بعد شروع ہوا اور آج تک قائم ہے۔ (تاریخ التشریع الاسلامی ترجمہ اردو ص ۷۲)

Marfat.com
Marfat.com

فقہ اسلامی کے متذکرہ بالا ادوار کا سرسری جائزہ لیا جائے تو تاریخ کے صفحات پر بے شمار فقہاء نظر آتے ہیں۔ مخصوص فقہاء کا اجمالی ذکر درج ذیل ہے۔

مفتیان مدینہ :-

۱ :- حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا (م ۵۷ھ)
۲ :- حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ (م ۷۳ھ)
۳ :- حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ (م ۵۸ھ)
۴ :- حضرت سعید ابن المسیب المخزومی رضی اللہ تعالیٰ عنہ (م ۹۴ھ)
۵ :- حضرت عروہ ابن الزبیر بن العوام الاسدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ (م ۹۴ھ)
۶ :- حضرت ابوبکر ابن عبدالرحمٰن رضی اللہ تعالیٰ عنہ (م ۹۴ھ)
۷ :- حضرت علی ابن الحسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ (م ۹۴ھ)
۸ :- حضرت عبیداللہ ابن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ (م ۱۰۳ھ)

مفتیان مکہ

۱ :- حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ (م ۶۸ھ)
۲ :- حضرت مجاہد ابن جبیر رضی اللہ عنہ (م ۱۰۳ھ)
۳ :- حضرت عکرمہ ابن عباس رضی اللہ عنہ (م ۱۰۳ھ)
۴ :- حضرت ابوالزبیر محمد ابن مسلم رضی اللہ تعالیٰ عنہ (م ۱۳۸ھ)

مفتیان کوفہ

۱ :- حضرت علقمہ بن قیس رضی اللہ عنہ (م ۶۸ھ) ۲ :- حضرت مسروق ابن الاجدع

Marfat.com
Marfat.com

رضی اللہ تعالیٰ عنہ ام ۶۳ھ) ۳ :- حضرت شریح ابن الحارث رضی اللہ عنہ ام ۷۵ھ
۴ :- حضرت سعید ابن جبیر رضی اللہ عنہ (م ۹۳ھ) ۵ :- حضرت عامر ابن
شرجیل رضی اللہ عنہ (م ۱۰۳ھ)

مفتیان شام۔

۱ :- حضرت عبداللہ ابن غنم الاشعری رضی اللہ عنہ (م ۷۸ھ)
۲ :- حضرت رجاء بن حیرۃ الکندی رضی اللہ عنہ (م ۱۱۲ھ)

مفتیان مصر۔

۱ :- حضرت عبداللہ ابن عمرو ابن العاص رضی اللہ عنہ (م ۶۵ھ)
۲ :- حضرت یزید بن ابی حبیب رضی اللہ عنہ (م ۱۲۸ھ)

مفتیان یمن۔

۱ :- حضرت طاوس ابن کیسان الجندی رضی اللہ تعالیٰ عنہ (م ۱۰۶ھ)
۲ :- حضرت وہب ابن الصنعانی رضی اللہ عنہ (م ۱۱۴ھ)

فقہی کتابوں کی تدوین میں عہد بنی عباس بہت زیادہ فیض رساں ثابت ہوا اس دور حکومت میں تدوین فقہ اور نشر و اشاعت کا کام باقاعدہ اور بہت منظم نظر آتا ہے۔ [1]

اس فن میں سب سے پہلے حضرت مالک ابن انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے دوسری صدی ہجری میں ایک کتاب لکھی۔ [2]

---

[1] تاریخ الادب العربی ص ۳۸۰ [2] اردو انسائکلوپیڈیا ص ۱۱۵۲

Marfat.com
Marfat.com

ہندوستان میں

فقہ اسلامی کا ارتقاء

ہندوستان میں مسلمان حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے عہد مبارک میں پہنچ چکے تھے اس کے بعد حجاج ابن یوسف کے زمانہ میں کچھ خاندان ہندوستان کے جنوبی سواحل پر آباد ہو گئے تھے۔ بعد میں تجارت کے فروغ سے یہاں عرب تاجروں کی مستقل آبادیاں قائم ہو گئیں ادھر سندھ میں عربوں کی فاتحانہ پیش قدمی نے انقلاب پیدا کر دیا اس علاقہ میں عربوں کا اثر و رسوخ بھاول پور ملتان تک چوتھی صدی ہجری تک رہا اس براعظم میں آزاد سلطنتیں قائم ہوئیں تو جگہ جگہ مساجد و مدارس میں علماء کرام موجود تھے۔ یہ حضرات طلبہ کو فقہ اسلامی کی تعلیم دیتے ان سے عوام استفتاء کرتے اور یہ فتویٰ دیتے تھے۔ مسلمانوں کے علاوہ غیر مسلموں کے بھی استفسارات شریعت اسلامیہ کے بارے میں ملتے ہیں۔ چنانچہ اس قسم کے استفسارات کا حال بزرگ ابن شہریار کی کتاب :۔ "عجائب الہند" سے معلوم ہوتا ہے۔ بزرگ ابن شہریار ایک عرب جہازراں محمد حسن نامی کی زبانی تیسری صدی ہجری کا یہ واقعہ نقل کرتا ہے کہ "میں ۲۸۸ھ میں منصورہ میں تھا وہاں مجھ سے مستند بزرگوں نے بیان کیا کہ الرماء کے راجہ مہروق ابن رائق جو ہندوستان کا بڑا راجہ تھا اور جس کی حکومت کشمیر زیریں میں تھی۔ ۲۷۰ھ میں منصورہ کے بادشاہ عبداللہ کو لکھا کہ وہ اسلامی شریعت کو زبان ہندی میں منتقل کریں"۔ [1]

---

[1] عجائب الہند ص ۴، ۱۰۳

Marfat.com
Marfat.com

ہندوستان کے مسلمان بادشاہوں اور امیروں کو نہ صرف فقہ اسلامی سے دلچسپی تھی بلکہ انھوں نے اس فن میں تصانیف بھی چھوڑی ہیں چنانچہ سلطان محمود غزنوی فقہ اسلامی کا زبردست عالم تھا۔ اس نے ایک کتاب "التفرید فی الفروع" لکھی تھی[1] جو بلاد غزنہ میں بہت مقبول ہوئی۔ اس میں شافعی مذہب کے مطابق بکثرت مسائل بیان کیے گئے۔ امام مسعود ابن شیبہ جو اعیان فقہاء میں سے تھے انہوں نے سلطانی نسخہ سے اس کو نقل کیا تھا[2] اسی طرح ظہیر الدین بابر نے اصول مذاہب پر ایک کتاب لکھی تھی جو اپنے وقت میں بہت مقبول ہوئی[3] خوندمیر نے بادشاہ کے ایماء پر قانون ہمایوں کے نام سے فقہ پر ایک کتاب لکھی[4]

فتاویٰ کی ممتاز و مستند کتابیں جن کی نشاندہی تاریخ کرتی ہے یہ ہیں:-

۱ :- فتاویٰ فیروز شاہی
۲ :- فتاویٰ ابراہیم شاہی
۳ :- فتاویٰ اکبر شاہی
۴ :- فتاویٰ عادل شاہی
۵ :- فتاویٰ تاتارخانی
۶ :- فتاویٰ عالمگیری

فیروز شاہ کو فقہ سے بڑی دلچسپی تھی اس کی یہ خواہش تھی کہ حکومت احکام شرعیہ کے مطابق چلائی جائے چنانچہ اس کی خواہش پر فتاویٰ فیروز شاہی مرتب کی اس کے قلمی نسخے مختلف کتب خانوں میں موجود ہیں۔ مثلاً انڈیا آفس لائبریری لندن، ایشیاٹک سوسائٹی بنگال کلکتہ، مولانا آزاد لائبریری علی گڈھ۔

فتاویٰ فیروز شاہی مولانا محمد یعقوب کرمانی نے زبان عربی میں لکھی تھی ان کے انتقال کے بعد سلطان فیروز شاہ نے مزید اضافوں کے ساتھ دوبارہ مرتب کرایا اور اس کا فارسی ترجمہ کرایا۔[5]

---

[1] ادب نامہ ایران ص ۹۳ [2] الجواہر المقیہ ج ۲ ص ۱۵۷ و نزہتہ الخواطر ج ۱ ص ۹۵
[3] مسلمانان ہند و پاک کی تاریخ ص ۱۷۴ [4] ہمایوں نامہ ص ۱۸۶ [5] معاشرتی و علمی تاریخ ص ۱۰۰ و ۱۰۴

Marfat.com
Marfat.com

سلطان ابراہیم شرقی کے عہد (۱۴۱۲ء - ۱۴۴۰ء) میں فتاویٰ ابراہیم شاہی مرتب کیا گیا۔[1] عتیق اللہ بن اسمٰعیل ابن شیخ قاسم نے فتاویٰ اکبر شاہی لکھی اس کا قلمی نسخہ کتبخانہ آصفیہ حیدرآباد دکن میں ہے۔ فتاویٰ عادل شاہی بھی مشہور ہے۔

۱۳	شیخ شمس الحق محدث دایانوی عظیم آبادی		التحقیقات العلی فی اثبات وضع الجمعہ
۱۴	مولوی ظہیر احسن شوق نیموی		جامع الآثار فی اختصاص الجمعہ بالامصار

Marfat.com
Marfat.com

الباب الثانی

تیرہویں صدی ہجری میں ہندوستان میں فقہ اسلامی کی ترقی کے عوامل

Marfat.com
Marfat.com

اعلیٰ حضرت کے عہد میں فقہ اسلامی کے اسباب و عوامل کا اگر جائزہ لیا جائے تو ہندوستان میں تین عوامل کارفرما نظر آتے ہیں۔ (۱) فرنگی حکومت کا تسلط اور اس کے دور رس اثرات۔ (۲) ادیان مختلفہ کی آویزش۔ (۳) مسالک مختلفہ کی کشمکش۔

فرنگی حکومت کا تسلط اور اس کے دور رس اثرات

فرنگی حکومت مسلمانوں سے کبھی مطمئن نہیں رہی۔ اس نے اپنے اقتدار کی راہ میں صرف مسلمانوں کو ہی سدِّ راہ سمجھا۔ یورپ میں بیت المقدس کو مسلمانوں سے غصب کرنے کی تحریک بڑے زور شور سے چلی۔ اس تحریک کے زیر اثر تیس سال کے اندر بیت المقدس پر آٹھ حملے ہوئے لیکن آخر میں غازی صلاح الدین ایوبی نے ان کو شکست دے کر اسلامی اقتدار کا پرچم لہرا دیا۔

صلیبی جنگ کی شرمناک شکست کے سبب مسیحیوں میں مسلمانوں کے خلاف شدید بغض و عداوت کے جذبات موجزن تھے جس کا اکثر موقعوں پر اظہار ہوتا رہا۔ [1] پروفیسر میکشن بارڈن آسٹریلیا کے سب سے ممتاز اخبار (ترنگفت) کا مالک اور مدیر اعلیٰ تھا۔ اس نے ایک بار مسئلہ مشرقی پر تقریر کی جس کو لندن ٹائمس نے شائع کیا۔ اپنی تقریر کے دوران اس نے کہا۔

"اب اور کب تک اسلام کو آزاد چھوڑ دیا جائیگا۔ کہ اپنی ہزار سالہ وحشت و خونخواری کے واقعات بیسویں صدی میں دہراتا رہے"۔ پھر کہتا ہے "اسلام ایک خطرہ ہے۔ اس کی بقا تمام تر خطرہ ہے۔ میں یقین دلاتا ہوں کہ یورپ اسلام سے جو زمین کا ٹکڑا

---

[1] سید المرسلین ص ۱۱

Marfat.com
Marfat.com

حاصل کرتا ہے وہ اس کا قدرتی حق ہے اور وہ یورپ کے لئے مال غنیمت ہے۔ جس کی واپسی کا خیال جنون ہے۔" ع۱

فرنگی مسلمانوں کے خلاف اور مسلمانوں کے مذہبی مسلمات کے خلاف آئے دن حملے کرتے رہے۔ فرنگیوں کا خیال تھا کہ مسلمان ایک بت پرست قوم ہے اور محمد ایک سونے کا بت ہے جو مدینہ میں رکھا ہوا ہے۔ توحید سے انہیں کوئی تعلق نہیں بلکہ وہ ایک ایسی قوم ہے جو دنیا میں صرف لوٹ مار کر کے اپنا پیٹ بھرنا چاہتی ہے۔ اسی طرح بے شمار مسموم پروپیگنڈے ہوتے رہے۔

اسلام جو در اصل انسانیت کے لئے آب حیات ہے اس کو زہر بنا کر پیش کرنے کی انتھک کوشش ان کے لٹریچر کا اہم جز بن گیا تھا۔ ع۲

انیسویں صدی میں فرنگیوں نے ہندوستان میں عیسائیت کی تبلیغ کیلئے ایک ادارہ قائم کیا جس کو حکومت کی سرپرستی حاصل تھی۔ یورپ سے پادری عیسائیت کی تبلیغ و اشاعت کے لئے بلائے گئے۔ پادریوں نے مسلمانوں کے عقائد کے خلاف زہریلے پروپیگنڈے شروع کئے جس کا جواب مسلمانوں نے بڑی ہی شائستگی سے دیا۔ فرنگیوں نے اسلام کے فقہی قوانین، فرائض، نکاح، طلاق پر خاص طور سے حملے شروع کر دیئے۔

ایسے موقع پر مصلحین ملت کی ایک جماعت نے اس کا جم پور مقابلہ کیا خصوصاً اعلیٰ حضرت مولانا شاہ احمد رضا خاں صاحب قدس سرہٗ نے فرائض کے سوالات کے جواب میں "ندم النصرانی و تقسیم الایمانی" نام سے ایک کتاب ۱۳۱۶ھ میں تصنیف فرمائی۔ جس کو تحفۂ حنفیہ پٹنہ نے شائع کیا۔ یہ کتاب اپنی معنوی و صوری حیثیت سے نادر روزگار ہے۔

ع۱ خطبات آزاد ص۲۳ ع۲ خطبات آزاد ص۲۳۹-۲۴۰

Marfat.com
Marfat.com

ڈاکٹر وزیر خاں عظیم آبادی نے پادری کارل گوٹلیب فنڈر (۱۸۰۳ء) کا بھرپور جواب دیا ۱۸۲۹ء میں فنڈر نے اسلام کے خلاف اپنی کتاب "میزان الحق" لکھی میزان الحق کا پہلا جواب "استفسار" کے عنوان سے مولوی آل حسن نے دیا۔ فنڈر نے ایک اور کتاب "مفتاح الاسرار" کے نام سے اسلام کے خلاف تصنیف کی جسکے جواب میں لکھنؤ کے ایک عالم نے "کشف الاستار" نام کی ایک کتاب لکھی جو اس موقعہ کی "معرکۃ الآرا تصنیف ہے۔ فنڈر نے جواب الجواب میں "حل الاشکال" تصنیف کی اس کتاب کا جواب مولوی مؤید الدین احمد آبادی نے دی۔ ع۱

فنڈر نے مسلمانوں کے مذہبی عقائد و قوانین کے خلاف مناظرے بھی کئے ۱۸۵۴ء کا مناظرہ بہت مشہور ہے۔ مقابلے میں مولانا رحمت اللہ صاحب کرانوی ڈاکٹر وزیر خاں نے نمایاں حصہ لیا۔ اور فنڈر کو دندان شکن جواب دیکر لاجواب کر دیا۔ ع۲

سر سید احمد خاں نے عیسائی مشنری کے اسلام پر حملے کا جواب دینے کیلئے شدید کوشش کی۔ انھوں نے مدلل جواب بھی دیا لیکن مسئلہ کو سمجھانے کے لئے انھوں نے مذہب سے زیادہ عقل سے کام لیا اور اسلام کی حقیقی تعلیم سے علیحدہ ہونے کا نتیجہ یہ نکلا کہ عیسائی پادریوں کے اعتراضات کے سلسلے میں مسلمان متردد ہو گئے اور اسلام کی تاویلیں شروع ہو گئیں، نتیجہ کے طور پر یہ مسئلہ مذبذب بن کر رہ گیا۔ ع۳

۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی میں مسلمانوں کے بھرپور حصہ لینے کے سبب انگریزوں نے مسلمانوں کی دشمنی میں اور بھی شدت برتنی شروع کر دی مسلمانوں

ع۱ حواشی خطبات آزاد ص۲۰۲ ع۲ ترنگیوں کا جال ص۲۴۳ ص۲۴۶ بحوالہ خطبات آزاد ص۲۰۳

ع۳ خطبات آزاد ص۲۰۳۔

Marfat.com
Marfat.com

کے استیصال کے جتنے بھی ذرائع ہو سکتے تھے پوری طاقت کے ساتھ استعمال کئے گئے ہندوستان میں مسلمانوں پر عرصۂ حیات تنگ کر دیئے گئے اور غیر مسلموں پر لطف و کرم کی بارش ہوتی رہی جیسا کہ ایک انگریز نے اظہار خیال کیا ہے۔

"مسلمان ہمارے دیوانہ وار دشمن ہیں۔ اس لئے ہماری صحیح پالیسی یہ ہے کہ ہندوؤں کے ساتھ مہربانی کی جائے"۔ [1]

انگریزوں کے انتقامی جذبات کے نشانے پر براہ راست مسلمان ہی تھے۔ ہزاروں مسلمان تہ تیغ کر دیئے گئے۔ (۲۰ ہزار) مسلمانوں کو پھانسی کے تختہ پر لٹکا دیا گیا۔ بے شمار لوگوں کی جائداد ضبط کی جانے لگی۔ تمام سرکاری ملازمتوں سے مسلمان برطرف کئے جانے لگے۔ [2]

فرنگی حکومت کے ظلم کے نشانے پر اب مساجد و مقابر بھی آ گئے۔ مسلمانوں کی عبادت گاہوں کی بے حرمتی کرنے میں قطعی دریغ نہیں کرتے تھے۔ حد تو یہ ہے کہ جامع مسجد دہلی کے اندر سکھ فوج کیلئے رہائش کا نظم کیا گیا۔ مسجد کے صحن میں انگریزوں کے کتے پھرتے تھے میناروں کے قریب سؤر ذبح کر کے اس کا گوشت بیچتے تھے۔ [3] ایسے موقع پر شہید ملت حضرت علامہ فضل حق صاحب خیر آبادی نے جامع مسجد کی حالت اور مداخلت فی الدین کے خلاف جہاد کا فتویٰ صادر فرمایا۔ جس کی پاداش میں انہیں جزیرہ انڈمان بھیج دیا گیا۔ اور وہیں آپ کا وصال بھی ہو گیا۔ مسلمان انگریزوں کی مداخلت فی الدین کو دیکھنے کے بعد مضطرب ہو گئے لیکن ان کے اضطراب کو فرنگیوں نے باغیانہ رنگ دینے کی کوشش کی۔ اور ایک دوسرا گروہ کا لگایا کہ "مسلمانوں کی فطرت میں باغیانہ جذبہ ان کی توحید اور مذہب کے اصول نے پیدا کر رکھا ہے۔ جب تک ہماری حکومت مسلمانوں کا مذہب برداشت کرتی رہے گی اس وقت تک دشمنی کا یہ جذبہ صرف قائم ہی نہیں رہے گا بلکہ روز بہ روز بڑھتا رہے گا۔ [4] اس جذبہ سے مغلوب ہو کر فرنگیوں نے مسلمانوں کو زبردستی عیسائی

---

[1] مسلمانان ہند کی سیاست داخلی ص ۱۶ [2] قیصر التواریخ ج ۲ ص ۴۵۷

Marfat.com
Marfat.com

بنانے کی کوشش جاری کی جیسا کہ مسز ہورٹسٹ انگلش لکھتی ہے کہ:

انگلستان کا بڑا پادری چاہتا ہے کہ ہندوستان کو دین مسیحی میں داخل کر دے جو لوگ خوشی سے ان کا دین قبول نہیں کرتے ان کے ساتھ سختی سے پیش آتا ہے۔ اور عیسائیت اختیار کرنے پر مجبور کرتا ہے۔

فرنگی مشینریوں نے اپنے اسکول کے نصاب تعلیم میں وہ تمام کتابیں داخل کیں جو ایک انسان کو اسلام سے دور اور عیسائیت سے قریب کر سکیں۔ اس کے علاوہ، سوالات عیسائیت کے مطابق دیئے جانے لگے۔ اگر بچوں نے جواب ان کی منشا کے مطابق دیا تو انعام دیا جاتا۔[1] فرنگی اپنی تعلیم میں اپنے عقائد کو راسخ کراتے اور اسلامی قوانین کو وحشیانہ، غیر مہذب، دور جدید کے لئے فرسودہ ثابت کرتے نتیجتاً بے شمار مسلمان نوجوان اپنے مذہب سے دور ہی نہیں بلکہ مذہب کا مذاق اڑانے لگے۔ ایسے حالات میں مصلحین امت کا ایک گروہ عیسائیت کے سیلاب بلا کو روکنے کے لئے میدان عمل میں کود پڑا اور بہت سے تعلیمی ادارے قائم کئے گئے جو فقہی مراکز کی حیثیت سے کام کرنے لگے

اہم مدارس و مراکز کے نام مندرجہ ذیل ہیں۔

نام ادارہ	مقام	مؤسس
۱۔ دار العلوم حزب الاحناف	لاہور	مولانا دیدار علی ۱۲۷۳ھ/۱۸۵۷ء وفات ۱۳۵۴ھ/۱۹۳۵ء
۲۔ شاہی جامع مسجد	آگرہ	
۳۔ مدرسہ سراج العلوم	خانپور	مولانا سراج احمد صاحب ولادت ۱۳۱۲ھ/۱۸۹۶ء وفات ۱۳۹۲ھ/۱۹۷۲ء
۴۔ مدرسہ غوثیہ	سادھواں	مولانا پیر عبد الغفار شاہ کشمیری ولادت وفات ۱۳۲۰ھ/۱۹۱۱ء
۵۔ جامع مسجد	جاہلی	مفتی عمر الدین ہزاروی ۱۳۴۹ھ/۱۹۳۱ء

[1] جنگ آزادی ۱۸۵۷ء، ص ۱۰۱

Marfat.com
Marfat.com

نام ادارہ	مقام	مؤسس	
۶۔ جامعہ نعمانیہ	لاہور	مفتی غلام احمد بن شیخ احمد	ولادت ۱۲۷۳ھ/۱۸۵۶ء وفات ۱۳۲۵ھ/۱۹۰۷ء
۷۔ جامعہ شمس العلوم	بدایوں	علامہ عبدالقادر بدایونی	ولادت ۱۲۵۳ھ/۱۸۳۷ء وفات ۱۳۱۹ھ/۱۹۰۱ء
۸۔ مدرسہ حنفیہ	جونپور	ہدایت اللہ صاحب	متوفی ۱۳۲۶ھ
۹۔ جامع مسجد فتحپور	دہلی		
۱۰۔ دارالعلوم منظر اسلام	بریلی شریف	اعلیٰ حضرت امام احمد رضا	
۱۱۔ دارالعلوم دیوبند	دیوبند	حاجی عابد حسین	
۱۲۔ دارالعلوم ندوۃ العلماء	لکھنؤ	مولانا محمد علی مونگیری	
۱۳۔ مدرسہ نورالہدیٰ پوکھریرا	مظفرپور	مولانا محمد عبدالرحمٰن مجتبیٰ پوکھریروی	
۱۴۔ مدرسہ حمیدیہ قلعہ گھاٹ	دربھنگہ		
۱۵۔ مدرسہ حنفیہ پٹنہ مٹی	پٹنہ	قاضی عبدالوحید	ولادت ۱۲۸۹ھ وفات ۱۳۲۶ھ
۱۶۔ مدرسہ عالیہ رامپور	رامپور		
۱۷۔ مدرسہ عالیہ قادریہ	بدایوں		
۱۸۔ جامعہ نظامیہ	حیدرآباد		
۱۹۔ دارالعلوم معینیہ	اجمیر شریف		
۲۰۔ مدرسہ اسلامیہ جامع مسجد ناخدا	کلکتہ	مولانا ابوالکلام آزاد	
۲۱۔ مدرسۃ الحدیث (۱۳۰۱ھ)	پیلی بھیت		
۲۲۔ مدرسہ حافظیہ سعیدیہ	دادون علیگڈھ		
۲۳۔ مدرسہ سلیمانیہ	تونسہ		
۲۴۔ مدرسہ حبیبیہ پھلواری شریف	پٹنہ		
۲۵۔ مدرسہ ضیاء الاسلام	سیال (سرگودھا)		

Marfat.com
Marfat.com

نام ادارہ	مقام	مؤسس
۲۶۔ دارالعلوم صوفیہ	اجمیر	
۲۷۔ مدرسہ فنیں عام	کانپور	
۲۸۔ مدرسہ جامعہ مسجد	علی گڈھ	
۲۹۔ مدرسہ انوار العلوم	رامپور	مولنا لطف اللہ رامپوری ۱۲۵۴ھ/۱۳۱۳ھ
۳۰۔ مدرسہ فیض الغربا	آرہ	
۳۱۔ مدرسہ اسلامیہ	میرٹھ	
۳۲۔ جامعہ لطیفیہ	علی گڈھ	
۳۳۔ مدرسہ حسین بخش	دہلی	
۳۴۔ مدرسہ حافظیہ	پیلی بھیت	
۳۵۔ دارالعلوم محمودیہ	پیلان	مولنا غلام محمود (د) ۱۲۸۲ھ/۱۸۶۵ء (م) ۱۳۶۷ھ
۳۶۔ مدرسہ تعلیم الاسلام	جے پور	

مذکورہ مدارس کے علاوہ اور دوسرے مدارس فرنگی دور حکومت میں فقہ اسلامی کی تعلیم میں سرگرم عمل تھے۔ مذکورہ مدارس کے نصاب تعلیم میں دوسرے فنون کے علاوہ فقہ سے متعلق مندرجہ ذیل کتابیں داخل نصاب تھیں۔

۱۔ نور الایضاح	حسن بن علی شرنبلالی	(م) ۱۱۶۲ھ/۱۷۰۰ء
۲۔ قدوری	ابوالحسن احمد محمد المعروف قدوری	(م) ۴۲۸ھ/۱۰۳۶ء
۳۔ کنز الدقائق	ابوالبرکات عبداللہ بن احمد عرف حافظ الدین	(م) ۷۱۰ھ/۱۳۱۰ء
۴۔ شرح وقایہ	عبداللہ بن مسعود (صدر الشریعہ)	(م) ۷۴۳ھ/۱۳۴۸ء
۵۔ ہدایہ اولین	برہان الدین علی بن ابی بکر	(م) ۵۹۳ھ
۶۔ ہدایہ اخیرین	"	"

Marfat.com
Marfat.com

۷۔ درّ مختار	علامہ علاء الدین (م)	۱۰۸۸ھ/۱۶۷۷ء
۸۔ اصول الشاشی	نظام الشاسی (م)	۷۵۴ھ/۱۳۵۳ء
۹۔ نور الانوار	شیخ احمد ملا جیون (م)	۱۱۰۵ھ
۱۰۔ حسامی	حسام الدین محمد بن عمر (م)	۶۴۴ھ/۱۲۴۶ء
۱۱۔ توضیح	صدر الشریعہ عبداللہ بن مسعود (م)	۷۴۳ھ/۱۳۱۰ء
۱۲۔ تلویح	علامہ سعد الدین تفتازانی (م)	۷۹۱ھ/۱۳۵۶ء
۱۳۔ مسلم الثبوت	علامہ محب اللہ بہاری (م)	۱۲۰۰ھ/۱۷۸۵ء

مسلمانوں نے عوامی سطح پر بے شمار انجمنیں اور تبلیغی ادارے بھی قائم کئے جن کے ذریعہ اسلامی اصول کی تبلیغ و اشاعت بھرپور طور پر شروع کر دیا۔ اور یہ ادارے فرنگیوں کے سیلاب بلا کو روکنے کے لئے سدِ سکندری کا کام دینے لگے۔ اور پورے ملک میں ہر محاذ پر صف آرا ہو گئے۔ انہی مجاہدین کی خدمات کا یہ اثر ہے کہ آج بھی اسلامی زندگی کی دھڑکن برقرار ہے۔

ادیان مختلفہ کی آویزش

فرنگی دور حکومت میں ہندوستان میں کئی مذاہب اسلام سے براہ راست ٹکرانے کی کوشش کرتے رہے۔ ان میں عیسائی تو پیش پیش تھے اس لئے کہ عیسائیوں کے مذہبی حملوں کا جواب اگر کوئی مذہب ہندوستان میں دے سکتا تھا تو وہ صرف اسلام ہی تھا چونکہ یہی ایک ایسا مذہب ہے جس کے پاس اپنا اصول ہے۔ اس کے جملہ ارکان عقل سلیم اور فطرت کے مطابق ہیں۔ لیکن دوسرے مذاہب جو اس وقت ہندوستان میں تھے۔ ان کے پاس کوئی مستحکم اصول نہیں تھا۔ ان کا مذہب چند روایات پر مبنی تھا۔ ظاہر ہے ایسا مذہب عیسائیوں کے مقابلہ میں کیا ٹک سکتا تھا۔ ہندوستان میں مذاہب کا جائزہ

Marfat.com
Marfat.com

لینے پر یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ اسلام ہی ایک ایسا دین تھا جو عیسائیت کا مقابلہ کما حقہ' کر سکتا تھا. اس لئے عیسائی مستشریاں اسلام کے خلاف نہایت شد و مد کے ساتھ صف آرا ہو گئیں۔ اس کے علاوہ اس دور میں ایک طبقہ آریہ منتھ کے نام سے وجود میں آیا جس نے مسلمانوں کے خلاف' اسلامی قوانین کے خلاف' اسلام کے مسلمہ عقائد کے خلاف حملے شروع کر دیئے۔ اس مذہب کا بانی پنڈت دیانند ہے۔ اس نے اپنے مذہب میں ترمیم کر کے اور فلاسفہ قدیم کے فرسودہ افکار' دوراز کار خیالات کو اپنے مذہب سے خارج کر کے میدان عمل میں قدم رکھا اور بے سبب مسلمانوں کے عقائد پر حملہ شروع کر دیا۔ نئے نئے سوالات پیدا کئے جن کے علمائے اسلام نے دندان شکن جوابات دیئے۔

آریہ منتھ کے چند اعتراضات مندرجہ ذیل ہیں

۱۔ مسلمان کہتے ہیں کہ خدا قادر مطلق ہے لیکن خدا اپنے آپ کو مار نہیں سکتا نہ چوری کر سکتا ہے۔ اس لئے وہ قادر مطلق نہیں ہے۔ (انتصار الاسلام ص۱۲)

۲۔ مسلمان کہتے ہیں کہ شیطان بہکا کر انسان سے جرم کراتا ہے۔ لیکن ہم پوچھتے ہیں کہ شیطان کو کس نے بہکایا۔ حاصل یہ ہے کہ یہ مسئلہ غلط ہے (شیطان کوئی چیز نہیں) انسان خود برے کام کرتا ہے۔ (انتصار الاسلام ص۲۴)

۳۔ مسلمان قائل ہیں کہ احکام خداوندی میں نسخ ہوتا ہے لیکن یہ امر بالکل خلاف عقل ہے کیونکہ اس کے یہ معنی ہوئے کہ خدا نے بے سوچے آج کچھ کہہ دیا کل کو جب کوئی خرابی دیکھی تو حکم بدل دیا۔ خدا کا حکم آدمیوں کے حکم کے برابر نہیں ہمیشہ اس کا ایک حکم رہتا ہے اور تغیر و تبدیل احکام کی اس کے یہاں نوبت نہیں آتی۔ (انتصار الاسلام ص۲۹)

۴۔ یہ مسئلہ اہل اسلام کا ہے کہ ارواح خدا کے یہاں پہلے سے موجود ہیں جب کسی کو حکم دیتا ہے تو وہ حکم کے موافق دنیا میں آجاتی ہیں۔ نہیں بلکہ خدا کو ہر وقت قدرت ہے۔ جب

Marfat.com
Marfat.com

چاہے پیدا کر کے بھیج دیتا ہے۔ اور ارواح کل ساڑھے چار ارب ہیں۔ اور جزا وسزا البطور تناسخ ہوتی ہے۔ [1]

۵۔ مسلمان کہتے ہیں کہ جو کوئی روزہ کسی کا افطار کرا دے گا تو جنت میں اس کے انعام میں ستر حوریں ملیں گی۔ تو چاہیئے کہ جو کوئی عورت روزہ کسی کا افطار کرا دے تو اس کو ستر مرد اس کے انعام میں ملیں۔ [2]

۶۔ مسلمان کہتے ہیں کہ توبہ سے گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔ یہ غلط ہے بلکہ ہر فعل کی جزا یا سزا البطور تناسخ ضرور ملتی ہے۔ سزا معاف نہیں ہو سکتی۔ کیونکہ عدل کے خلاف ہے۔ [3]

۷۔ مسلمان جو گوشت کھاتے ہیں وہ حلال کر کے کھاتے ہیں۔ سو اگر یہ جانور دعا کے پڑھنے سے حلال ہو جاتے ہیں تو سب جانور حلال ہو سکتے ہیں۔ اور اگر دعا کے پڑھنے سے حلال نہیں ہوتے تو خود مرا ہوا کیوں حلال نہیں ہوتا۔ [4]

مذکورہ سوال کا منشا یہ ہے کہ گوشت کی حلت کی وجہ کیا ہے۔ اگر گوشت میں حلت اس دعا سے آتی ہے جو تم جانور کو ذبح کرتے ہوئے پڑھتے ہو تو ہر ایک جانور دعا پڑھنے سے حلال ہو جانا چاہیئے۔ یہاں تک کہ سور اور کتا بھی۔ اور اگر حلت موت کی وجہ سے آتی ہے تو جو جانور خود مر جائے اس کا گوشت کیوں حلال نہیں۔ [5]

۸۔ مسلمان دنیا میں تو شراب حرام کہتے ہیں اور ان کی جنت میں شراب کی نہریں ہیں۔ تماشا ہے کہ جو چیز یہاں حرام ہے وہاں حلال ہو گئی۔ اگر وہ نہریں ہیں تو کتنا طول وعرض رکھتی ہیں۔ اور ان کا منبع کہاں ہے؟ اگر بہتی ہیں تو کدھر سے کدھر کو

---

[1] انتصار الاسلام ص۲ [2] انتصار الاسلام ص۴۷ [3] انتصار الاسلام ص۰۰
[4] " ص۸۱ [5] " ص۱۲

Marfat.com
Marfat.com

اور نہیں تو سڑتی کیوں نہیں ؟ [1]

۹۔ مسلمان مردے کو دفن کر کے زمین کو ناپاک کرتے ہیں۔ اس لئے جلانا بہتر ہے۔ [2]

۱۰۔ (برزخ پر اعتراض) مسلمان کہتے ہیں کہ آدمی مر کر قیامت تک حوالات میں رہتا ہے اور قیامت کو حساب ہو کر جزا و سزا کو پہنچتا ہے۔ یہ بالکل غلط ہے۔ کیوں کہ حوالات میں رکھنا خلاف عدل ہے۔ بلکہ جزا و سزا بطور تناسخ بعد انتقال فوراً ہی مل جاتی ہے۔ [3]

آریہ سماج کے سوالات کے جواب میں بہت سے علما نے کتابیں تصنیف کیں جن میں خاص طور پر اعلیٰ حضرت مولٰنا احمد رضا خاں نے "کیفر کفر آریہ" لکھ کر اس کا دندان شکن جواب دیا۔

اختلافِ مسالک

مذہب وہ اصول و احکامات ہیں جو اللہ کی طرف سے بندوں کو تفویض ہوئے مذہب کی ساری بنیادیں صالح اعتقادات پر قائم ہیں۔ مذہب میں اعتقاد اساس ہے۔ اور اعمال صالحہ و اجتناب معاصی ثانوی حیثیت رکھتے ہیں۔

مذہب اسلام کے تمام اصول و فروع کا مدار کتاب و سنت یا وہ مواد ہیں جو کتاب

---

[1] انتصار الاسلام صـ ۸۵
[2] انتصار الاسلام صـ ۹۴
[3] " صـ ۱۰۳

Marfat.com
Marfat.com

و سنت کی روشنی میں حاصل ہیں۔ لیکن اسلام کے اعتقادی مسائل کا اثبات صرف دلائل قطعیہ سے ہو سکتا ہے۔ اور اس کے تمام معتقدات عہد رسالت سے آج تک ہر قرن میں پورے احتیاط و تواتر کے ساتھ منقول ہوتے رہے۔ اور ہم تک پہونچے۔ اسی لئے مذہب اسلام میں ان مخترعات کو کبھی بھی قبول نہ کیا گیا جن کی اصل قرون سابقہ میں نہ معلوم ہو۔ چنانچہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مذہب میں اختراع و احداث کرنے والوں سے دور رہنے کی تاکید فرمائی اور اشارہ فرمادیا کہ جو طریقہ تمہارے آباء و اجداد سے چلا آرہا ہے اس پر اعتماد کیا جائے۔

سیکون فی اٰخر امتی اناس یحدثونکم بما لم تسمعوا انتم ولا اٰباءکم فایاکم وایاھم [1]

اس حدیث سے یہ اشارہ بھی ملتا ہے کہ مستقبل میں مذہب اسلام میں تغیر و تبدیل کرنے والے فرقے ظہور پذیر ہوں گے بلکہ صراحت کے ساتھ فرقوں کی تعداد کی طرف نشاندہی فرمائی۔

تفترق امتی علی ثلاث وسبعین ملۃ کلھم فی النار الا ملۃ واحدۃ۔ [2]

امت کی تفریق چونکہ مقدر ہو چکی تھی اور رسول صادق کی خبر پوری ہونی تھی اس لئے عہد صحابہ سے ہی فرقوں کا ظہور شروع ہو گیا۔ خوارج و روافض اور قدریہ نیز مرجیہ وغیرہ کے نام سے چند فرقے اسی دور میں ظہور پذیر ہوئے۔ اور مرور زمانہ کے ساتھ ساتھ فرقوں کی تعداد میں اضافہ ہوتا گیا۔ اور بعض فرقے چند ہی دنوں میں پیوند خاک بھی ہو گئے لیکن ان کے نظریات و افکار نے نیا جامہ پہنا اور نئے فرقے کے نام سے زندہ ہوتے رہے دور حاضر میں جو بھی فرقے نظر آتے ہیں ان کی عمر خواہ کتنی ہی کم ہو لیکن ان کے فکری مواد قرون سابقہ کے فرقوں میں موجود تھے۔

---

[1] مسلم شریف ص ۸۹ [2] ترمذی شریف ج ۲ ص ۹۰

Marfat.com
Marfat.com

اسلامی فرقوں کے ظاہر ہونے میں جن اسباب کو دخل تھا، ہم انہیں پانچ حصّوں میں تقسیم کر سکتے ہیں۔

۱۔ اسلام دشمن ریشہ دوانیاں

۲۔ تحصیل شہرت

۳۔ کسی سیاسی مقصد کی تحصیل

۴۔ مذاہب مختلفہ

۵۔ فکر و نظر کی کوتاہی

فرقوں کے حق و باطل ہونے کا فیصلہ اس اعتبار سے سخت مشکل ہے کہ ان فرقوں کے افکار و نظریات گذشتہ دور میں بھی ابھرتے رہے جس سے ان کی قدامت ظاہر ہوتی ہے۔ لیکن اس حیثیت سے فیصلہ کن مرحلہ پر پہنچنا بہت آسان ہے کہ عہد ماضی میں اسلاف نے ان فاسد نظریات کو قبول نہ کیا یا رد کیا؟ اس حیثیت سے بھی آسان ہے کہ فرقوں کی تحریک کن اسباب کے تحت پیدا ہوئی۔؟

مذہب کے معتقدات کے تحفظ میں جن اہل اسلام کی عمریں صرف ہوئیں جنھوں نے لومت لائم کی پروا کئے بغیر حق کا تحفظ کیا اور طرح طرح کی مصیبتیں جھیلیں مگر کسی قیمت پر مذہب حقہ میں تبدیلی پسند نہیں کی۔ مذہب کی تشریح میں ایسے لوگوں کے اقوال یقیناً قابل اعتماد ہیں۔ یہی سب وجوہ ہیں کہ اسلاف نے نئے فرقوں کی وجہ سے پیدا ہونے والے مسائل کا نہایت سنجیدگی سے دفاع کیا۔

اس دور کے علما نے نئے پیدا شدہ فرقوں کے ساتھ جو رویہ اختیار کیا اس کی بنیاد دراصل سلف صالحین کی تائید پر ہے۔ اس لئے اگر ان کو تنگ نظر قرار دیا گیا، یا اور کسی طرح ان پر زبان طعن دراز کی گئی تو یقیناً یہ بات اسلاف تک پہونچے گی۔

تاریخی جائزہ لینے کے بعد ہم اس نتیجہ پر پہنچتے ہیں کہ یہاں جب سے اسلام کی آمد ہوئی

Marfat.com
Marfat.com

اس وقت سے یہاں سنی مسلمان آباد ہیں۔ البتہ ایک طویل عرصہ گذرنے کے بعد بعض وجوہ کے پیش نظر فرقہ شیعہ کی ہندوستان میں آمد ہوئی۔ عہد جہانگیر میں اس فرقہ کو نورجہاں کی وجہ سے حکومت کی تائید حاصل ہوئی اور اس کے پھلنے پھولنے کے وسیع ذرائع فراہم ہوئے۔ آہستہ آہستہ شیعوں کے مختلف فرقے ہندوستان میں آباد ہوگئے۔

ہندوستان میں پیدا ہونے والے فرقوں میں سب سے پہلا فرقہ "دین الٰہی" کے نام سے نمودار ہوا۔ شہنشاہ اکبر کے ایماء پر فیضی اور ابوالفضل نے اغراض کی تکمیل کے لئے غیر اسلامی افکار و توہمات کو نہایت شد و مد کے ساتھ اسلام میں داخل کیا "دین الٰہی" سے اکبر کے جو بھی مقاصد رہے ہوں ہمیں اس سے بحث نہیں البتہ "دین الٰہی" کے ظاہر ہوتے ہی مختلف سیاسی الجھنیں اکبر کو درپیش ہوئیں۔ شیخ احمد سرہندی علیہ الرحمہ نے کھل کر اور ملا دوپیازہ نے پس پردہ اس فرقہ کے خلاف منظم تحریک چلائی۔ دین الٰہی بھی اکبر کے ساتھ دفن ہوگیا۔

ہندوستان میں انگریزوں کا ورود عہد شاہ جہانی میں ہوا۔ بظاہر وہ تجارت کے لئے اپنی زمین ہموار کرنا چاہتے تھے۔ لیکن حقیقتاً ان کا مقصد کچھ اور تھا۔ جو ایک طویل عرصہ کے بعد ظاہر ہوا۔ اورنگ زیب عالمگیر کے بعد جب حکومت مغلیہ مائل بہ زوال ہوئی طوائف الملوکی کے آثار نمایاں ہونے لگے تو انگریزوں کا جذبۂ قیام حکومت ابھر آیا۔ اس مقصد کے پیش نظر انھوں نے اختلافات کی آگ بھڑکانے میں پوری کوشش صرف کردی بالخصوص مسلمانوں میں مذہبی اختلافات کے لئے افراد و اشخاص کا انتخاب کیا، جن کے ذریعہ مختلف فرقوں کے نظریات کی نشاۃ ثانیہ کے اسباب فراہم کئے۔ انگریزوں کی تائید سے تھوڑے ہی عرصہ میں نئے نئے فرقے ہندوستان بھر میں ابھر آئے۔ تاریخ کا یہ نہایت المناک سانحہ ہے۔ کہ ہر پیدا ہونے والے فرقہ کا سیدھا نشانہ مذہب اہل سنت وجماعت تھا۔

Marfat.com
Marfat.com

تحریکِ وہابیت

مغلوں کے آخری دور میں سب سے پہلی تحریک جس فرقہ کی ابھری "وہ تحریک وہابیت" تھی۔ مولوی اسمٰعیل دہلوی نے یہ تحریک محمد ابن عبدالوہاب کی تعلیمات سے متاثر ہوکر شروع کی اس تحریک کی بنیادی تعلیم محمد ابن عبدالوہاب کے معتقدات پر مشتمل تھی۔

مولانا ابوالکلام آزاد لکھتے ہیں :۔

شاہ عبدالعزیز صاحب کے انتقال کے بعد مولوی اسمٰعیل صاحب نے "تقویۃ الایمان" اور "جلاء العینین" لکھی تو علما میں ہلچل مچ گئی اور ان کے رد میں شاہ صاحب کے شاگرد رشید اور مولوی اسمٰعیل کے رفیق درس مولٰنا منورالدین صاحب نے متعدد کتابیں لکھیں۔ پھر جامع مسجد دہلی میں شہرۂ آفاق مناظرہ ہوا۔ جس میں ایک طرف مولٰنا اسمٰعیل اور مولانا عبدالحئی تھے اور دوسری طرف مولٰنا منورالدین اور تمام علمائے دہلی"۔ (آزاد کی کہانی ص۵۶)

چونکہ سلطنت مغلیہ کے فرمانرواؤں کا اعتقاد مذہب اہل سنت وجماعت کے مطابق تھا اس لئے مولوی اسمٰعیل اور ان کے رفقاء مغلیہ حکومت کے سخت مخالف تھے۔ انوار ساطعہ ص۲۸۴ پر "غایت المرام" کے حوالہ سے میلاد وقیام کے استحسان پر ایک فتویٰ درج ہے۔ جس پر مشاہیر علما کے علاوہ بہادر شاہ ظفر کی مہر بھی ثبت ہے۔ جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ حکومت مغلیہ کا شہنشاہ مذہبی طور پر تحریک وہابیت کا مخالف تھا۔ شمس العلماء ذکاراللہ خاں اور سرسید احمد خاں کے بیان سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ وہابیت کے محرکین بھی حکومت مغلیہ سے مذہبی طور پر سخت برہم تھے۔

Marfat.com
Marfat.com

ذکاءاللہ خاں لکھتے ہیں:۔

"دہلی میں وہابی مولویوں کا گروہ بہادر شاہ ظفر کو بڑا بدعتی جانتا تھا اور ان مسجدوں میں نماز پڑھنے کو جائز نہیں سمجھتا تھا۔ جن میں بادشاہ کی طرف سے امام مقرر ہوتا تھا۔" [1]

سرسید احمد خاں لکھتے ہیں:۔ "دلی میں ایک بڑا گروہ مولویوں اور ان کے تابعین کا ایسا تھا کہ وہ مذہب کی رو سے معزول بادشاہِ دلّی کو بہت بُرا اور بدعتی سمجھتے تھے ان کا یہ عقیدہ تھا کہ دلّی کی جن مسجدوں میں بادشاہ کا قبض و دخل اور اہتمام ہے ان مسجدوں میں نماز درست نہیں۔ چنانچہ وہ لوگ جامع مسجد میں نماز نہیں پڑھتے تھے۔ اور غدر سے بہت قبل کے چھپے ہوئے فتوے اس معاملے میں موجود ہیں۔" [2]

مولوی اسمٰعیل دہلوی نے تحریک وہابیت کو کچھ اس انداز میں چلایا کہ آگے چل کر یہی تحریک اپنی بنیادی تعلیم پر برقرار رہتے ہوئے تین حصوں میں تقسیم ہو گئی

غیر مقلد ۔ دیوبندی ۔ نیچری

---

[1] تاریخ عروج عہد انگلشیہ ص ۶۷۶ [2] اسباب بغاوت ہند ص ۱

Marfat.com
Marfat.com

باب ثالث

مکاتب فقہ اسلامی اور اعلیٰ حضرت کا دور

Marfat.com
Marfat.com

اختلاف مذاہب کی بناء

مسلمانوں کو عہد رسالت مآب میں جب بھی کوئی سوال پیش آتا تو حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے رجوع کرتے۔ آپ کے وصال کے بعد اصحاب کی بارگاہ سے رجوع کرتے لیکن جب یہ دور بھی گذر گیا تو مسائل دریافت کرنے کے لئے تابعین کی خدمت میں حاضر ہوتے تابعین کے دور میں بے شمار نئے مسائل وجود میں آگئے[1] لیکن ان کے درمیان جو بھی اختلافات پیدا ہوئے وہ اجتہادی تھے۔ اس اختلاف میں دین اسلام کا قیام مقصد اصلی تھا جو کچھ لوگوں نے جبر و قدر کا مسئلہ چھیڑا وقتاً فوقتاً اصول عقائد میں اختلاف پیدا ہوتے رہے[2]۔ نئے مسائل کے پیدا ہونے کا ایک اہم سبب یہ بھی ہے کہ خلفاء عباسیہ کے دور میں حکماء یونان کی بہت سی کتابوں کا ترجمہ عربی میں کرایا گیا فلاسفہ کے اقوال کی اشاعت سے لوگوں کے خیالات متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکے جس کا لازمی نتیجہ یہ نکلا کہ بہت سے نئے مسائل پیدا ہو گئے۔ [3]

فرقوں کی تقسیم

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے "ستفترق امتی علی ثلث وسبعین ملۃ" ایک معجزہ ہے جو کچھ آپ نے ارشاد فرمایا بے کم و کاست سب ظہور پذیر ہوئے۔

---

[1] مذاہب الاسلام ص ۲۵ [2] [3] مذاہب الاسلام ص ۲۵

Marfat.com
Marfat.com

بنام اسلام پانچ فرقے جو بہت مشہور ہیں وہ مندرجہ ذیل ہیں۔

۱۔ اہل سنت و جماعت

۲۔ شیعہ

۳۔ خوارج

۴۔ معتزلہ

۵۔ مرجیہ

ان فرقوں کی تقسیم کے بعد ہر فرقہ میں کئی ضمنی فرقے پیدا ہو گئے۔

اہل سنت و جماعت

چوتھی صدی ہجری سے قبل دنیا میں کسی مذہب معین کی قید نہیں تھی لیکن جب چنگیزی فوج نے اسلامی سلطنت کو برباد کر دیا تو لوگوں کی رائے مذاہب اربعہ پر قرار پائی اس لئے کہ یہ مذہب مدون ہو چکے تھے لیکن ابھی تک تقلید کو واجب قرار نہیں دیا جاتا تھا بلکہ عوام کے لئے تقلید کو مستحسن خیال کیا جاتا تھا اور علماء کے حق میں تقلید کو مکروہ سمجھا جاتا تھا۔ مگر جیسے جیسے جہل بڑھتا گیا تقلید کی ضرورت ناگزیر ہوتی چلی گئی۔ نتیجتاً مذاہب اربعہ کی تقلید عام طور سے پوری دنیائے اسلام میں ہونے لگی۔ بعض محققین جو تقلید کے محتاج نہیں تھے انھوں نے بھی اس بنا پر تقلید اختیار کی کہ عامۂ خلق ان سے منحرف نہ ہو جائیں۔

جزوی فقہی اختلاف کی بنا پر اہل سنت میں چار مذاہب پیدا ہو گئے۔ ان کے اختلافات فتاویٰ میں زیادہ واضح ہیں عقائد میں تقریباً سب متفق ہیں۔

۱۔ حنفی ۲۔ شافعی ۳۔ مالکی ۴۔ حنبلی

عقائد میں تین گروہ نظر آتے ہیں:-

Marfat.com
Marfat.com

۱- اشعری ۲- ماتریدی ۳- حنبلی [1]

مجتہدین مذاہب اربعہ

یہ چار ائمہ امام ابوحنیفہ (۸۰/۱۵۰ھ) امام مالک (۹۳/۱۷۹ھ)
امام شافعی (۱۵۰/۲۰۴ھ) امام حنبل (۱۶۴/۲۴۱ھ) جمہور اہل اسلام کے وہ ائمہ ہیں جن کے تفقہ نے قبولیت دوام حاصل کی جمہور اہل اسلام آج بھی انہیں چاروں ائمہ میں سے کسی ایک کی تقلید کرتے ہیں۔ مذکورہ ائمہ اربعہ کی زندگی کا مختصر خاکہ درج ذیل ہے۔

۱- امام ابوحنیفہ نعمان بن ثابت سنہ ۸۰ھ میں پیدا ہوئے۔ نعمان نام ابوحنیفہ کنیت (لیکن یہ کنیت حقیقی نہیں ہے اس لئے کہ امام اعظم کی کسی اولاد کا نام حنیفہ نہیں تھا۔ یہ کنیت وصفی معنی کے اعتبار سے ہے۔ یعنی ابوالملۃ الحنفیہ ہے۔ اللہ تبارک تعالیٰ کا ارشاد گرامی ہے وابتعوا ملۃ ابراھیم حنیفا [2] امام نے اسی نسبت کی وجہ سے اپنی کنیت ابوحنیفہ اختیار کی) امام اعظم لقب۔ آپ کے دادا علوی دور خلافت میں دولت اسلام سے مشرف ہوئے۔ اسلامی نام نعمان رکھا گیا اپنے وطن سے ہجرت کر کے اسلامی حکومت کے دارالخلافہ کوفہ پہنچے۔ بارگاہ علوی میں حاضری دی وطن کا تحفہ "فالودہ" نذر گذاری [3] اور اپنے بچے ثابت کے لئے دعا چاہی۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے دعائے خیر دی۔ [4] ثابت جب پینتالیس [45] برس کی عمر کو پہنچے تو سنہ ۸۰ھ میں اللہ تعالیٰ نے بابرکت فرزند عطا فرمایا۔ دادا کے نام پر نعمان نام رکھا۔ آپ کی عمر جب ۱۲ یا ۱۳ سال کی ہوئی۔ آپ حضرت انس رضی اللہ عنہ خادم رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے (جس پر زندگی بھر نازاں تھے)

---

[1] مذاہب الاسلام ص ۳۱ [2] تاریخ علم فقہ ص ۳۶ [3] تاریخ خطیب ص ۳۲۶/۱۲۳

۱۷ سال کی عمر سے تحصیل علم کی طرف متوجہ ہوئے طباع ذہن نے عقائد کی اہمیت کے خیال سے علم کلام کی طرف توجہ دی اور اس فن میں اعزاز کمال حاصل کیا۔ چونکہ علمی دنیا میں فقہ کو سب سے زیادہ اہمیت حاصل تھی عوام اور حکومت سب کو اس کی ضرورت تھی چونکہ دین اور دنیا کی حاجتیں اس سے وابستہ ہیں اس لئے حضرت عمر بن عبدالعزیز کے عہد میں فقہ کی طرف آپ نے بھرپور توجہ دی۔ اور اس فن میں بھی یگانۂ روزگار ہو گئے۔

امام ابوحنیفہ ۹۸ھ میں امام حماد کی درس گاہ میں حاضر ہوئے۔ استاد نے جوہر قابل دیکھ کر توجہ سے پڑھانا شروع کیا۔ جب تک استاد زندہ رہے آپ تقریباً بیس ۲۰ سال تک علمی استفادہ کرتے رہے۔ امام حماد کے علاوہ امام ابوحنیفہ کے چند مشاہیر اساتذہ یہ ہیں۔

۱۔ عامر بن شرحبیل شعبی کوفی (وسنہ ۱۰۳ھ)
۲۔ علقمہ بن مرثد کوفی (وسنہ ۱۰۴ھ)
۳۔ طاؤس بن کیسان یمنی (وسنہ ۱۰۶ھ)
۴۔ سلیمان بن کیسان یمنی (وسنہ ۱۰۶ھ)
۵۔ سالم بن عبداللہ بن عمر مدنی (وسنہ ۱۰۶ھ)
۶۔ عکرمہ مولیٰ ابن عباس مکی (وسنہ ۱۰۷ھ)
۷۔ مکحول شامی (وسنہ ۱۱۳ھ)
۸۔ عطا ابن رباح مکی (وسنہ ۱۱۴ھ)
۹۔ امام محمد باقر بن زین العابدین (وسنہ ۱۱۴ھ)
۱۰۔ محارب بن دثار کوفی (وسنہ ۱۱۶ھ)
۱۱۔ عبدالرحمٰن بن ہرمز الاعراج مدنی (وسنہ ۱۱۷ھ)

Marfat.com
Marfat.com

۱۲۔ نافع مولیٰ ابن عمر مدنی (وفات ۱۲۰ھ)

۱۳۔ سلمہ بن کہیل کوفی (وفات ۱۲۳ھ)

۱۴۔ امام المحدثین شہاب الزہری مدنی (سنہ ۱۲۴ھ)

۱۵۔ ابوزبیر مکی (سنہ ۱۲۷ھ)

۱۶۔ قتادہ بصری (سنہ ۱۲۷ھ)

۱۷۔ ابواسحاق سبیعی کوفی (سنہ ۱۲۷ھ)

۱۸۔ عبداللہ بن دینار مدنی (سنہ ۱۲۷ھ)

۱۹۔ امام جعفر صادق مدنی (سنہ ۱۴۸ھ)

سنہ ۱۵۰ھ میں آپ نے وفات پائی۔ آپ نے بے شمار ایسے شاگرد چھوڑے جو آپ کی رحلت کے بعد آپ کی جانشینی کے فرائض انجام دیتے رہے۔

۲۔ امام مالک

امام مالک ابو عبداللہ بن انس بن مالک بن ابو عامر اصبحی سنہ ۹۳ھ میں مدینہ میں پیدا ہوئے آپ نے ابتدائے عمر میں تحصیل علم نہایت تنگدستی کی حالت میں کی کبھی ایسا بھی ہوا کہ آپ اپنے مکان کی چھت اکھیڑ کر اس کی لکڑیوں کو فروخت کر کے کتابیں خریدتے۔ آپ تیرہ سال کی عمر میں مستفاد پر متمکن ہوئے۔ آپ کے مشاہیر اساتذہ یہ ہیں۔

۱۔ عبدالرحمٰن بن ہرمز رحمۃ اللہ علیہ ۲۔ زہیر بن نافع رحمۃ اللہ علیہ

۳۔ ابن زکوان رحمۃ اللہ علیہ ۴۔ یحییٰ ابن سعید رحمۃ اللہ علیہ

۵۔ فقیہ حجاز ربیعۃ الرائے

امام مالک کی مجلس درس نہایت باوقار ہوئی۔ آپ کے تلامذہ میں عبداللہ بن مبارک ابو یوسف محمد بن حسن اور امام شافعی جیسی شخصیتیں شریک تھیں۔ امام مالک

Marfat.com
Marfat.com

کی اہم تالیف مؤطا ہے جسکو ان سے ہزاروں آدمیوں نے سنی جن میں مجتہدین، محدثین صوفیہ، فقہا، امرار اور خلفا بھی تھے۔

امام مالک تاحیات مدینتہ الرسول میں درس وافتاء کے کام میں مشغول رہے۔ سنہ ۱۷۹ھ میں آپ نے وفات پائی۔

۳۔ امام شافعی

ابو عبداللہ محمد بن ادریس بن عثمان بن شافع الشافعی المطلبی آپ کی نویں پشت میں عبد مناف ہیں۔ جو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی چوتھی پشت میں ہیں۔

امام شافعی کی والدہ ام الحسن بنت حمزہ بن القاسم بن یزید بن امام حسن ہیں حضرت امام شافعی صوبہ عسقلان میں بمقام غزہ سنہ ۱۵۰ھ میں پیدا ہوئے۔ دو برس کے تھے کہ باپ کا سایہ سر سے اٹھ گیا۔ ماں نے پرورش کی۔ دس برس کی عمر میں قرآن حکیم اور مؤطا کو حفظ کرلیا۔ پھر مکہ پہنچ کر وہاں کے فقیہ مسلم بن خالد زنجی سے فقہ حاصل کی اس وقت آپ کی عمر پندرہ سال کی تھی۔ استاد نے فتویٰ دینے کی اجازت دی مگر استاد سے سفارشی خط لے کر امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں حاضر ہوئے ان کو مؤطا سنائی اور ان سے فقہ سیکھی۔ مزید برآں اکیاسی شیوخ سے حدیثیں سنیں۔

امام محمد بن حسن تلمیذ امام اعظم ابو حنیفہ کے یہاں آمد و رفت شروع کی اور ان سے بسلسلہ فقہ حنفی استفادہ کرنے لگے اس طرح امام شافعی طریقہ علمائے حدیث، طریقہ اہل حجاز بواسطہ امام مالک اور طریقہ اہل عراق بواسطہ امام محمد رحمۃ اللہ علیہ تینوں کے جامع ہوئے پھر مکہ واپس ہوئے۔ اور وہاں آنے جانے والے علماء انصار سے تبادلہ خیال اور استفادہ علمی کا مزید موقع ملا۔

امام شافعی فقہ حنفی اور فقہ مالکی دونوں سے کماحقہ واقف تھے، علم حدیث

Marfat.com
Marfat.com

ہیں بھی انھوں نے کمال تبحر حاصل کیا اس لئے طریقۂ اہل عراق اور اہل حجاز کو اپنے نظریہ کے مطابق احادیث کے ذریعہ تطبیق و ترجیح کے ساتھ خود اپنی نئی فقہ ترتیب دی اور تخریج مسائل کئے۔

امام شافعی کے فقہ کی دو قسمیں ہیں:۔

۱۔ "مذہب قدیم" جسے انھوں نے عراق میں مرتب کیا تھا۔ اس میں عراقی رنگ غالب ہے۔

۲۔ "مذہب جدید" جسے انھوں نے مصر میں مرتب کیا تھا۔ اس میں حجازی رنگ کا غلبہ ہے۔

امام شافعی اپنے مذہب کی اساس اصول خود اپنے رسالہ اصولیہ میں لکھتے ہیں وہ ظاہری قرآن سے استدلال کرتے ہیں۔ یہاں تک کہ کسی دلیل سے ثابت ہو کہ ظاہر قرآن مراد نہیں ہے اس کے بعد حدیث کو لیتے ہیں خواہ وہ کسی مقام کے علماء سے حاصل کی ہو بشرطیکہ متصل ہو رواۃ ثقہ ہوں۔

امام مالک کی طرح اس کے بعد وہ کسی عمل کی جو حدیث کی مؤید ہو قید نہیں لگاتے ہیں۔ نہ امام ابو حنیفہ کی طرح حدیث کی شہرت وغیرہ کی قید لگاتے ہیں۔ حدیث کی اس تائید کی بنا پر علمائے حدیث میں امام شافعی کو قبولیت دوام حاصل ہوئی یہاں تک کہ اہل بغداد ان کو ناصر السنۃ کہتے تھے وہ حدیث کو اسی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ اور واجب الاتباع سمجھتے ہیں۔ جب قرآن، حدیث اور اجماع تینوں میں سے کسی سے مسئلہ حل نہ ہو تو وہ قیاس پر اس شرط کے ساتھ عمل کرتے ہیں کہ اس کے ساتھ کوئی معین ہو۔ عراقیوں کے استحسان اور حجازیوں کی اصطلاح کی انھوں نے شدید مخالفت کی البتہ وہ استدلال عمل سے کرتے ہیں جو اس کے قریب قریب ہو۔

۴۔ امام احمد بن حنبل :۔ ابو عبداللہ احمد بن حنبل بن ہلال الذہلی

Marfat.com
Marfat.com

المروزی سنہ ۱۶۲ھ میں بغداد میں پیدا ہوئے۔ دو برس کی عمر میں یتیم ہو گئے۔ ماں نے پرورش کی۔ ابتدائی عمر میں امام ابو یوسف کی مجلس میں حاضر ہونے لگے۔ سولہ برس کی عمر سے تحصیل حدیث شروع کی۔ ہشیم اور سفیان بن عیینہ سے حدیثیں سنیں۔

سنہ ۱۸۰ء میں پہلی بار مکہ گئے۔ وہاں کے مشائخ سے حدیث سنی۔ سنہ ۱۹۶ھ میں دوبارہ مکہ پہنچے تین برس رہے پھر یمن پہنچے۔ عبدالرزاق سے حدیث سنی۔ اسی طرح مختلف بلاد میں مشائخ کثیرہ سے سماع حدیث کرتے رہے۔

امام شافعی جب عراق آئے تو ان سے فقہ سیکھی۔ امام شافعی کے بغدادی تلامذہ میں امام احمد سب سے زیادہ بڑے ہیں۔

سنہ ۲۱۲ھ میں عقیدۂ خلق قرآن کا فتنہ شروع ہوا۔ مامون نے سنہ ۲۱۸ھ میں صوبوں میں حکم بھیجا کہ محدثین سے خلق قرآن کا اقرار کرایا جائے۔ بغداد کے محدثین نے اختلاف کیا تو مامون نے انکار کرنے والے سات اکابر محدثین کو طلب کیا ان ساتوں میں حضرت امام احمد بھی تھے ان میں سے چھ نے خوف جان سے خلق قرآن کا اقرار کر لیا۔ لیکن امام احمد نے صریح مخالفت کی۔ ان کو قید کر دیا گیا۔ قید خانے میں سخت اذیتیں دی گئیں۔ درے مارے گئے۔ لیکن اپنے موقف سے نہیں ہٹے بالآخر انہیں رہا کر دیا گیا۔

بارہ ربیع الاول سنہ ۲۴۱ھ کو ۷۷ سال کی عمر میں وفات پائی۔

فقہ حنبلی

امام احمد کی فقہ نہایت سادہ ہے فی الحقیقت اصحاب حدیث کا طریقہ ہے جس میں درایت اور عقل و وجدان سے بہت کام لیا گیا ہے امام احمد نے فقہ حنفی کی واقفیت امام ابو یوسف سے حاصل کی امام شافعی سے ان کا طریقہ سیکھا محدثین سے

Marfat.com
Marfat.com

حدیث کی تکمیل کی اپنا اصول یہ رکھا کہ قرآن اور حدیث صحیح السند پر عمل ہو۔ حنفیہ اور شافعیہ کی طرح درایت، تنقیح، مناط اور قیاس سے حتی الامکان انھوں نے احتراز کیا۔ مالکیہ کی طرح تعامل اہل مدینہ بھی ان کے نزدیک حجت نہیں

احادیث صحیحہ مرفوعہ و موقوفہ کو ہر موقع پر معمول بہ ٹھہراتے ہیں اس بنا پر احادیث مختلفہ کی صورت میں ان کی فقہ میں جواب بھی مختلف ہیں۔ قیاس سے وہ بدرجۂ مجبوری کام لیتے ہیں۔

اعلیٰ حضرت کے دور میں مختلف فرقے

فقہ مالکی کی تقلید کرنے والے ہندوستان میں کبھی نظر نہیں آئے۔ فقہ حنبلی کی تقلید کرنے والے بھی سواحلی علاقے میں اتنے مختصر ہیں کہ ان کی انفرادی حیثیت کوئی نمایاں نہیں ہے۔ حضرت شافعی کے پیرو بھی سواحلی علاقے میں پائے جاتے ہیں۔ خصوصاً جنوبی علاقے کے مشرقی سواحلی، سماترا، جاوا پر عربی فوج نے حملہ کیا تھا۔ [1] ان علاقوں میں مسلمان تاجروں کی آمد و رفت زیادہ رہی۔ اس لئے بمبئی، سورت، سماترا اور جاوا میں کچھ افراد فقہ شافعی کے پیرو نظر آتے ہیں۔ ان کے بہت سے فقہا گذرے ہیں۔ جن کی علمی یادگاریں بھی موجود ہیں۔

احناف :-

ہندوستان میں اکثریت فقہ حنفی کے مقلدین کی ہر دور میں رہی۔ اس کے مختلف اسباب ہیں۔ اسلامی حکومت فقہ حنفی کی رو سے مذہبی امور میں فتاویٰ اور قضا کے فرائض انجام دیتے تھے۔ اس کے علاوہ مختلف مدارس فقہ حنفی کی تعلیم کا

---

[1] تاریخ ہند ص۔

اہتمام کرتے تھے۔ علمائے احناف میں بھی دو گروہ ہو گئے۔ ایک گروہ کے سرخیل ملا بحر العلوم عبد العلی (۱۱۴۴/۱۲۳۵ھ) بن ملا نظام الدین (۱۱۶۱ھ) مصنف ارکان اربعہ اور مولانا عبد الحئی فرنگی محلی (۱۲۶۴/۱۳۰۹) بن عبد العلیم (۱۲۰۹/۱۲۸۵) مصنف التعالیق وغیرہ ہیں۔ دوسرا گروہ ان لوگوں کا ہے جو تقلید پر سختی سے قائم ہے مثلاً مولانا شیخ فضل رسول بدایونی اور ان کے متبعین تھے۔ [1]

اعلیٰ حضرت کے والد مولانا نقی علی خاں اور مولانا فضل رسول بدایونی رحمۃ اللہ علیہ اپنے عہد کے ہم خیال و ہم مسلک تھے۔ مولانا احمد رضا فاضل بریلوی (۱۲۷۲/۱۳۴۰) شدت سے مسلک اہل سنت اور مذہب حنفیت پر قائم تھے۔ آپ کے آباؤ اجداد بھی حنفیت پر سختی سے عمل پیرا تھے۔ اعلیٰ حضرت کے دور میں جو گروہ شدت کے ساتھ حنفیت پر عمل پیرا تھا وہ علماء بدایوں اور علماء بریلی کا گروہ تھا [2]

اعلیٰ حضرت کی پوری زندگی اور آپ کے تمام فتاوے میں یہ حقیقت واضح ہو جاتی ہے کہ آپ نے نہایت شدت سے قدیم حنفی طریقوں کی حمایت کی [3] اعلیٰ حضرت کے قبل ہندوستان کے اکثر مسلمان حنفی مسلک کے مقلد تھے۔ جیسا کہ خود مولانا ثناء اللہ امرت سری نے انکشاف حقیقت کیا کہ امرت سر میں اسی سال قبل تقریباً سب مسلمان اسی خیال کے تھے جن کو آج کل بریلوی حنفی کہا جاتا ہے [4] اعلیٰ حضرت کے عہد میں سیاسی بحران کے نتیجہ میں مذہبی بحران بھی رونما ہوا اور بڑی شدت سے علماء احناف کے اندر دو گروہ الگ الگ پیدا ہو گئے۔ ایک عرف عام میں بریلوی کے نام سے موسوم ہے اور دوسرا دیوبندی کے نام سے معروف ہے۔

عرف عام میں بریلوی :-

بریلوی، مولانا احمد رضا خاں قدس سرہٗ

---

[1] ترجمہ الثقافۃ الاسلامیہ فی الہند ص ۱۵۴
[2] حیات شبلی ص ۲۶
[3] شمع توحید ص ۴
[4] موج کوثر ص ۷۰

Marfat.com
Marfat.com

کے معتقدین کو کہا جاتا ہے۔ عہد صحابہ میں جب حضرت علی اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہما کا اختلاف شروع ہوا تو مسلمانوں کے دو نئے نام تاریخ کے صفحات پر ملتے ہیں شیعی (محب علی) عثمانی (محب معاویہ) پھر جب ائمہ مجتہدین کا زمانہ آیا تو حضرت امام اعظم ابوحنیفہ (۸۰/۱۵۰ھ) حضرت امام مالک (۹۳/۱۷۹) حضرت امام شافعی (۱۵۰/۲۰۴) حضرت امام حنبل (۱۶۲/۲۴۱) رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نے اپنے اپنے طور پر قرآن و احادیث سے مسائل شرعیہ مستنبط کئے جس کی روشنی میں مختلف فقہی طبقات پیدا ہو گئے مسلمانوں کے یہ طبقات چار نام سے موسوم ہوئے حنفی مالکی، شافعی، حنبلی۔ اس حضرت کے دور میں کچھ جدید مسائل ایسے پیدا ہو گئے جس کی بنیاد پر مسلمانوں میں شدید کش مکش اور اختلاف پیدا ہو گئے جس کے نتیجے میں بہت سے مناظرے اور بے شمار مجادلے ہوئے۔

اختلاف کے نتیجہ میں اس وقت کئی جماعتیں عالم وجود میں آئیں۔ بریلوی دیوبندی نیچری، اہل قرآن، وہابی۔

بریلوی جماعت کے مقتدا مولانا احمد رضا خاں ہیں۔ جن کے ماننے والوں کی تعداد ہندوستان میں بے شمار ہے

دیوبندیوں کے مقتدا مولوی اسماعیل دہلوی، مولوی قاسم نانوتوی۔ مولوی رشید احمد گنگوہی۔ مولوی اشرف علی تھانوی۔ مولوی محمود الحسن ہیں۔ ان کے ماننے والے بھی ہندوستان میں اچھی تعداد میں پائے جاتے ہیں۔

نیچری کے بانی سرسید احمد خاں صاحب ہیں۔ (۱۸۱۷/۱۸۹۸)۔ نیچری وہ مسلمان ہیں جو سرسید کے ہم خیال ہیں۔ جب سائنس کی ترقی بام عروج پر پہنچی تو سائنسداں حضرات نے مباحثوں میں بہت سے دانشور سے عقل و ضمیر کی تائید حاصل کر لی۔ اس وقت یورپ کے کچھ مسلمان سائنسدانوں سے متفق ہو گئے۔ سائنسی فرقہ اتنا

Marfat.com
Marfat.com

زبردست ہو چکا تھا کہ وہ مذہب کی دستگیری کا خواہاں نہیں تھا۔ بلکہ مذہب کو حقارت کی نظر سے دیکھتا تھا۔ اس لئے یورپ میں دو فرقے ہو گئے۔ ایک کا نام مذہبی۔ دوسرے کا نام نیچری [1] یہی حال ہندوستان کے مسلمان کا ہو گیا ہے۔ جو مذہبی باتوں کو تاویلات کے ذریعہ سائنس کا ہم آہنگ بناتے ہیں۔ وہ نیچری کہلاتے ہیں۔

وہابی جماعت کے محرک ہندوستان میں مولوی سید احمد رائے بریلوی ہیں ان کے معتقدوں میں مولوی محمد اسماعیل دہلوی اس جماعت کے عظیم قائد گذرے ہیں انھوں نے اس تحریک کی اشاعت میں نمایاں خدمات انجام دی ہیں۔ کچھ دنوں کے بعد غیر مقلدیت میں بھی دو فرقے ہو گئے۔ ایک اسماعیلیہ دوسرا اسحاقیہ۔ اسماعیلیہ سے مقصود وہ فرقہ ہے جو بدعات و رسوم کی مخالفت کے ساتھ تقلید شخصی کا بھی تارک ہو جیسا کہ مولوی اسماعیل دہلوی نے تقویۃ الایمان اور جلاء العینین وغیرہ میں لکھا ہے [2]۔ اسحاقیہ سے مقصود وہ فرقہ ہے جو حنفیت اور تقلید سے تو انکار نہیں کرتا لیکن بدعات و رسوم کا مخالف ہے [3]۔ لیکن ایک دور ایسا بھی آیا جب اسماعیلیہ غیر مقبول ہو گئے۔ تو مقلدیت حنفیت کی راہ اختیار کر کے اپنے عقائد کی اشاعت کرنے لگے [4]۔ اس جماعت کے متبعین بھی ہندوستان کے اکثر صوبوں میں موجود ہیں۔ آجکل یہ جماعت اہل حدیث یا غیر مقلد کے نام سے زیادہ معروف ہے۔

مذکورہ فرقوں کے درمیان اختلافی مسائل :۔

۱۔ امکان کذب باری تعالیٰ

۲۔ مسئلہ خاتم النبیین

۳۔ علم مصطفےٰ کمیت و کیفیت کے اعتبار سے

---

[1] مذاہب الاسلام ص ۶۹۱ — [2] آزاد کی کہانی ص ۱۶۴

[3] آزاد کی کہانی ص ۱۶۴ — [4] آزاد کی کہانی ص ۱۶۵

Marfat.com
Marfat.com

۴۔ مسئلہ علم غیب

۵۔ میلاد، قیام، عرس، نیاز، فاتحہ

۶۔ نزول وحی بذریعۂ فرشتہ ہوا یا جو مضامین حضور کے قلب پر واضح ہوئے اسے آپ نے الفاظ میں پیش فرمایا۔

۷۔ حج فریضۂ الٰہی ہے یا ذریعۂ تجارت اور تفریح ہے۔

۸۔ جن و فرشتہ کا کوئی وجود ہے یا کائنات کی فطری قوت کا نام فرشتہ ہے۔

۹۔ جنت و دوزخ کی حقیقت جو قرآن میں مذکور ہے۔ واقعی ہے یا تمثیلی۔

۱۰۔ احادیث کس حد تک واجب العمل ہیں۔

۱۱۔ فقہا کے قرآن و حدیث سے مستخرجہ مسائل واجب العمل ہیں۔ یا ان پر عمل گمراہی ہے۔

۱۲۔ حضور کا مقام بشریت

۱۳۔ حیات النبی

۱۴۔ اختیار مصطفےٰ

اہل تشیعہ:۔

آفتاب رسالت کے غروب ہوتے ہی رفض و خروج کے آثار نمایاں ہوئے حتیٰ کہ خلافت راشدہ کے اختتام کے بعد مسلمان تین گروہوں میں منقسم ہو گئے جمہور اہل اسلام خارجی اور شیعہ

ان سیاسی جماعتوں کے نظریے بھی مختلف تھے۔ جس نے مسائل فروع میں بھی گہرا اثر ڈالا۔ اس وقت خارجیوں کا وجود محض نام کا ہے [1]

---

[1] تاریخ علم فقہ ص ۱۲

Marfat.com
Marfat.com

لیکن شیعہ عہد حاضر میں بھی اپنے مسلک کے ساتھ زندہ ہیں۔ گروہ شیعی کے بائیس[۲۳] فرقے ہیں جن میں سے مندرجہ ذیل اٹھارہ غلاط کہلاتے ہیں۔ سبائیہ، کاملیہ، مغیریہ بنانیہ، خباحیہ، منصوریہ، خطابیہ، غرابیہ، ذبابیہ، ذمیہ، امویہ، غمایہ، رزامیہ، سلمغانیہ، اسحاقیہ، نصیریہ، علویہ، نقضیہ، راوندیہ، بسلمیہ، حلاجیہ، کیسانیہ، بقیہ چار فرقے یہ ہیں۔

جارودیہ، سلیمانیہ، تبریہ، (یہ تینوں زیدیہ ہیں۔) اور امامیہ جنھیں اثنا عشری بھی کہتے ہیں۔ انہوں نے جمہور اسلام سے الگ اپنی فقہ کی تدوین کی مگر ان میں سے اکثر معدوم ہو گئے۔ ان سے تین گروہ باقی ہیں۔ ایک زیدیہ دوسرا مذہب امامیہ (یا اثنا عشریہ یا حنفیہ) تیسرا مذہب اسماعیلیہ ہے۔ [۱]

زیدیہ۔ یہ مذہب امام زید بن علی بن حسین بن علی رضی اللہ عنہم کی طرف منسوب ہے۔ جنہوں نے کوفہ میں ہشام ابن عبدالملک کے زمانہ میں علم مخالفت بلند کیا اور شہید ہوئے۔ یہ مذہب فروع میں مذہب اہل سنت سے بہت قریب ہے اصولاً حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو خلافت کا زیادہ حقدار جانتے ہیں۔ مگر خلفائے ثلاثہ حضرت صدیق اکبر، حضرت فاروق اعظم اور حضرت عثمان غنی ذی النورین رضی اللہ عنہم کی خلافت کو بھی صحیح جانتے ہیں۔ اور ان کی تنقیص نہیں کرتے۔ [۲]

اس مذہب کے سب سے بڑے داعی حسن ابن علی بن الحسن بن زید بن عمر بن علی ابن الحسن بن علی ہوئے۔ مذہب زیدیہ سے متعلق انہوں نے بہت سی کتابیں لکھیں ایک کتاب مجموع فقہی یا مسند زیدیہ امام شہید کی طرف منسوب ہے۔ ائمہ زیدیہ میں حسن ابن زید ابن محمد بن اسماعیل بن الحسن زیدیہ (۲۷۰ھ) بڑے فقیہہ تھے انہوں نے کتاب البیان اور کتاب الجامع تالیف کی زیدیہ کے بھی متعدد فرقے ہیں۔

---

[۱] تاریخ علم فقہ ص ۱۲۱ [۲] تاریخ علم فقہ ص ۱۲۲

Marfat.com
Marfat.com

قاسمیہ :- یہ قاسم بن ابراہیم العلوی (۲۸۰ھ) کی طرف منسوب ہے اور ہادویہ جو ہادی بن یحییٰ (۲۹۸ھ) کی طرف منسوب ہے۔ ان کی تالیف کتاب الجامع ہے۔ یمن میں اب تک زیدیوں کی حکومت قائم ہے۔ اور اکثر یمنی زیدی شیعہ ہیں۔ [1]

امامیہ :- یہ فرقہ زیدیہ کے بھتیجے امام جعفر الصادق کی طرف منسوب ہے۔ امام جعفر الصادق اہلسنت کے مسلم امام ہیں۔ امام ابو حنیفہ اور امام مالک نے ان سے روایت کی ہے لیکن ابو النصر محمد بن مسعود عیاشی ابو علی محمد بن احمد بن الجنید اور زرارہ بن اعین نے جو فقہ امام جعفر کی طرف منسوب کی ہے۔ اور اسے شائع کیا۔ اس فقہ کے متبع امامیہ یا اثنا عشریہ کہلائے۔

اس مذہب کی بنیاد یہ ہے کہ ائمہ معصوم ہیں۔ حضرت علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وصی اور خلیفہ بلا فصل ہیں۔ خلفاء ثلاثہ کی خلافت صحیح نہیں اور نہ ان کی روایت حجت ہے، یہ اجماع اور قیاس کے قائل نہیں ہیں۔ تقیہ کے قائل ہیں۔ یہ مذہب ایران میں اب تک رائج ہے۔ ہندو پاک میں بھی اس مذہب کی پیرو ایک جماعت ہے۔ [2]

اسماعیلیہ :- چوتھی صدی ہجری میں مصر اور اس کے ملحق شہروں میں بھی مذہب اسماعیلیہ کا ظہور ہوا۔ یہ مذہب امام جعفر الصادق کے بیٹے امام اسماعیل کی طرف منسوب ہے۔ معز الدین اللہ فاطمی مصری حکمراں نے اس کو مصر میں رائج کیا لیکن چھٹی صدی میں جب مصر سے فاطمیوں کی حکومت ختم ہو گئی۔ تو یہ مذہب بھی وہاں سے ختم ہو گیا۔ [3]

مذہب اسماعیلی کے ماننے والے اب متفرق طور پر ادھر ادھر پائے جاتے ہیں۔ داودی بوہرہ اور آغا خانی خوجہ کے نام سے مشہور ہیں۔ مگر یہ حضرات اپنے مذہب کو بہت چھپاتے ہیں۔ اس کی تفصیل دوسروں کو نہیں بتاتے۔ [4]

---

[1] تاریخ علم فقہ ص ۱۲۲ [2] تاریخ علم فقہ ص ۱۲۳ [3-4] تاریخ علم فقہ ص ۱۲۴

Marfat.com
Marfat.com

باب اربع

ابتدائی زندگی، تعلیم اور اساتذہ

Marfat.com
Marfat.com

اُتر پردیش

Marfat.com
Marfat.com

شجرۂ نسب

Marfat.com
Marfat.com

خاندانی حالات

اعلیٰ حضرت کا خاندان بہت باعظمت اور باوقار تھا۔ آپ کا تعلق پٹھانوں کے مشہور قبیلہ یوسف زئی سے تھا۔ شجرۂ نسب کی ابتداء سعید اللہ خاں سے کی جاتی ہے جو عالی جناب شجاعت جنگ بہادر کے لقب سے مشہور تھے قندہار (کابل) سے سلطان شاہ محمد شاہ کے ہمراہ ہندوستان آئے[1] اور یہیں کے ہو رہے۔ بیحد ذکی و فہیم تھے۔ آپ کی سیاسی بصیرت اور انتظامی صلاحیت سے متاثر ہو کر شہنشاہ مغلیہ نے شش ہزاری کے منصب جلیلہ پر فائز کیا۔ حکومت کی طرف سے لاہور کا شیش محل آپ کی جاگیر میں دیا گیا۔ آپ لاہور سے دہلی تشریف لے آئے۔[2]

سعادت یار خاں:۔ اپنے وقت کی بہت باوقار شخصیت تھی۔ وہ حکومت وقت (سلطنت مغلیہ) کے وزیر مالیات تھے ان کی دیانتداری سے بادشاہ متاثر ہو کر ضلع بدایوں کے کئی مواضعات جاگیر میں عطا کئے (جو ابھی اس خاندان کے لوگوں کے حصے میں ہیں) آپ فن سپہ گری میں اعلیٰ مقام رکھتے تھے۔ اس لئے حکومت نے ایک جنگی مہم سر کرنے کے لئے روہیل کھنڈ بھیجا۔ فتحیابی کے بعد فرمان شاہی پہونچا کہ آپ کو اس علاقے کے صوبیدار کا منصب حکومت نے عطا کیا ہے لیکن آپ اس وقت بستر وصال پر تھے[3]

---

[1] المیزان امام احمد رضا نمبر ص ۵۷ [2] سوانح اعلیٰ حضرت ص ۶۶

[3] سوانح اعلیٰ حضرت ص ۶۶

Marfat.com
Marfat.com

محمد اعظم خاں :۔

محمد اعظم خاں سلطنت مغلیہ کی وزارت اعلیٰ کے عہدے پر فائز تھے۔ آپ دہلی سے بریلی تشریف لے آئے۔ کچھ دنوں تک وزارت کے عہدہ پر فائز رہے پھر بعد میں سلطنت کی ذمہ داریوں سے سبکدوش ہو گئے۔ اور آپ نے ترک دنیا فرمائی عبادت و ریاضت میں ہمہ وقت مشغول رہنے لگے۔ آپ رشد و ہدایت بھی فرماتے آپ کی ذات والاصفات سے قندہار کے دس خانوادے میں علم و فضل اوراد و وظائف کا بول بالا شروع ہوا۔ آپ بریلی محلہ معماران میں اقامت گزیں رہے۔ وہیں آپ کا مزار پاک بھی ہے۔ آپ صاحب کرامت بزرگوں میں سے تھے [1]

کاظم علی خاں :۔

کاظم علی خاں شہر بدایوں کے تحصیل دار تھے۔ دو سو سواروں کی بٹالین آپ کی خدمت میں رہا کرتی تھی۔ آپ کو سلطنت مغلیہ نے آٹھ گاؤں جاگیر میں پیش کیا تھا۔ [2]

مولانا رضا علی خاں :۔

قطب الوقت مولانا شاہ رضا علی خاں صاحب علیہ الرحمہ (و ۱۲۸۲ھ/۱۸۶۶ء) ایک بلند پایہ عالم اور صاحب دل بزرگ تھے [3] اعلیٰ حضرت کے خاندان میں آپ ہی کے وقت سے دنیاوی حکمرانی کا رنگ ختم ہو کر فقر و درویشی کا رنگ غالب آگیا آپ سے پہلے کے بزرگوں نے شروع میں حکومت کا عہدہ سنبھالا پھر بعد میں عبادت و ریاضت میں مشغول رہے۔ لیکن آپ کی ذات گرامی ایسی تھی کہ کبھی بھی حکومت کا عہدہ قبول نہیں کیا۔ بلکہ شروع سے ہی عبادت و ریاضت میں زندگی گذاری۔

---

[1] سوانح اعلیٰ حضرت ص ۶۷ [2] سوانح اعلیٰ حضرت ص ۶۷

[3] سوانح اعلیٰ حضرت ص ۶۷ تذکرۂ علماء ہند ص ۸۵

Marfat.com
Marfat.com

مولانا نقی علی خاں صاحب :-

حضرت مولانا نقی علی خاں صاحب (و ۱۲۹۷ھ/۱۸۸۰ء) ایک بلند پایہ عالم اور اپنے وقت کے بہت بڑے فقیہہ تھے۔ آپ نے علوم ظاہری اور باطنی اپنے والد ماجد سے حاصل کی آپ اپنے وقت کے جلیل القدر عالم، بے مثل مناظر، بے نظیر مصنف اور بڑے فقیہہ تھے۔ جیسا کہ مولانا عبدالحئی رائے بریلوی نے لکھا ہے :-

الشیخ الفقیہ نقی علی بن رضا علی بن کاظم علی بن اعظم شاہ بن سعادت یار الافغانی البریلوی احد الفقہاء الحنفیۃ اسند الحدیث عن شیخہ احمد بن زین دحلان الشافعی [1]

تصانیف :-

۱۔ تنبیہ الجہال بالہام الباسط المتعال ۲۔ وسیلۃ النجاۃ ۳۔ سرور القلوب فی ذکر المحبوب ۴۔ جواہر البیان فی اسرار الارکان ۵۔ اصول الرشاد لقمع مبانی الفساد ۶۔ ہدایۃ البریہ الی الشریعۃ الاحمدیہ ۷۔ اذاقۃ الاسام لمانعی عمل المولد والقیام ۸۔ فضل العلم والعلماء ۹۔ ازالۃ الاوہام ۱۰۔ تزکیۃ الایقان ردتقویۃ الایمان ۱۱۔ الکواکب النہاء فی فضائل العلم وآداب العلماء ۱۲۔ الروایۃ المرویۃ فی الاخلاق النبویہ ۱۳۔ النقاوۃ النقویہ فی الخصائل النبویہ ۱۴۔ لمعۃ النبراس فی آداب الاکل واللباس ۱۵۔ التمکین فی تحقیق مسائل التزئین ۱۶۔ ہدایۃ المشتاق الی سید الانفس والآفاق ۱۷۔ ارشاد الاحباب الی آداب الاحتساب ۱۸۔ اجمل الفکر فی مباحث الذکر ۱۹۔ عین المشاہدہ لحسن المجاہدہ ۲۰۔ التشوق الاذاہ الی

---

[1] نزہۃ الخواطر ج ۷ ص ۵۰۹

Marfat.com
Marfat.com

طرق حجۃ اللہ ۲۱- نہایۃ السعادۃ فی تحقیق النمۃ والارادہ ۲۲- اقوی الذریعہ الی تحقیق الطریقۃ والشریعۃ ۲۳- ترویح الارواح فی تفسیر سورۃ الانشراح ۔ [1]

امام احمد رضا نے اپنے والد اور اپنے جد امجد کا تذکرہ اپنے نعتیہ دیوان میں اس طرح فرمایا ہے :- "احمد ہندی رضا ابن نقی ابن رضا" [2] حضرت مولانا نقی علی خاں صاحب کی چھ اولاد ہوئی ۔ تین صاحبزادے احمد رضا خاں، حسن رضا خاں، محمد رضا خاں اور تین صاحب زادیاں تھیں ۔ [3] بیٹوں میں سب سے بڑے امام احمد رضا تھے، ان سے چھوٹے حسن رضا تھے اور سب سے چھوٹے محمد رضا تھے جو اپنے وقت کے بلند پایہ عالم اور بہترین شاعر گذرے ہیں ۔ آپ کی تصانیف میں نعتیہ دیوان "ذوق نعت" بہت مشہور ہے ۔ آپ داغ دہلوی کے شاگرد تھے ۔

ولادت :-

امام احمد رضا کی ولادت ۱۰ شوال المکرم ۱۲۷۲ھ مطابق ۱۴ جون ۱۸۵۶ء موافق ۱۱ جیٹھ سدی ۱۹۱۳ سمبت روز شنبہ ظہر کے وقت شہر بریلی شریف محلہ جسولی میں ہوئی [4] خود امام احمد رضا نے مندرجہ ذیل آیت کریمہ سے اپنا سن ولادت استخراج فرمایا

اولئک کتب فی قلوبھم الایمان وایدھم بروح منہ

۱۲ ۷۷ ھ

حسن اتفاق کہ اعلیٰ حضرت کی پیدائش کے وقت آفتاب منزل غفر میں تھا جو اہل نجوم کے نزدیک بہت ہی مبارک ساعت ہے ۔ [5] اعلیٰ حضرت خود فرماتے ہیں ۔

---

[1] جواہر البیان ص ۲۰۳ [2] حدائق بخشش دوم ص ۵۸ [3] حیات اعلیٰحضرت ص ۱۰ ۔
[4] حیات اعلیٰحضرت ص ۱ [5] حیات اعلیٰ حضرت ص ۱

Marfat.com
Marfat.com

دنیا ہزار حشر جہاں ہیں غفور میں
ہر منزل اپنے ماہ کی منزل غفر کی ہے [1]

نام :-

آپ کا پیدائشی نام محمد ہے اور تاریخی نام المختار ہے۔ ۱۲۷۲ھ جد امجد مولانا رضا علی خاں علیہ الرحمہ (م ۱۲۸۲ھ/۱۸۶۶ء) نے آپ کا نام احمد رضا تجویز فرمایا [2] جس نام سے آپ مشہور ہیں بعد میں آپ نے اپنے اسم شریف کے ساتھ عبد المصطفےٰ کا اضافہ فرمایا۔ چنانچہ اپنے نعتیہ دیوان میں ایک جگہ فرماتے ہیں۔

خوف نہ رکھ رضا ذرا تو تو ہے عبد مصطفےٰ
تیرے لئے امان ہے تیرے لئے امان ہے

آپ اپنے دستخط میں احمد رضا کے ساتھ ہمیشہ عبد المصطفےٰ لکھتے تھے لیکن اس کے بعد عبد المصطفےٰ پر بے شمار اعتراضات ہوئے۔ کسی نے ایک سوال لکھ کر اعلیٰحضرت کی بارگاہ میں بھیجا کہ :-

زید کہتا ہے کہ مولانا احمد رضا خاں ہر کتاب اور ہر خط میں لکھتے ہیں "راقم عبد المصطفےٰ" خدا جل جلالہٗ کے سوا دوسرے کا عبد کوئی کیسے بن سکتا ہے۔ اس کا جواب اعلیٰحضرت نے مفصل طور پر تحریر فرمایا۔

الجواب

اللہ عزوجل فرماتا ہے "وانکحوا الایامیٰ منکم والصالحین من عبادکم و اماءکم" ہمارے غلاموں کو ہمارا بندہ فرمایا کہ تم میں جو عورتیں بے شوہر ہوں انہیں بیاہ کر دو اور تمہارے بندوں اور تمہاری باندیوں میں جو لائق ہوں ان کا نکاح کر دو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں :- لیس علی المسلم فی عبدہ ولا فی فرسہ صدقۃ

---

[1] حدائق بخشش [2] سوانح اعلیٰحضرت ص۷۷ [3] حدائق بخشش ص۸

Marfat.com
Marfat.com

مسلمان پر اس کے بندے اور گھوڑے میں زکوٰۃ نہیں یہ حدیث صحیح بخاری و مسلم اور باقی سب صحاح میں موجود ہے۔ امیر المومنین عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مجمع صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو جمع فرما کر علانیہ فرمایا کہ کنت مع رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وکنت عبدہ وخادمہ "میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھا۔ میں حضور کا بندہ اور خدمت گار تھا۔" یہ حدیث جناب شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی نے ازالۃ الخفا بحوالہ ابو حنیفہ وکتاب الریاض النضرۃ لکھی اور اس سے سند لی اور مقبول رکھی [1]۔ مثنوی شریف میں قصۂ خریداری بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں ہے سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور پر نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کی۔ ؎

گفت ما دو بندگانِ کوئے تو
کردمش آزاد ہم بر روئے تو

اللہ عزوجل فرماتا ہے: قل یٰعبادی الذین اسرفوا علیٰ انفسہم لا تقنطوا من رحمۃ اللہ ان اللہ یغفر الذنوب جمیعا انہ ھو الغفور الرحیم۔

حضرت مولوی معنوی قدس سرہٗ مثنوی شریف میں فرماتے ہیں ؎

بندۂ خود خواند احمد در رشاد
جملہ عالم را بخواں قل یٰعباد

مولوی اشرف تھانوی صاحب نے حاشیہ شمائم امدادیہ میں قرآن کریم کا یہی مطلب ہونے کی تائید کی ہے کہ تمام جہاں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا بندہ ہے۔ [2] ؎

عبد اللہ بمعنی خلق خدا و ملک خدا تو ہر مومن و کافر ہے۔ مگر مومن وہی ہے جو عبد المصطفیٰ ہے۔ امام الاولیاء مرجع العلماء حضرت سیدنا سہیل بن عبد اللہ تستری

---

[1] فتاوے افریقہ ص ۱۰ [2] فتاوی افریقہ ص ۱۸

Marfat.com
Marfat.com

رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں من لم یر نفسہ فی ملک النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لا یذوق حلاوۃ الایمان ۔

آخر نہ دیکھا جب اللہ عزوجل نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا نور سیدنا آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی پیشانی میں ودیعت کیا۔ اور اس نور کی تعظیم کے لئے تمام ملئکہ کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کو سجدہ کا حکم دیا۔ سب نے سجدہ کیا۔ ابلیس لعین نے نہ کیا۔ کیا اسوقت عبداللہ ہونے سے نکل گیا۔ اللہ کا مخلوق اللہ کا مملوک نہ رہا۔ حاشا یہ تو ناممکن ہے بلکہ نور مصطفےٰ کی تعظیم کو نہ جھکا عبد المصطفےٰ نہ بنا۔ لہٰذا مردود ابدی و ملعون سرمدی ہوا۔ آدمی کو اختیار ہے چاہے عبد المصطفےٰ بنے اور ملئکہ مقربین کا ساتھی ہو یا اس سے انکار کرے اور ابلیس لعین کا ساتھ دے والعیاذ باللہ رب العلمین واللہ سبحانہٗ تعالیٰ اعلم۔ [1]

عہد طفلی :۔

اعلیٰ حضرت کا بچپن بہت ناز و نعم میں گذرا فطری طور پر ذہین تھے اور حافظہ بلا کا قوی تھا جد امجد حضرت مولانا شاہ رضا علی خاں صاحب (۱۲۸۲ھ / ۱۸۶۶ء) نے عقیقہ کے دن خواب دیکھا جس کی تعبیر یہ تھی کہ فرش گیتی پر قدم رکھتے ہی بچہ اپنے وقت کا فاضل و عارف ہوگا۔ [2]

حقیقت یہ ہے کہ اعلیٰ حضرت کا عہد طفلی بھی طہارت نفس، اتباع سنت پاکیزہ اخلاق اور حسن سیرت کے اوصاف سے مزین تھا۔ تقریباً ساڑھے تین سال کی عمر تھی ایک نیچا کرتا پہنے ہوئے اپنے گھر سے باہر نکلے تھے کہ ایک گاڑی پر کچھ طوائفیں بیٹھی ہوئی کسی رئیس کی تقریب میں گانے بجانے جا رہی تھیں ان کا سامنا ہوتے ہی فوراً اپنے کرتے کا دامن اٹھا کر آنکھوں پر رکھ لیا طوائفیں ہنسنے لگیں۔ ان میں سے ایک بولی

[1] فتاویٰ افریقہ ص۱۵ [2] تذکرۂ علماء ہند ص۱۵

Marfat.com
Marfat.com

واہ صاحبزادے آنکھوں کو چھپالیا اور ستر کو کھول دیا۔ آپ نے برجستہ ایسا نفیس جواب عہد طفلی میں دیا ہے کہ بڑے بڑے ماہرین نفسیات کے لئے سر دھننے کا موقع ہے۔ فرماتے ہیں کہ "جب نظر بہکتی ہے تب دل بہکتا ہے اور جب دل بہکتا ہے تو ستر بہکتا ہے"[1] یہ جواب سن کر وہ سکتہ میں رہ گئیں کہ یہ کوئی ساڑھے تین سال کا بچہ ہے یا ساٹھ سال کا ماہر نفسیات بول رہا ہے۔

پوری دنیا کے لئے معیار حق بننے والا بچہ اپنے عہد طفلی میں بھی تبلیغ دین میں مصروف نظر آتا ہے۔ آپ کو بچپنے میں جو مولوی صاحب پڑھاتے تھے ایک دن بچوں نے ان کو سلام کیا۔ مولوی صاحب نے جواب دیا جیتے رہو! اس پر آپ نے مولوی صاحب سے فرمایا یہ تو سلام کا جواب نہ ہوا وعلیکم السلام کہنا چاہیئے تھا۔ استاد بہت خوش ہوئے۔ اور آپ کو دعائیں دیں۔ [2]

بالائے سرش زہوشمندی
می تافت ستارۂ بلندی [3]

بچپن سے ہی اعلیٰ حضرت اپنے بزرگوں کی بارگاہ عقیدت میں بہت باادب رہتے تھے۔ دوسرے بچے ایسی مثال نہیں لا پائیں گے۔ آپ نے چھ برس کی عمر میں یہ معلوم کر لیا تھا کہ بغداد شریف کدھر ہے۔ پھر اس وقت سے دم آخیر تک بغداد شریف کی جانب پاؤں نہیں پھیلایا۔ [4]

عالم طفولیت ہی سے آپ کی پیشانی پر سعادت وارجمندی کے آثار ہویدا تھے جو ایک روز علم وفضل کا تاجدار اور شہرۂ آفاق شخصیت کا حامل ہوگا۔ یہ مشہور ہے کہ ایک عارف باللہ سے آپ کی ملاقات ہوئی۔ انہوں نے آپ کو سر سے پاؤں تک دیکھا

---

[1] ترجمان السنت شمارہ پنجم تا دہم صـ۹ [2] حیات اعلیٰ حضرت صـ۱۴ [3] گلستان صـ۲۶
[4] ترجمان السنت شمارہ پنجم تا دہم صـ۹

Marfat.com
Marfat.com

اور دیکھتے ہی رہے۔ بڑی دیر تک دیکھنے کے بعد فرمایا "رضا علی خاں کے کون ہو؟" آپ نے فرمایا میں ان کا پوتا ہوں۔ یہ سن کر انہوں نے ارشاد فرمایا "جب ہی تو" اور یہ کہہ کر چلے گئے۔ [1]

اعلیٰ حضرت کے کاشانۂ اقدس میں مولوی صاحب بچوں کو پڑھاتے تھے اعلیٰحضرت بھی ان سے کلام اللہ شریف پڑھا کرتے تھے۔ ایک روز کا ذکر ہے کہ مولوی صاحب کسی آیت کریمہ میں بار بار ایک لفظ بتاتے مگر آپ کی زبان سے نہیں نکلتا وہ زبر بتاتے تھے اور آپ زیر پڑھتے تھے۔ یہ کیفیت دیکھ کر حضور کے جدامجد مولانا رضا علی خاں صاحب قطب وقت نے اپنے پاس بلایا اور کلام پاک منگوا کر دیکھا تو اس میں کاتب سے اعراب کی غلطی ہوگئی تھی۔ زیر کی جگہ زبر لکھدیا تھا۔ اور بے تصحیح طبع ہوگیا تھا۔ یعنی اعلیٰ حضرت کی زبان سے جو ادا ہو رہا تھا وہی صحیح تھا۔ حضرت کے جدامجد نے آپ سے پوچھا کہ جس طرح مولوی صاحب تم کو پڑھا رہے تھے اسی طرح کیوں نہیں پڑھتے تھے۔ عرض کیا کہ میں ارادہ کرتا تھا کہ اسی طرح پڑھوں مگر زبان پر قابو نہیں پاتا تھا۔ حضرت جدامجد نے فرمایا خوب! اور تبسم فرمایا، سر پر ہاتھ پھیرا اور مولوی صاحب سے فرمایا کہ کاتب کی غلطی سے قرآن میں اعراب غلط چھپ گیا ہے، اس لئے حضرت نے اپنے قلم سے اس کی تصحیح فرمادی۔ [2]

اعلیٰ حضرت کے روزہ کشائی کی تقریب اور خوف خدا:۔

اعلیٰ حضرت نے پہلی بار روزہ رکھا تھا روزہ کشائی کی تقریب بہت شان و شوکت سے منائی جارہی تھی۔ کاشانۂ اقدس میں جہاں افطار کے دوسرے بہت سے سامان تھے ایک محفوظ کمرے میں فیرنی کے پیالے چنے ہوئے تھے۔ آفتاب نصف النہار پر تھا۔ ٹھیک تمازت کا وقت ہے کہ حضور کے والد ماجد آپ کو اسی کمرہ میں لے جاتے

---

[1] امام احمد رضا علم و دانش ص۱۸ [2] حیات اعلیٰ حضرت ص۲۴

Marfat.com
Marfat.com

ہیں اور کواڑوں کو بند کر کے آپ کے والد آپ کو ایک پیالہ اٹھا کر دیتے ہیں کہ اسے کھالو۔ عرض کرتے ہیں کہ میرا تو روزہ ہے کیسے کھاؤں۔ ارشاد ہوتا ہے کہ بچوں کا روزہ ایسا ہی ہوتا ہے لو کھالو۔ میں نے کواڑ بند کر دی ہے۔ کوئی دیکھنے والا نہیں ہے۔ آپ عرض کرتے ہیں جس کے حکم سے روزہ رکھا ہے وہ تو دیکھ رہا ہے۔ یہ سن کر حضور کے والد ماجد کے چشمان مبارک سے آنسو کے تار بندھ گئے اور کمرے سے باہر نکل آئے۔[1] یہ آنسو ندامت کے نہیں بلکہ اپنے ہونہار فرزند کے بچپنے میں تقویٰ کی دولت اور احکام خداوندی کے احترام کو دیکھ کر خوشیوں کے آنسو تھے۔ وجدانی کیفیت طاری ہو گئی تھی۔ دل عالم کیف و سرور میں مدہوش ہو رہا تھا کہ بچپنے کا جب یہ عالم ہے تو عہد شباب کا کیا عالم ہوگا۔

عادات و خصائل۔

انسان کی زندگی کا اصل جوہر اس کے اچھے خصائل و عادات ہیں۔ ایک باکمال شخصیت کے اندر ان اوصاف کا پایا جانا ضروری ہے۔

اعلیٰ حضرت کی پیدائش آسودہ خاندان۔ بزرگوں کے ماحول، نورانی و عرفانی فضا میں ہوئی۔ اس لئے حضرت کی زندگی کا ہر پہلو تابناک ہے۔

شکل و شمائل :۔

آپ دوسرے صفات حمیدہ کی طرح ظاہری حسن و جمال میں بھی یکتائے روزگار تھے "قد اوسط، پیشانی چوڑی، آنکھیں بڑی، ناک لمبی کھڑی، چہرہ لمبا، رنگ گندمی ملیح، شگفتہ جلال و جمال کی کھلی ہوئی تفسیر، ہاتھوں کی انگلیاں لمبی، بھوئیں گھنی، گردن اونچی، بال لمبے جو کان کی لو تک رہتے تھے۔

لباس ـــــ کرتا، شرعی پاجامہ، انگرکھا، عبا، عمامہ آپ کا مخصوص لباس تھا

---

[1] حیات اعلیٰ حضرت ص ۲۴

Marfat.com
Marfat.com

روزانہ پنجوقتہ فرض نماز عبا اور عمامہ کے ساتھ ہی ادا کرتے تھے۔ آپ ہفتہ میں دو بار جمعہ اور سہ شنبہ کو لباس تبدیل فرماتے تھے۔ ہاں اگر پنجشنبہ یا شنبہ کو یوم عیدین یا یوم النبی پڑے تو دونوں دن لباس تبدیل فرماتے۔ ان دونوں تقریبوں کے علاوہ سوائے یوم معین کے کسی اور وجہ سے لباس تبدیل نہیں کرتے تھے۔ [1]

غذا :-

اعلیٰ حضرت نحیف الجثہ اور نہایت قلیل الغذا تھے ان کی عام غذا چکی کے پسے ہوئے آٹے کی روٹی اور بکری کا قورمہ تھا آخر عمر میں ان کی غذا اور بھی کم رہ گئی تھی۔ ایک پیالی شوربا بکری کا بغیر مرچ کا اور ایک یا ڈیڑھ بسکٹ سوجی کا تناول فرماتے تھے۔ کھانے پینے کے معاملے میں نہایت سادہ تھے۔ ایک بار اہل خانہ نے ان کی علمی مصروفیت دیکھ کر جہاں وہ کاغذات اور کتابیں پھیلائے ہوئے بیٹھے تھے۔ دسترخوان بچھا کر قورمہ کا پیالہ رکھ دیا۔ اور چپاتیاں دسترخوان کے ایک گوشے میں لپیٹ دیں کہ ٹھنڈی نہ ہو جائیں۔ کچھ دیر بعد دیکھنے تشریف لائیں کہ حضرت کھانا تناول فرما چکے یا نہیں تو یہ دیکھ کر حیرت زدہ رہ گئیں کہ سالن آپ نے نوش فرما لیا ہے لیکن چپاتیاں دسترخوان میں اسی طرح لپٹی رکھی ہوئی ہیں۔ پوچھنے پر آپ نے فرمایا کہ چپاتیاں تو میں نے دیکھی نہیں۔ سمجھا ابھی نہیں پکی ہیں۔ میں نے اطمینان سے بوٹیاں کھا لیں اور شوربا پی لیا [2]۔ رمضان المبارک کے زمانے میں افطار کے بعد پان نوش فرماتے تھے۔ سحری میں صرف ایک پیالی میں فیرنی اور ایک پیالی میں چٹنی آیا کرتی تھی وہی نوش فرمایا کرتے تھے۔ کسی نے دریافت کیا کہ :-

حضرت! فیرنی اور چٹنی کا کیا جوڑ؟ فرمایا! نمک سے کھانا شروع کرنا اور نمک ہی پر ختم کرنا سنت ہے۔ [3]

---

[1] المیزان امام احمد رضا نمبر ص ۳۳۴ [2] المیزان امام احمد رضا نمبر ص ۳۳۵

[3] حیات اعلیٰ حضرت ج ۱ ص ۴۱

Marfat.com
Marfat.com

داد و دہش:۔

اعلیٰ حضرت کا ایثار کمال درجہ پر تھا آپ کی داد و دہش کا یہ عالم تھا کہ حاجت مندوں کی حاجات اپنی ضروریات پر مقدم جانتے تھے آپ کے ایک عقیدت مند جناب ذکاء اللہ صاحب موسم سردی میں حاضر خدمت تھے۔ ان کے پاس سردی سے بچاؤ کا کوئی انتظام نہ تھا۔ اعلیٰ حضرت کو اس کا علم ہوا تو آپ نے اپنی قیمتی رضائی انھیں عطا فرمائی مگر آپ خود رضائی کے بغیر گذارہ فرماتے رہے۔ دو تین دن کے بعد رضائی بن کر آئی پھر ایک مسافر آیا جس کے پاس سردی سے بچاؤ کے لئے کچھ نہ تھا۔ آپ کو علم ہوا تو آپ نے وہ نئی رضائی بھی اس مسافر کو اوڑھا دی۔ [1]

ایک عقیدت کیش نے اعلیٰ حضرت کی بارگاہ میں ایک بیش قیمت چھتری پیش کی۔ ایک سائل نے وہ چھتری مانگی آپ نے بلا تامل اسے عطا فرما دی۔ اس کے علاوہ سردیوں میں ہر سال رضائیاں بنوا کر غریبوں میں تقسیم فرماتے تھے۔ [2]

حضرت شاہ عبد العلیم صاحب رحمۃ اللہ علیہ حج سے واپس آکر حاضر خدمت ہوئے اور اعلیٰ حضرت کی شان میں ایک منقبت لکھی تھی پڑھی [3] (اگرچہ یہ بات طبعاً پسند نہ تھی پھر بھی دل جوئی و خرد نوازی کے تحت) آپ نے انھیں اپنا ایک جبہ تحفہ میں عطا فرمایا۔

---

[1] الشاہ احمد رضا ص ۶۱ [2] الشاہ احمد رضا ص ۶۲

[3] نوٹ: مولانا عبد العلیم صاحب رح کی منقبت شریفہ جو انہیں اعلیٰ حضرت کی خدمت اقدس میں پیش کرنے کا شرف حاصل ہوا وہ یہ ہے۔

تمہاری شان میں جو کچھ کہوں اس سے سوا تم ہو — قسیم جام عرفاں اے شہ احمد رضا تم ہو
غریق بحر الفت مست جام بادۂ وحدت — محب خاص و منظور حبیب کبریا تم ہو
جو مرکز ہے شریعت کا مدار اہل طریقت کا — جو محور ہے حقیقت کا وہ قطب اولیا تم ہو

(بقیہ آئندہ صفحہ پر)

Marfat.com
Marfat.com

اس زمانہ میں جسکی قیمت ایک سو پچاس (۱۵۰) روپئے سے کم نہ تھی۔

پہلا حج اپنے والد ماجد قدس سرہٗ کے ہمراہ جبکہ آپ ۲۲ سال کی عمر کے تھے تو ۱۲۹۶ھ/۱۸۷۸ء کو ادا کیا۔ ایک روز نماز مغرب مقام ابراہیم علیہ السلام پر ادا کی بعد نماز امام شافعیہ (بلا تعارف سابق) حسین بن صالح جمل اللیل نے آپ کا ہاتھ پکڑا اور اپنے گھر لے آئے اور بہت دیر تک ان کی پیشانی تھامے رہے اور فرمایا:۔

"انی لاجد نور اللہ من ھذا الجبین

(صفحہ سابق کا بقیہ)

یہاں آکر ملیں نہریں شریعت اور طریقت کی ۔۔۔ ہے سینہ مجمع البحرین ایسے رہنما تم ہو

حرم والوں نے مانا تم کو اپنا قبلہ و کعبہ ۔۔۔ جو قبلہ اہل قبلہ کا ہے وہ قبلہ نما تم ہو

مزین جس سے ہے تاج فضیلت تاج والوں کی ۔۔۔ وہ لعل پر ضیا تم ہو وہ در بے بہا تم ہو

عرب میں جا کے جن آنکھوں نے دیکھا جسکی صورت کو ۔۔۔ عجم کے واسطے لاریب وہ قبلہ نما تم ہو

ہیں سیارہ صفت گردش کناں اہل طریقت یاں ۔۔۔ وہ قطب الوقت اے سرچشمہ جمع اولیا تم ہو

عیاں ہے شان صدیقی تمہاری شان تقویٰ سے ۔۔۔ کہوں اتقا نہ کیونکر جب کہ خیر الاتقیا تم ہو

جلال و ہیبت فاروق اعظم آپ سے ظاہر ۔۔۔ عدو اللہ پر اک حربۂ تیغ خدا تم ہو

اشداء علی الکفار کے ہو سر بہ سر مظہر ۔۔۔ مخالف جس سے تھرائیں وہی شیر خدا تم ہو

تمہیں نے جمع فرمائے نکات و رمز قرآنی ۔۔۔ یہ ورثہ پانے والے حضرت عثمان کا تم ہو

خلوص مرتضیٰ، خلق حسن عزم حسینی میں ۔۔۔ عدیم المثل یکتائے زمن اے باخدا تم ہو

تمہیں پھیلا رہے ہو علم حق اکناف عالم میں ۔۔۔ امام اہلسنت نائب غوث الوریٰ تم ہو

بھکاری تیرے در کا بھیک کی جھولی ہے پھیلائے ۔۔۔ بھکاری کی بھرو جھولی گدا کا آسرا تم ہو

وفی اموالھم حق ہر اک سائل کا حق ٹھہرا ۔۔۔ نہیں پھرتا کوئی محروم ایسے باسخا تم ہو

علیم خستہ اک ادنیٰ گدا ہے آستانہ کا ۔۔۔ کرم فرمانے والے حال پر اس کے شہا تم ہو

Marfat.com
Marfat.com

اور فرمایا کہ تمہارا نام ضیاء الدین احمد ہے۔ ساتھ ہی سلسلۂ قادریہ کی اجازت اور سند حدیث عطا کی۔

جیسا کہ تذکرۂ علمائے ہند کے مصنف رحمان علی پوری نے تحریر کیا ہے:۔

"روزے نماز مغرب بہ مقام ابراہیم علیہ السلام خواند بعد نماز مغرب امام شافعیہ حسین ابن صالح جبل اللیل بلا تعارف سابق دست صاحب ترجمہ گرفتہ بہ خانۂ خود برود تا دیر پیشانی وے گرفتہ فرمود "انی لاجد نور اللہ من ھٰذا الجبین" پس سند صحاح ستہ واجازت سلسلۂ قادریہ بہ دستخط خاص دادہ فرمودند کہ نام تو ضیاء الدین احمد است۔"

اس لئے اعلیٰ حضرت کا لقب ضیاء الدین احمد ہے۔ [1]

دنیا و مافیہا سے بے نیازی :۔

اعلیٰ حضرت نے جس ماحول میں زندگی بسر کی وہ دولت اور ثروت، جاہ و جلال، اور علم و عرفان کا تھا۔ جس کا قدرتی نتیجہ یہ ہوا کہ وہ دولت و شہرت، عزت و وقار اور شان و شوکت کے دلدادہ نہیں تھے۔ آپ نے امور دنیا سے کبھی تعلق ہی نہیں رکھا آپ اپنے وقت کے بہت بڑے زمیندار تھے۔ لیکن ساری جائداد کا انتظام دوسرے عزیزوں کے سپرد تھا۔ انہیں کتابوں کی خریداری، سادات کی مہمان نوازی اور گھر کے اخراجات کے لئے ماہانہ ایک رقم مل جاتی تھی۔ لیکن انہوں نے کبھی نہیں پوچھا کہ گاؤں کی آمدنی کتنی ہوئی اور مجھے کتنی ملی۔ [2]

اہل دول سے اجتناب :۔

ایک مرتبہ نواب رام پور نینی تال جا رہے تھے۔ اسپیشل بریلی شریف پہونچا تو حضرت شاہ مہدی حسن میاں صاحب نے اپنے نام سے ڈیڑھ ہزار کے نوٹ ریاست کے

---

[1] تذکرۂ علمائے ہند ص ۱۶ [2] المیزان امام احمد رضا نمبر ص ۳۳۵

Marfat.com
Marfat.com

مدار المہام کی معرفت بطور نذر اسٹیشن سے اعلیٰ حضرت کی خدمت میں بھیجا اور والیٔ ریاست کی جانب سے مستدعی ہوئے کہ ملاقات کا موقع دیا جائے۔ اعلیٰ حضرت کو مدار المہام صاحب کے آنے کی خبر ہوئی تو اندر سے دروازہ کی چوکھٹ پر کھڑے کھڑے مدار المہام صاحب سے فرمایا کہ میاں صاحب کو میرا اسلام عرض کر دیجئے گا اور یہ کہہ دیجئے گا یہ الٹی نذر کیسی، مجھے میاں کی خدمت میں نذر پیش کرنی چاہیے۔ نہ کہ میاں مجھے نذر پیش کریں۔ یہ ڈیڑھ ہزار ہوں یا جتنے ہوں واپس لے جائیے۔ فقیر کا مکان نہ اس قابل کہ کسی والیٔ ریاست کو بلا سکوں۔ نہ میں والیان ریاست کے آداب سے واقف کہ خود جا سکوں۔ [1]

یہ واقعہ اعلیٰ حضرت کے استغنا عالمانہ شان و وقار اور دین پروری کا بین ثبوت ہے یہ شدت و غلظت نہیں بلکہ خالص اتباع شریعت ہے۔ اور ہمارے اسلاف کرام کا یہی معمول رہا ہے کہ وہ سلاطین و امرا و حکام و والیان ریاست اور ارباب دولت و ثروت سے دور رہا کرتے تھے تاریخ کے صفحات پر ایسی سیکڑوں مثالیں پائی جاتی ہیں

ایک بار حضرت سید شاہ مہدی حسن میاں صاحب سجادہ نشین سرکار کلاں نے سرکار مارہرہ مطہرہ کے عرس کی دعوت دی آپ نے فرمایا میں خود ہی ارادہ کر رہا تھا کہ بہت عرصہ سے حاضری بھی نہیں ہوئی ہے۔ یہ خبر مشتہر ہوتے ہی مخلصین کا قافلہ بھی تیار ہونے لگا۔ حضرت سید مہدی حسن نے ادھر اعلیٰ حضرت کو دعوت دی ادھر نواب حامد علی خاں والی ریاست رام پور (جو معتقدین میں سے تھے۔) کو بھی دعوت دے دی چونکہ نواب صاحب برسوں سے اعلیٰ حضرت کی زیارت و ملاقات کے مشتاق تھے اس لئے یہ صورت نکالی گئی کہ عرس شریف کے موقعہ پر ملاقات ہو جائے گی۔ نواب صاحب نے فوراً دعوت منظور کر لی اور اظہار نیاز مندی و خوش اعتقادی کے لئے بہت کچھ سازو

---

[1] حیات اعلیٰ حضرت ص ۱۹۲

Marfat.com
Marfat.com

سامان ریاست سے مارہرہ شریف پہونچادیا۔ ریلوے اسٹیشن سے آبادی تک دونوں جانب روشنی کے لئے قریب قریب گیس کے ہنڈے لگاڈے لگادیئے گئے۔ اور ہر ٹرین پر زائرین کو لینے کیلئے ریاست کی موٹر اور ہاتھی جن پر زری کی جھولیں پڑی تھیں گشت لگارہے تھے۔

نواب صاحب کا پروگرام تھا کہ جس وقت اعلیٰ حضرت بریلی سے روانہ ہوں گے اسی وقت میں بھی خاص سواری سے روانہ ہوجاؤں گا۔ سید مہدی حسن میاں نے مزید اطمینان خاطر کے لئے ایک عریضہ لکھ کر رجسٹری کی اور اس میں عرس میں عدم شرکت کی خبر کا ذکر کیا۔ اعلیٰ حضرت کے پاس جس وقت یہ خط پہونچا تو چہرہ پر جلال کے آثار نمایاں ہوگئے۔ اور فرمایا "میں جانتا ہوں کہ میاں نے کس مقصد سے ایسا خط میرے پاس لکھا ہے۔ صرف اس لئے کہ میں جوش میں آکر یہ لکھ دوں کہ یہ کسی نے غلط اڑایا ہے۔ میں ضرور آؤں گا۔ مجھ سے رجسٹری کرانی مقصود ہے تاکہ نواب صاحب کو دکھانے کے لئے ہوجائے۔ میاں سمجھتے ہیں کہ میں اس چہار دیواری کے اندر بیٹھا ہوں۔ اسے کیا خبر ہوگی۔ حالانکہ میرے خبر دینے والوں نے ذرہ ذرہ کی خبر دی ہے۔ میں جانتا ہوں میری روانگی ہوتے ہی نواب کا اسپیشل روانہ ہوجائے گا جو بالکل تیار کھڑا ہے"۔ بالآخر اعلیٰ حضرت نے اس عرس میں شرکت نہ کی۔ [1]

اعلیٰ حضرت کے دور میں نوابوں کی قصیدہ خوانی کا عام رواج تھا بہتیرے اہل علم اسی کو ذریعہ معاش بنائے ہوئے تھے۔ لیکن اعلیٰ حضرت نے یہ ضمیر فروشی کبھی نہیں کی اور نہ کسی دنیادار کی تعریف و توصیف مدح و ستائش سے اپنی زبان کو آلودہ کیا۔ ایک نواب نابپارہ نے خواہش بھی کی کہ مولانا میرے سلسلے میں کوئی منقبت اور قصیدہ کہیں لیکن آپ نے سختی سے یہ عرضداشت ٹھکرادی اور ارشاد فرمایا:۔

---

[1] حیات اعلیٰ حضرت ص ۱۹۱

Marfat.com
Marfat.com

کروں مدح اہل دول رضاؔ پڑے اس بلا میں میری بلا
میں گدا ہوں اپنے کریم کا میرا دین پارۂ ناں نہیں

مذہبی خودداری وتصلب فی الدین کے واقعات تو اعلیٰ حضرت کے تاریخ زندگی کے ورق ورق پر بکھرے ہوئے ہیں۔ اعداء دین سے مداہنت اور نرمی کا رویہ انہوں نے کبھی روا نہ رکھا۔ وہ دین واسلام کے باغی و غدار ہیں۔ اور ان سے لطف ومروت کا معاملہ رکھنے والا خود قانون کا مجرم ہوا کرتا ہے۔ اعلیٰ حضرت کسی بھی صاحب ثروت کی تعریف اس کی دولت وثروت کی بنا پر نہ کرتے اور نہ اس کی غلطیوں کو نظر انداز کرتے جیسا کہ عام دستور ہے وہ صحیح معنوں میں من احب للہ وابغض للہ واعطی للہ ومنع للہ فقد استکمل الایمان کے مصداق تھے اور ان کی پوری زندگی الحب فی اللہ والبغض فی اللہ کی سچی تفسیر تھی وہ اپنی زندگی کا نقشہ خود اس طرح کھینچتے ہیں۔

نہ مرا نوش ز تحسین نہ مرا نیش ز طعن
نہ مرا گوش بمدحے نہ مرا ہوش ذمے
منم و کنج خمولی کہ نگنجد در وے
جز من و چند کتابے و دوات و قلمے

اظہار رائے میں بیباکی :۔

اعلیٰ حضرت اپنی جو رائے قائم کر لیتے تھے اس کے اظہار میں کوئی پس وپیش نہیں ہوتا جو لوگ اس رائے کی مخالفت کرتے ان کے دلائل کا رد بھی اسی سختی سے کرتے تھے۔ ڈاکٹر اقبال نے اعلیٰ حضرت کی رائے کے متعلق کہا کہ مولانا ایک دفعہ جو رائے قائم کر لیتے ہیں اس پر مضبوطی سے قائم رہتے ہیں۔ یقیناً وہ اپنی رائے کا اظہار بہت غور وفکر کے بعد کرتے ہیں۔ انہیں اپنے شرعی فیصلوں اور فتاؤں میں کبھی کسی تبدیلی یا رجوع کی ضرورت نہیں پڑتی [1]

[1] ترک موالات صـ۱۶

Marfat.com
Marfat.com

اس سلسلے میں مسجد کے اندر خطبۂ جمعہ کے پہلے اذان کے مسئلہ میں کلکتہ کا مباحثہ شاہد عدل ہے کہ تمام علماء اعلیٰ حضرت کے فتاوے کے خلاف جو رائے رکھتے تھے مباحثہ شروع ہوا تو سبھوں نے اپنی رائے سے رجوع کرلیا۔ اس کے علاوہ بے شمار فتاوے ہیں جسے دیکھنے کے بعد یہ بات ہویدا ہو جاتی ہے کہ اعلیٰ حضرت اپنی رائے کے اظہار میں کسی طرح کی غیر شرعی رکاوٹ برداشت نہیں کرتے تھے۔

صلابت دینی :۔

اعلیٰ حضرت دینی امور میں بہت سخت تھے اس کا اثر مختلف مظاہر سے نمایاں ہوتا تھا۔ وہ ایک متصلب حنفی تھے۔ آپ کسی طرح کی کوئی بات جو دین کے خلاف ہو پسند نہیں فرماتے ایک بار آپ مولانا فضل رسول صاحب بدایونی قدس سرہٗ کے عرس میں بدایوں تشریف لے گئے۔ کسی نے مولوی سراج الدین صاحب اتولوی کو میلاد شریف پڑھنے بٹھادیا انہوں نے اثنائے تقریر میں کہا کہ قیامت کے دن حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے جسم مبارک میں فرشتے روح ڈالیں گے چونکہ اس میں حیات انبیاء علیہم السلام کے مسلمہ اصول سے انکار نکلتا تھا۔ اس کو سن کر حضرت کا چہرہ متغیر ہوگیا۔ انہوں نے مولینا عبدالقادر صاحب سے فرمایا کہ آپ اجازت دیں تو میں ان کو منبر پر سے اتار دوں۔ مولانا عبدالقادر صاحب نے مقرر کو تقریر سے روک دیا۔ اور مولانا عبدالغفور صاحب سے فرمایا کہ آپ جیسے لوگوں کو مولانا احمد رضا صاحب کے سامنے میلاد شریف پڑھنے کو نہ بٹھایا کیجئے۔ ان کے سامنے بیان کرنے والے کیلئے علم اور زبان کو بہت نگاہ رکھنے کی ضرورت ہے۔ [1]

آپ کی ذات الحب للہ والبغض للہ کی زندہ تصویر تھی۔ اللہ اور رسول سے محبت کرنے والوں کو اپنا عزیز سمجھتے اور اللہ و رسول کے دشمن کو اپنا دشمن سمجھتے تھے

---

[1] المیزان امام احمد رضا نمبر ص ۳۳۵

Marfat.com
Marfat.com

آپ اپنے مخالف سے بھی کج خلقی سے پیش نہیں آئے۔ کبھی دشمن سے بھی سخت کلامی نہیں کی بلکہ حلم سے کام لیا لیکن دین کے دشمن سے کبھی نرمی نہیں برتی۔ [1]

اعلیٰ حضرت کی حیات کا مطالعہ کرنے کے بعد یہ ظاہر ہوتا ہے کہ آپ من احب للہ والبغض للہ واعطی للہ ومنع للہ فقد استکمل الایمان [2] کے مظہر تھے۔ [3] اعلیٰ حضرت کی زندگی کا ہر گوشہ اتباع سنت کے انوار سے منور ہے۔ کچھ لوگ یہ کہتے ہیں کہ اعلیٰ حضرت کے مزاج میں بہت شدت تھی۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ وہ پٹھان تھے مگر اعلیٰ حضرت فرماتے ہیں کہ ان الحد تعتری قرآء امتی لعزۃ القران فی اجوافھم یعنی میری امت کے علماء کو قرآن کی عزت کے سبب گرمی پیش آئے گی جو ان کے دلوں میں ہے۔ [4]

اولاد سے محبت :۔

اعلیٰ حضرت نے اپنی اولاد سے بھی محبت من حیث اولاد نہیں فرمایا ہے۔ وہ فرماتے ہیں " الحمد للہ کہ میں نے مال من حیث ھو مال سے کبھی محبت نہ رکھی صرف انفاق فی سبیل اللہ کیلئے اس سے محبت ہے اسی طرح اولاد من حیث ہو اولاد محبت نہیں صرف اسی سبب سے کہ صلہ رحم عمل نیک ہے اس کا سبب اولاد ہے اور یہ میری اختیاری بات نہیں۔ میری طبیعت کا تقاضہ ہے۔ [5]

عشق رسول کا غلبہ :۔

ایک بندۂ مومن کیلئے عشق رسول سے بڑھ کر اور کون سی چیز ہو سکتی ہے خدا کی معرفت بلکہ خوشنودیٔ خدا بھی اسی پر موقوف ہے وجہ آفرینش اور مقصد حیات انسانی معرفت حق اور عشق رسول کے سوا کچھ نہیں۔ عشق ایک وجدانی کیفیت، روحانی مسرت اور کسی بلند مقصد کے لئے ہمہ تن وقف ہو جانے کا نام ہے احادیث و قرآن کے مطالعہ

---

[1] المیزان امام احمد رضا ص ۳۵۳ [2] سوانح اعلیٰ حضرت ص ۹۰

[3] الملفوظ حصہ چہارم ص ۳۱۵ [4] الملفوظ حصہ چہارم ص ۳۵۲

Marfat.com
Marfat.com

سے یہ پتہ چلتا ہے کہ اللہ محب ہے اور رسول اللہ محبوب ہیں یہی نہیں بلکہ اللہ رسول کے چاہنے والوں کو بھی اپنا محبوب بناتا ہے ان کنتم تحبون اللہ فاتبعونی یحببکم اللہ فرشتے بھی حضور کی بارگاہ ناز میں حاضری کی تمنا کرتے ہیں۔ اور جو ایک بار حضور کے روضہ پر حاضری دے لیتے ہیں وہ ہمیشہ حاضری کی تمنا لئے رہتے ہیں۔ ع

ستر ہزار صبح ہیں ستر ہزار شام

صحابہ کرام کے عشق کا تو کہنا ہی کیا کسی ایک صحابی کے عشق کا حال بیان کرنا ہو تو اس کے لئے ایک دفتر ناکافی ہے۔ اسی طرح قرون اولیٰ سے لیکر آج تک عاشقان رسول برابر ہوتے رہے ہیں اور قیامت تک ہوتے رہیں گے۔ بلکہ مسلمانوں نے ہمیشہ اپنا سب سے بڑا سرمایہ عشق رسول ہی کو سمجھا ہے ایسا سرمایہ کہ جان کے عوض بھی ہاتھ آئے تو ارزاں ہے۔

اعلیٰ حضرت کو سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے عشق نے مشہور زمانہ کر دیا ہے

انہیں جانا انہیں مانا نہ رکھا غیر سے کام
للہ الحمد میں دنیا سے مسلمان گیا

عشق رسول میں ہوش اور خرد کا عالم یہ تھا کہ آپ فرماتے ہیں" خبردار! جالی شریف کو بوسہ دینے یا ہاتھ لگانے سے بچو کہ یہ خلاف ادب ہے۔ بلکہ چار ہاتھ فاصلے سے زیادہ قریب نہ جاؤ۔ یہ ان کی رحمت کیا کم ہے کہ تم کو اپنے حضور بلایا۔ اپنے مواجہ اقدس میں جگہ بخشی ان کی نگاہ کرم اگرچہ ہر جگہ تمہاری طرف تھی اب خصوصیت اس درجہ قرب کے ساتھ ہے۔ والحمد اللہ" [1]

سرکار کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے نام پاک کے ساتھ کبھی بعض اصحاب کا ص، صلعم اور انبیاء کرام کے اسمائے گرامی کے ساتھ اختصار کیلئے ع، م کا لکھنا انہیں سخت

---

[1] المیزان امام احمد رضا قبر ص ۳۳۶

Marfat.com
Marfat.com

ناپسند تھا بلکہ وہ اسے کفر سمجھتے تھے۔ ایک خط میں ملک العلماء کو لکھتے ہیں "تاتارخانیہ سے ایک عبارت علامہ طحطاوی نے حاشیہ درر میں بالواسطہ نقل کیا ہے وہ یہ ہے کہ انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کے نام کے ساتھ علیہ السلام کا اختصار ع، م لکھنا کفر ہے کہ تخفیف شان نبوت ہے۔ اب کبھی بانکی پور جانا ہو تو اس عبارت کو ضرور تلاش کیجئے۔ ع" [1]

حضرت کا حسن ادب بارگاہ رسالت میں اس قدر تھا کہ ایک بار حضرت مولانا سید شاہ اسمٰعیل حسن میاں نے آپ سے سیزدہ درود شریف نقل کرایا۔ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی صفت میں لفظ حسین اور زاہد بھی تھا۔ حضرت نے نقل میں یہ دو لفظ تحریر نہ فرمائے اور فرمایا کہ حسین صیغۂ تصغیر ہے اور زاہد اسے کہتے ہیں جس کے پاس کچھ نہ ہو۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں ان الفاظ کا لکھنا مجھے اچھا نہیں معلوم ہوتا لیکن پھر میاں کے حکم کا احترام کرتے ہوئے نہایت لطافت کے ساتھ حسین کا لفظ اس طرح استعمال فرمایا کہ یہی صیغۂ تصغیر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمت شان ظاہر کر رہا ہے اب درود شریف کی عبارت یوں ہو گئی۔ اللّٰھم صل وسلم وبارک علیٰ سیدنا و مولانا محمد ن المصطفیٰ رفیع الشان المرتضیٰ علیٰ شان الذی رجیل من امۃ خیر من رجال السابقین وحسین من زمرتہٖ حسن من کذا و حسناً من السابقین۔ [2]

سرور کائنات سے محبت کرنے والا ان کے خدا سے جدا ہو کر خوشی و مسرت کی زندگی کیسے گذار سکتا ہے۔ ایک عاشق کی آخری تمنا ہے کہ موت ہو تو دیار حبیب میں ہو۔ اعلیٰ حضرت اپنی اظہار تمنا ایک خط کے ذریعے کرتے ہیں۔ مولانا عرفان علی بیسل پوری کو ایک خط کے ذریعہ تحریر فرماتے ہیں" وقت مرگ قریب ہے اور میرا

---

[1] حیات اعلیٰ حضرت ص ۲۸۳ [2] المیزان امام احمد رضا نمبر ص ۳۴۸

Marfat.com
Marfat.com

دل ہند تو ہند مکہ معظمہ میں بھی مرنے کو نہیں چاہتا اپنی خواہش تو یہی ہے کہ مدینہ طیبہ میں ایمان کے ساتھ موت آئے اور بقیع مبارک میں خیر کے ساتھ دفن نصیب اور وہ قادر ہے۔[1]

پھر کے گلی گلی تباہ ٹھوکریں سب کی کھائے کیوں
دل کو جو عقل دے خدا تیری گلی سے جائے کیوں

یہ سر ہو اور وہ سنگ در وہ سنگ در ہو اور یہ سر
رضا وہ بھی اگر چاہیں تو اب یہ دل میں ٹھانی ہے

اعلیٰ حضرت ان شہیدان محبت میں ہیں جن کے نزدیک حاضری حرمین کا اصل آستانۂ نبوت کی زیارت ہے۔ عاشقان مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا اعتقاد یہ ہے کہ اگر زیارت کی نیت نہ ہو تو حج کعبہ کا کوئی لطف حاصل نہیں اور اس حج میں کوئی جان نہیں جو آپ کی زیارت سے وابستہ نہ ہو۔ چنانچہ اعلیٰ حضرت اس سفر مقدس کا بھی مقصد آستانۂ نبوی کی زیارت ہی قرار دی ہے۔ آپ فرماتے ہیں۔

اس کے طفیل حج بھی خدا نے کرا دیئے
اصلِ مراد حاضری اس پاک در کی ہے

کعبہ کا نام تک نہ لیا طیبہ ہی کہا
پوچھا تھا جس نے مجھ سے کہ نہضت کدھر کی ہے

اعلیٰ حضرت نے سید محمد احسن صاحب کی فرمائش پر مسائل حج پر ایک کتاب تحریر فرمایا جس میں سات فصلیں ہیں جس کا نام "انوار البشارہ فی مسائل حج و زیارہ" ہے۔ ۱۳۲۹ھ

فصل اول:۔ آداب سفر و مقدمات حج میں

---

[1] المیزان امام احمد رضا نمبر ص ۳۴۸

Marfat.com
Marfat.com

فصل دوم :۔۔۔ احرام اور اس کے احکام داخل حرم محترم و مکہ مکرمہ و مسجد الحرام۔

فصل سوم :۔۔۔ طواف و سعی صفا و مروہ و بیان عمرہ

فصل چہارم :۔۔۔ روانگی منیٰ و وقوف عرفات

فصل پنجم :۔۔۔ منیٰ و مزدلفہ و باقی افعال حج

فصل ششم :۔۔۔ جرم اور ان کے کفارے

وصل ہفتم :۔۔۔ حاضری سرکار اعظم مدینہ طیبہ حضور حبیب اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

اس کتاب میں حج کے مسائل کا بیان مکمل ہو جانے کے بعد جہاں زیارت روضہ رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا تذکرہ شروع ہوا ہے وہاں جذبۂ عشق کا تلاطم دیکھنے کے قابل ہے۔ یہاں تک کہ اعلیٰ حضرت کو یہ بھی گوارا نہیں ہے کہ جس ساتویں فصل میں وہ دیار حبیب کی زیارت کے آداب بیان کرنے جا رہے ہیں اسے وہ فصل سے تعبیر کریں بلکہ اس کو انہوں نے وصل سے تعبیر کیا ہے۔ فصل ہفتم کی بجائے انہوں نے وصل ہفتم کی سرخی قائم کی ہے۔

آپ حدیث کی کتابوں کے اوپر کبھی کوئی دوسری کتاب نہیں رکھتے تھے۔ اگر اقوال رسول کی ترجمانی فرما رہے ہیں۔ اور اس درمیان کوئی شخص بات کاٹتا تو سخت کبیدہ خاطر ہوتے تھے

امام احمد رضا کا جذبۂ عشق ہمیشہ ادب کے سانچے میں ڈھلا رہتا تھا۔ شریعت کی حد سے کبھی بھی تجاوز نہیں فرماتے۔ وہ خود ہی فرماتے ہیں۔ ؎

پیش نظر وہ نوبہار، سجدے کو دل ہے بیقرار
روکے، سر کو روکئے ہاں یہی امتحان ہے

Marfat.com
Marfat.com

بیتاب ہیں مگر شریعت کا دامن ہاتھ میں ہے. فرماتے ہیں.

اے شوق دل یہ سجدہ گراں کو روا نہیں
اچھا وہ سجدہ کیجئے کہ سر کو خبر نہ ہو

عشق دل کی ایک کیفیت ہے اس کیفیت کو الفاظ کا ایسا جامہ پہنانا کہ اسے قاری یا سامع زیادہ سے زیادہ محسوس کر سکے نہایت مشکل کام ہے اس مشکل سے وہی عہدہ برآ ہو سکتا ہے جو مہارت فن کے ساتھ ایک سچے عاشق کا دل رکھتا ہو۔ فرماتے ہیں [1]

لحد میں عشق رخ شہ کا داغ لیکے چلے
اندھیری رات سنی تھی چراغ لیکے چلے

اعلیٰ حضرت کے جذبات عشق کو دیکھنا ہو تو ان کا نعتیہ دیوان شاہد ہے جسمیں پیش عشق والہانہ عقیدت اور وصال محبوب کی تمنا میں بے شمار اشعار ملتے ہیں۔ فرماتے ہیں

پھر کے گلی گلی تباہ ٹھوکریں سب کی کھائے کیوں
دل کو جو عقل دے خدا تیری گلی سے جائے کیوں
رخصت قافلہ کا شور غش سے ہمیں اٹھائے کیوں
سوئے ہیں ان کے سائے میں کوئی ہمیں جگائے کیوں
یاد حضور کی قسم غفلت عیش ہے ستم
خوب ہیں قید غم میں ہم کوئی ہمیں چھڑائے کیوں
جان ہے عشق مصطفےٰ روز فزوں کرے خدا
جس کو ہو درد کا مزہ ناز دوا اٹھائے کیوں

لہجہ کی متانت اور مدھم سوز دل کی اضطرابی کیفیت اور عشق کا والہانہ انداز ہر قدم پر محسوس ہوتا ہے اور معلوم ہوتا ہے کہ قافیہ خود بخود ڈھلا چلا جا رہا ہے۔

---

[1] المیزان امام احمد رضا نمبر ص ۴۵۸

Marfat.com
Marfat.com

نہ آسماں کو یوں سرکشیدہ ہونا تھا — حضور خاک مدینہ خمیدہ ہونا تھا
اگر گلوں کو خزاں نارسیدہ ہونا تھا — کنار خار مدینہ دمیدہ ہونا تھا
حضور ان کے خلاف ادب تھی بیتابی — مری امید تجھے آرمیدہ ہونا تھا
ہلال کیسے نہ بنتا کہ ماہ کامل کو — سلام ابروئے شہ میں خمیدہ ہونا تھا
ٹپکتا رنگ جنوں عشق شہ میں ہر گل سے — رگ بہار کو نشتر رسیدہ ہونا تھا
بجا تھا عرش پہ خاک مزار پاک کو ناز — کہ تجھ سا عرش نشیں آفریدہ ہونا تھا

رضاؔ جو دل کو بنانا تھا جلوہ گاہ حبیب
تو پیارے قید خودی سے رہیدہ ہونا تھا

اعلیٰ حضرت کا بچپن پاکیزگی میں ضرب المثل تھا۔ آپ اپنے عہد طفلی میں بھی یکتائے روزگار تھے۔

بریلی میں ایک بہت بڑے زمیندار حاجی محمد شاہ خاں صاحب جو اعلیٰ حضرت سے عمر میں بڑے ہوتے تھے۔ حضرت کے دروازہ کی جاروب کشی کر رہے تھے۔ لوگوں نے پوچھا کہ کیا بات ہے اتنے بڑے آدمی ہو کر یہ کیا کر رہے ہیں۔ حاجی صاحب نے جواب دیا عمر میں حضور سے بڑا ہوں۔ ان کا بچپن دیکھا۔ جوانی دیکھی اور اب بڑھاپا دیکھ رہا ہوں ہر حال میں یکتائے زمانہ پایا تب ہاتھ میں ہاتھ دیا ہے۔ بڑھاپے میں تو ہر کوئی بزرگ ہو جاتا ہے انھیں بچپن میں ضرب المثل اور یکتائے روزگار دیکھا۔ [1]

تعلیم و تربیت :۔

حضرت کا گھرانہ مذہبی اعتبار سے ہندوستان میں باعظمت سمجھا جاتا تھا گھر کا ہر فرد مذہبی رنگ میں پورے طور سے رنگا ہوا تھا۔ لہٰذا ماحول کے اعتبار سے حضرت

---

[1] حیات اعلیٰ حضرت ص ۲۵

Marfat.com
Marfat.com

کی مذہبی تعلیم شروع کرائی گئی۔ رواج کے مطابق حضرت کے جدامجد اور والد محترم نے ۱۲۷۵ھ کے اوائل میں بسم اللہ خوانی کی محفل سجائی [1] اعلیٰ حضرت کا مکتب کرایا۔ مکتب کے استاد مرزا غلام قادر بیگ ہیں۔ [2]

آثار کمال :-

بسم اللہ خوانی کے وقت استاد نے الف، با، تا، تا جس طرح پڑھایا جاتا ہے پڑھایا اور ان کے بتانے کے مطابق پڑھتے رہے۔ لیکن جب لام الف کی نوبت آئی استاد نے کہا۔ کہو۔ لام الف۔ آپ خاموش ہو گئے۔ استاد نے دوبارہ کہا۔ کہو میاں لام الف۔ آپ نے فرمایا یہ دونوں تو پڑھ چکے ہیں۔ دوبارہ کیا ؟ اس وقت آپ کے جدامجد مولانا رضا علی خاں علیہ الرحمہ (۱۲۸۲ھ / ۱۸۶۶ء) نے فرمایا بیٹا! استاد کا کہا مانو جو کہتے ہیں پڑھو۔ آپ نے جدامجد کے حکم کی تعمیل فرمائی مگر ان کے چہرے کو تجسس کی نظر سے دیکھا جدامجد نے کہا۔ بیٹا تمہارا خیال درست ہے۔ اور سمجھنا بجا ہے کہ یہ حرف مفردہ کا بیان ہے۔ اس میں ایک الف مکرر کیسے آیا مگر بات یہ ہے کہ شروع میں جسکو تم نے الف پڑھا ہے وہ حقیقتاً حمزہ ہے اور الف ہمیشہ ساکن ہوتا ہے۔ اور ساکن کے ساتھ ابتدا ناممکن ہے۔ اس لئے ایک لام اول لاکر اس کا تلفظ مقصود ہے۔ تو پھر آپ نے فرمایا کوئی ایک حرف ملا دینا کافی تھا۔ اتنے دور کے بعد لام کی کیا خصوصیت ہے۔ حضرت جدامجد نے فرمایا کہ لام اور الف میں صورۃ و سیرت میں مناسبت خاص ہے۔ ظاہر دیکھنے میں بھی دونوں صورت ایک سی ہوتی ہے۔ اور سیرتاً اس وجہ سے کہ لام کا قلب الف ہے اور الف کا قلب لام ہے یعنی یا اس کے بیچ میں ہے اور وہ اس کے بیچ میں ہے

---

[1] تذکرہ رضا ص۱

[2] حضور مفتی اعظم ہند نے ۴ اپریل ۱۹۷۹ء بوقت ۹ بجے شب فرمایا کہ مرزا غلام قادر بیگ پہلے استاد ہیں

Marfat.com
Marfat.com

من تو شدم تو من شدی من تن شدم تو جاں شدی
تا کس نہ گوید بعد ازیں من دیگرم تو دیگری [1]

جب اعلیٰ حضرت کی عمر چھ سال کی تھی تو ربیع الاول کے مہینے میں (۱۲۷۸ھ/۱۸۶۲ء) کو ایک عظیم مجمع عام میں میلاد شریف پڑھی جس سے لوگوں کو اندازہ ہو گیا کہ ؎

بالائے سرش زہوش مندی
می تافت ستارۂ بلندی

اعلیٰ حضرت خود فرماتے ہیں! "میرے استاد جن سے میں ابتدائی کتاب پڑھتا تھا۔ جب مجھے سبق پڑھا دیا کرتے ایک دو مرتبہ میں دیکھ کر کتاب بند کر دیتا۔ جب سنتے تو حرف بحرف لفظ بلفظ سنا دیتا۔ روزانہ یہ حالت دیکھ کر سخت تعجب کرتے ایک دن مجھ سے فرمانے لگے احمد رضا یہ تو کہو کہ تم آدمی ہو یا جن کہ مجھ کو پڑھاتے دیر لگتی ہے مگر تم کو یاد کرتے دیر نہیں لگتی [2] آپ نے چار سال کی عمر میں (۱۲۷۶ھ/۱۸۶۰ء) میں قرآن شریف ناظرہ کی تکمیل کی [3] اعلیٰ حضرت نے ابتدائی عربی کی کتابیں مرزا غلام قادر بیگ سے پڑھی [4] دینیات کی تکمیل اپنے والد ماجد مولانا نقی علی خاں صاحب (متولد ۱۲۴۶ھ متوفی ۱۲۹۷ھ) سے تمام فرمائی [5] حضرت مولانا عبد العلی صاحب رامپوری سے چند اوراق شرح چغمنی کے اسباق پڑھے [6]

اعلیٰ حضرت نے اپنی فطری ذکاوت کی بنا پر ۱۳ سال ۱۰ مہینے اور ۵ دن میں علوم درسیہ سے فراغت حاصل کی۔ ایک جگہ خود تحریر فرماتے ہیں وذالک لمنتصف شعبان سنہ ۱۲۸۶ھ بعد الف ومائتین وست وثمانین وانا ذالک ابن ثلثۃ عشر واشہر

---

[1] مظہر المناقب جلد اول صـ۳۲ — [2] حیات اعلیٰ حضرت ج اول صـ۳۲
[3] تذکرۂ رضا صـ۱۰ — [4] " " صـ۳۲
[5] حیات اعلیٰ حضرت صـ۳۲ — [6] " " "

Marfat.com
Marfat.com

وخمسة ایام وفی ھذا التاریخ فرضت علی الصلوٰۃ وتوجھت الی الاحکام[1]

فراغت کے بعد ہی آپ کے والد ماجد مولانا نقی علی خانصاحب علیہ الرحمہ نے افتاء کی ذمہ داری بھی آپ کے سپرد کردی اور اسی عمر سے آپ نے فتویٰ نویسی کا کام شروع کردیا۔

ملک العلماء مولانا ظفر الدین بہاری علیہ الرحمہ کے نام ایک مکتوب میں خود تحریر فرماتے ہیں "بحمدہ تعالیٰ فقیر نے ۱۴ شعبان ۱۲۸۶ھ کو تیرہ برس کی عمر میں پہلا فتویٰ لکھا اور ۷ دن زندگی بالخیر رہی تو دس شعبان ۱۳۳۶ھ / ۱۹۱۷ء کو اس فقیر کو فتویٰ لکھتے ہوئے بفضلہٖ تعالیٰ پورے پچاس سال ہوں گے۔ اس نعمت کا شکر فقیر کیا ادا کرسکتا ہے۔[2]

طریقت کی تعلیم اپنے پیر و مرشد سے حاصل کی علم تکسیر اور علم جفر کی تعلیم حضرت نوری میاں علیہ الرحمہ مارہرہ شریف سے حاصل کی خود اعلیٰ حضرت فرماتے ہیں! جمادی الاول ۱۲۹۴ھ شرف بیعت سے مشرف ہوا تعلیم طریقت حضور پرنور پیر و مرشد سے حاصل کیا۔ ۱۲۹۶ھ میں حضرت کا وصال ہوا تو قبل وصال بھی سیدنا شاہ ابوالحسن نوری اپنے ابن الابن ولیعہد سجادہ نشین کے سپرد فرمایا۔ حضرت نوری میاں صاحب سے بعض تعلیم طریقت، علم تکسیر اور علم جفر کی تعلیم حاصل کی۔[3]

اعلیٰ حضرت نے علوم درسیہ کے علاوہ دیگر علوم و فنون کی بھی تحصیل کی اور بعض علوم و فنون میں تو خود آپ کی طبع سلیم نے رہنمائی کی ایسے تمام علوم و فنون کی تعداد ساٹھ ہے۔ جس کی تفصیل یہ ہے۔

۱۔ تفسیر ۲۔ اصول تفسیر ۳۔ رسم خط قرآن ۴۔ حدیث ۵۔ اسانید حدیث

---

[1] الاجازۃ الرضویہ (۱۳۲۳ھ / ۱۹۰۵ء) [2] حیات اعلیٰ حضرت جلد اول ص ۲۸

[3] حیات اعلیٰ حضرت ص ۳۵

Marfat.com
Marfat.com

۶- اصول حدیث ۷- اسماء الرجال ۸- جرح وتعدیل ۹- تخریج احادیث
۱۰- لغت حدیث ۱۱- فقہ ۱۲- اصول فقہ ۱۳- رسم المفتی
۱۴- فرائض ۱۵- تجوید ۱۶- مناظرہ ۱۷- عقائد
۱۸- سیر ۱۹- فضائل ۲۰- کلام ۲۱- معانی
۲۲- بیان ۲۳- بدیع ۲۴- منطق ۲۵- فلسفہ ۲۶- ہیئت
۲۷- حساب ۲۸- ہندسہ ۲۹- قرأۃ ۳۰- تصوف ۳۱- سلوک
۳۲- اخلاق ۳۳- تاریخ ۳۴- لغت ۳۵- ادب ۳۶- ریاضی
۳۷- جبر ومقابلہ ۳۸- حساب سینی ۳۹- اوفاق ۴۰- توقیت ۴۱- مناظرہ ومنایا
۴۲- زیجات ۴۳- مثلث ۴۴- ہیئات جدیدہ ۴۵- تعبیر ۴۶- جفر
۴۷- تکسیر ۴۸- رمل ۴۹- خط مستقیم ۵۰- عروض ۵۱- بلاغت
۵۲- صرف ۵۳- نحو ۵۴- نجوم ۵۵- استخراج تاریخ ۵۶- فن تاریخ اعداد
۵۷- نظم ونثر فارسی ۵۸- نثر ونظم ہندی- ۵۹- خط شکستہ ۶۰- خط نستعلیق

اعلیٰ حضرت نے ان ۶۰ علوم (۱- علم قرآن ۲- علم حدیث ۳- اصول حدیث ۴- فقہ جملہ مذاہب ۵- اصول فقہ ۶- جدل ۷- تفسیر ۸- عقائد ۹- کلام ۱۰- نحو ۱۱- صرف ۱۲- معانی ۱۳- بیان ۱۴- بدیع ۱۵- منطق ۱۶- مناظرہ ۱۷- فلسفہ ۱۸- تکسیر ۱۹- ہیئات ۲۰- حساب ۲۱- ہندسہ کے متعلق صراحت کی ھٰذہ احدی وعشرون علمًا اخذت جلھا بل کلھا عن امام العلماء خاتمۃ المحققین سیدنا الوالد قدس سرہ الماجد [1]

بقیہ علوم وفنون کے متعلق اعلیٰ حضرت نے خود فرمایا کہ ان علماء کرام سے حاصل کئے۔

---

[1] الاجازات المتینہ ص ۳۲

۱۔ شاہ آل رسول مارہروی (م سنہ ۱۲۹۶ھ / سنہ ۱۸۷۸ء)

۲۔ مولانا نقی علی خاں (م سنہ ۱۲۹۷ھ / سنہ ۱۸۷۹ء)

۳۔ شیخ احمد بن دحلان علی (م سنہ ۱۳۰۴ھ / سنہ ۱۸۸۶ء)

۴۔ شیخ عبدالرحمٰن علی (م سنہ ۱۳۰۱ھ / سنہ ۱۸۸۲ء)

۵۔ شیخ حسین بن صالح (م سنہ ۱۳۰۲ھ / سنہ ۱۸۸۴ء)

۶۔ شاہ ابوالحسنین احمد النوری (م سنہ ۱۳۲۴ھ / سنہ ۱۹۰۶ء) [1]

۷۔ مولانا عبدالعلی صاحب رامپوری

اعلیٰ حضرت نے جتنے علوم وفنون حاصل کئے سب میں کوئی نہ کوئی اپنی یادگار چھوڑی ہے۔ خود فرماتے ہیں ولی فی کلها اوجلها تحریرات وتعلیقات من زمن طلبی انی حسین (سنہ ۱۳۲۳ھ / سنہ ۱۹۰۵ء) [2]

اعلیٰ حضرت نے تیرہ سال دس مہینے کی عمر میں سنہ ۱۲۸۶ھ میں تمام درسیات سے فراغت پایا تاریخ فراغت تعویذ ہے (۱۲۸۶ھ) دوسرا مادہ تاریخ غفور ہے۔ (۱۲۸۶ھ) [3]

اساتذہ :—

(۱) مرزا غلام قادر بیگ :—

مرزا غلام قادر بیگ بریلی شریف کے رہنے والے تھے۔ اپنے وقت کے بہترین اساتذہ میں ان کا شمار ہوتا تھا۔ مرزا صاحب اپنے اخیر وقت میں اکثر لالین کلکتہ میں قیام پذیر رہے۔ اعلیٰ حضرت نے میزان منشعب تک کی تعلیم ان سے حاصل کی [4] وہ کلکتہ سے برابر اعلیٰ حضرت کے پاس استفتا بھیجا کرتے تھے۔ اور اعلیٰ حضرت جواب

---

[1] الاجازات المتینہ ص۳۲ [2] الاجازات المتینہ ص۳۲

[3] حیات اعلیٰ حضرت ص۳۳ [4] حیات اعلیٰ حضرت ص۳۲

Marfat.com
Marfat.com

دیا کرتے تھے (متعدد استفتا فتاویٰ رضویہ میں موجود ہیں) ان ہی کے ایک سوال کے جواب میں اعلیٰ حضرت نے "تجلی الیقین بان نبینا سید المرسلین" تحریر فرمائی۔ [1]

(۲) مولانا عبدالعلی صاحب رامپوری :-

آپ ہندوستان کے مشہور عالم تھے۔ فن ریاضی میں بہت مہارت رکھتے تھے ابتدائی تعلیم مولوی حیدر علی ٹونکی اور مولانا شرف الدین رامپوری (المتوفی ۱۲۲۸ھ) سے حاصل کی اور کتب حدیث وطب بترتیب حضرت شاہ اسحاق دہلوی اور حکیم صادق علی دہلوی سے پڑھی۔ علامہ فضل حق خیرآبادی سے حاشیہ قدیمہ پڑھا۔ علوم حکمیہ سے خصوصی شغف اور دلچسپی رکھتے تھے۔

مدرسہ عالیہ میں مدرس اول تھے۔ باذوق طلباء کی جماعتوں کو گھر پر ہی تعلیم دیتے تھے تقریباً ۱۲۹۱ھ یا ۱۲۹۰ھ میں رامپور حاضر ہو کر اعلیٰ حضرت نے چغمنی کے چند اسباق پڑھے ۱۳۰۳ھ میں آپ کا وصال ہوا [2]

(۳) حضرت مولانا نقی علی خاں صاحب :-

آپ رجب ۱۲۴۶ھ میں محلہ ذخیرہ میں پیدا ہوئے۔ والد ماجد حضرت مولانا رضا علی خاں صاحب سے تعلیم و تربیت پائی۔ بعد فراغت تدریس و تصنیف میں مشغول ہوئے۔ حضرت تاج الفحول کی معیت میں مارہرہ حاضر ہو کر حضرت شاہ آل رسول قدس سرہٗ کے مرید ہوئے اس مجلس میں خلافت سے نوازے گئے۔ ۱۲۹۵ھ میں حرمین شریفین کی زیارت سے مشرف ہوئے۔ حضرت سید احمد دحلان وغیرہ علماء کرام سے سند حدیث حاصل کی ۱۲۹۷ھ ذیقعدہ بروز پنج شنبہ بوقت ظہر اکاون برس کی عمر میں لقائے رب سے ہمکنار ہوئے۔ فرزند ارجمند اعلیٰ حضرت نے بہت سے تاریخی

[1] حیات اعلیٰ حضرت ص ۳۲ [2] تذکرہ کاملان رامپور

Marfat.com
Marfat.com

مواد استخراج کئے انہیں میں سے خاتم اجلۃ الفقہا ہے۔ لے

اعلیٰ حضرت نے مندرجہ ذیل علوم کی تکمیل آپ سے کی۔

۱۔ علم قرآن، ۲۔ علم حدیث ۳۔ اصول فقہ ۴۔ فقہ جملہ مذاہب ۵۔ نحو ۶۔ جدل۔ ۷۔ تفسیر ۸۔ عقائد ۹۔ کلام۔ ۱۰۔ صرف ۱۱۔ معانی ۱۲۔ بیان ۱۳۔ بدیع ۱۴۔ منطق ۱۵۔ مناظرہ۔ ۱۶۔ فلسفہ ۱۷۔ تکسیر ۱۸۔ ہئیات ۱۹۔ حساب ۲۰۔ ہندسہ ۲ے

۴۔ حضرت شاہ ابوالحسین احمد نوری قدس سرہٗ :۔

حضرت مولانا سید شاہ ابوالحسین احمد نوری ابن شاہ ظہور حسن ابن حضرت شاہ آل رسول ۱۹ شوال مطابق ۲۶ دسمبر ۱۸۳۹ء بروز جمعرات پیدا ہوئے۔ آپ کا تاریخی نام مظہر علی ہے۔ حضرت شاہ آل رسول قدس سرہٗ ہر وقت آپ کو پیش نظر رکھتے تھے۔ مدرسین خانقاہ برکاتی سے علوم و فنون حاصل کیا۔ مولانا شاہ محمد سعید بدایونی (م ۱۲۷۰ھ) مولانا فضل اللہ جالیسری (م ۱۲۸۳ھ) مولانا نور احمد بدایونی (م ۱۳۰۱ھ) مولانا ہدایت علی بریلوی (م ۱۳۲۲ھ) آپ کے مشہور اساتذہ میں تھے ۱۲ ربیع الاول کو اپنے دادا سے بیعت ہوئے۔ اور اجازت متعلقہ سے مشرف کئے گئے آپ اپنے وقت کے بہت مشہور شیخ طریقت تھے۔ آپ کا حلقۂ بیعت و ارشاد بہت وسیع تھا۔ حضرت میاں صاحب سے اعلیٰ حضرت نے علم جفر، علم تکسیر اور علم تصوف حاصل کیے۔ ۳ے

اعلیٰ حضرت خود فرماتے ہیں :۔

سنہ ۱۲۹۶ھ میں حضرت (حضرت سید شاہ آل رسول مارہروی) کا وصال ہوا

لے تذکرۂ علماء اہلسنت ص ۲۵۲ ۲ے الاجازات المتینہ ص ۳۵

۳ے تذکرۂ نوری ملخص

Marfat.com
Marfat.com

تو قبل وصال مجھے سیدنا شاہ ابوالحسین نوری اپنے ابن الابن ولیعہد وسجادہ نشین کے سپرد کیا۔ حضرت نوری میاں صاحب سے بعض تعلیم طریقت وعلم تکسیر وعلم جفر وغیرہ میں نے حاصل کئے۔ [1]

(۵)۔ شاہ آل رسول صاحب :۔

حضرت مخدوم شاہ آل رسول مارہروی قدس سرہٗ تیرھویں صدی ھجری کے اکابر اولیاء اللہ میں سے تھے۔ سنہ ۱۲۰۹ھ میں ولادت باسعادت ہوئی۔ اپنے بڑے چچا حضرت اچھے میاں اور والد ماجد حضرت شاہ آل برکات ستھرے میاں قدس سرہما کی آغوش شفقت ومحبت میں تربیت ونشو ونما پائی۔ حضرت عین الحق شاہ عبدالمجید بدایونی حضرت مولانا سلامت اللہ کشفی بدایونی قدس سرہما سے خانقاہ برکاتی میں ابتدائی درسیات پڑھی۔ فرنگی محل کے علماء حضرت ملا نور صاحب مولانا عبدالواسع صاحب سے تکمیل کی سنہ ۱۲۲۶ھ میں مخدوم شیخ العالم عبدالحق صاحب رودولوی کے عرس کے موقع پر مشاہیر علماء ومشائخ کی موجودگی میں دستار بندی ہوئی۔ [2] اسی سنہ میں حضرت اچھے میاں کے ارشاد کے بموجب حضرت مولانا شاہ عبدالعزیز صاحب محدث دہلوی کے درس میں شریک ہوئے۔ صحاح ستہ کا دورہ کرنے کے بعد سلاسل حدیث وطریقت کی سند مرحمت ہوئی۔ اعلیٰ حضرت نے آپ سے تصوف واذکار کی تعلیم حاصل کی۔

سفر حجاز :۔

اعلیٰ حضرت پہلی بار ۱۲۹۶ھ/۱۸۷۸ء میں سفر مکہ ومدینہ اپنے والد کے ساتھ کیا۔ [3] اعلیٰ حضرت نے خود تحریر فرمایا ہے کہ میں نے مکہ میں شیخ احمد بن زینی دحلان مکی (م ۱۳۰۴ھ/۱۸۸۶ء)

---

[1] حیات اعلیٰ حضرت ص ۳۵ [2] تذکرہ علماء اہلسنت ص ۲۲

[3] المیزان امام احمد رضا نمبر ص ۵۵

Marfat.com
Marfat.com

سے تعلیم حاصل کی۔

شیخ عبدالرحمٰن صاحب مکی (م ۱۳۰۱ھ/۱۸۸۳ء) شیخ حسین بن صالح (م ۱۳۰۲ھ/۱۸۸۴ء) سے بھی علوم وفنون کی سندات حاصل کی۔ [1]

اسناد:-

اعلیٰ حضرت کو سند حدیث مسلسل تین واسطوں سے حاصل ہوئی ایک حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ دوسری شاہ عبدالعزیز صاحب محدث دہلوی اور تیسری امام شافعیہ حسین بن صالح جمل اللیل سے جنہوں نے ایک روز بعد نماز مغرب مقام ابراہیم پر آپ کا بازو پکڑا اپنے گھر لائے اور فرمایا۔ انی لاجد نور اللہ فی ھذا الجبین اور صحاح ستہ کی سند عطا کی۔ [2]

حضرت سید احمد دحلان مفتی شافعیہ اور عبدالرحمٰن سراج مفتی حنفیہ نے سند حدیث وفقہ واصول وتفسیر اور دیگر علوم عطا کیا۔ [3]

سند الفقہ مندرجہ ذیل ہے جسمیں ستائیس راویوں سے امام اعظم تک سند پہنچتی ہے اور چار راویوں سے امام اعظم کی سند رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچتی ہے۔

---

[1] الاجازات المتینہ ص ۳۵ ص ۳۹

[2] حیات اعلیٰ حضرت ص ۱۲

[3] تذکرہ علمائے ہند ص ۱۵-۱۶

Marfat.com
Marfat.com

سند الامام في الفقه المنير مسلسلا بالحنفية الكرام والمفتين والمصنفين والمشائخ الاعلام

له بحمد الله تعالى طرق كثيرة من اجلها الى رويه عن سراج البلاد الحرامية مفتي الحنفية بمكة المحمية مولانا الشيخ عبد الرحمن السراج ابن مفتي الاجل مولانا عبد الله السراج عن مفتي مكة سيدي جمال بن عبد الله بن عمر عن الشيخ الجليل محمد بن عابد الانصاري المدني عن الشيخ يوسف بن محمد بن علاء الدين المزجاجي عن الشيخ عبد القادر بن خليل عن الشيخ اسمعيل بن عبد الله الشهير بعلي زاده البخاري عن عارف بالله تعالى الشيخ عبد الغني بن اسمعيل بن عبد الغني النابلسي وهو صاحب الحديقة الندية والمطالب الوفية والتصانيف الجليلة الزكية عن والده مؤلف شرح الدرر والغرر عن شيخين جليلين احمد الشوبري وحسن الشرنبلالي محشي الدرر والغرر وهو صاحب نور الايضاح وشرحيه مراقي الفلاح وامداد الفتاح والتصانيف الملاح برواية الاول عن الشيخ عمر بن نجم صاحب النهر الفائق والشمس الحانوتي صاحب الفتاوى والشيخ علي المقدسي شارح نظم الكنز ورواية الثاني عن الشيخ عبد الله التحريري والشيخ محمد بن عبد الرحمن المسيري والشيخ محمد بن احمد الحموي والشيخ احمد المجي سبقهم عن الشيخ احمد بن يونس الشيلبي صاحب الفتاوى عن سري الدين عبد البر بن الشحنة شارح الرهبانية عن الكمال بن الهمام وهو المحقق حيث اطلق صاحب فتح القدير عن السراج قاري الهداية عن علاء الدين السيرافي عن سيد جلال الدين الجنازي شارح الهداية عن الشيخ عبد العزيز البخاري صاحب الكشف والتحقيق عن جلال الدين الكبير عن امام عبد الستار بن محمد الكردري عن الامام برهان الدين صاحب الهداية عن الامام فخر الاسلام البزدوي عن شمس الائمة الحلواني عن القاضي ابي علي النسفي عن ابي بكر محمد بن الفضل البخاري عن الامام ابي عبد الله السبذموني عن عبد الله بن ابي حفص البخاري عن ابيه احمد بن حفص وهو الامام الشهير بابي حفص الكبير عن الامام الحجة ابي عبد الله محمد بن الحسن الشيباني عن الامام الاعظم ابي حنيفة عن حماد عن ابراهيم عن علقمة والاسود عن عبد الله بن مسعود رضي الله عنه عن النبي صلى الله تعالى عليه وسلم ط

Marfat.com
Marfat.com

سند الحديث المسلسل بالاولية

من طريق الشيخ المحقق عبد الحق المحدث قدس سره

بسم الله الرحمن الرحيم

الحمد لله رب العلمين والصلوة والسلام على رسوله محمد وآله واصحابه اجمعين اما بعد فقد
حدثني السيد الامام الهمام قطب الدين حضرة الشيخ رضي الله تعالى عنه ورضاه وهو اول حديث سمعته
منه قال حدثني السيد السند رحلته زمانه امام اوانه عمي شيخي ومولائي مرشدي السيد آل احمد الملقب باچھے
ميان صاحب المارهروي قدس الله سره العزيز وهو اول حديث سمعته منه قال عن السيد التقي الامام التقي
الوداع الكامل البارع الفاضل العارف بالله الاحد السيد الشاه حمزة بن السيد آل محمد البلجرامي
الحسيني الواسطي وهو اول حديث سمعته منه قال حدثني السيد طفيل محمد الاترولوي وهو اول حديث
سمعته منه قال حدثني السيد السند البارع الاكمل الافضل وحيد زمانه السيد مبارك
فخر الدين البلجرامي رحمة الله تعالى عليه وهو اول الخ قال حدثني الشيخ العالم العامل حاج
الحرمين الشريفين استاذ الشيخ ابو الرضا بن الشيخ اسمعيل الدهلوي احد احفاد الشيخ
عبد الحق الدهلوي سلمه ربه ورحمه الله عليه وهو اول حديث الخ قال حدثنا جدي واستاذي
وشيخي افضل المحدثين الشيخ عبد الحق دهلوي رحمه الله عليه وهو اول الخ قال حدثنا الشيخ
الصالح الموفق عبد الوهاب بن فتح الله البروجي احد فقراء سيدي الشيخ عبد الوهاب المتقي رحمة
الله تعالى عليه وهو اول الخ قال حدثنا الشيخ الكبير محمد بن افلح اليمني وهو اول حديث الخ قال
حدثنا شيخنا امام وجيه الدين عبد الرحمن بن ابراهيم العلوي وهو اول الخ ثني شيخنا الامام
شمس الدين السخاوي القاهري وهو اول الخ ثني جماعة كثيرون اجلهم علما وعملا شيخي الاستاذ
الحجة الناقد شيخ مشائخ الاسلام حافظ العصر الشهاب ابو الفضل احمد بن علي العسقلاني

Marfat.com
Marfat.com

حجر بابن حجر رحمہ اللہ علیہ سماعا من لفظہ وحفظہ وھو اول الخ قال حدثنی بہ جماعۃ کثیرۃ
منھم حافظ الوقت الزین ابو الفضل عبد الرحیم بن الحسین العراقی وھو اول الخ اخبرنی بہ عالیا ان
الشیخ شمس الدین ابو عبد اللہ محمد بن احمد التدمری اجازۃ وھو اول حدیث حدثنیہ عنہ قال
ھو العراقی حدثنا بہ صدر ابو الفاتح محمد بن محمد بن ابراھیم المیدومی اجازۃ وھو اول حدیث حدثنا
قال العراقی سمعتہ منہ وقال التدمری حضرتہ عندہ ثنا بہ النجیب ابو الفرج عبد اللطیف بن عبد المنعم
الحرانی وھو اول الخ ثنا بہ الحافظ ابو الفرج عبد الرحمن بن علی الجوزی وھو اول الخ ثنا بہا ابو سعید
اسمعیل بن ابی صالح احمد بن عبد الملک النیسابوری وھو اول الخ ثنا بہ والدی ابو صالح
احمد بن عبد الملک المؤذن وھو اول الخ ثنا ابو الحسن محمد بن محمد بن محمش الزیادی وھو اول حدیث
الخ ثنا بہ ابو احمد احمد بن محمد بن یحیی بن بلال البزاز وھو اول الخ ثنا بہ عبد الرحمن بن بشر
بن الحکم وھو اول الخ ثنا بہ سفین بن عیینۃ وھو اول الخ من سفین عن عمرو بن دینار عن
ابی قابوس مولی عبد اللہ بن عمر بن العاص عن عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالی عنھما ان رسول اللہ
صلی اللہ تعالی علیہ وسلم قال الراحمون یرحمھم الرحمن تبارک وتعالی ارحموا من فی الارض
یرحمکم من فی السماء

Marfat.com
Marfat.com

سند الحديث من طريق الشاه عبد العزيز دهلوي

بسم الله الرحمن الرحيم

الحمد لله رب العلمين والصلوة والسلام على رسوله محمد وآله واصحابه اجمعين اما بعد فقد حدثني السيد الامام الهمام قطب الزمان حضرة الشيخ رضي الله تعالى عنه وهو اول حديث سمعته منه قال حدثني استاذي علم المحدثين مولانا شاه عبد العزيز دهلوي وهو الخ عن ابيه ذي فضل والجاه مولانا ولي الله وهو الخ قال حدثني السيد عمر من لفظه بجاه قبر النبي صلى الله عليه وسلم وهو الخ قال حدثني جدي الشيخ عبد الله بن سلام البصري وهو الخ قال حدثني يحيى محمد الشهير بالشاوي وهو اول حديث سمعناه منه قال اخبرنا به الشيخ سعيد بن ابراهيم الجزائري الشهير بقدورة قال وهو الخ قال اخبرنا به الشيخ المحقق سعيد بن محمد المقري قال وهو الخ عن الولي الكامل احمد حجي الوهراني قال وهو الخ عن شيخ الاسلام العارف بالله تعالى سيدي ابراهيم التازي قال وهو الخ قال قرأته على المحدث الرباني ابي الفتح محمد بن ابي بكر بن الحسين المراغي قال وهو اول حديث قرأته عليه قال سمعت من لفظ شيخنا زين الدين عبد الرحيم بن الحسين العراقي قال وهو الخ قال حدثنا ابو الفتح محمد بن محمد بن ابراهيم البكري الميدومي قال وهو الخ بمثل الحديث سندا ومتنا قلت ولي في الحديث طريق ثالث عال جدا حدثني مولانا الاجل السيد الشاه ابو الحسين احمد النوري نور الله بنوره المعنوي والصوري قال حدثنا افضل العلماء واورع الاتقياء مولانا احمد حسن الصوفي المرادابادي وهو الخ قال حدثنا حديث الرحمة المسلسل بالاولية الشيخ الناسك احمد بن محمد الدمياطي المشهور بابن عبد الغني وهو الخ بحضرة جمع من اهل العلم قال ثنا به المعمر محمد بن عبد العزيز وهو اول الخ واجازه بجميع مروياته قال حدثنا به الشيخ المعمر ابو الخير بن غموس الرشيدي وهو اول الخ واجازه بجميع مروياته في ربيع الاول سنة اثنين بعد الالف قال حدثنا به شيخ الاسلام الشرف زكريا بن محمد الانصاري وهو الخ قال به خاتمة الحفاظ الشهاب ابو الفضل احمد بن علي بن الحجر العسقلاني وهو اول حديث سمعته منه قال اخبرنا به الحافظ زين الدين ابو الفضل عبد الرحيم بن الحسين العراقي وهو اول حديث سمعته منه الى اخر الحديث سندا ومتنا ط ٠

Marfat.com
Marfat.com

الباب الخامس

احوال ـــــ و ـــــ آثار

Marfat.com
Marfat.com

اعلیٰ حضرت نے اپنی جودت طبع اور ذکاوت فطری کی بناء پر ۱۳ سال ۱۰ مہینے اور پانچ دن کی مختصر مدت ہی میں علوم عقلیہ و نقلیہ سے کمال و تمام فراغت حاصل کرلی تھی جیسا کہ خود فرماتے ہیں :—

"وذلک لمنتصف شعبان سنہ ۱۲۸۶ھ وانا ذلک ابن ثلث عشر عاما عشر شہر وخمسۃ ایام وفی ھذا التاریخ فرضت علی الصلوٰۃ وتوجہت الی الاحکام"۔ [1]

صرف اوقات

۱ — کتب بینی
۲ — فتاویٰ نویسی
۳ — درس و تدریس
۴ — تصنیف و تالیف
۵ — عبادت و ریاضت
۶ — خدمت سادات

کتب بینی :—

اعلیٰ حضرت کے ذوق کتب بینی کا یہ حال تھا کہ ۲۴ گھنٹے میں صرف ڈیڑھ دو گھنٹے آرام فرماتے تھے بقیہ تمام وقت کتب بینی۔ تصنیف و تالیف اور دیگر خدمات دینیہ میں صرف فرماتے — [2]

آپ کے مطالعہ کا طریقہ یہ تھا کہ جس کتاب کو پڑھتے اول سے اخیر تک بالاستیعاب

---

[1] مظہر المناقب ج اول ص ۳۲ [2] سوانح اعلیٰ حضرت ص ۹۱

Marfat.com
Marfat.com

پڑھتے اور ایک ہی بار کے مطالعہ سے کتاب کے تمام مندرجات اور اس مالہٗ و ماعلیہ پر حاوی ہو جاتے۔

ایک مرتبہ آپ پیلی بھیت تشریف لے گئے اور مولانا وصی احمد صاحب محدث سورتی علیہ الرحمہ کے مہمان ہوئے۔ اثنائے گفتگو میں "عقود الدریہ فی تنقیح فتاوے الحامدیہ" کا ذکر چل پڑا۔ حضرت محدث سورتی نے فرمایا کہ وہ کتاب میرے کتب خانہ میں ہے۔ اعلیٰ حضرت نے اس وقت اسے دیکھا نہیں تھا۔ فرمایا — جاتے وقت میرے ساتھ کر دیجئے گا۔ حضرت محدث سورتی نے کتاب لاکر آپ کی خدمت میں پیش کر دی اور یہ بھی فرمایا کہ ملاحظہ فرمانے کے بعد بھیج دیجئے گا۔ آپ کے یہاں کتابیں بہت ہیں اور میرے پاس تو گنتی کی یہی چند کتابیں ہیں جن سے فتویٰ دیا کرتا ہوں —

اعلیٰ حضرت کو اسی دن واپس آنا تھا۔ مگر ایک جاں نثار کی دعوت پر رکنا پڑا۔ آپ نے رات میں عقود الدریہ کی دو ضخیم جلدوں کا مطالعہ فرمالیا۔ دوسرے دن ظہر کی نماز کے بعد بریلی کا قصد فرمایا لیکن عقود الدریہ کو سامان میں رکھنے کی بجائے محدث صاحب کے یہاں واپس بھجوادی اس واقعہ کے بعد محدث صاحب تشریف لائے اور عرض کیا کہ کیا میری اتنی سی گذارش پر کہ "مطالعہ کے بعد کتاب واپس فرمادینگے" آپ کو اتنا ملال ہوا کہ آپ کتاب ابھی واپس کر رہے ہیں۔ آپ نے فرمایا اگر کل ہی جانا ہوتا تو بریلی لے جاتا لیکن جب رک گیا تو شب میں اور صبح میں پوری کتاب دیکھ ڈالی۔ اب لے جانے کی ضرورت نہیں ہے۔ محدث صاحب نے فرمایا کیا ایک مرتبہ دیکھنا کافی ہو گیا۔ آپ نے فرمایا اللہ تبارک و تعالیٰ کے فضل و کرم سے امید ہے کہ دو تین مہینے تک جہاں کی عبارت چاہوں گا فتاویٰ میں لکھ دوں گا۔ اور مضمون تو انشاء اللہ عمر بھر کیلئے محفوظ ہو گیا۔ (حیات اعلیٰ حضرت ص ۳۹-۳۸)

Marfat.com
Marfat.com

اعلیٰ حضرت کے وسعت مطالعہ کا اندازہ آپ کے فتاویٰ کے مطالعہ سے بہ خوبی ہو جاتا ہے

مثلاً آپ نے سماع موتیٰ کے جواز میں جو فتویٰ دیا اس میں ۲۵۷ کتابوں سے حوالے پیش کئے۔

اعلیٰ حضرت نے فتاویٰ رضویہ کا جب خطبہ لکھا تو نوے[۹۰] کتابوں کے ناموں کو اس صنعت کے ساتھ لکھا کہ وہی اسماء خطبہ بن گئے۔ اس سے دو باتوں کا اندازہ ہوتا ہے۔ ایک تو یہ کہ عربی لسانیات پر اس درجہ آپ کو قدرت تھی کہ جس لفظ کو چاہتے اپنے مطلب کے لئے استعمال کر لیتے

دوسرے یہ کہ وہ نوے کتابیں جو صرف فقہی احکام پر مشتمل ہیں۔ نہ صرف یہ کہ وہ سب آپ کی نگاہوں سے گذر چکی تھیں۔ بلکہ ان کے مضامین پر ذہن کی گرفت اتنی سخت تھی کہ کوئی بھی گوشہ آپ کے حاشیۂ خیال سے اوجھل نہیں تھا۔ اس سے آپ کے وسعت مطالعہ کا بخوبی اندازہ ہوتا ہے۔

خطبہ مندرجہ ذیل ہے:۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم — نحمدہٗ ونصلی علی رسولہ الکریم

الحمد للہ ھو الفقہ الاکبر[۱]، والجامع الکبیر[۲]، لزیادات[۳]، فیضہ[۴]، المبسوط[۵]، الدرر[۶]، الغرر[۷]، بہ الھدایہ[۸]، ومنہ البدایہ[۹]، والیہ النھایہ[۱۰]، بحمدہ الوقایہ[۱۱]، والنقایہ[۱۲]، الدرایہ[۱۳]، وعین العنایہ[۱۴]، وحسن الکفایہ[۱۵]، والصلوٰۃ والسلام علی الامام الاعظم المرسل الکرام مالکی[۱۷]، وشافعی[۱۸]، احمد الکرام[۱۹]، یقول الحسن بلا توقف محمد[۲۰]، الحسن[۲۱]، ابو یوسف[۲۲]، فانہ اصل[۲۳]، المحیط[۲۴]، لکل فضل بسیط[۲۵]، وجیز و وسیط[۲۶]، البحر الزخار[۲۷]، والدر المختار[۲۸]، وخزائن الاسرار[۲۹] وتنویر الابصار[۳۰] وردالمحتار[۳۱] علی مسک الفقار[۳۲]، وفتح القدیر[۳۳]، وزاد الفقیر[۳۴]، وملتقی الابحر[۳۵]، ومجمع الانھر[۳۶]

وکنز الدقائق[۳۸]، وتبیین الحقائق[۳۹]، والبحر الرائق[۴۰]، منہ یستمد کل نہر فائق[۴۱]، فیہ المنیہ[۴۲] وبہ الغنیہ[۴۳]، ومراقی الفلاح[۴۴]، وامداد الفتاح[۴۵]، والایضاح اصلاح[۴۶]، ونور الایضاح[۴۷]، وکشف[۴۸]، المضمرات[۴۹]، وحل المشکلات[۵۰]، والدر المنتقی[۵۱]، وینابیع المبتغی[۵۲]، وتنویر البصائر[۵۳]، وزواہر الجواہر[۵۴]، البدائع[۵۵]، النوادر[۵۶]، المنزہ وجوبا عن الاشباہ[۵۷]، والنظائر مغنی[۵۸] السائلین، ونصاب المساکین[۵۹]، الحاوی القدسی[۶۰]، لکل کمال وقدسی[۶۱]، والنسی الکافی[۶۲]، والوافی[۶۳]، الشافی[۶۴]، المصفی المصطفیٰ[۶۵]، المستصفی[۶۶]، المجتبیٰ[۶۷]، المنتقی الصافی[۶۸]، عمدۃ[۶۹] التوازل[۷۰]، وانفع الوسائل[۷۱]، لاسعاف السائل[۷۲]، بعیون المسائل[۷۳]، عمدۃ الاواخر[۷۴]، وخلاصۃ الاوائل[۷۵]، وعلیٰ الہ وصحبہ واہلہ وحزبہ مصابیح الدجیٰ[۷۶]، ومفاتیح الہدیٰ[۷۷]، لاسیما الشیخین[۷۸]، الصاحبین[۷۹]، الاخذین من الشریعۃ والحقیقۃ[۸۰] بکلا الطرفین[۸۱]، والختنین الکریمین کل منہما نور العین[۸۲]، ومجمع البحرین[۸۳]، وعلی مجتہدی ملۃ وائمۃ امتہ[۸۴] خصوصا الارکان الاربعہ[۸۵]، والانوار اللامعہ، وابنہ الاکرم الغوث الاعظم ذخیرۃ الاولیاء[۸۶]، وتحفۃ الفقہا[۸۷]، وجامع الفصولین[۸۸]، فصول الحقائق، والشرع المہذب[۸۹]، بکل زین وعلینا معہم وبہم ولہم یا ارحم الراحمین[۹۰] امین امین والحمد للہ رب العلمین[۹۱]

فتاویٰ کے اکثر جوابات میں بے شمار کتابوں کا ذکر ملتا ہے۔ مجموعی طور سے دیکھا جائے تو ہزاروں کتابیں اعلیٰ حضرت کے مطالعہ سے گذر چکی ہیں۔ اس لئے کہ جو ایک ہزار سے زیادہ کتابوں کا مصنف ہوگا یقیناً وہ اس سے زیادہ کتابوں کا مطالعہ کر چکا ہوگا۔

فتاویٰ نویسی:۔

اعلیٰ حضرت کو فقہ اسلامی میں ایک ممتاز مقام حاصل ہے۔ آپ کے فقیہہ ہونے کا اعتراف عالم اسلام کی مقتدر شخصیتوں اور قابل اعتماد علمائے کرام نے کیا ہے خصوصیت

---

[۹۱] فتاویٰ رضویہ ج اول ص ۲ ۳۔

Marfat.com
Marfat.com

کے ساتھ ہندوستان اور حجاز مقدس میں آپ کو بہت زیادہ مقبولیت حاصل ہوئی۔

اعلیٰ حضرت نے ۱۴ شعبان المعظم ۱۲۸۶ھ / ۱۸۶۰ء سے مسند افتاء کی ذمہ داری سنبھالی۔[1] اور اخیر عمر تک اس منصب پر فائز رہے۔ آپ کی بارگاہ میں ہندوستان کے علاوہ عرب، افریقہ اور ایشیا کے بیشتر ممالک سے سوالات بہ صورت استفتاء آتے رہتے تھے جن کے تحقیقی جوابات حوالہ جات کی توضیح و صراحت کے ساتھ مستفتی کو بھیج دیے جاتے تھے۔

آپ کے فتاویٰ کو دیکھنے کے بعد مکہ معظمہ کے ایک مشہور فاضل سید اسماعیل خلیل حافظ کتب الحرام نے لکھا:۔

واللہ اقول والحق اقول انہ لو رأھا (فتاویٰہ) ابوحنیفۃ النعمان لاقرت عینہ و لجعل مؤلفھا من جملۃ الاصحاب [2]

اعلیٰ حضرت سے استفتاء کرنے والے مشاہیر علماء

نمبر شمار	اسمائے گرامی	تفصیل
۱	ملک العلماء مولانا ظفر الدین صاحب بہاری	فتاوے رضویہ جلد اول ص ۶
۲	مولانا سید ابراہیم صاحب بلگرامی	" " ۲۴
۳	مولانا وصی احمد صاحب محدث سورتی	" " ۳۱۵
۴	مولانا سلطان احمد خاں صاحب	" " ۳۱۶
۵	مولانا بہد شاہ نور عالم صاحب کاسگنج ایٹہ	" " ۵۸۲
۶	مولانا محمد حسین صاحب	" دوم " ۱

[1] سوانح اعلیٰ حضرت ص ۷ [2] الاجازات المتینہ ص ۹

Marfat.com
Marfat.com

نمبر شمار	اسمائے گرامی	تفصیل
۷	مولانا ضیاء الدین صاحب لکھنوی	فتاوے رضویہ جلد دوم ص ۳۴
۸	مولانا محمود الحسن صاحب سہسرام	" " ۳۶
۹	مولانا حفیظ الدین صاحب	" " ۴۱
۱۰	مولانا عبدالحمید صاحب پانی پت	" " ۵۷
۱۱	مولانا سلیم اللہ صاحب لاہور	" " ۱۴۹
۱۲	مولانا ضیاء الدین صاحب پٹنہ	" " ۱۶۹
۱۳	مولانا رضا علی صاحب نقشبندی بہار	" " ۲۲۱
Marfat.com

مولانا عبدالحیٔ صاحب فرنگی محلی ۱۲۶۴ھ/۱۳۰۴ھ

ابوالحسنات مولانا عبدالحیٔ صاحب فرنگی محلی بن عبدالحلیم بن امین اللہ بن محمد اکبر ابی الرحم بن محمد یعقوب بن عبدالعزیز بن محمد سعید بن شیخ قطب الدین لکھنوی ۱۲۶۴ھ میں باندہ میں پیدا ہوئے۔ معقول و منقول کی درسی کتب اپنے والد ماجد حضرت مولانا عبدالحلیم فرنگی محلی سے پڑھیں مفتی نعمت اللہ بن نوراللہ لکھنوی سے ہیئت کی کچھ کتابیں پڑھیں۔ ۱۷ سال کی عمر میں فارغ التحصیل ہوئے حیدرآباد میں درس و تدریس کا کام ایک مدت تک انجام دیا۔ ۱۲۹۳ھ میں حج کیا۔ مکہ معظمہ میں شیخ احمد بن زینی دحلان شافعی مفتی محمد بن عبداللہ بن حمید حنبلی سے سند حدیث حاصل کی۔ مدینہ طیبہ میں شیخ محمد بن محمد شافعی اور شیخ عبدالغنی بن ابی سعید دہلی سے سند حدیث ملی۔ حیدرآباد سے رخصت لیکر لکھنؤ آئے اور زندگی بھر علمی خدمت انجام دیتے رہے علوم و فنون اور احکام مسائل کے ماہر تھے اعلیٰ و تحقیقی اغلاط کی تصحیح و تنبیہ کا کام کرنے کے شائق تھے۔ اسی سلسلے میں علامہ عبدالحق بن علامہ فضل حق خیرآبادی نواب صدیقی حسن خاں بھوپالی مولانا محمد شبیر سہسوانی سے معرکے بھی ہوئے۔ ۲۹ ربیع الاول ۱۳۰۴ھ میں ۳۹ سال کی عمر میں انتقال ہوئے۔ [1]

تصانیف:-

۱۔ التبیان شرح المیزان
۲۔ تکملۃ المیزان
۳۔ الہدیۃ المختاریہ شرح رسالۃ العضدیہ
۴۔ حاشیہ بدیع المیزان
۵۔ التعلیقات السنیہ
۶۔ مقدمۃ الہدایہ

---

[1]

Marfat.com
Marfat.com

۷۔ مقدمۃ الجامع الصغیر المسماۃ بالنافع الکبیر
۸۔ مقدمۃ السعایہ
۹۔ القول الاشرف فی الفتح عن الصحف
۱۰۔ القول المنشور فی ہلال خیر الشہور
۱۱۔ غایۃ المقال فیما یتعلق بالنعال
۱۲۔ قوت المغتذین بفتح المقتدین
۱۳۔ التحقیق العجیب فی التثویب
۱۴۔ تحفۃ الاخیار فی احیاء سنۃ الابرار
۱۵۔ تحفۃ الشفات فی تفاصل اللغات
۱۶۔ نزہۃ الفکر فی سبہۃ الذکر
وغیرہ

مولانا غلام قادر صاحبؒ

حضرت مولانا علام قادر معروف غلام قادر ہاشمی بن مولانا غلام حیدر قدس سرہما ۱۲۶۵ھ / ۱۸۴۹ء میں پھیرہ ضلع سرگودھا میں پیدا ہوئے (پاکستان) ابتدائی تعلیم مولانا غلام محی الدین بگونی اور ان کے برادر خرد مولانا احمد الدین بگونی سے حاصل کی۔ مزید تعلیم کے لئے حضرت مولانا مفتی صدر الدین آزردہ صدر الصدور دہلی کی خدمت میں حاضر ہوئے اور تکمیل علوم کے بعد لاہور تشریف لائے۔ اندرون بھاٹی دروازہ اونچی مسجد میں خطیب مقرر ہوئے۔ اس کے بعد آپ کی تبلیغ و خطابت سے متاثر ہو کر، بیگم شاہی مسجد میں خطیب مقرر ہوئے۔ بعد میں اس کی تولیت آپ ہی کے سپرد کر دی گئی۔ حضرت خواجہ شمس الدین سیالوی قدس سرہٗ سے اجازت و خلافت کا شرف ملا۔ مشہور تذکرہ نویس بزرگ مولانا غلام دستگیر نامی لکھتے ہیں کہ آپ کو لاہور کا قطب سمجھا جاتا تھا۔ [1]

سنہ ۱۸۸۶ء اورینٹل کالج لاہور میں آپ کو عربی کا استاذ مقرر کیا گیا۔ اور دو سال تک درس دیتے رہے ایک بار اسی دوران ایک انگریز کو فتویٰ کی ضرورت پیش آئی

---

[1] بزرگان لاہور ص ۱۸۱

Marfat.com
Marfat.com

تمام علماء نے صاف انکار کر دیا۔ کالج کے علماء کرام کو استعمال کرنا چاہا۔ معزز غلام قادر بھروی کے پاس جب اس کاغذ کو دستخط کے لئے پیش کیا گیا تو آپ نے استعفیٰ پیش کرتے ہوئے فرمایا "میں ملازمت سے دست بردار ہو سکتا ہوں مگر غلط فتویٰ کی تائید نہیں کر سکتا ہوں" پھر آپ نے جامعہ نعمانیہ لاہور کو شرف بخشا اور تمام تر توجہ قرآن و حدیث و فقہ اور دیگر فنون کی تعلیم میں دینے لگے۔ علمی دبدبہ اور طبیعت کے جلال کے سبب کسی کو سامنے آنے کی جرأت کم ہی تھی۔ دیگر مذاہب و فرقۂ باطلہ کی تردید، تحریر و تقریر و وعظ و تبلیغ ہر طرح سے کی۔ پنجاب کے علماء میں سب سے پہلے مرزا قادیانی کے خلاف آپ ہی نے فتویٰ دیا۔ کثرت درس میں مشہور روزگار تھے ۱۱ ربیع الاول ۱۳۳۸ھ / ۱۹۱۹ء کو واصل بحق ہوئے۔ بیگم شاہی مسجد لاہور میں مدفون ہوئے۔

تصانیف:۔

۱۔ الشوارق المحمدیہ
۲۔ کاز حضوری
۳۔ حقیقت انوار محمدیہ
۴۔ جوہر ایمانی
۵۔ نماز ضروری
۶۔ شمس الضحیٰ فی مدح خیر الوریٰ
۷۔ شمس الحنفیہ بجواب نور الحنفیہ
۸۔ اسلام کی گیارہ کتابیں

Marfat.com
Marfat.com

مذکورہ معاصر فقہا کے علاوہ ہندوستان کے مشاہیر معاصر فقہا کی ایک فہرست درج ذیل ہے۔

نمبر شمار	اسمائے گرامی	ولادت	وفات	
۱	آقا حسن بن کلب عابد نصیر آبادی لکھنوی	ربیع الاول ۱۲۸۲ھ	۱۳۴۴ھ	شیعی فقیہ
۲	احمد علی بن کرامت علی صدیقی جونپوری		۱۳۱۷ھ	
۳	احمد علی بن امجد علی فتحپوری	ربیع الثانی ۱۲۹۲ھ		
۴	ادریس بن عبد العلی حنفی	۱۴ شوال ۱۲۷۵ھ	۱۰ شعبان ۱۳۰۳ھ	
۵	اسحاق بن لطیف حنفی ہردوانی	۱۲۸۳ھ	۱۳۵۷ھ	کلکتہ
۶	امام الدین یار محمد کشمیری	۱۲۲۵ھ	۱۳۱۹ھ	
۷	امان الحق بن برہان الحق لکھنوی		۱۳۰۵ھ	لکھنؤ
۸	امانت اللہ بن فصیح غازیپوری		۱۳۱۵ھ	
۹	امیر علی بن معظم علی لکھنوی	۱۲۷۲ھ	۱۳۳۷ھ	
۱۰	انوار اللہ بن شجاع الدین حیدرآبادی	۱۲۶۴ھ	۱۳۳۶ھ	
۱۱	قاضی انور علی حسین لکھنوی		۱۳۱۳ھ	لکھنؤ
۱۲	محمد ایوب بن قمر الدین مظفر نگری		۱۳۱۵ھ	
۱۳	بدر الدین بن شرف الدین پھلواروی	۱۲۹۸ھ	۱۳۴۳ھ	
۱۴	تصدق حسین بن غلام حسین	۱۲۶۳ھ		شیعی فقیہ
۱۵	حسین صدیقی دہلوی	۱۲۶۴ھ		
۱۶	حبیب الرحمٰن بن احمد علی حنفی		۱۳۳۷ھ	سہارنپوری
۱۷	حسن بن سلیمان حنفی پھلواروی		۱۳۳۱ھ	

Marfat.com
Marfat.com

نمبر شمار	اسمائے گرامی	ولادت	وفات	
۱۸	حسن بخش حسین بخش حنفی کاکوروی	سنہ ۱۲۲۱ھ	سنہ ۱۳۰۱ھ	
۱۹	حسین بن محسن الیمانی	سنہ ۱۲۴۵ھ	سنہ ۱۳۲۷ھ	
۲۰	حیدر حسن بن احمد حسن	سنہ ۱۲۸۱ھ	سنہ ۱۳۶۱ھ	
۲۱	دلاور علی حنفی حیدرآبادی		سنہ ۱۳۱۲ھ	حیدرآباد
۲۲	دوست محمد بن محمد امیر حنفی		سنہ ۱۳۲۸ھ	افغانی
۲۳	راغب بن محب اللہ پانی پتی	سنہ ۱۲۶۹ھ	سنہ ۱۳۲۰ھ	حنفی
۲۴	رحمت اللہ بن نوراللہ		سنہ ۱۳۰۵ھ	لکھنوی
۲۵	رضا علی بن سخاوت علی	سنہ ۱۲۴۶ھ	سنہ ۱۳۱۳ھ	
۲۶	ریاست علی شاہجہانپوری		سنہ ۱۳۴۹ھ	حنفی
۲۷	سبط حسین بن رمضان علی		سنہ ۱۳۶۷ھ	شیعی فقیہہ
۲۸	شمس الحق بن امیر علی		سنہ ۱۲۷۳ھ	
۲۹	شوکت علی بن سند علی	سنہ ۱۲۳۴ھ	سنہ ۱۳۲۰ھ	
۳۰	ظفر مہدی بن حسن ذکی	سنہ ۱۲۳۹ھ	سنہ ۱۳۲۰ھ	شیعی فقیہہ
۳۱	عبدالماجد بن قاضی محمد حسن خانپوری	سنہ ۱۲۶۸ھ	سنہ ۱۳۱۳ھ	
۳۲	عبدالحق بن غلام رسول کانپوری		سنہ ۱۳۰۸ھ	شافعی
۳۳	عبدالحمید بن ابراہیم		سنہ ۱۳۰۸ھ	
۳۴	عبدالحلیم بن عبدالحمید		سنہ ۱۳۵۳ھ	
۳۵	قاضی عبدالحق محمد بن اعظم کابلی	سنہ ۱۲۶۷	سنہ ۱۳۳۵ھ	حنفی
۳۶	عبدالحکیم بن احمداللہ صادق پوری		سنہ ۱۳۳۷ھ	〃
۳۷	عبدالرحمٰن بن عنایت اللہ		سنہ ۱۳۶۷	〃

Marfat.com
Marfat.com

نمبر شمار	اسمائے گرامی	ولادت	وفات	
۳۸	عبدالرحمٰن بن عنایت اللہ پانی پتی		سنہ ۱۳۱۴ھ	حنفی
۳۹	عبدالرحمٰن بن محمد ادریس			″
۴۰	عبدالرحیم بن عبدالقادر	سنہ ۱۲۷۲ھ	سنہ ۱۳۴۹ھ	شافعی
۴۱	عبدالرزاق بن جمال الدین لکھنوی	سنہ ۱۲۳۷ھ	سنہ ۱۳۰۳ھ	حنفی
۴۲	عبدالسبحان بن محمد حسن		سنہ ۱۳۰۳ھ	
۴۳	عبدالشکور بن ناظر علی کاکوروی	سنہ ۱۲۹۳ھ	سنہ ۱۳۸۱ھ	
۴۴	عبدالصمد بن غالب حسین		سنہ ۱۳۲۳ھ	
۴۵	عبدالعزیز بن عبدالرحیم لکھنوی		سنہ ۱۳۳۸ھ	
۴۶	عبدالعزیز بن حمزہ		سنہ ۱۳۲۶ھ	حنفی
۴۷	عبدالعلی بن نصیب علی میرٹھی		سنہ ۱۳۴۰ھ	
۴۸	عبدالفتاح بن عبداللہ	سنہ ۱۲۳۴ھ	سنہ ۱۳۲۹ھ	
۴۹	عبدالقادر بن فضل اللہ	سنہ ۱۲۵۱ھ	سنہ ۱۳۲۹ھ	شافعی
۵۰	عبدالقادر بن محمود سورتی	سنہ ۱۳۱۳ھ	سنہ ۱۳۵۱ھ	
۵۱	عبدالکریم مرادآبادی		سنہ ۱۳۷۹ھ	
۵۲	عبداللطیف بن محمد اسحاق			
۵۳	عبداللہ بن آل احمد	سنہ ۱۲۴۸ھ	سنہ ۱۳۰۵ھ	
۵۴	عبداللہ بن انصار علی انبیٹھوی		سنہ ۱۳۲۴ھ	حنفی
۵۵	عبداللہ بن عبدالرحیم اعظم گڈھ	سنہ ۱۲۶۱ھ	سنہ ۱۳۳۷ھ	
۵۶	عبداللہ بن فرزند علی ہازیدپوری		سنہ ۱۳۲۸ھ	
۵۷	عبداللہ بن محمد افضل جونپوری	سنہ ۱۲۹۵ھ	سنہ ۱۳۶۶ھ	

Marfat.com
Marfat.com

نمبر شمار	اسمائے گرامی	ولادت	وفات	
۵۸	عبداللہ بن صبغۃ اللہ ملتانی		۱۳۰۵ھ	
۵۹	عبیداللہ بدایونی		۱۳۰۵ھ	حنفی
۶۰	عبدالمجید بن عبدالحلیم لکھنوی		۱۳۱۵ھ	
۶۱	عظمت بن احمداللہ لکھنوی		۱۳۵۶ھ	
۶۲	علی اکبر بن حیدر علی کاکوروی	۱۲۴۹ھ	۱۳۱۴ھ	
۶۳	انور علی بن اکبر علی علوی کاکوروی	۱۲۶۹ھ	۱۳۲۴ھ	
۶۴	علی بخش بن خدا بخش بدایونی		۱۳۰۳ھ	
۶۵	علی محمد بن محمد لکھنوی	۱۲۶۰ھ	۱۳۱۲ھ	شیعی
۶۶	علی نقی بن محمد علی حیدرآبادی	۱۲۷۷ھ	۱۳۵۴ھ	
۶۷	علیم الدین حسینی بن تصدق حسین انصاری	۱۲۶۰ھ	۱۳۰۶ھ	
۶۸	عنایت اللہ بن محمود سندھی	۱۲۷۶ھ	۱۳۲۷ھ	حنفی
۶۹	عنایت علی بن کرامت علی دہلوی	۱۲۴۲ھ		
۷۰	غلام احمد بن شیخ احمد	۱۲۷۳ھ	۱۳۲۵ھ	
۷۱	غلام حسین بن شیخ محمد		۱۳۴۱ھ	حنفی
۷۲	غلام رسول امرت سری		۱۳۳۵ھ	
۷۳	غلام محمد بن غلام رسول پنجابی	۱۲۸۲ھ	۱۳۲۵ھ	
۷۴	فتح محمد تھانوی		۱۳۲۰ھ	حنفی
۷۵	فخرالدین بن محمد زماں الہ آبادی		۱۳۰۶ھ	
۷۶	فقیر محمد بن محمد شفارش	۱۲۶۰ھ	۱۳۲۲ھ	

Marfat.com
Marfat.com

نمبر شمار	اسمائے گرامی	ولادت	وفات	
۷۷	کرامت اللہ دہلوی			حنفی
۷۸	لطف اللہ بن غنی سعد اللہ رامپوری	سنہ ۱۲۹۴ھ	سنہ ۱۳۳۱ھ	
۷۹	محمد بن نور اللہ گجراتی		سنہ ۱۳۲۰ھ	
۸۰	محمد بن ہاشم سورتی	سنہ ۱۲۵۶ھ	سنہ ۱۳۱۵ھ	
۸۱	محمد اکرم الدین بن مولانا محمد نعیم بکھنوی		سنہ ۱۳۱۱ھ	
۸۲	محمد بشیر بن بدر الدین	سنہ ۱۲۵۱ھ	سنہ ۱۳۲۳ھ	
۸۳	محمد حسن بن بیان افغانی ٹونکی		سنہ ۱۳۱۵ھ	
۸۴	محمد حسن بن ظہور حسین سنبھلی		سنہ ۱۳۰۵ھ	
۸۵	محمد حسن بن نور الحسن بجنوری	سنہ ۱۲۷۷	سنہ ۱۳۱۳	چکرالوی
۸۶	محمد حسن بن محمد گل	سنہ ۱۲۳۸ھ	سنہ ۱۳۳۱ھ	
۸۷	محمد حسین بن احمد حسن نصیر آباد		سنہ ۱۳۰۳ھ	
۸۸	محمد رشید بن عبد القادر		سنہ ۱۳۳۴ھ	
۸۹	محمد سعید بن صبغۃ اللہ	سنہ ۱۲۴۷ھ	سنہ ۱۳۱۴ھ	شافعی
۹۰	محمد شاہ قادری حیدر آبادی		سنہ ۱۳۳۹ھ	
۹۱	محمد عادل بن محی الدین کانپوری	سنہ ۱۲۴۱ھ	سنہ ۱۳۲۵ھ	
۹۲	محمد رشید بن عبد القادر کانپوری		سنہ ۱۳۳۴ھ	
۹۳	محمد سعید بن صبغۃ اللہ مدراسی	سنہ ۱۲۴۷ھ	سنہ ۱۳۱۴ھ	
۹۴	محمد شاہ قادری		سنہ ۱۳۳۹ھ	
۹۵	محمد علی بن محمد اسماعیل بنارسی		سنہ ۱۳۰۳ھ	حنفی
۹۶	محمد علی بن عبد العلی کانپوری	سنہ ۱۲۶۲ھ	سنہ ۱۳۴۶ھ	〃

Marfat.com
Marfat.com

نمبر شمار	اسمائے گرامی	ولادت	وفات
۹۷	محمد فاضل بن محی الدین	۱۲۱۷ھ	۱۳۰۲ھ
۹۸	محمد معصوم بن عبد الرشید سرہندی دہلوی	۱۲۶۷ھ	۱۳۴۱ھ
۹۹	محمد نعیم بن عبد الحکیم فرنگی محلی		۱۳۱۹ھ
۱۰۰	محمد یٰسین بن ناصر علی	۱۲۸۰ھ	۱۳۴۳ھ
۱۰۱	محمود بن غلام محمد	۱۲۰۵ھ	۱۳۳۰ھ
۱۰۲	مسیح الدین بن جمال الدین		۱۳۲۱ھ
۱۰۳	مسیح الدین بن فخر الدین قادری الہ آبادی	۱۲۶۱ھ	۱۳۳۳ھ
۱۰۴	مشتاق احمد بن مخدوم بخش انبیٹھوی		۱۳۶۰ھ
۱۰۵	مصلح الدین بن رجب علی جونپوری		۱۳۰۶ھ
۱۰۶	معین الدین بن عبد الرحمٰن اجمیری	۱۲۹۹ھ	۱۳۵۸ھ
۱۰۷	منصور علی بن محمد حسن علی مراد آبادی		۱۳۳۷ھ
۱۰۸	نور الحق بن خیر الدین		۱۳۳۶ھ
۱۰۹	قاضی وجیہ الدین بن علیم الدین کاکوروی	۱۲۳۲ھ	۱۳۰۵ھ
۱۱۰	وحید الزمان بن مسیح الدین خیر آبادی	۱۲۶۷ھ	۱۳۸۸ھ
۱۱۱	ہدایت اللہ بن محمود سندھی	۱۲۸۱ھ	
۱۱۲	مفتی یحییٰ بن ایوب صدیقی	۱۲۷۹ھ	۱۳۵۰ھ
۱۱۳	یعقوب بن کریم اللہ دہلوی		۱۳۲۴ھ
۱۱۴	یعقوب بن مملوک علی صدیقی نانوتوی	۱۲۴۹ھ	۱۳۰۲ھ

Marfat.com
Marfat.com

نمبر شمار	اسمائے گرامی	ولادت	وفات	
۱۱۵	مولانا رشید احمد گنگوہی	۱۲۴۴ھ	۱۳۲۳ھ	دیوبندی
۱۱۶	مولانا قاسم نانوتوی	۱۲۴۸ھ	۱۲۹۷ھ	//
۱۱۷	مولانا محمود الحسن دیوبندی	۱۲۶۸ھ	۱۳۳۹ھ	//
۱۱۸	مولانا خلیل احمد انبیٹھوی	۱۲۶۹ھ	۱۳۴۶ھ	//
۱۱۹	مولانا عزیز الرحمٰن عثمانی	۱۲۷۵ھ	۱۳۴۷ھ	//
۱۲۰	مولانا اشرف علی تھانوی	۱۲۸۰ھ	۱۳۶۲ھ	//

Marfat.com
Marfat.com

اعلیٰ حضرت کے مشاہیر تلامذہ

۱۔ حضرت مولانا عبدالسلام صاحب جبلپوری

(۱۲۷۲ھ/۱۳۷۳ھ)

آپ کا سلسلۂ نسب حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ سے ملتا ہے۔ تین سال کی عمر میں آپ اپنے والد ماجد حضرت مولانا شاہ محمد عبدالکریم قادری قدس سرہٗ کے ساتھ حیدرآباد دکن سے جبل پور تشریف لائے۔ چودہ سال کی عمر میں قرآن کریم حفظ کیا اور تمام ظاہری و معنوی علوم کی تکمیل اپنے والد ماجد سے کی۔

۱۳۱۲ھ ندوۃ العلماء کے پہلے اور بنیادی جلسۂ لکھنؤ میں آپ مجلس عاملہ کے رکن کی حیثیت سے شریک ہوئے۔ شبلی نعمانی اور ان کے ہم خیال کسی سے آپ کی نہ بنی البتہ حضرت مولانا محمد حسین الہ آبادی سے خوب بنتی تھی چونکہ وہ آپ کے ہم خیال تھے ندوہ کے اجلاس کے موقع پر جب دعوت نامہ موصول ہوا تو آپ کے والد ماجد نے فرمایا۔ جارہے ہو تو بریلی میں حضرت مولانا احمد رضا خانصاحب کی خدمت میں ضرور حاضر ہونا شاید انھیں کی ذات

Marfat.com
Marfat.com

بابرکات سے تمھیں فیض ملنا ہے۔ ندوہ کا ایک بہانہ ہے۔ آپ بریلی تشریف لے گئے ڈپٹی اشفاق حسین صاحب کے دولت کدہ پر قیام تھا۔ درس نظامی میں تبدیل وترمیم پر مجلس عاملہ کی گفتگو نے طوالت اختیار کی۔ شبلی نعمانی سے آپ کی نوک جھونک ہوگئی۔ اعلیٰ حضرت کا رسالہ "سوالات حق نما علیٰ رؤس ندوۃ العلماء" پیش فرما کر جواب طلب کیا۔ اور دونوں حضرات جلسہ سے اٹھ کر چلے آئے۔ قیام گاہ پر پہنچ کر اعلیٰ حضرت کے دولت کدہ پر حاضری دی۔ شاہ محمد عبدالکریم جبل پوری قادری کا لفافہ پہلے پہنچ چکا تھا۔ جسمیں تحریر تھا کہ فقیر زادہ عبدالسلام حاضر ہو رہا ہے۔ اس کی سرپرستی قبول فرمائیے۔ اعلیٰ حضرت نے فرمایا حضرت مولانا عبدالکریم صاحب نے خط کے ذریعہ آپ کو یوں پیش فرمایا۔ گویا وہ موجود ہیں اور آپ کو میرے سپرد کر رہے ہیں۔ ماشاءاللہ آپ یہاں قیام فرمائیں۔ اسباب ڈپٹی صاحب کے یہاں سے منگالئے گئے۔

مولانا عبدالسلام صاحب نے آستانۂ اعلیٰ حضرت پر ایک عرصہ تک قیام فرمایا۔ مولانا حامد رضا خاں کے ساتھ شریک درس رہے۔ جن علوم کی تکمیل اپنے والد ماجد سے کی ان پر مزید علوم ومعارف کی تکمیل بریلی شریف میں اعلیٰ حضرت سے کی اور کم وبیش دس ماہ آستانۂ عالیہ پر گذارے۔ ذیقعدہ ۱۳۱۳ھ میں سند فضلت وخلافت لے کر کامیاب وبامراد جبلپور واپس ہوئے[1]۔ ۱۲ جمادی الاولیٰ ۱۳۷۳ھ مطابق ۱۳ فروری ۱۹۵۳ء کو آپ کا وصال ہوا اور اپنے والد کے پہلو میں عیدگاہ جبلپور میں دفن ہوئے۔[1]

---

[1] ماہنامہ "پاسبان" الہ آباد نومبر و دسمبر ۱۹۵۵ء

Marfat.com
Marfat.com

۲۔ حضرت مولانا حسن رضا خاں صاحب قبلہ

(۱۲۷۶ھ / ۱۳۲۶ھ)

استاد زمن حضرت مولانا حسن رضا خاں صاحب حسن بریلوی فاضل بریلوی کے منجھلے بھائی تھے ابتدائی تعلیم والد گرامی مولانا مفتی نقی علی خاں صاحب اور برادر حضرت فاضل بریلوی سے حاصل کی پھر فصیح الملک داغ دہلوی کی خدمت میں رام پور پہونچے اور شعر گوئی کے میدان میں کمال حاصل کیا پہلے داغ سے عشقیہ شاعری میں مشورۂ سخن کرتے تھے۔ غزلیہ دیوان ثمرۂ فصاحت ہے۔ اعلیٰ حضرت کے فیض صحبت نے نعت گوئی کا ذوق بخشا آپ کا نعتیہ دیوان "ذوق نعت" چھپ کر داد تحسین حاصل کر چکا ہے زبان کی لطافت، بیان کی سادگی، حسن ادا نیز کیف آوری و اثر انگیزی کا بہترین نمونہ ہے آپ نے ادبی و مذہبی دونوں خدمات انجام دیں۔ لیکن مذہبی خدمات زیادہ نمایاں اور غالب رہیں جس کی وجہ سے آپ کی ادبی شخصیت دب گئی۔ شہادت امام حسین پر بھی آپ نے ایک کتاب بنام "انتخاب شہادت مع آئینۂ قیامت" تصنیف فرمائی جس کے متعلق اعلیٰ حضرت فرماتے ہیں کہ کسی سائل نے پوچھا۔ کہ محرم کی مجالس میں جو مرثیہ خوانی ہوتی ہے سننا چاہئے یا نہیں، آپ نے ارشاد فرمایا مولٰنا شاہ عبد العزیز صاحب محدث دہلوی کی کتابیں جو عربی میں ہیں یا میرے بھائی حسن میاں مرحوم کی کتاب آئینۂ قیامت میں صحیح روایات ہیں انہیں سننا چاہئے۔ باقی غلط روایات کے پڑھنے سے نہ پڑھنا اور نہ سننا بہتر ہے۔ [1]

۳ شوال ۱۳۲۶ھ مطابق ۱۹۰۸ء بریلی میں وصال ہوا۔ بریلی سٹی اسٹیشن سے متصل قبرستان میں مدفون ہوئے

---

[1] الملفوظ حصہ دوم ص ۱۹۱

Marfat.com
Marfat.com

اعلیٰ حضرت نے مندرجہ ذیل اشعار میں ان کی تاریخ وفات استخراج فرمایا ہے۔

نعت حسن آمدہ نعت حسن ۔ حسن رضا دہ بزیں سلام
۱۳۲۶ھ

ان من الذوق لسحرھم ۔ ان من الشعر لحکمۃ تمام
۱۳۲۶ھ ۱۳۲۶ھ

کلک رضا داد چناں سال آں ۔ یافت قبول از شہ راس الانام
۱۳۲۶ھ

تصانیف :-

۱۔ ذوق نعت

۲۔ شمرۂ فصاحت

۳۔ دین حسن

۴۔ انتخاب شہادت

۵۔ صمصام حسن بردار فتن

۶۔ ساغر پر کیف

۷۔ نگارستانِ لطافت

Marfat.com
Marfat.com

۳۔ ابوالمحمود سید احمد اشرف جیلانی قدس سرہٗ

(۱۲۸۶ھ / ۱۳۴۳ھ)

عارف باللہ حضرت ابوالمحمود اشرف اشرفی جیلانی کچھوچھوی مشہور روزگار بزرگ حضرت سید شاہ علی حسین اشرفی میاں قدس سرہٗ کے نامور اور باکمال فرزند تھے۔ تاریخی نام ابوالمحمود سید شاہ احمد اشرف ہے۔ یوم جمعہ المبارکہ ۴ شوال سنہ ۱۲۸۶ھ کو آپ کی ولادت باسعادت ہوئی۔ آپ امام احمد رضا فاضل بریلوی کے ابتدائی تلامذہ میں سے تھے۔ [1]

کچھ ابتدائی کتب کچھوچھہ مقدسہ میں پڑھیں درسیات کی تکمیل استاذ الاساتذہ مولانا لطف اللہ علی گڑھی سے کی۔ علم و فضل میں کامل تھے۔ عالم رویا میں سرور کائنات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے آپ کی دستار بندی فرمائی چنانچہ اس خواب سے آپ نے کسی مدرسہ میں دستار بندی کرنے سے انکار کر دیا۔ والد مکرم سے بیعت تھے۔ فاضل بریلوی نے بھی اجازت و خلافت عطا فرمائی۔ نہایت بلند پایہ خطیب تھے۔ پر تاثیر وعظ ہوتا تھا۔ شیخ المشائخ سید شاہ محمد مختار اشرف مدظلہ العالی سنہ ۱۳۳۳ھ آپ کے فرزند ارجمند ہیں۔ شیخ المشائخ سید شاہ علی حسین کی حیات طیبہ ہی میں آپ کا انتقال ہوا۔ [2]

---

[1] الاستمداد علی اجیال الارتداد ص ۹۲ مطبوعہ مظہر فیض رضا برج منڈی لائل پور پاکستان

[2] تذکرہ علمائے اہلسنت ص ۳۰ محمود احمد خادمی مطبوعہ کانپور ۱۳۹۱ھ

Marfat.com
Marfat.com

۴- حجۃ الاسلام مولانا حامد رضا خاں صاحب قبلہ

(۱۲۹۲ھ / ۱۳۶۲ھ)

اسم گرامی محمد عرف حامد رضا اور خطاب حجۃ الاسلام تھا۔ امام احمد رضا فاضل بریلوی قدس سرہٗ کے بڑے صاحب زادہ تھے۔ سنہ ۱۲۹۲ھ کو بریلی میں ولادت ہوئی درسیات کی تمام کتابیں والد ماجد سے پڑھیں تفسیر بیضاوی کے درس میں اپنے عہد کے لاثانی اور بے نظیر مدرس تھے ظاہری حسن و وجاہت کے ساتھ باطنی فضل و کمال کے بھی جامع تھے تفسیر و حدیث کا درس خاص طور پر مشہور تھا۔ عربی ادب میں منفرد حیثیت کے مالک تھے۔ فارسی زبان میں بھی کامل عبور تھا۔ آپ اپنے والد کی تمام خوبیوں کے جامع تھے۔ تلامذہ مریدین اور ناداروں کی دستگیری آپ کا شیوہ تھا۔ حضرت مخدوم شاہ ابوالحسن احمد نوری مارہروی قدس سرہٗ المتوفی سنہ ۱۳۲۴ھ کے مرید و خلیفہ تھے۔ فاضل بریلوی سے بھی اجازت و خلافت تھی۔ مولانا شاہ ابراہیم رضا جیلانی میاں خلف اکبر حضرت مولانا حامد رضا خاں سنہ ۱۳۸۵ھ/۱۹۶۵ء مولانا حشمت علی لکھنوی المتوفی سنہ ۱۳۸۱ھ مولانا حبیب الرحمٰن قادری مدظلہ، مولانا شاہ رفاقت حسین کانپوری آپ کے نامور خلفاء ہیں۔ [1]

سنہ ۱۳۴۲ھ میں آپ زیارت حرمین طیبین سے مشرف ہوئے وہاں حضرت شیخ سید حسین دباغ اور سید محمد مالکی ترکی نے آپ کی قابلیت کو خراج تحسین پیش

---

[1] تذکرہ علماء اہل سنت ص ۸۱-۸۲

Marfat.com
Marfat.com

کرتے ہوئے اعتراف کیا کہ ہم نے ہندوستان کے اطراف واکناف میں محۃ الاسلام جیسا فصیح و بلیغ دوسرا نہیں دیکھا۔ اپنی کیفیت وصال بیان کرتے ہوئے فرمایا کرتے تھے زبان ذکر صلوٰۃ وسلام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں مشغول ہوگی روح قرب وصال کے چھلکتے کیف وسرور کے جام سے محظوظ ہوگی۔ ؎

حضور روضہ ہوا جو حاضر تو اپنی سج دھج یہ ہوگی حامد
خمیدہ سر بند آنکھیں لب پر میرے درود وسلام ہوگا

نماز کے دوران تشہد میں ۱۷ جمادی الاولیٰ ۱۳۶۲ھ مطابق ۲۳ مئی ۱۹۴۳ء اپنے خالق سے جا ملے۔

تصانیف:۔

۱۔ مجموعہ فتاویٰ
۲۔ الصارم الربانی علیٰ اسراف القادیانی
۳۔ ترجمہ الدولۃ المکیہ
۴۔ ترجمہ حسام الحرمین علی منحر الکفر والمین
۵۔ نعتیہ دیوان
۶۔ حاشیہ ملا جلال [1]

---

[1] حاشیہ الاستمداد ص ۸۷-۸۸

Marfat.com
Marfat.com

۵ - ملک العلماء مولانا ظفر الدین بہاری قدس سرہٗ

(۱۳۰۳ھ/۱۳۸۲ھ)

ملک العلماء محمد ظفر الدین قادری بن الملک منشی محمد عبد الرزاق بن کرامت علی بن غلام قادر بن ملک سعادت یار بن ملک تاتار بن ملک بہاء الدین بن ملک محمد اسماعیل بن الہ داد بن ملک غلام محی الدین عرف گدن بن ملک خطاب الملک بن ملک علاء الدین علاء الملک بن داؤد بن ملک حضرت سید ابراہیم ملک بیا غازی عرف ملک بو شہید بن حضرت سید ابو بکر بن سید ابو القاسم عبد اللہ بن سید محمد فاروق بن سید ابو منصور عبد الاسلام بن سید عبد الوہاب بن غوث الثقلین وغیث الکونین حضرت سیدنا الشیخ محی الدین عبد القادر حسنی حسینی جیلانی قدست اسرارھم ونفعنا اللہ ببرکاتہم۔

سلسلۂ نسب کے تیسویں بزرگ مدار الملک سید ابراہیم عرف ملک بو کا سلسلہ بہار میں کافی پھیلا ہوا ہے۔ عالم اسلام کے مشہور بزرگ اور معقولی اور اصولی عالم حضرت ملا قاضی محب اللہ بہاری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ صاحب مسلم العلوم ومسلم الثبوت اسی خاکدان کے نامور فرزند تھے۔ پروفیسر ابو بکر احمد حلیم پرو وائس چانسلر علی گڈھ اور نامور سیاسی قائد وماہر قانون مسٹر محمد یونس، بیرسٹر سابق وزیر اعلیٰ بہار اسی خاکدان سے تعلق رکھتے تھے۔

۱۴ محرم الحرام ۱۳۰۳ھ کو مولانا ظفر الدین بہاری موضع رسول پور میجرہ ضلع پٹنہ عظیم آباد میں پیدا ہوئے۔ اپنی تعلیم کے سلسلے میں مولانا خود تحریر فرماتے ہیں اس دور انگریزی میں کہ ہر شخص سلطنت کی زبان سیکھنے سکھانے کا گرویدہ ہے

Marfat.com
Marfat.com

حضرت عزت حق سبحانہٗ وتعالیٰ کا ہزار ہزار شکر کہ اس نے میرے والد ماجد رحمۃ اللہ علیہ کو مجھے مذہبی عربی تعلیم دلانے کی توفیق بخشی باوجودیکہ بعض خاص عزہ واقارب نے حد سے زیادہ اصرار کیا کہ زمانہ انگریزی سلطنت کا ہے۔ اپنے بچہ کو انگریزی تعلیم دلوایئے مگر انہوں نے پرواہ نہ کی اور مجھے مذہبی عربی تعلیم کی طرف متوجہ فرمایا۔[1]

بروز اتوار شوال ۱۳۱۳ھ مدرسہ حنفیہ غوثیہ موضع بین ضلع پٹنہ میں والد مکرم نے داخلہ کرایا۔ حضرت مولانا مبین الدین ازہر اور حضرت مولانا بدرالدین اشرف اساتذۂ مدرسہ ہذا نے بڑی دلچسپی اور انہماکی سے آپ کی تعلیم کی طرف توجہ دیں متوسطات تک تعلیم حاصل کرنے کے بعد حضرت مولانا قاضی عبدالوحید فردوسی مرحوم رئیس لودی کٹرا پٹنہ سیٹی المتوفی ۱۳۲۶ھ کے قائم کردہ دارالعلوم حنفیہ بخشی محلہ پٹنہ میں داخل ہوئے اس وقت شیخ المحدثین حضرت مولانا شاہ وصی احمد محدث سورتی قدس سرہٗ المتوفی ۱۳۲۲ھ صدارت تدریس کی مسند پر رونق افروز تھے محدث سورتی علیہ الرحمہ امام الحدیث حضرت مومن احمد علی محدث سہارنپوری المتوفی ۱۲۹۷ھ استاذ العلماء مولانا لطف اللہ علی گڑھی المتوفی ۱۳۳۴ھ کے نامور شاگرد تھے۔ حضرت شاہ فضل الرحمٰن گنج مرادآبادی المتوفی ۱۳۱۳ھ سے اجازت وخلافت بھی حاصل تھی مولانا ظفرالدین بہاری ۱۳۱۷ھ تک یہاں مصروف تعلیم رہے آپ پٹنہ سے حصول تعلیم کے لئے کانپور پہونچے اور استاذ زمن حضرت مولانا احمد حسن کانپوری قدس سرہٗ المتوفی ۱۳۱۲ھ سے علوم وفنون کی امہات الکتبہ کا درس لیا۔ حضرت مولانا شاہ عبداللہ کانپوری المتوفی ۱۳۴۳ھ سے ہدایہ آخرین تحقیق سے پڑھی اور مولانا قاضی عبدالرزاق کانپوری علیہ الرحمہ المتوفی ۱۳۴۶ھ سے کتب حدیث میں استفادہ کیا۔

---

[1] دیباچۂ حیات اعلیٰ حضرت

Marfat.com
Marfat.com

کانپور سے پھر اپنے مشفق استاد حضرت محدث سورتی کی خدمت میں پیلی بھیت پہونچے جہاں وہ پٹنہ سے پہلے ہی جا چکے تھے۔ امام اہل سنت مولانا احمد رضا خاں فاضل بریلوی جن کا محدث سورتی اپنے درس کے دوران بار بار ذکر کرتے جس سے آپ کا اشتیاق بڑھا اور ۱۳۲۲ھ ہی میں فاضل بریلوی کی خدمت میں بریلی پہونچے۔ فاضل بریلوی کی تصنیفی مصروفیات اور افتاء وغیرہ شدید بار کی وجہ سے کچھ دنوں کے لئے مدرسہ اشاعت العلوم بریلی میں رہنا پڑا اور دارالافتاء رضویہ میں حاضر ہو کر مشق افتاء کرتے رہے آپ کے ساتھ آپ کے ہم وطن حضرت مولانا سید شاہ عبدالرشید عظیم آبادی علیہ الرحمہ والرضوان بھی تھے۔ کچھ دنوں کے بعد آپ مستقل طور پر فاضل بریلوی کی خدمت میں حاضر ہو کر کسب فیض کرنے لگے اپنی اس نسبت پر فخر کرتے ہوئے لکھتے ہیں اور پھر ان تمام نعمتوں کے علاوہ سونے پر سہاگہ یہ کہ اعلیٰ حضرت امام اہل سنت مجدد مأۃ حاضرہ مؤید ملت طاہرہ مولانا مولوی حافظ قاری شاہ احمد رضا خاں صاحب قادری برکاتی بریلوی نے بیعت و تلمذ و ارشاد و خلافت کے شرف سے مشرف فرمایا جو شریعت مطہرہ و طریقت منورہ کی علمی تصویر تھے۔ جن کا ہر قول شریعت کا رہنما۔ جن کا ہر فعل احکام الٰہی کا انباع جنہوں نے بلا خوف لومۃ لائم مسائل شرعیہ و مسائل فقہیہ کی تعلیم و تبلیغ فرمائی اور عمر بھر تالیف و تصنیف افتاء و تدریس کے ذریعہ لوگوں کی ہدایت و رہنمائی فرمائی۔ [1]

فاضل بریلوی چونکہ کسی باقاعدہ مدرسہ میں تعلیم نہیں دیتے تھے اور کوئی مدرسہ بھی نہیں تھا۔ اس کمی کو آپ نے شدت سے محسوس کیا اور حجۃ الاسلام مولانا حامد رضا خاں صاحب بریلوی المتوفی ۱۳۶۲ھ سے اپنا خیال پیش کیا ان حضرات نے

---

[1] دیباچہ حیات اعلیٰ حضرت جلد اول مطبوعہ کراچی ص

Marfat.com
Marfat.com

باہم مشورہ کرکے مولانا سید حکیم امیر اللہ بریلوی المتوفی ۱۳۲۲ھ کو فاضل بریلوی سے اس موضوع پر گفتگو کے لئے آمادہ کیا۔ قیام مدرسہ کو آپ نے بڑی مشکل سے منظور کیا کیونکہ دیگر مشاغل کی کثرت تھی مولنا حسن بریلوی نے (تلمیذ داغ دہلوی) اس مدرسہ کا نام منظر اسلام رکھا جس سے ۱۳۲۳ھ کا استخراج ہوتا ہے۔ منظر اسلام کے سب سے پہلے صدر مدرس حضرت مولانا بشیر احمد علی گڑھی تلمیذ رشید حضرت مفتی لطف اللہ علی گڑھی سے بھی آپ نے اکتساب فیض کیا۔ صحیح بخاری و مسلم از اول تا آخر آپ نے فاضل بریلوی سے پڑھی ۱۳۲۵ھ میں فاضل بہاری اور مولانا عبدالرشید صاحب عظیم آبادی جو اس مدرسہ کے سب سے پہلے طالب علم تھے ان کی دستار بندی ہوئی فاضل بہاری اس مدرسہ میں مدرس مقرر کرلئے گئے۔ کچھ دنوں کے بعد حاجی عبدالرزاق قادری رضوی مقیم شملہ کے شدید اصرار پر فاضل بریلوی نے آپ کو جامع مسجد شملہ کی امامت اور خطابت پر مامور کر دیا۔ یہاں یہ مشہور ماہر ریاضیات ڈاکٹر سر ضیاء الدین سابق وائس چانسلر مسلم یونیورسٹی علی گڈھ سے آپ ملے اور انہوں نے اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی سے جن مسائل ریاضی کا حل پوچھا تصدیق کی۔ حضرت مولانا رحیم بخش قادری رضوی المتوفی ۱۳۴۲ھ نے مدرسہ فیض الغرباء آرہ کیلئے شدید اصرار کیا اور درخواست کی کہ آپ فاضل بہاری کو ہمارے مدرسہ کیلئے بھیج دیجئے چنانچہ ۱۳۳۰ھ میں فیض الغرباء پہونچے اور پھر وہیں سے تقریباً سال بھر کے بعد الحاج سید نورالہدیٰ پٹنہ میں تشریف لائے۔

الحاج سید نورالہدیٰ المتوفی ۱۹۳۵ء ایم اے ایل ایل ایم کیمبرج یونیورسٹی انگلینڈ نے اپنے دیرینہ دوست عزت مآب سر سید فخرالدین وزیر تعلیم حکومت بہار و اڑیسہ و دیگر دیندار حضرات کی رائے سے یکم نومبر ۱۹۱۳ء (۱۳۳۱ھ) کو مدرسہ شمس الہدیٰ کی بنیاد ڈالی تھی اور تفسیر و حدیث و فقہ کے درجات کھولے گئے۔

Marfat.com
Marfat.com

کچھ دنوں بعد جب مولانا مشتاق احمد کانپوری المتوفی ۱۳۵۳ھ میں مولانا احمد حسین کانپوری معینہ عثمانیہ اجمیر شریف تشریف لے گئے تو آپ کو استاد تفسیر و حدیث اور مدرس اول منتخب کیا گیا۔

حضرت سید شاہ ملیح الدین کبیری سجادہ نشین خانقاہ کبیریہ سہسرام جو فاضل بریلوی کے مخلصوں میں سے تھے۔ انہوں نے حضرت مولانا شاہ حفیظ الدین صدر مدرس مدرسہ خانقاہ کبیریہ کے انتقال کے بعد فاضل بریلوی سے فاضل بہاری کی مانگ کی منظوری کے بعد انہوں نے فاضل بہاری کو سہسرام کی دعوت کی۔ اور منظوری کی فاضل بریلوی کو اطلاع بھی دی چنانچہ ۱۳۳۳ھ کے اواخر میں آپ سہسرام بحیثیت صدر مدرس تشریف لے گئے۔

مولانا محمود احمد قادری شمس الہدیٰ کے بارے میں لکھتے ہیں کہ یکم جنوری ۱۹۲۰ء میں مدرسہ حکومت کے زیر اثر آگیا۔ سپردگی کے وقت مدرسہ اسلامیہ شمس الہدیٰ میں نو مدرسین تھے نئے انتظام کے بعد پرنسپل کے علاوہ پندرہ مدرسین کر دیئے گئے اس وقت مدرسہ کی نیک نامی کے لئے مرحوم جج صاحب نے حضرت الاستاذ ملک العلماء کو بلانا بہت ضروری سمجھا چنانچہ حضرت الاستاذ دوبارہ ۱۳۳۸ھ کو سہسرام سے منتقل ہو کر شمس الہدیٰ آگئے۔ اور فنون کی اعلیٰ کتابوں کی تدریس میں مشغول ہو گئے۔ فقہ و حدیث اور ہیئت میں ان کا درس دور دور مشہور ہوا۔ ۱۶ جولائی ۱۹۴۸ء میں جامعہ کے شیخ اور پرنسپل ہو گئے۔ ۲۲ نومبر ۱۹۴۹ء سے ۱۸ اکتوبر ۱۹۵۰ء تک خرابی صحت کی وجہ سے فرصت لے کر آرام فرمایا۔ ۱۹ اکتوبر ۱۹۵۰ء کو ایک طویل مدت کی علمی خدمت کے بعد پنشن پر ریٹائر ہوئے۔ [1]

۱۳۶۷ھ سے ۱۳۷۰ھ تک ظفر منزل شاہ گنج پٹنہ میں مقیم رہے۔ حضرت سید شاہ

---

[1] ماہنامہ اشرفیہ ص ۲۱ جلد ۲ شمارہ ۱۰ جولائی ۱۹۸۶ء

Marfat.com
Marfat.com

شاہد حسین سجادہ نشین تکیہ حضرت شاہ رکن الدین عشق پٹنہ المتوفی سنہ ۱۳۰۳ھ قدس سرہٗ کی استدعا پر ۲۹ شوال المکرم سنہ ۱۳۰۱ھ میں کٹیہار میں جامعہ لطیفیہ بحر العلوم کا افتتاح کیا۔ اور اس کے صدر مدرس کے عہدہ کو رونق بخشی سنہ ۱۳۸۰ھ میں علالت کی وجہ سے ظفر منزل پٹنہ آگئے۔ ۱۹ جمادی الاخریٰ سنہ ۱۳۸۲ھ مطابق ۱۸ نومبر سنہ ۱۹۶۲ء شب دوشنبہ سپیدۂ سحر نمودار ہونے سے پہلے ذکر اللہ اللہ کرتے کرتے جان جاں آفریں کے سپرد کر کے واصل الی اللہ ہوئے۔

حضرت شاہ ایوب ابدالی شاہدی رشیدی اسلام پوری نے جنازہ کی نماز پڑھائی۔ [1] ان کا مزار پاک محلہ شاہ گنج پٹنہ ۶ میں ہے۔

فاضل بہاری کی تصانیف

اسمائے کتب	مطبع	سنہ طباعت
۱۔ ظفر الدین الجید	حسنی پریس بریلی	
۲۔ الحسام المسلول علیٰ منکر علم الرسول	" "	۱۳۲۳ھ
۳۔ شجم الکشرہ علی الکلاب المطرہ		۱۳۲۹ھ
۴۔ النیراس لدفع ظلام النہاس		۱۳۲۹ھ
۵۔ توضیح التوقیت پٹنہ		
۶۔ المغنی عن شروح المغنی		
۷۔ رفع الخلاف من بین الاحناف		
۸۔ نزول السکینہ		

[1] تذکرہ علماء اہلسنت ص ۱۱۲

Marfat.com
Marfat.com

اسمائے کتب	مطبع	سن طباعت
۹۔ خیر السلوک فی نسب		
۱۰۔ جواہر البیان فی ترجمۃ خیرات الحسان		
۱۱۔ القوی الاطمرنی الاذان بین یدی المنبر		
۱۲۔ گنجینہ مناظرہ	اہلسنت پریس بریلی	۱۳۲۴ھ
۱۳۔ کشف الشور عن مناظرۃ رام پور		
۱۴۔ موذن الاوقات		
۱۵۔ عافیہ		
۱۶۔ وافیہ		۱۳۳۵ھ
۱۷۔ تقریب		
۱۸۔ تذہیب		
۱۹۔ القصر المبنی علیٰ بناء المفتی		
۲۰۔ نظم المبانی فی حروف المعانی		
۲۱۔ تحفۃ الاجبار فی احوال الاخبار		
۲۲۔ الاکسیر فی علم التکسیر		
۲۳۔ سرور المحزون فی البصر عن العیون		
۲۴۔ الجمل المعدد لتالیفات المجدد		
۲۵۔ تنویر السراج فی ذکر المعراج		
۲۶۔ حیات اعلیٰ حضرت۔		
۲۷۔ الجامع الرضوی الجزء الاول	عقائد کے بیان میں ہے۔	
۲۸ " الجزء الثانی	طہارۃ وصلاۃ کے بیان میں ہے	

Marfat.com
Marfat.com

اسمائے کتب	مطبع	کیفیت
۲۹۔ الجامع الرضوی الجزء الثالث		زکوٰۃ روزہ حج کے بیان میں
۳۰۔ 〃 الجزء الرابع		کتاب النکاح تا وقف
۳۱۔ 〃 الجزء الخامس		کتاب البیوع تا غصب
۳۲۔ 〃 الجزء السادس		کتاب الشفعہ تا فرائض

۶۔ مولانا عبدالاحد صاحب

(۱۸۸۳ء/ ۱۳۵۲ھ)

مولنا الحاج عبدالاحد قادری برکاتی خلف الرشید حضرت مولنا وصی احمد محدث سورتی قدس سرہٗ ۱۸۸۳ء میں پیلی بھیت میں پیدا ہوئے مدرسۃ الحدیث میں داخل ہوکر اپنے والد گرامی سے تکمیل درسیات کیا۔ ۱۹۱۳ء میں تکمیل الطب کالج لکھنؤ سے طب کی تعلیم حاصل کی۔ لکھیم پور مطب کیا۔ مدرسہ حنفیہ پٹنہ مدرسۃ الحدیث پیلی بھیت میں تدریسی خدمات انجام دی زور خطابت سے خوش ہوکر اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی نے سلطان الواعظین کا خطاب دیا۔ اعلیٰ حضرت سے اجازت و خلافت حاصل کی ۱۳۳۳ھ میں اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی کی معیت میں سفر حج کیا۔ تحریک آزادی میں زبردست حصہ لیا ۱۳ شعبان ۱۳۵۲ھ میں لکھنؤ میں وفات پائی۔

Marfat.com
Marfat.com

۷۔ حضرت مولانا مصطفیٰ رضا خاں صاحب مفتیٔ اعظم ھند

(۱۳۱۰ھ)

آل الرحمٰن مصطفیٰ رضا ابن اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی قدس سرہٗ زیب سجادہ رضویہ بریلی شریف ۲۲ ذی الحجہ ۱۳۱۰ھ میں پیدا ہوئے۔ حضرت مخدوم ابوالحسین احمد نوری جانشین حضرت شاہ آل رسول ابوالبرکات محی الدین جیلانی نام رکھا محمد کے نام پر عقیقہ ہوا۔ حضرت مولانا رحم الٰہی بنگلوری سے آپ نے خصوصی تعلیم حاصل کی ۱۳۲۸ھ میں آپ کو افتاء کی ذمہ داری سونپی گئی اور ابوالبرکات محی الدین جیلانی آل الرحمٰن محمد عرف مصطفیٰ رضا کی مہر بنوا کر اعلیٰ حضرت نے آپکو عطا کیا۔ دوسرا سفر حج ۱۳۹۰ھ میں بغیر فوٹو ہوا۔ اس میں سید علوی مالکی شیخ الحرم المکی اور علامہ سید محمد بن امین و دیگر علماء کرام نے سند حدیث حاصل کیا۔ آپ کو شعر و سخن سے بھی لگاؤ ہے۔

تصانیف و تراتیب

۱۔ سامان بخشش

۲۔ فتاویٰ مصطفویہ

۳۔ الموت الاحمر

۴۔ وقایۃ اہل السنہ عن مکر دیوبند والفتنہ

۵۔ مقتل الکذب الجہل

۶۔ مقتل کذب وکید

۷۔ النکتہ اعلیٰ مراء کلکتہ

۸۔ الملفوظ جلد اول

۹۔ 〃 جلد دوئم

۱۰۔ 〃 جلد سوئم

۱۱۔ 〃 جلد چہارم

۱۲۔ ادخال السنان

Marfat.com
Marfat.com

۱۳۔ کشف ضلال دیوبند
۱۴۔ وقعات السنان
۱۵۔ الکادی فی العادی
۱۶۔ القشم القاصم
۱۷۔ اشد الباس
۱۸۔ نور العرفان
۱۹۔ وہابیہ کی تقیہ بازی
۲۰۔ القول العجیب
۲۱۔ القسورہ
۲۲۔ سیف الجبار
۲۳۔ طرق الہدیٰ
۲۴۔ تنویر الحجہ

۸۔ صوفی قلندر علی سہروردی

(المتوفی ۱۳۷۷ھ)

ابوالفیض قلندر علی سہروردی گیلانی کے چشم و چراغ ہیں کوٹلی لوہاران ضلع سیالکوٹ وطن ہے۔ آٹھ سال کی عمر میں یتیم ہو گئے۔ مڈل تک تعلیم حاصل کرنے کے بعد دینی تعلیم کے شوق میں دیوبند پہونچے ایک رات قیام کے بعد اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی قدس سرہٗ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ تقریباً ڈھائی سال تک قیام کیا اور علوم دینیہ کا استفادہ امام اہل سنت سے کیا۔ [1]

حیات گڑھ ضلع گجرات میں حضرت میاں غلام محمد سہروردی قدس سرہٗ کے دست مبارک پر بیعت ہوئے اور اجازت و خلافت سے مشرف ہوئے۔ شیر ربانی میاں شیر محمد سے بھی استفادہ کیا۔ ایک عرصہ تک جامع مسجد جو بدایاں قلعہ گوجر سنگھ میں خطیب رہے۔ بروز بدھ ۲۷ صفر المظفر ۱۳۷۷ھ

---

[1] سہروردی اولیاء کرام ص ۳۶۶ محمد دین کلیم نور نج لاہور ۱۹۶۹ء

Marfat.com
Marfat.com

مطابق ۱۰ ستمبر ۱۹۵۸ء آپ کا وصال ہوا۔ نماز جنازہ مفتی اعظم پاکستان مولانا ابوالبرکات سیّد احمد قادری نے پڑھائی۔ [1]

تصانیف :-

۱۔ جمال الٰہی
۲۔ جمال رسول
۳۔ سیاح الامکاں
۴۔ رسالۂ علم غیب
۵۔ تذکرہ سہروردیہ
۶۔ انوار سہروردیہ
۷۔ میلاد رسول
۸۔ حلیۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم
۹۔ الفقہ فخری
۱۰۔ پردۂ نسواں

[1] تذکرۂ اہل سنت جلد اول ص ۴۰۷-۴۰۸

Marfat.com
Marfat.com

۹- مولانا سیّد محمد کچھوچھوی محدث اعظم ہند

(۱۳۱۱ھ / ۱۳۸۳ھ)

محدث اعظم ہند مولانا الحاج سید شاہ محمد بن مولانا حکیم اشرف نماز فجر سے پہلے ۱۵ ذوالقعدہ ۱۳۱۱ھ کو جائس ضلع رائے بریلی میں پیدا ہوئے فارسی اپنے والد ماجد اور اساتذۂ آستانہ سے پڑھی، بقیۃ سلف حضرت علامہ شاہ عبدالباری بن مولانا شاہ عبدالوہاب بن شاہ عبدالرزاق بن محمد جمال الدین فرنگی محلی و دیگر اساتذۂ مدرسہ نظامیہ فرنگی محل لکھنؤ سے عربی کی تعلیم حاصل کی اور درسیات میں عبور و کمال حاصل کیا پھر آٹھ سال بعد علی گڈھ حاضر ہو کر استاذ الاساتذہ مولانا لطف اللہ صاحب قدس سرہٗ المتوفی ۱۳۳۵ھ (۱۹۱۶ء) شرح تجرید اور رافق المبین کا درس لیا۔ مولانا لطف اللہ صاحب نے آپ کو دلچسپی اور محنت سے پڑھایا۔ اور فراغت کی سند میں آپ کے نام کے ساتھ لفظ علامہ تحریر فرمایا۔ حضرت شاہ مطیع الرسول محمد عبدالقدیر بدایونی المتوفی ۱۳۴۴ھ سے پیلی بھیت میں حدیث پڑھ کر سندِ حدیث حاصل کی محدث اعظم فرماتے ہیں کہ جب تکمیل درس نظامی و تکمیل درس حدیث کے بعد میرے مربیوں نے کار انتہا کے لئے اعلیٰ حضرت کے حوالے کیا۔ زندگی کی یہی گھڑیاں میرے لئے سرمایۂ حیات ہو گئیں۔ اور میں محسوس کرنے لگا کہ آج تک جو کچھ پڑھا تھا وہ کچھ نہ تھا اور آج ایک دریائے علم کے ساحل کو پا لیا ہے۔ علم کو راسخ فرمانا اور ایمان کو رگ و پے میں اتار دینا اور صحیح علم دے کر نفس کا تزکیہ فرما دینا یہ وہ کرامت تھی جو ہر ہر منٹ پر

Marfat.com
Marfat.com

صادر ہوتی رہتی تھی"۔ [1]

اپنے ماموں حضرت سید شاہ احمد اشرف قدس سرہٗ المتوفی ۱۲۸۶ھ سے مرید ہوئے اور تکمیل سلوک کر کے درجۂ کمال کو پہونچے۔ آپ کے تذکرہ نگاروں نے لکھا ہے کہ تقریبًا پانچ ہزار غیر مسلم آپ کے دست حق پرست پر مشرف باسلام ہوئے۔ لاکھوں مریدین ہند و بیرون ہند میں پھیلے ہوئے ہیں خطابت کا آپ کو فطری ملکہ تھا۔ چار مرتبہ زیارت حرمین شریفین سے مشرف ہوئے۔

"فرش پر عرش" آپ کا کلام زیور طبع سے آراستہ ہو چکا ہے۔ آپ نے قرآن حکیم کا اردو ترجمہ بھی کیا تھا۔ اس کے ابتدائی حصہ کو ملاحظہ کر کے امام اہل سنت فاضل بریلوی نے آپ کی بے حد تعریف فرمائی۔ آپ علماء اہل سنت کے درمیان اتحاد کے زبردست علمبردار تھے۔ سرزمین بنارس کی عظیم اور تاریخی آل انڈیا سنی کانفرنس منعقدہ ۱۳۶۶ھ مطابق اپریل ۱۹۴۷ء کے موقع پر باتفاق آراء آپ کو صدر عمومی منتخب کیا گیا۔ تازندگی جماعت رضائے مصطفیٰ بریلی کے آپ صدر رہے۔ دارالعلوم اشرفیہ مبارکپور کے مدت العمر سرپرست رہے۔ اکناف ہند کے ہزاروں دینی مدارس آپ کی سرپرستی میں دینی خدمات میں مصروف عمل ہیں علامہ مدنی میاں کچھوچھوی آپ کے فرزند وسط ملک کے نامور خطیب ہیں، ۱۷ رجب المرجب ۱۳۸۳ھ میں بمقام لکھنؤ آپ نے وفات پائی۔ کچھوچھہ مقدسہ میں مدفون ہوئے۔ [2]

---

[1] خطبۂ صدارت محدث اعظم ہند ۱۳۷۹ھ المیزان امام احمد رضا نمبر ص ۲۴۴

[2] تذکرہ علماء اہل سنت ص ۲۳۵-۲۴۶

Marfat.com
Marfat.com

۱۰۔ مولانا رحیم بخش صاحب

(المتوفی سنہ ۱۳۴۲ھ)

مولانا محمد رحیم بخش آروی قادری برکاتی رضوی نے رام پور سہارنپور کے اساتذہ سے درسیات کی تعلیم حاصل کی حضرت مولانا عبدالرحمٰن صاحب ناصری گنج سے پھلواری شریف میں چند کتابیں پڑھیں۔ یہیں سید سلیمان ندوی نے آپ سے درس لیا۔ اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اجازت و خلافت حاصل تھی۔ اپنے وطن کے مدرسہ حنفیہ میں مدرس ہوئے۔ اختلاف نظریات کے باعث فیض الغرباء کے نام سے ایک نئے مدرسے کی بنیاد ڈالی۔ حضرت شاہ فریدالدین رحمۃ اللہ علیہ نے آپ کا تعاون فرمایا۔ آپ کی دعوت پر اعلیٰ حضرت اکثر آرہ تشریف لے جاتے۔ اور فارغ ہونے والے طلباء کی دستار بندی فرماتے مولانا شاہ عبدالغفور، علامہ ابراہیم بلیاوی۔ مولانا ولی الرحمٰن پوکھریروی، سید سلیمان ندوی آپ کے مشاہیر تلامذہ ہیں۔ ۸ شعبان سنہ ۱۳۴۲ھ کو انتقال ہوا۔

۱۱۔ مولانا حافظ یقین الدین صاحب (المتوفی سنہ ۱۳۷۰ھ)

مولانا یقین الدین برنی اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی کے تلمیذ رشید اور خلیفہ تھے ترک تقلید وغیرہ مسائل پر شیخ محمد طیب مکی پرنسپل مدرسہ عالیہ رامپور کے رد میں کتاب تالیف کی دارالافتاء بریلی شریف میں فتاویٰ نویسی کیا کرتے تھے۔ حافظ قرآن تھے۔ ۱۱ جمادی الاخریٰ سنہ ۱۳۷۰ھ میں بریلی میں وصال ہوا۔ [1]

---

[1] تذکرۂ علماء اہلسنت ص ۲۶۴

Marfat.com
Marfat.com

۱۲- مفتی اعجاز ولی خاں صاحبؒ

مفتی محمد اعجاز ولی خاں صاحب ابن مولانا سردار علی خاں صاحب ابن مومن باری علی خاں صاحب بن مولانا رضا علی خاں صاحب جد امجد مولانا شاہ امام احمد رضا فاضل بریلوی قدست اسرارہم ۱۱ ربیع الثانی ۱۳۳۲ھ مطابق ۲۰ مارچ ۱۹۱۴ء کو بریلی شریف میں پیدا ہوئے۔ اعلیٰ حضرت سے قرآن مجید شروع کیا۔ اور حافظ عبدالکریم قادری بریلوی سے پڑھا۔ مولانا تقدس علی خاں شیخ الحدیث جامعہ اشرفیہ ببرکوٹ سندھ۔ مولانا مختار احمد سلطان پوری۔ مولانا محمد حسنین رضا بریلوی سے درس بتوسطات تک کی تعلیم حاصل کی۔ مولانا مصطفیٰ رضا خاں بریلوی سے شرح جامی اور مولانا سردار علی خاں سے جلالین شریف پڑھی۔ ۱۳۵۲ھ میں مولانا مصطفیٰ رضا خاں مفتی اعظم ہند سے سند حدیث حاصل کی۔ بعد ازاں حجۃ الاسلام مولانا حامد رضا بریلوی سے بھی سند حدیث حاصل کی۔ مزید حصول تعلیم کے لئے صدر الشریعہ مولانا امجد علی صاحب اعظمی مصنف بہار شریعت کے مدرسہ سعیدیہ علی گڈھ پہونچے اور تحصیل علوم کے بعد سند حدیث حاصل کی اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی سے بیعت در سلسلۂ عالیہ قادریہ اور مفتی اعظم ہند سے سلسلۂ قادریہ میں اجازت و خلافت سے مشرف ہوئے۔

تکمیل علوم کے بعد این بی ہائی اسکول بریلی و دار العلوم منظر الاسلام بریلی اور دار العلوم مظہر اسلام بریلی میں تعلیم دی۔ ۱۹۴۵ء میں مدرسہ منہاج العلوم پانی پت تشریف لے گئے۔ پھر ایک سال کے بعد منظر اسلام بریلی تشریف

Marfat.com
Marfat.com

لائے۔ تقسیم ہند کے بعد ۲۰ دسمبر ۱۹۴۷ء کو جامعہ محمدی شریف جھنگ پاکستان میں ۱۹۵۱ء تک شیخ الحدیث رہے۔ بعدازاں کچھ عرصہ دارالعلوم اہل سنت وجماعت جہلم میں رہے۔ جون ۱۹۵۴ء میں شیخ الحدیث والفقہ کی حیثیت جامعہ نعیمیہ لاہور تشریف لے گئے۔ اور چھ سال تک بحسن وخوبی کام کیا۔ ۱۹۶۰ء میں جامعہ نعمانیہ لاہور میں شیخ الحدیث مقرر ہوئے۔ مگر صرف دو روز ہی طلباء مستفید ہو سکے تھے کہ اجل آپہونچی اور مختصر علالت کے بعد ۲۴ شوال ۱۳۹۳ھ مطابق ۲ نومبر ۱۹۷۳ء روز منگل راہی ملک بقا ہوئے۔ مولانا سید ابوالبرکات صاحب نے نماز جنازہ پڑھائی۔ میانی صاحب بھاولپور روڈ لاہور میں مدفون ہوئے۔

تصانیف:۔

اسمائے کتب	مطبع	سن اشاعت
۱۔ قانون میراث		
۲۔ تسہیل الواضح خلاصۃ النحو الواضح		
۳۔ ترجمہ مکتوبات شیخ عبدالحق محدث دہلوی		
۴۔ ترجمہ کشف الاسرار [1]		

[1] تذکرہ اکابر اہل سنت پاکستان ص ۶۳ تا ۶۵

Marfat.com
Marfat.com

۱۳۔ مولانا حسنین رضا خان صاحب

حضرت مولانا حسنین رضا خاں قادری برکاتی اعلیٰحضرت فاضل بریلوی کے بھائی مولانا حسن رضا قدس سرہٗ کے فرزند ہیں۔ آپ کو اعلیٰ حضرت سے تلمذ و خلافت کا شرف حاصل ہے مدرسہ ارشاد العلوم رام پور میں آپ نے کتب معقولات و منقولات کی تکمیل کی۔ حلیۂ اعلیٰ حضرت وصایا شریف اسباب زوال امت وغیرہ آپ کی کئی تصانیف ہیں۔ آپ کو اعلیٰ حضرت کی کتابیں، شائع کرنے کا بہت شوق ہے بہت سی کتابیں اپنے اہتمام سے شائع کی ہیں مطبع اہلسنت بریلی آپ ہی کا قائم کردہ ہے۔

۱۴۔ حضرت مولانا رحیم بخش صاحب علیہ الرحمہ (باتھوی)

۱۳۲۲ھ / ۱۳۷۹ھ

حضرت مولانا رحیم بخش صاحب اپنے وقت کی ایک بلند قامت شخصیت کے حامل تھے ۱۳۲۲ھ کو مظفر پور ضلع کے ایک گاؤں باتھ میں پیدا ہوئے ابتدائی تعلیم آپ نے اپنے مقامی علماء سے حاصل کی۔ اعلیٰ تعلیم کے حصول کیلئے آپ کے والد نے اعلیٰ حضرت کی بارگاہ میں بھیجا۔ آپ نے مسلسل بارہ سال تک اعلیٰ حضرت سے تحصیل علم کیا سند فراغت کے بعد آپ رشد و ہدایات کی خدمات میں مشغول ہو گئے بے شمار کرامات آپ سے صادر ہوئے ۱۹ جمادی الاخریٰ کو اس دار فانی سے کوچ کیا آپ کا مزار باتھ ضلع مظفر پور میں مرجع خلائق ہے۔

Marfat.com
Marfat.com

اعلیٰ حضرت

مشاہیر خلفاء و متبعین

اعلیٰ حضرت کے خلفاء کی تعداد بھی بے شمار ہے جو ہند و پاک اور عرب و افریقہ میں پھیلے ہوئے تھے۔ حرمین شریفین میں بھی اعلیٰ حضرت کے خلفاء کی تعداد بہت زیادہ تھی۔ الاجازات المتینہ میں ان کی فہرست سرسری طور سے موجود ہے۔ اعلیٰ حضرت نے سات سندیں تحریر فرمائی ہیں جو صاحب اجازہ کے نام اور مرتبہ کے لحاظ سے معمولی ترمیم و اضافہ کے ساتھ عنایت کی گئیں۔

حرمین طیبین کے مشاہیر خلفاء

(۱) پہلی سند شیخ محمد عبدالحئی ابن الشیخ الکبیر السید عبدالکبیر الکتانی الحسنی کو دی۔ (۲) دوسری سند شیخ اسمٰعیل خلیل کیلئے مرحمت فرمائی پھر معمولی ترمیم و اضافہ کے ساتھ ان حضرات کو مرحمت فرمائی۔

(۳) شیخ مصطفیٰ خلیل (۴) شیخ مامون ایوبی المدنی (۵) شیخ اسعد الدہان (۶) شیخ عبدالرحمٰن (۷) شیخ عابد بن حسین مفتی مالکیہ (۸) شیخ علی ابن حسین

Marfat.com
Marfat.com

(۹) شیخ جمال ابن محمد الامیر (۱۰) شیخ عبداللہ ابن ابی الخیر (۱۱) شیخ عبداللہ دحلان
(۱۲) شیخ بکر رفیع (۱۳) شیخ ابی حسین مرزوقی (۱۴) شیخ حسن العجمی
(۱۵) شیخ الدالائل سید محمد سعید (۱۶) شیخ عمر المحروسی (۱۷) شیخ عمر ابن حمدان ــــ
(۱۸) شیخ احمد خضراوی المکی کو عنایت فرمائی ــــ چوتھی سند ضروری ترمیم و اضافہ کے ساتھ مندرجہ ذیل شخصیتوں کو عطا کی گئیں۔

(۱۹) شیخ ابوالحسن محمد المرزوقی۔ (۲۰) شیخ حسین المالکی۔ (۲۱) شیخ علی ابن حسین
(۲۲) شیخ محمد جمال (۲۳) شیخ صالح کمال (۲۴) شیخ عبداللہ میرداماد
(۲۵) شیخ احمد الی الخیر میردار (۲۶) سید سالم بن عبدروس (۲۷) سید علوی بن حسن
(۲۸) سید ابوبکر بن سالم (۲۹) شیخ محمد بن عثمان دحلان (۳۰) شیخ محمد یوسف
(۳۱) پانچویں سند شیخ عبدالقادر کردی کو عنایت فرمائی۔
(۳۲) چھٹی سند شیخ محمد بن سید ابی بکر الرشیدی کو مرحمت فرمائی۔
(۳۳) ساتویں سند شیخ محمد سعید بن سید محمد المغربی کو عنایت فرمائی۔

ہند و پاک کے مشاہیر خلفاء و متبعین

۱- مولانا سیّد دیدار علی صاحب۔

مرجع الفقہا والمحدثین مولانا ابو محمد سید محمد دیدار علی بن نجف علی ۱۲۷۳ھ (۱۸۵۶ء) کو بروز دوشنبہ محلہ نواب پورہ الور میں پیدا ہوئے۔ آپ کے بزرگ عم محترم مولانا سید نثار علی قدس سرہٗ نے آپ کی ولادت سے پہلے آپکی والدہ محترمہ کو بشارت دیتے ہوئے فرمایا "بیٹی تیرے یہاں ایک لڑکا پیدا ہوگا جو دین مصطفوی کو روشن کریگا"[1]

---

[1] اخبار جمیعت لاہور، ۷ فروری ۱۹۵۶ء

Marfat.com
Marfat.com

آپ نے نحو و صرف کی ابتدائی کتابیں الور میں مولانا قمرالدین سے پڑھیں۔ مولانا کرامت اللہ خاں سے دہلی میں درسی کتب اور دورۂ حدیث کی تکمیل کی۔ فقہ و منطق کی تحصیل مولانا ارشاد حسین رام پوری سے کی۔ حضرت مولانا احمد علی محدث سہارنپور اور حضرت مولانا فضل الرحمٰن گنج مرادآبادی سے سند حدیث حاصل کی۔ شیخ الاسلام سید پیر مہر علی شاہ گولڑوی اور مولانا وصی احمد محدث سورتی آپ کے ہمدرس تھے۔

آپ سلسلۂ نقشبندیہ میں مولانا فضل الرحمٰن گنج مرادآبادی کے مرید و خلیفہ تھے سلسلۂ چشتیہ میں حضرت سید علی حسین کچھوچھوی اور سلسلۂ قادریہ میں اعلیٰ حضرت کے خلیفۂ مجاز ہوئے مولانا دیدار علی محدث الوری اور صدرالافاضل مولانا نعیم الدین مرادآبادی میں بڑے گہرے دوستانہ مراسم تھے۔

اعلیٰ حضرت نے محدث الوری اور آپ کے صاحبزادے مفتی اعظم پاکستان حضرت مولانا سید ابوالبرکات مدظلہٗ کو تمام کتب فقہ کی اجازت عطا فرمائی اور اجازت و خلافت عطا فرماتے ہوئے تمام اوراد و وظائف کی بھی اجازت مرحمت فرمائی۔ تکمیل تعلیم کے بعد مدرسہ اشاعت الاسلام رام پور میں ایک سال تک خدمت دین انجام دیا۔ پھر ۱۳۲۵ھ میں مدرسہ قوت الاسلام کے نام سے الور میں ایک ادارہ قائم کیا۔ اس کے بعد جامعہ نعمانیہ لاہور کو زینت بخشی پھر ۱۳۳۵ھ میں حسب ایماء مولانا ارشاد حسین رامپوری شاہی مسجد آگرہ کے خطیب اور مفتی مقرر ہوئے۔ ۱۳۴۰ھ میں مسجد وزیر خاں لاہور میں خطابت و تدریس کے لئے تشریف لے گئے۔ ۱۳۴۳ھ میں مرکزی انجمن حزب الاحناف لاہور قائم کیا اور دارالعلوم حزب الاحناف کی بنیاد رکھی۔ جس کا فیضان آج پورے پاکستان میں عام ہے اور ہزاروں علماء و مشائخ اس درس گاہ سے پیدا

Marfat.com
Marfat.com

ہوکر خدمت اسلام انجام دے رہے ہیں۔ آپ عربی، فارسی، اردو کے عالم تھے۔ حق گوئی اور بے باکی آپ کی فطرت میں تھی۔ علم و فضل کے سمندر تھے خلوص و ایثار اور زہد و تقویٰ کے مخالف و موافق سبھی معترف تھے۔ پاکستان میں آپ کے سیکڑوں مشاہیر تلامذہ ہیں۔ ۱۲ رجب المرجب ۱۳۵۴ھ مطابق ۲۰ اکتوبر ۱۹۳۵ء کو واصل بحق ہوئے۔ اور جامع مسجد اندرون دہلی دروازہ لاہور میں مدفون ہوئے۔

تصانیف:-

۱۔ تفسیر میزان الادیان
۲۔ ہدایتہ الغوی در رد روافض
۳۔ رسول الکلام
۴۔ تحقیق المسائل
۵۔ ہدایتہ الطریق
۶۔ سلوک القادریہ
۷۔ علامات وہابیہ
۸۔ فضائل رمضان
۹۔ فضائل شعبان
۱۰۔ الاستغاثتہ من اولیاء اللہ عین الاستغاثہ من اللہ
۱۱۔ دیوان دیدار علی (فارسی)
۱۲۔ دیوان دیدار علی (اردو)

Marfat.com
Marfat.com

۲۔ حضرت مولانا ضیاء الدین صاحب قبلہ

(ولدی ۱۲۹۰ھ)

حضرت مولانا شاہ ضیاء الدین احمد مدنی بروز دوشنبہ ۱۲۹۴ھ محلہ خراشیان سیالکوٹ میں پیدا ہوئے۔ اجداد میں علامہ عبدالحکیم سیالکوٹی محشی قطبی و خیالی مشہور عالم تھے۔ حضرت مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی کو آپ ہی نے مجدد الف ثانی کا خطاب دیا۔ حضرت مولانا غلام قادر علیہ الرحمہ سے ابتدائی تعلیم اور حضرت شاہ وصی احمد محدث سورتی سے مدرسۃ الحدیث پیلی بھیت میں دورۂ حدیث کیا ۱۳۱۴ھ میں اعلیٰ حضرت قدس سرہٗ سے مرید ہوئے۔ ۱۳۱۸ھ میں ترک وطن کر کے بغداد شریف میں سات برس تک مقیم حالتِ جذب میں رہے۔ ۱۳۲۷ھ میں مدینہ طیبہ حاضر ہوئے۔ آپ کو اعلیٰ حضرت کے علاوہ شیخ احمد مغربی المتوفی ۱۳۴۲ھ شیخ محمود المغربی المراکش مولانا عبدالباقی فرنگی محلی المتوفی ۱۳۶۲ھ امام یوسف بنہانی سے بھی اجازت و خلافت حاصل ہے تقریباً ستر سال سے آپ کی ذات مدینہ طیبہ میں علمائے کرام کے لئے مرکز و مرجع ہے۔

۔ حضرت مولانا احمد مختار صاحب میرٹھی

(۱۲۹۴ھ / ۱۳۵۰ھ)

حضرت مولانا شاہ احمد مختار بن شاہ عبدالحکیم صدیقی محلہ مشائخان میرٹھ

Marfat.com
Marfat.com

ہیں ۷ محرم الحرام ۱۲۹۴ھ کو پیدا ہوئے۔ فارسی و عربی کی مبادیات والد ماجد سے پڑھیں۔ مدرسہ اسلامیہ اندر کوٹ میرٹھ میں تکمیل علوم کیا۔ ۱۶ برس کی عمر میں ۱۳۱۰ھ میں فارغ ہوئے۔ شیخ الدلائل حضرت مولانا عبدالحق مہاجر مکی سے مکہ معظمہ میں ۱۳۲۱ھ میں درس حدیث لیا۔ ایک سال مدینہ طیبہ میں رہ کر حضرت شیخ رضوان وغیرہ سے تحصیل علم کیا۔ اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی سے اجازت و خلافت حاصل کی۔ قطب عالم حضرت حاجی وارث علی شاہ سرکار دیوہ شریف کی آپ پر خاص نظر کرم تھی۔ سلسلۂ عالیہ اور اس کے اشغال و اوراد کی اجازت مخدوم المشائخ حضرت شاہ اشرفی میاں رحمۃ اللہ علیہ نے مرحمت فرمائی۔ مدرسہ قومی میرٹھ۔ اسلامیہ کالج اٹاوہ۔ اسلامی مدرسہ بھوپال، سامرد میں تدریس کا فریضہ انجام دیا۔ مانڈے میں اعلیٰ تعلیم کے ایک درسگاہ کی بنیاد ڈالی۔ ۱۳۲۲ھ میں افریقہ سے الاسلام نامی ایک گجراتی رسالہ جاری کیا ۱۹۲۲ء میں آپ اور آپ کے دونوں چھوٹے بھائی مولانا نذیر احمد اور مبلغ اسلام مولانا عبدالعلیم صدیقی میرٹھی نے مرکزی خلافت میں تین لاکھ کا چندہ جمع کیا اور پرجوش قائدانہ جرم میں ۱۹۲۲ء میں جیل بھی گئے۔ ۱۹۲۴ء میں مسلمانان بمبئی نے سلطان سعود اول کو انہدام مقابر کی حرکت سے باز رکھنے کیلئے آپ کی قیادت میں ایک وفد بھیجا۔ حضرت سید حبیب صاحب ایڈیٹر سیاست لاہور اور مولانا فضل اللہ صاحب مالک علمیہ بکڈپو بمبئی روڈ وفد بھیجے ۱۹۳۵ء میں ڈربن یتیم خانہ قائم کئے۔ آپ نے کافی تعداد میں ہندوؤں اور عیسائیوں کو مسلمان بنایا۔ آپ کی شادی مشہور بزرگ حضرت شاہ فضل اللہ گنج مرادآبادی کے خاندان میں ہوئی۔ بعد مغرب دوشنبہ کی شب ۱۲ جمادی الآخر ۱۳۵۷ھ مطابق ۱۰ جولائی ۱۹۳۸ء کو ڈربن (ٹرانسوال) میں واصل بحق ہوئے۔ (ملخص تذکرہ علماء اہلسنت ص ۳۲-۳۴)

Marfat.com
Marfat.com

۴۔ حضرت مولانا سید سلیمان اشرف صاحب بہاری قدس سرہٗ

(۱۲۹۵ھ / ۱۳۵۸ھ)

دنیائے علم و فضل کے تاجدار میدان تحقیق و تدقیق کے شہسوار مولنا سید محمد سلیمان اشرف بہاری ابن مولانا حکیم سید محمد عبداللہ قدس سرہٗ ۱۲۹۵ھ (۱۸۷۸ء) محلہ میر داد بہار (پٹنہ) میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی کتب پڑھنے کے بعد مدرسہ حنفیہ جونپور میں استاذ العلماء مولنا ہدایت اللہ رامپوری ثم جونپوری سے علوم کی تحصیل کی۔ [۱]

ان کے علاوہ استاذ الاساتذہ مولانا یار محمد بندیالوی قدس سرہٗ سے بھی استفادہ کیا۔ [۲] آپ عارف باللہ حضرت مولانا نور محمد اصدق دہلوی کے مرید تھے۔ ان کے علاوہ موجودہ صدی کے مجدد اعلیٰ حضرت مولانا شاہ احمد رضا خاں بریلوی سے بھی آپ کو خلافت و اجازت حاصل تھی۔ اپنے مرشد سے بے پناہ عقیدت رکھتے تھے ۱۳۱۹ھ/۱۹۰۲ء میں علی گڈھ یونیورسٹی کے شعبہ اسلامک اسٹڈیز کے چیئرمین مقرر ہوئے۔ آپ کا مشاہرہ صرف پچاس روپیہ تھا۔ [۳]

آپ نے تا حیات بڑے جاہ و جلال کے ساتھ فرائض منصبی کو ادا کیا۔ قدرت ایزدی نے آپ کو حیرت انگیز صلاحیتوں سے نوازا تھا۔ خطابت میں بلا کا زور تھا۔ جس وقت آپ گفتگو فرماتے تو دریا کی روانی کا نقشہ سامنے آجاتا۔ پروفیسر رشید احمد صدیقی صدر شعبۂ اردو مسلم یونیورسٹی علی گڑھ

---

[۱] تذکرۂ علماء اہل سنت ص ۱۰۱ [۲] حیات استاذ العلماء ص ۳۹

[۳] العلم ص ۸۲ اپریل تا جون ۱۹۷۸ء

Marfat.com
Marfat.com

لکھتے ہیں ۔

" جونپور میں سیرت رسول کا جلسہ تھا مولانا مرحوم محمد سلیمان اشرف کی تقریر ہو رہی تھی ۔ جلسہ کیا ایک جم غفیر تھا۔ مرحوم اپنے مخصوص والہانہ جوش و وارفتگی کے ساتھ تقریر کر رہے تھے ۔ حاضرین کی خاموشی کا یہ عالم تھا کہ سارا مجمع ایک ہی متنفس تھا اتنے میں دور سے ایک بوڑھا پستہ قد قنحنی شخص جھکا ہوا انبوہ کو چیرتا ہوا بڑھتا نظر آیا۔ جس شخص کے پاس سے گذرتا ہے وہ خوف و عقیدت سے سمٹ کر تعظیم دیتا ہے ۔ دیکھتے دیکھتے پلیٹ فارم پر پہنچ گیا ۔ مرحوم کو سینہ سے لگا کر پیشانی کا بوسہ دیا۔ اور واپس چلا گیا۔ یہ مولانا ہدایت اللہ خانصاحب جبروت جونپوری کے استاد اور جونپور میں اس وقت علم و ہنر کے چشمہ و چراغ تھے" ۔ [1]

جرأت و بے باکی مولانا کی طبیعت میں کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی تھی ۔ اپنی رائے کا اظہار بے دھڑک کر دیتے تھے ۔ کسی کے علم و فضل یا وجاہت و اقتدار سے مرعوب ہونا تو آپ نے سیکھا ہی نہیں تھا ۔ خودداری کا یہ عالم تھا کہ یونیورسٹی کے کسی ایسے اجلاس میں شریک نہ ہوتے جس میں کسی بڑے آدمی کو مدعو کیا گیا ہوتا اور نہ ہی کسی کے گھر جاتے جب اس سے دوستانہ مراسم نہ ہوتے ۔ [2]

پروفیسر رشید احمد لکھتے ہیں "مرحوم میں اپنے استاد ہی کا جبروت و طنطنہ تھا۔ ان کی شفقت میں بھی جبروت کارفرما تھا۔ میں نے مرحوم کو جھک کر یا گول مول باتیں کرتے کبھی نہ پایا ۔ [3]

جب ہندوستان کے غیر مسلم باشندوں نے حکومت وقت کے ذریعہ

---

[1] گنجہائے گرانمایہ ص ۳۱، ۳۲ [2] گنجہائے گرانمایہ ص ۳۳

[3] گنجہائے گرانمایہ ص ۳۲

Marfat.com
Marfat.com

گائے کی قربانی بند کرنی چاہی تو ۱۸۵۷ء میں مولانا سلیمان اشرف اور آپ کے شیخ اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا خاں نے اس فتنے کا ڈٹ کر مقابلہ کیا۔ اور واشگاف الفاظ میں اعلان کیا کہ شریعت نے جو اختیار عطا فرمایا ہے اس سے فائدہ اٹھانے کا ہمیں حق حاصل ہے خوف فتنہ ہو تو حکومت کی قوت کو متوجہ کرنا چاہیئے بہ پاس خاطر ہنود یا خوف ہنود اپنے دینی حق سے باز رہنا ہرگز روا نہیں [1]

امام احمد رضا بریلوی نے اس مسئلہ پر ایک مستقل رسالہ "انفس الفکر فی قربان البقر" سپرد قلم فرمایا اور مولانا محمد سلیمان اشرف نے اپنی گرانقدر تالیف "النور" میں سیر حاصل بحث فرمائی اس دور کا نقشہ مولانا سید سلیمان اشرف نے کس درد و کرب سے کھینچا ہے ذیل کی عبارت میں ملاحظہ فرمایئے:۔

"گائے کی قربانی مسلمانوں سے چھڑائی جاتی ہے۔ موحدین کی پیشانیوں پر قشقہ جو شعار شرک ہے کھینچا جاتا ہے مساجد ہنود کی تفریح گاہ ہیں مندر مسلمانوں کا ایک مقدس معبد ہے۔ ہولی شعار اسلام ہے جس میں رنگ پاشی اور وہ بھی خاص اہل ہنود کے ہاتھوں جبکہ وہ نشۂ شراب میں بدمست ہوں عجب دلکش عبادت ہے۔ بتوں پر ریوڑیاں چڑھانا۔ ہار پھولوں سے انہیں آراستہ کرنا، پھولوں کا تاج اصنام کے سروں پر رکھنا خالص توحید ہے۔ یہ سارے مسائل ان صورتوں میں اس لئے ڈھل گئے کہ ہندوؤں کی دلنوازی اور استرضاء سے زیادہ اہم نہ توحید ہے نہ رسالت نہ معاد، نعوذ باللہ ثم نعوذ باللہ۔ [2]

اس وقت علماء سوء سیاسی بازیگروں کے ہاتھوں کا کھلونا بن گئے تھے نتیجہ یہ تھا کہ مذہبی اصول میں بھی سیاسی مصلحت کے پیش نظر علماء کو

---

[1] النور ص ۲ [2] النور ص ۸

Marfat.com
Marfat.com

استعمال فرماتے تھے ایسے وقت میں قوم وملت کے لئے مولٰنا جیسے رہنما کی موجودگی فضل الٰہی تھی۔ اس دور کے حالات خود تحریر فرماتے ہیں "دیکھو! علماء کس طرح لیڈروں کا کھلونا بنے ہوئے ہیں۔ اور لیڈروں نے مذہبی اصول اور فقہی مسائل کو کیسا گھروندا بنا رکھا ہے میں جھگڑا مول لینا نہیں چاہتا اور نہ یہ چاہتا ہوں کہ کالج اس قسم کے مناقشوں کا مرکز بنے لیکن کیا کروں خدا کو تو بعد میں منھ دکھانے کا موقع ملے گا۔ اس دنیا کے پڑھے لکھے لوگ کیا کہیں گے"؟ [1]

مولٰنا حصول سلطنت کیلئے دین کے خلاف کوئی عمل پسند نہیں کرتے تھے۔ فرماتے ہیں" لعنت ہے اس سلطنت پر جو دین بیچ کر حاصل کی جائے۔ [2]

ماہ رجب ۱۳۳۹ھ مطابق مارچ ۱۹۲۱ء میں جمیعتہ العلماء ہند کے اجلاس بریلی میں ہونا طے پایا۔ پروپیگنڈے کے طور پر دو اشتہار سامنے آئے جن سے معلوم ہوتا تھا کہ اراکین جمیعت اس آن بان سے بریلی آئیں گے کہ ان کی گھن گرج سے مخالفین دھل جائیں گے اور کسی کو مجال دم زدن نہ ہوگی۔ ایک اشتہار کا عنوان تھا" زندگی مستعار کی چند ساعتیں" اس میں اجلاس کے مقاصد بیان کرتے ہوئے کہا گیا تھا۔

مخالفین ترک موالات اور موالات نصاریٰ کی عملی خامیوں پر اتمام حجت کیا جائے گا۔ دوسرا اشتہار بہ عنوان" آفتاب صداقت کا طلوع" شائع ہوا۔ اس میں اشتہار کے غیر منصفانہ تیور ملاحظہ ہوں۔

" منکرین ومنافقین پر اتمام حجت، مسائل حاضرہ کا انقطاعی فیصلہ خدائی فرمان پہونچانے کے لئے بریلی میں جمیعتہ العلماء کا اجلاس ہونے والا ہے"۔

---

[1] گنجہائے گرانمایہ صـ۳۰ [2] حیات صدرالافاضل صـ۱۰۱

Marfat.com
Marfat.com

سچائی ظاہر ہوگئی اور جھوٹ بھاگ نکلا۔ خداوند جبار و قہار کا یہ فرمان پورا ہو کر رہے گا۔ [1]

۱۳ رجب کو مولانا سید سلیمان اشرف بھی تشریف لے آئے انھوں نے انفرادی طور پر بھی مناظرہ کی دعوت دی۔ اس کا جواب مولانا ابوالکلام آزاد نے دیا۔ لیکن مختلف فیہ مسائل پر گفتگو کرنے کی بجائے غیر متعلقہ مسائل کا تذکرہ چھیڑ دیا۔ اور کسی طرح نزاعی مسائل پر گفتگو کرنے کے لئے تیار نہ ہوئے۔ آخر ۱۴ رجب کو شام کے بعد مولانا سید سلیمان اشرف، حجۃ الاسلام مولانا حامد رضا بریلوی صدر الشریعہ، مولانا امجد علی صدر جماعت رضائے مصطفیٰ صدر الافاضل مولانا سید محمد نعیم الدین مرادآبادی۔ ملک العلماء مولانا ظفر الدین بہاری مولانا حسنین رضا ناظم جماعت رضائے مصطفیٰ اور مولانا برہان الحق وغیرہم حضرات شان و شوکت کے ساتھ جمعیۃ العلماء کے پنڈال میں تشریف لے گئے صدر جلسہ مولانا ابوالکلام آزاد نے جماعت رضائے مصطفیٰ کے مناظرین کو خطاب کا وقت نہیں دیا۔ غالباً وہ اس طرح ستر سوالات کے جواب سے پہلو تہی کرنا چاہتے تھے۔ البتہ مولانا سید سلیمان اشرف کو ۳۵ منٹ کا وقت دیا اس کی بڑی وجہ یہ تھی کہ ان کے نام اجلاس بریلی میں شرکت کا دعوت نامہ جا چکا تھا۔ [2]

اپنے موقف بڑی خوبی سے واضح کیا اس تقریر کو پڑھ کر مولانا کی حق گوئی، صلابت رائے اور چھا جانے والی شخصیت کا گہرا احساس دل پر نقش ہو جاتا ہے۔ مولانا نے مابہ الاتفاق اور مابہ الاختلاف بیان کرتے ہوئے فرمایا:۔

مسئلہ خلافت و تحفظ و صیانت اماکن مقدسہ اور ترک موالات پر وہ مسائل ہیں

---

[1] روائع الجمیر ص ۴۷ [2] روداد مناظرہ ص ۲-۴

Marfat.com
Marfat.com

جنہیں نہ صرف فقیر بلکہ تمام علمائے کرام، نہیں بلکہ تمام عامہ مسلمین ہمیشہ متفق اللسان ہیں ترکوں کی خلافت بمعنی قوت دفاعی ایک امر مسلم ہے خدمت حرمین شریفین ہر مسلمان پر فرض کفایہ ہے نیز محافظت حرمین شریفین بھی ہر مسلمان پر فرض کفایہ ہے۔ سلطنت ترکی ہماری دینی بھائی اس پر اسلامی سلطنت۔ اس پر اسلام کی قوت دفاعی پھر حرمین شریفین کی خادم و محافظ پس ان کی اعانت اور نصرت مسلمانان عالم پر بقدر استطاعت فرض ہے۔

یہ وہ مسائل شرعیہ ہیں جنہیں نہ میں صرف اس وقت بیان کر رہا ہوں بلکہ آج سے دس برس پہلے فقیر نے کہا، لکھا، چھاپا، شائع کیا۔ میرا و نیز دیگر علمائے اہلسنت و جماعت کا آپ سے اختلاف اس مسئلہ میں ہرگز نہیں ہاں اختلاف اس میں ہے کہ آپ ہندوؤں سے موالات برتتے ہیں۔ اور مسلمانوں کو حرام و کفر یا کا مرتکب بتاتے ہیں تفصیل اس کی یہ ہے کہ موالات ہر نصرانی و یہودی سے ہر حال میں حرام ہے اور قطعی حرام! یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الْیَهُوْدَ وَالنَّصٰرٰی الآیۃ نصرانی اور یہودی خواہ فریق محارب ہو یا غیر محارب مطلقاً موالات حرام ان سے حرام اور کافر سے موالات حرام محارب ہو یا غیر محارب لَا یَتَّخِذِ الْمُؤْمِنُوْنَ الْکٰفِرِیْنَ اَوْلِیَآءَ۔

آپ حضرات انگریزوں سے تو موالات حرام بتلاتے ہیں اور کافروں (ہندوؤں) سے موالات نہ صرف جائز بلکہ عین حکم الٰہی کی تعمیل بتاتے۔ آپ نے قشقہ لگایا گاندھی کی جے ایک دو بار نہیں بلکہ بیسوں جگہ، بیسوں بار پکاری کہ مہاتما گاندھی کی جے۔ جس طرح صلیب علامت تثلیث ہے کیا قشقہ علامت شرک نہیں؟ کیا آپ کی غیرت تقاضہ کرتی ہے کہ شرک کی علامت قشقہ اپنی پیشانیوں پر لگائے؟ آپ ہمارے سامنے سمرنا وغیرہ کے مظالم بیان کر کے ہمارے

Marfat.com
Marfat.com

جذبات ابھارتے ہیں مگر کیا ہندوؤں نے آرہ، شاد آباد، کٹار پور وغیرہ میں قربانی بند کرنے کے لئے ایسے ہی مظالم نہیں کیے؟ قرآن مجید نہیں پھاڑے؟ عورتوں کی بے حرمتی نہیں کی؟ مسلمانوں کی جانیں نہیں لیں؟ مسجدوں میں بے ادبیاں نہیں کیں؟ آج آپ سبز گنبد کی بے ادبی ہونے سے غیرت دلاتے ہیں مگر کیا آپ کے لئے یہ غیرت کی بات نہیں تھی جبکہ یہ کہہ کر دربار نبوت و رسالت کی اہانت کی گئی "اگر نبوت ختم نہ ہوگئی ہوتی تو مہاتما گاندھی نبی ہوتے" آپ نے اس پر کیوں نہ انکار کیا۔ کیوں خاموش رہے۔؟

۵ ربیع الاول ۱۳۵۸ھ مطابق ۲۵ اپریل ۱۹۳۹ھ میں مولانا سید محمد سلیمان اشرف کا وصال ہوا۔ اور علی گڈھ کے قبرستان میں دفن کئے گئے

تصانیف :-

۱ - النور
۲ - الرشاد
۳ - الانہار
۴ - الحج
۵ - المبین

Marfat.com
Marfat.com

۵ - صدر الشریعہ مولانا امجد علی صاحب

(۱۲۹۶ھ / ۱۳۶۷ھ)

صدر الشریعہ مولانا امجد علی اعظمی بن حکیم جمال الدین بن مولانا خدا بخش بن مولانا خیر الدین ۱۲۹۶ھ (۱۸۷۹ء) میں قصبہ گھوسی محلہ کریم الدین ضلع اعظم گڈھ میں پیدا ہوئے۔ [۱]

آپ کے والد ماجد اور جد امجد فن طب اور علم و فضل میں باکمال تھے ابتدائی کتب جد امجد سے پڑھیں بعد ازاں اپنے بڑے بھائی مولانا محمد صدیق رحمۃ اللہ تعالیٰ سے علوم و فنون کی ابتدائی کتابیں پڑھیں۔ پھر انہیں کے مشورے سے مولانا ہدایت اللہ خاں رامپوری ثم جونپوری ۱۳۲۶ھ سے اکتساب فیض کے لئے مدرسہ حنفیہ جونپور میں داخل ہوئے۔

علوم و فنون کی تکمیل کے بعد حجۃ العصر شیخ المحدثین مولانا شاہ وصی احمد محدث سورتی قدس سرہٗ ۱۳۳۴ھ کی خدمت میں مدرسۃ الحدیث (پیلی بھیت) میں حاضر ہو کر درس حدیث لیا اور ۱۳۳۲ھ میں سند حاصل کی۔ [۲]

۱۳۳۳ھ میں حکیم عبد الولی جھوائی ٹولہ لکھنؤ سے علم طب حاصل کیا۔

۱۳۳۴ھ سے ۱۳۳۷ھ تک حضرت محدث سورتی کے مدرسہ میں درس دیا۔

اس کے بعد ایک سال تک پٹنہ میں مدرسہ حنفیہ کے مدرس رہے۔ [۳]

اس اثناء میں اعلیٰ حضرت امام احمد رضا فاضل بریلوی کو مدرسہ منظر اسلام بریلی

---

[۱] البواقیت المہریہ ص ۹۷ [۲] تذکرہ علمائے اہلسنت ص ۵۱-۵۲

[۳] ثنائے مصطفیٰ ص ۳

Marfat.com
Marfat.com

کے لئے ایک مدرس کی ضرورت پیش آئی۔ استاذ گرامی مولانا وصی احمد محدث سورتی کے ارشاد کی بناء پر مولانا امجد علی اعظمی مطب چھوڑ کر بریلی شریف چلے گئے۔ ابتدائی تدریس کا کام شروع کیا۔ بعدازاں مطبع اہلسنت کا انتظام اور جماعت رضائے مصطفیٰ بریلی کے شعبۂ علمیہ کی صدارت کے فرائض بھی آپ کے سپرد کر دیئے گئے۔ افتاء کی مصروفیات اس کے علاوہ تھی۔ سلسلۂ عالیہ قادریہ میں اعلیٰ حضرت امام احمد رضا قادری بریلوی کے دست حق پرست پر بیعت ہوئے اور جلد ہی خلافت سے نوازے گئے تقریباً ۱۸ برس شیخ کامل کے فیوض و برکات سے مستفید ہوئے۔ اور کمال عروج کو پہونچے۔ اعلیٰ حضرت امام احمد رضا قادری بریلوی فتاویٰ کے سلسلے میں آپ پر حد درجہ اعتماد فرماتے تھے۔ ایک دفعہ ارشاد فرمایا "آپ کے یہاں موجودین میں تفقہ جس کا نام ہے وہ مولوی امجد علی صاحب میں زیادہ پائے گا۔ اس کی وجہ یہی ہے کہ وہ استفتاء سنایا کرتے ہیں اور جو میں جواب دیتا ہوں لکھتے ہیں۔ طبیعت اخاذ ہے طرز سے واقفیت ہو چلی ہے۔ [1]

بریلی شریف میں قیام کے دوران حضرت صدر الشریعہ کی مصروفیات حیرت انگیز حد تک بڑھی ہوئی تھیں، تدریس، پریس کی نگرانی۔ پروف ریڈنگ، پریس مینوں کو ہدایت، پارسلوں کی ترسیل اور فتویٰ نویسی وغیرہ امور تن تنہا انجام دیتے۔ فیض رضائے دین کے لئے کام کرنے کی وہ سیرت پیدا کر دی تھی کہ تھکاوٹ یا اکتاہٹ کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا تھا۔ بعض حضرات کہا کرتے تھے "مولانا امجد علی صاحب کام کی مشین ہیں۔ [2]

---

[1] ملفوظات جلد اول صـ۹۳

[2] ماہنامہ "پاسباں" امام احمد رضا نمبر۔ مارچ و اپریل ۱۹۶۲ء صـ۶۵

Marfat.com
Marfat.com

اعلیٰ حضرت مجدد دین وملت مولانا شاہ احمد رضا خاں بریلوی قدس سرہٗ کا فقید المثال ترجمۂ قرآن مجید مسمّٰی باسم تاریخی "کنز الایمان فی ترجمۃ القرآن" ۱۳۳۰ھ/۱۹۱۱ء آپ ہی کی مساعیٔ جمیلہ سے شروع ہوا اور پایۂ تکمیل کو پہونچا۔

آپ نے ابتدائے شباب سے تدریس کا کام شروع کیا اور آخر حیات تک جاری رکھا۔ اور ایسا نابغۂ روزگار حضرات تیار کئے جن پر علم وفضل کو بھی ناز ہے طویل عرصہ تک منظر اسلام بریلی میں فرائض تدریس انجام دیئے سنہ ۱۳۴۳ھ/۱۹۲۴ء میں بحیثیت صدر مدرس دار العلوم معینیہ عثمانیہ اجمیر شریف چلے گئے۔ ۱۳۵۱ھ/۱۹۳۲ء میں پھر بریلی چلے آئے۔ اور تین سال تک قیام کیا۔[1] بعد ازاں نواب حاجی غلام محمد خاں شیروانی رئیس ریاست دادوں (علیگڈھ) کی دعوت پر بحیثیت صدر مدرس دار العلوم حافظیہ سعدیہ میں تشریف لے گئے۔ اور سات سال تک بہ کمال حسن وخوبی فرائض تدریس انجام دیئے۔ مولانا حبیب الرحمٰن شروانی نے سنہ ۱۳۵۶ھ (سنہ ۱۹۳۷ء) میں مدرسہ کے سالانہ جلسہ میں امتحان کے موقع پر تقریر کرتے ہوئے آپ کے فضل وکمال کا اعتراف ان الفاظ میں کیا "مولانا امجد علی صاحب پورے ملک میں ان چار پانچ مدرسین میں ایک ہیں جنھیں میں منتخب جانتا ہوں۔[2]

اسی زمانے میں مولانا عبد الشاہد خاں شیروانی اسی مدرسہ میں نائب مدرس تھے۔ انہوں نے اپنے تاثرات کا اظہار اس طرح کیا ہے "مولانا محمد امجد علی اعظمی سات سال سے صدر مدرس تھے۔ بریلی، اجمیر اور دوسرے مدرسوں کے صدر مدرس رہ چکے تھے کہنہ مشقی کی بنا پر درسیات میں پوری مہارت رکھتے ہیں۔"[3]

---

[1] البواقیت المہریہ ص ۸۰ [2] تذکرۂ علمائے اہلسنت ص ۵۲

[3] باغی ہندوستان ص ۳۳۷

Marfat.com
Marfat.com

سنہ ۱۳۶۴ھ (۱۹۴۵ء) تک منظر اسلام بریلی میں درس دیا۔ اجمیر شریف کے قرب و جوار میں راجہ پرتھوی راج کی اولاد آباد تھی جو اگرچہ مسلمان ہو چکی تھی لیکن ان میں فرائض و واجبات سے غفلت اور مشرکانہ رسوم بکثرت پائی جاتی تھیں۔ حضرت صدر الشریعہ کے ایماء پر آپ کے تلامذہ نے ان میں تبلیغ کا پروگرام بنایا۔ تبلیغی جلسوں کا خوشگوار اثر ہوا۔ اور ان لوگوں میں مشرکانہ رسوم سے اجتناب اور دینی اقتدار اپنانے کا جذبہ پیدا ہو گیا۔ [1]

پروفیسر محمد ایوب قادری لکھتے ہیں "اجمیر کے زمانۂ قیام میں نو مسلم راجپوتوں میں مولانا امجد علی صاحب نے خوب تبلیغ کی۔ اور اس کے بہت مفید نتائج برآمد ہوئے۔ [2]

صدر الشریعہ مولانا محمد امجد علی صاحب کو اللہ تعالیٰ نے جملہ علوم و فنون میں مہارت تامہ عطا فرمائی تھی لیکن تفسیر، حدیث اور فقہ سے خصوصی لگاؤ تھا۔ فقہی جزئیات نوک زبان پر رہتی تھیں۔ اس لئے دور حاضر کے مجدد امام احمد رضا بریلوی نے آپ کو صدر الشریعہ کا لقب عطا فرمایا۔ [3]

۲ ذی قعدہ مطابق ۶ ستمبر بروز دوشنبہ سنہ ۱۳۶۷ھ / ۱۹۴۸ء رات کے گیارہ بجے عالم جاودانی کی طرف تشریف لے گئے۔ درج ذیل آیت مبارکہ مادۂ تاریخ ہے۔

ان المتقین فی جنّٰتٍ وعیون ۝

(۱۳۶۷ھ)

---

[1] ماہنامہ پاسباں (امام احمد رضا نمبر) ص ۶۵ [2] یادگار بریلی ص ۱۶

[3] تذکرۂ علمائے اہلسنت بریلی ص ۵۲

Marfat.com
Marfat.com

تصانیف :-

۱ - بہار شریعت	حصہ اول
۲ - بہار شریعت	" دوئم
۳ - بہار شریعت	" سوئم
۴ - بہار شریعت	" چہارم
۵ - بہار شریعت	" پنجم
۶ - بہار شریعت	" ششم
۷ - بہار شریعت	" ہفتم
۸ - بہار شریعت	" ہشتم
۹ - بہار شریعت	" نہم
۱۰ - بہار شریعت	" دہم
۱۱ - بہار شریعت	" یازدہم
۱۲ - بہار شریعت	" دوازدہم
۱۳ - بہار شریعت	" سیزدہم
۱۴ - بہار شریعت	" چہاردہم
۱۵ - بہار شریعت	" پانزدہم
۱۶ - بہار شریعت	" شانزدہم
۱۷ - بہار شریعت	" ہفتدہم
۱۸ - فتاوی امجدیہ	

Marfat.com
Marfat.com

مشاہیر تلامذہ

۱۔ مولٰنا ابو الفضل سردار احمد لائلپوری — محدث اعظم پاکستان
۲۔ مولٰنا حشمت علی لکھنوی — مناظر اعظم
۳۔ مولٰنا محمد الیاس سیالکوٹی
۴۔ مولٰنا مفتی محمد اعجاز الرضوی
۵۔ مولٰنا غلام یزدانی — سابق صدر مدرس جامعہ رضویہ منظر اسلام بریلی
۶۔ مولٰنا سید غلام جیلانی
۷۔ مولانا عبد العزیز شیخ الحدیث صدر مدرس مدرسہ اشرفیہ مبارکپور و بانی الجامعۃ الاشرفیہ مبارکپور
۸۔ مولانا حبیب الرحمٰن مجاہد اعظم — صدر آل انڈیا تبلیغ سیرت
۹۔ مولانا رفاقت حسین مفتیٔ اعظم کانپور
۱۰۔ مولانا وقار الدین — دار العلوم امجدیہ کراچی
۱۱۔ مولانا تقدس علی خاں — شیخ الجامعہ جامعہ راشدیہ پیر گوٹھ (سندھ)
۱۲۔ مولانا ولی النبی — بیکی تورڈ میر شریف (مردان)
۱۳۔ مولانا مختار الحق — خطیب اعظم دار السلام لائلپور
۱۴۔ حضرت مولانا علاء الدین صاحب شیخ الحدیث دار العلوم غریب نواز الہ آباد۔

Marfat.com
Marfat.com

۶۔ حضرتِ مولانا فتح علی شاہ قدس سرہٗ

(۱۲۹۶ھ / ۱۳۷۷ھ)

مولانا سید فتح علی شاہ بن امیر شاہ بن قیوم زماں شاہ قدست اسرارہم ۱۱ ربیع الاولیٰ ۱۲۹۶ھ کو کھروٹہ ضلع سیالکوٹ میں پیدا ہوئے۔ پرائمری پاس کرنے کے بعد درس نظامی کی ابتدائی کتب والد ماجد اور جد امجد سے پڑھی۔ مولانا عبدالرحمٰن کوٹلوی سے حدیث و فقہ کا درس لیا۔ مولانا محمد عبداللہ سے جامعہ حنفیہ گجرات میں درس لیا۔ جامعہ مولانا عبدالحکیم سیالکوٹی میں کچھ دنوں رہے۔ منظر اسلام بریلی میں دورۂ حدیث کیا۔ ۱۹۱۴ء میں سند حدیث حاصل کی ۱۹۱۸ء میں جامعہ طبیہ دہلی سے طب کی سند حاصل کی ۱۹۱۸ء میں بریلی حاضر ہو کر اعلیٰ حضرت سے بیعت ہوئے ۱۹۲۰ء میں اجازت و خلافت سے مشرف ہوئے۔ سیالکوٹ جموں و کشمیر وغیرہ میں تبلیغ اسلام کے فرائض انجام دیئے۔ ۱۹۲۶ء سے ۱۹۴۰ء تک جامع مسجد سیالکوٹ چھاؤنی میں فرائض خطابت انجام دیتے رہے۔ ۱۹۳۵ء میں مسجد شہید گنج کی تحریک میں امیر ملت سید پیر جماعت علی شاہ قدس سرہٗ کی قیادت میں شاہی مسجد لاہور کے تاریخی اجلاس میں شریک ہوئے ۱۹۳۹ء میں حجۃ الاسلام مولانا حامد رضا خاں قدس سرہٗ کی صدارت میں مجلس منعقد ہوئی جسمیں وہ علماء مراد آباد و علماء سیالکوٹ کے ساتھ شریک ہوئے ۱۹۵۳ء میں سیالکوٹ کی تحریک ختم نبوت کو بڑی کامیابی سے چلایا۔

۸ رجب المرجب ۱۳۷۷ھ مطابق ۱۷ جنوری ۱۹۵۸ء کو آپ کا وصال ہوا۔

مزار شریف کوٹھہ ضلع سیالکوٹ میں ہے۔ [1]

---

[1] تذکرہ اکابر اہلسنت پاکستان ص ۳۶۷-۳۶۸

Marfat.com
Marfat.com

۷۔ صدر الافاضل مولانا سید نعیم الدین صاحب

(۱۳۰۰ھ / ۱۳۶۷ھ)

صدر الافاضل مولانا نعیم الدین مراد آبادی قدس سرہٗ کا تاریخی نام غلام مصطفیٰ ہے۔ آپ کے والد ماجد اور جد امجد گرامی مولانا معین الدین صاحب نزہت بن مولانا امین الدین صاحب راسخ بن مولانا کریم الدین صاحب آرزو اپنے دور کے ممتاز افاضل تھے۔ ۲۱ صفر ۱۳۰۰ھ کو حضرت صدر الافاضل کی ولادت ہوئی۔ آٹھ سال کی عمر میں پورا قرآن کریم حفظ کر لیا۔ اردو فارسی کی تعلیم دینے والے مولانا معین الدین صاحب نزہت اور ملا حسن تک مولانا شاہ فضل احمد رحمۃ اللہ علیہ سے تعلیم حاصل کی بقیہ درس نظامی اور دورۂ حدیث وغیرہ جامع معقول و منقول مولانا گل محمد صاحب قدس سرہٗ سے پڑھ کر کے اٹھارہ سال کی عمر میں تمام علوم عقلیہ و نقلیہ و طب یونانی وغیرہ کی تکمیل کر لی۔ دو سال مزید اعلیٰ تعلیم اپنے استاذ گرامی سے حاصل کی ۱۳۲۰ھ میں دستار فضیلت سے نوازے گئے۔ زمانۂ طالب علمی میں روح کے حدوث و قدم پر ایک آریہ سے مراد آباد میں علمی مباحثہ ہوا اور آپ نے اس کو قائل اور ساکت کر دیا۔

اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی سے تعلق بھی ایک عجیب طرح سے ہوا۔ مولوی محمد ادریس دیوبندی راجپوتانہ نے اعلیٰ حضرت کے خلاف اخبار "نظام الملک" میں، ایک مضمون شائع کیا۔ حضرت صدر الافاضل نے پڑھنے کے بعد فوراً اس کا جواب دیا اس مولوی نے بھی جواب دیا۔ سوال و جواب کا یہ سلسلہ ہفتوں قائم رہا بعض مقامات کے اہل سنت نے اعلیٰ حضرت کے پاس ایک خط لکھا کہ آپ کے جو مضامین "نظام الملک"

Marfat.com
Marfat.com

میں چھپ رہے ہیں وہ ہمیں بھیجیں۔ اعلیٰ حضرت کو تعجب ہوا اور نظام الملک منگا کر دیکھا تو بہت خوش ہوئے۔ ملا اشرف صاحب مراد آبادی جو اعلیٰ حضرت کے یہاں آتے جاتے تھے بلا کر پوچھا کہ یہ کون صاحب مضامین لکھ رہے ہیں۔ انہوں نے عرض کیا ایک فاضل نوجوان مولانا نعیم الدین صاحب ہیں کہ کچھ دنوں بعد شریف محمد صاحب مرحوم حضرت صدر الافاضل کو لیکر بریلی شریف حاضر ہوئے۔ اور اس کے بعد آمد و رفت کا ایسا سلسلہ قائم ہوا کہ مراد آباد سے ہر ہفتہ بریلی شریف حاضر ہوتے۔ اعلیٰ حضرت کو آپ پر بہت اعتماد تھا۔ نجیب آباد ضلع بجنور میں مولوی اشرف علی تھانوی کے مقابلہ میں آپ کو بھیجا گیا۔ مگر تھانوی صاحب حاضر مناظرہ نہ ہو سکے۔ مولوی محمد علی مونگیری جو مدرسہ صولتیہ مکہ مکرمہ معظمہ میں بیس سال تک مدرس رہ چکے تھے۔ انہوں نے بھاگلپور میں چیلنج مناظرہ کیا کہ عربی میں جو مجھ سے چاہے مناظرہ کرے اہلسنت نے اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی کو خبر دی آپ نے حضرت صدر الشریعہ اور حضرت صدر الافاضل کو وہاں بھیجا۔ صدر الافاضل نے وہاں پہنچ کر کہا کہ آپ کی طرف سے عربی مناظرہ کی شرط منظور ہے۔ لیکن ہماری طرف سے دو شرطیں بھی منظور کرنی ہوں گی کہ مناظرہ عربی میں منظوم اور غیر منقوط ہوگا۔ یہ سننا تھا کہ مناظرہ ہوئے بغیر دہابیہ فرار ہوئے اور اہلسنت نے فتح کا جلسہ کیا۔ آریوں سے ایک مناظرہ میں آپ نے بریلی میں پنڈت رام چندر کو تھوڑے سے وقت میں ساکت و لاجواب کر دیا۔

آپ ایک فصیح اللسان مقرر و خطیب تھے ۱۳۵۴ھ میں حضرت شاہ اشرفی میاں کچھوچھوی قدس سرہٗ اور حضرت محدث اعظم ہند مولانا سید محمد کچھوچھوی قدس سرہٗ و دیگر علماء و مشائخ کی معیت میں حج کیا۔ حکومت سعودی عرب نے آپ حضرات کو اپنا مہمان بنانا چاہا مگر آپ حضرات نے یہ کہہ کر انکار کر دیا کہ ہمارے لئے

Marfat.com
Marfat.com

بس اتنی مہربانی کافی ہے کہ ہمارے کسی کام میں مداخلت نہ کی جائے۔ سنہ ۱۹۴۵ء میں آل انڈیا سنی کانفرنس بنارس کا انعقاد ہوا۔ ہندو پاکستان کے گوشے گوشے سے علماء و مشائخ و رہبران دین و ملک کو جمع کرنے میں آپ کا بہت بڑا ہاتھ ہے اور بڑی نمایاں خدمات ہیں۔

جامعہ نعیمیہ مراد آباد آپ کی علمی و روحانی یادگار ہے۔ ۱۸ ذی الحجہ سنہ ۱۳۶۷ھ کو ۶۰ سال کی عمر میں آپ کا وصال ہوا۔

تصانیف:-

۱۔ تفسیر خزائن العرفان
۲۔ الکلمۃ العلیٰ
۳۔ التحقیقات
۴۔ اطیب البیان

۸۔ مبلغ اسلام حضرت علامہ عبد العلیم صاحب میرٹھی قدس سرہٗ

(۱۳۱۰ھ / ۱۳۷۴ھ)

حضرت مولانا شاہ عبد العلیم صدیقی میرٹھی ابن حضرت مولانا محمد عبد الحکیم قدس سرہٗ ۱۵ رمضان المبارک سنہ ۱۳۱۰ھ مطابق ۳ اپریل سنہ ۱۸۹۲ء کو میرٹھ (یوپی) میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد ماجد عظیم المرتبت درویش صفت عالم دین اور بلند پایہ شاعر تھے۔ جوش تخلص تھا۔ آپ کو چونکہ شروع ہی سے تبلیغ اسلام کا شوق تھا۔ اس لئے علوم جدیدہ حاصل کرنے کے لئے اٹاوہ ہائی اسکول سے میٹرک پاس کیا

Marfat.com
Marfat.com

اور پھر ڈویزنل کالج میرٹھ میں داخلہ لیا۔ ۱۹۱۷ء میں بی اے کا امتحان امتیازی حیثیت سے پاس کیا۔

کالج کی چھٹیوں میں اعلیٰ حضرت امام احمد رضا فاضل بریلوی قدس سرہٗ کی خدمت میں بریلی شریف حاضر ہو کر اکتساب فیض کرتے رہے۔ میرٹھ کالج کی تعلیم کے دوران آپ کو برما ایجوکیشنل کانفرنس کا صدر منتخب کیا گیا۔ اس کانفرنس میں آپ نے جو خطبہ دیا برما اور سیلون سے مقبول عام ہوا۔ اور برما کے اصحاب سے دینی نشر و اشاعت پر آپ کی جو گفتگو ہوئی وہ مستقبل کے تبلیغی مشن کیلئے مفید ثابت ہوئی۔ آپ اعلیٰ حضرت امام اہل سنت مولانا احمد رضا فاضل بریلوی قدس سرہٗ کے دست حق پرست پر بیعت ہوئے اور خلافت و اجازت سے سرفراز ہوئے اور انہیں کے ایماء اور ارشاد پر اپنی زندگی تبلیغ دین اور خدمت اسلام کے لئے وقف کر دی اور اپنے نجی خرچ پر پیغام اسلام دنیا کے کونے کونے میں پہونچایا۔

حضرت مولانا صدیقی قدس سرہٗ کو اپنے شیخ سے کمال عقیدت تھی۔ حرمین طیبین کی زیارت سے واپسی کے بعد ایک طویل قصیدہ مدحیہ اعلیٰ حضرت کی خدمت میں پیش کیا۔ جب آپ وہ قصیدہ سنا چکے تو اعلیٰ حضرت نے اپنے قیمتی عمامہ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا۔ مولانا آپ کی خدمت میں کیا پیش کروں۔ آپ اس دیار پاک سے تشریف لا رہے ہیں کہ یہ عمامہ تو آپ کے قدموں کے لائق بھی نہیں ہیں۔ البتہ میرے کپڑوں میں سب سے بیش قیمت ایک جبہ ہے وہ حاضر کئے دیتا ہوں۔ [1]

حضرت مولانا صدیقی شعلہ بیان مقرر، بلند پایہ ادیب اور عظیم مفکر اسلام تھے آپ متعدد عالمگیر زبانوں کے ماہر تھے۔ آپ نے پوری قوت اور بے باکی سے دین فطرت

---

[1] حیات اعلیٰ حضرت جلد اول ص ۵۱-۵۲

Marfat.com
Marfat.com

کا پیغام پہونچایا جس کے نتیجے میں پچاس ہزار سے زائد غیر مسلم مشرف بہ اسلام ہوئے
۱۹۵۱ء میں آپ نے پوری دنیا کا تبلیغی دورہ کیا جس میں قابل ذکر ممالک
انگلستان، فرانس، اٹلی، برٹش گیانا، مڈغاسکر، ٹرینی ڈاڈ، امریکہ، کینیڈا، فلپائن
سنگاپور، ملائشیا، تھائی لینڈ، انڈونیشیا، انڈوچائنا، چین، جاپان، ماریشش
جنوبی و مشرقی افریقہ کے نوآبادیات، سعودی عرب، عراق، اردن، فلسطین، شام
اور مصر کے متعدد تبلیغی دورے کئے۔ تمام مذاہب کے لوگوں کو دعوت اسلام
دی۔ اور ہر زبان میں اسلام کا لٹریچر شائع کیا۔ آپ کی تبلیغی کوششوں سے
بورنیو کی شہزادی اور ٹرین ڈاڈ کی خاتون وزیر مشرف با اسلام ہوئیں۔ بانی
پاکستان، قائداعظم محمد علی جناح، مراکش کے غازی عبدالکریم، فلسطین کے
مفتی اعظم سید امین الحسینی، اخوان المسلمین کے سربراہ حسن البناء، سیلون
کے آنریبل جسٹس ایم مردانی، کولمبو کے جسٹس ایم۔ ٹی اکبر، سنگاپور کے ایس
این دت اور مشہور انگریز ڈرامہ نویس اور فلسفی جارج برناڈ شا آپ کی علمی و
روحانی شخصیت سے بیحد متاثر تھے۔

۱۷ اپریل ۱۹۳۵ء کو ممباسہ جنوبی افریقہ میں جارج برنارڈ شاہ سے آپ
کی ملاقات ہوئی، آپ نے ان کے سوالات کے جوابات تاریخ، سائنس اور
فلسفہ کی روشنی میں اس طرح دیئے کہ برناڈ شاہ کو اسلام کی عظمت کا اعتراف
کرنا پڑا اس گفتگو کا اردو ترجمہ ماہنامہ اہلسنت کراچی شمارہ محرم و صفر ۱۳۹۲ھ
میں شائع ہو چکا ہے۔ آپ نے اسلامی تعلیمات عام کرنے کے لئے ہر پہلو پر توجہ
دی متعدد مساجد تعمیر کرائیں۔ جن میں سے حنفی جامع مسجد کولمبو، سلطان مسجد
سنگاپور اور مسجد ناگریا جاپان زیادہ مشہور ہیں۔ اس کے علاوہ عربی یونیورسٹی
ملایا پاکستان نیور مسلم ڈائجسٹ ٹرینی ڈاڈ مسلم اینول کی بنیاد آپ نے ڈالی

Marfat.com
Marfat.com

سنہ ۱۹۴۹ء میں سنگاپور میں تنظیم بین المذاہب کے نام سے ایک ادارہ کی بنیاد ڈالی اور تمام دنیا کے عیسائی، یہودی، بدھ مت، اور سکھ مذاہب کے پیشواؤں کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کر کے لادینیت کا قلع قمع کرنے کی اپیل کی۔ تمام مذاہب کے راہ نماؤں کی اس مشترکہ کانفرنس میں آپ کو "ہز اکزیٹیڈ ایمی نینسن" کا خطاب دیا گیا۔ نیز مصر میں تنظیم بین المذاہب الاسلامیہ کے نام سے مختلف مکاتب فکر کی ایک تنظیم قائم کی۔

سنہ ۱۹۴۶ھ میں حضرت مولانا شاہ عبدالعلیم صدیقی قدس سرہٗ رابطۂ اسلامیہ ہند کے رئیس اور ملایا مشرقی و جنوبی افریقہ اور جزائر شرقیہ کے مندوب کی، حیثیت سے سعودی عرب تشریف لے گئے اور سعودی عرب کی طرف سے حجاج پر عائد کردہ ٹیکسوں کے خاتمہ اور حجاج کے لئے سہولتیں فراہم کرنے کے لئے دنیا بھر سے آئے ہوئے اجلۂ علماء حکومت سعودیہ کے عمائدین اور عبدالعزیز ابن مسعود سے مذاکرات کیے ان مذاکرات کی تفصیل البیان کے نام سے عربی میں شائع ہوئی تھی۔ جس کے آغاز میں حسن البناء بانیٔ اخوان المسلمین مصر نے ابتدائیہ لکھا۔ اور حضرت شاہ صدیقی صاحب کی مساعیٔ جمیلہ کو خراج تحسین پیش کیا۔ حضرت صدیقی صاحب نے تالیف و تصنیف پر بھی خاطر خواہ توجہ دی اور کثیر التعداد قابل فخر تصانیف کا ذخیرہ چھوڑا۔ لیکن افسوس ان میں سے بہت سی تصانیف زیور طبع سے آراستہ نہ ہو سکیں۔

۲۲ ذی الحجہ سنہ ۱۳۷۴ھ بمطابق ۱۲ اگست سنہ ۱۹۵۴ء کو مدینہ میں انتقال ہوا اور جنت البقیع میں مدفون ہوئے۔

تصانیف :-

۱۔ ذکر حبیب (دو حصے)

Marfat.com
Marfat.com

۲- کتاب تصوف
۳- بہار شباب
۴- مسائل انسان کامل
۵- اسلام میں عورت کے حقوق
۶- مکالمہ جارج برنارڈ شاہ
۷- مرزائی حقیقت کا اظہار

۹- مولانا سید ابوالبرکات صاحب

علامہ سید ابوالبرکات بن ابو محمد دیدار علی بن سید نجف علی قدس سرھما محلہ نواب پورہ ریاست الور میں ۱۳۱۶ھ میں پیدا ہوئے حافظ عبدالحکیم، حافظ عبدالعزیز حافظ قادر علی سے قرآن پاک ختم کیا۔ مولانا سید ظہور احمد الوری سے نحو و صرف کی ابتدائی کتب کی تعلیم حاصل کی۔ اکثر کتب اپنے والد ماجد سے پڑھنے کے بعد صدر الافاضل حضرت مولانا علامہ نعیم الدین مراد آبادی قدس سرہ کی خدمت میں پہنچ کر، شرح سلم، حمد اللہ، افق المبین، شرح ہدایت الحکمت، شمس بازغہ، شرح عقائد مع خیالی طب اور صحاح ستہ کا درس لیا۔ اعلیٰحضرت رحمۃ اللہ علیہ سے مرید ہوئے۔ اور شیخ المشائخ حضرت سید شاہ علی حسین اشرفی کچھوچھوی قدس سرہٗ سے طالب ہوئے۔ آگرہ اور لاہور میں درس و تدریس کی خدمت ایک مدت تک انجام دی۔ ۱۳۵۴ھ میں اپنے والد ماجد محدث الوری کے انتقال کے بعد دار العلوم حزب الاحناف کے رئیس اور شیخ الحدیث مقرر ہوئے۔ پاکستان کے اکثر علماء آپ کے سلسلۂ تلمذ سے وابستہ ہیں۔ آپ کی

Marfat.com
Marfat.com

ذات قدسی صفات مرجع علماء و فضلاء اور پاکستان میں اسلام کیلئے مستحکم ستون ہے۔

۱۰۔ مولانا مفتی غلام جان ہزاروی

(۱۳۱۶ھ / ۱۳۷۹ھ)

ابوالمظفر عبدالمصطفیٰ غلام جان بن مولانا احمد جی بن مولانا محمد عالم کی ولادت باسعادت ۱۳۱۶ھ میں بمقام اوگرہ تحصیل مانسہرہ ضلع ہزارہ میں ہوئی قرآن کریم، فارسی نظم و نثر اور صرف و نحو کی ابتدائی تعلیم اپنے والد صاحب سے حاصل کی۔ دہلی، سہارنپور، مدرسہ عالیہ جامع مسجد آگرہ میں بھی تعلیم حاصل کی حمداللہ اور زواہد ثلاثہ کا درس مولانا غلام رسول سے حاصل کی۔ بلند شہر میں معقولات کی چند کتابیں پڑھیں۔ ٹونک پہونچ کر علامہ سید برکات احمد سے ریاضی اور معقولات میں استفادہ کیا ۱۳۳۵ھ میں مدرسہ عالیہ رامپور سے درجۂ تکمیل پاس کیا۔ پھر بریلی شریف کا شہرہ سنکر حاضر ہوئے۔ مولانا ظہور الحسن فاروقی رامپوری اور صدر الشریعہ مولانا امجد علی اعظمی سے درس نظامی کی آخری کتابیں پڑھ کر صحاح ستہ کا دورہ کیا ۱۳۳۷ھ میں اعلیٰ حضرت شاہ احمد رضا فاضل بریلوی کے دست مبارک سے دستار بندی سند فضیلت سے نوازے گئے اعلیٰ حضرت سے بیعت و خلافت ملی پھر مدرسہ منظر اسلام بریلی میں مقرر ہوئے — مسجد بی بی جی بریلی کے خطیب مقرر ہوئے۔ کچھ دن مدرسہ سلیمانیہ توسہ شریف ایک سال مکھڈ شریف اس کے بعد خان احمد امیر خاں رئیس شہلہ ضلع ہزارہ

Marfat.com
Marfat.com

نے آپ کو عہدۂ قضا پر معمور کیا کچھ دنوں بعد جامعہ نعیمیہ لاہور سے صدر مدرس و مفتی مقرر ہوئے ۱۳۴۶ھ میں سفر حج کیا۔ ۲۵ محرم الحرام ۱۳۵۹ھ بوقت اذان ظہر کلمہ شریف پڑھتے اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔ مفتی اعظم پاکستان مولانا ابو البرکات سید احمد مدظلہ نے نماز جنازہ پڑھائی۔ [1]

تصانیف۔

۱۔ فتاویٰ غلامیہ

۲۔ نور العینین فی سفر الحرمین

۳۔ سیف رحمانی علیٰ رأس القادیانی

۴۔ دیوان غلامیہ

۵۔ نغمۂ شہادت

۶۔ اذان علی القبر وتعدد الجمعہ فی مساجد المصر

۱۱۔ مولانا محمد ابراہیم رضا خان صاحب

(۱۳۲۵ھ / ۱۳۸۵ھ)

مفسر اعظم محمد ابراہیم رضا عرف جیلانی میاں بن حجۃ الاسلام مولانا حامد رضا خاں صاحب بن اعلیٰ حضرت امام احمد رضا ۱۳۲۵ھ میں پیدا ہوئے۔ اعلیٰ حضرت نے رسم بسم اللہ ادا کرائی۔ منظر اسلام بریلی شریف میں تکمیل درسیات کیا۔

حج و زیارت سے مشرف ہوئے۔ والد ماجد کے انتقال کے بعد تاحیات

---

[1] ملخص تذکرہ اکابر اہل سنت جلد اول ص ۲۹۹-۳۰۰

Marfat.com
Marfat.com

منظر اسلام کے مہتمم و شیخ الحدیث رہے۔ علم کلام سے شغف تھا۔ اصلاح عقائد پر زور دیتے تھے۔ دیگر مصروفیات کے علاوہ تحریر سے بھی دلچسپی تھی۔ بروز دوشنبہ ۱۱ صفر ۱۳۸۵ھ مطابق ۱۱ مئی ۱۹۶۵ء کو انتقال ہوا۔ اعلیٰ حضرت کے مزار شریف کے دائیں جانب بریلی آپ کا مزار شریف ہے۔ [1]

۱۲۔ حضرت مولانا سید حشمت علی خاں صاحب

(المتوفی ۱۳۸۰ھ)

مولانا حشمت علی خاں لکھنؤ میں پیدا ہوئے۔ تعلیم و تربیت بھی آپ نے یہیں حاصل کی مدرسہ فرقانیہ لکھنؤ میں حفظ کیا تجوید کی سند پائی اس کے بعد آپ کے والد محترم نواب رستم علی خاں نے مدرسہ منظر اسلام بریلی بھیجا۔ صدر الشریعہ مولانا امجد علی و دیگر اساتذہ سے تکمیل کتب کیا۔ شعبان ۱۳۴۰ھ میں دستار بندی ہوئی۔ حضرت شاہ حامد رضا قادری بریلوی نے دستار بندی اور سند اجازت عطا فرمائی۔ مینی تال کے ایک مناظرہ میں فتحیاب ہو کر جب بریلی پہونچے تو اعلیٰ حضرت نے غیظ المنافقین کا خطاب مرحمت فرمایا۔ بزرگوں کے ادب شناس تھے۔ شاعر بھی تھے۔

۸ محرم ۱۳۸۰ھ کو انتقال ہوا۔ مزار مبارک پیلی بھیت میں ہے۔

---

[1] تذکرہ علمائے اہلسنت ص ۵۶

Marfat.com
Marfat.com

۱۳- حضرت مولانا محمد لعل خانصاحب

(المتوفی ۱۹۲۱ء)

مولانا حاجی محمد لعل خاں رحمۃ اللہ علیہ قادری رضوی برکاتی اعلیٰ حضرت کے نہایت پرجوش معتقد تھے۔ آپ کو اجازت و خلافت بھی حاصل تھی بامروت آدمی تھے۔ تصانیف اعلیٰ حضرت کی طبع اور اشاعت میں آپ نے بے پناہ حصہ لیا۔

۲۱ جولائی ۱۹۲۱ء کو آپ کا انتقال ہوا۔

۱۴- حضرت مولانا محمد شفیع صاحب قبلہ

(المتوفی ۱۳۳۸ھ)

مولانا محمد شفیع قادری بیسلپوری اعلیٰ حضرت کے خلیفہ اور امین فتاویٰ دارالافتاء تھے۔ ابتدائی تعلیم اپنے والد سے حاصل کی اور مدرسۃ الحدیث پیلی بھیت میں تعلیم مکمل کی۔ ایک بار اعلیٰ حضرت پیلی بھیت تشریف لے گئے تو نگاہ انتخاب آپ کو بریلی میں ساتھ ہی لے گئی۔ اور فتاویٰ نویسی اور کتب خانہ کی نگرانی پر مقرر کیا۔ حضرت محدث سورتی کی صاحبزادی حلیم النساء سے آپ کا عقد ہوا۔ اعلیٰ حضرت کو آپ پر بیحد اعتماد تھا۔ آپ کو امین الفتویٰ کا خطاب دیا۔ ۱۳۳۸ھ میں بیسلپور میں انتقال ہوا۔ [1]

---

[1] الاستمداد ص ۹۹

Marfat.com
Marfat.com

۱۵۔ حضرت مولانا عمر الدین ہزاروی صاحب

(المتوفی ۱۳۴۹ھ)

مولانا عمر الدین بن قمر الدین بن علاء الدین بن مراد بخش بن گل محمد کوٹ نجیب اللہ نزد دھری پور ہزارہ میں پیدا ہوئے۔ حضرت مولانا فیض عالم صاحب مصنف وجیز الصراط کے چچازاد بھائی تھے۔ ہزارہ اور بھارت کے مشاہیر سے علوم عقلیہ ونقلیہ کی تکمیل کی۔ اعلیٰ حضرت کے علاوہ حضرت مولانا عبد القادر بدایونی کے مرید وخلیفہ بھی تھے مولانا ہزاروی مرجع انام مفتی اور بلند مرتبہ مدرس تھے۔ تقریباً تیس سال تک بمبئی میں خطابت وافتاء کے فرائض انجام دیئے ۱۳۴۹ھ میں کوٹ نجیب اللہ ہزارہ میں انتقال ہوا۔ [1]

تصانیف :۔

۱۔ الاجازۃ۔

۲۔ اھلاک الوھابیین عن توھین قبور المسلمین۔

۳۔ فتوے العلماء بتعظیم آثار العلماء۔

۴۔ نور المبین بشفا الشافعین۔

۵۔ صیانۃ العباد عن الخضاب بالسواد۔

---

[1] "تذکرہ اکابر اہلسنت جلد اول ص ۲۹۸-۲۹۹

Marfat.com
Marfat.com

الباب السابع

فقہ اسلامی میں اعلیٰ حضرت کی خدمات اور ان کا فقہی مقام

Marfat.com
Marfat.com

اُصول فقہ

ایک فقیہ کے لئے جہاں کثیر علوم وفنون میں مہارت تامہ لازم ہے وہیں اصول فقہ میں مہارت اور ممارست بھی جزء لاینفک ہے کہ اس کے بغیر کتاب وسُنّت کے مفاہیم واشارات تک پہنچنا تقریباً ناممکن ہے۔ ساتھ ہی ساتھ ہم یہ بھی کہہ سکتے ہیں کہ فقہ کی سب سے قریبی اساس اصول فقہ ہے اسی لئے جملہ ائمۂ مذاہب اور ان کے بعد کے فقہاء کی کتابیں اور ارشادات فقہی اصول پر مبنی ہیں۔

اعلیٰحضرت بھی اصول فقہ میں غایت درجہ گہری نظر رکھتے تھے اور جابجا آپ نے اُصول فقہ کے مسائل اور ابحاث پر تحقیقات فرمائی ہیں بلکہ اُصول کی بعض متداول کتابوں پر آپ کے مفصّل حواشی بھی موجود ہیں جن میں خاص طور سے اصول فقہ کی معرکۃ الآراء کتاب "مسلم الثبوت" اور اس کی شرح "فواتح الرحموت" کو بہت ہی قیمتی اور مفصّل تعلیقات سے نکھار دیا ہے ان ابحاث سے اعلیٰحضرت کی اصولی بصیرت اور تحقیقی نظر کی نشاندہی ہوتی ہے۔

اعلیٰحضرت نے اہل اصول کی بعض تحقیقات سے اختلاف بھی کیا ہے اور بعض مواقع پر لاینحل مسائل کی عقدہ کشائی بھی فرمائی ہے اور کچھ ایسے مقامات بھی ہیں جن میں آپ نے اصلاحات فرمائیں اور چونکہ آپ ایک فطری فقیہ کا مزاج رکھتے تھے اس لئے آپ کے چند ایسے نوادرات بھی ملتے ہیں جس کا نمونہ اگلوں میں نہیں ہے اور بے ساختہ کہنا پڑتا ہے کہ "کم ترک الاوائل للمتاخر"

نمونہ کے طور پر چند اصولی تحقیقات پیش کی جاتی ہیں۔

تقسیم احکام پر بحث۔

افعال عباد سے جو احکام متعلق ہیں فعل وہ ترک کے لزوم اور عدم لزوم کے

Marfat.com
Marfat.com

اعتبار سے اہل اصول نے اُن احکام کی جو تقسیم کی ہے اس میں تضاد پایا جاتا ہے مثلاً صاحب "مسلم الثبوت" نے حکم کی پانچ قسمیں کی ہیں۔ ایجاب[1]، ندب[2]، تحریم[3]، کراہت[4]، اباحت[5]۔ آگے چل کر کہتے ہیں کہ حنفیہ نے ایجاب کو فرض و واجب اور تحریم کو حرام اور مکروہ تحریمی پر منقسم کر دیا ہے[6]۔

تقسیم کے اس طرز سے اعلیٰ حضرت نے اختلاف کیا ہے۔ آپ فرماتے ہیں کہ سُنّت و ندب میں فرق نہ کرنا مذاہب حنفی و شافعی کے خلاف ہے[7]

توضیح میں صدر الشریعہ نے احکام کی سات قسمیں بیان کی ہیں۔ فرض[1]، واجب[2]، سُنّت[3]، نفل[4]، حرام[5]، مکروہ[6]، مباح[7]۔ اعلیٰ حضرت نے حکم کے گیارہ اقسام قرار دئے ہیں۔ پانچ جانب فعل میں بطور تنازل۔ فرض[1]، واجب[2]، سُنّت موکدہ[3]، غیر موکدہ[4]، مستحب[5] اور پانچ جانب ترک میں بطور ترقی۔ خلاف اولیٰ[6]، مکروہ تنزیہی[7]، اساءت[8]، مکروہ تحریمی[9]، حرام[10] جن میں میزان مقابلہ اپنے کمال اعتدال پر ہے کہ ہر ایک اپنے نظیر کا مقابل ہے اور ان سب کے بیچ میں مباح[11] خالص ہے[8]۔

احکام کی یہ تمام قسمیں منتشر طور پر کلام فقہاء میں مستعمل ہیں لیکن یکجا اور اصولی طرز پر ان گیارہ اقسام کا بیان اعلیٰ حضرت کے سوا اور کسی کے یہاں نہیں ملتا۔

تقسیم احکام کے بعد دوسرا مرحلہ ان کی تعریفات و قیود کا ہے اس موقع پر بھی اعلیٰ حضرت کی شخصیت ایک ماہر الاصول فقیہ، متبحر عالم کی حیثیت سے سامنے

---

[1] مسلم الثبوت لعلامہ محب اللہ بہاری صفحہ ۲۶ مطبع نولکشور لکھنؤ۔

[2] " " " " " "

[3] امام احمد رضا۔ فتاوی الرضویہ ج ۱ ص ۱۷۵ مطبع اہلسنت بریلی۔

[4] التوضیح للعلامہ عبداللہ ابن مسعود۔ ص ۳۰ مطبع رحیمیہ دیوبند۔

[5] امام احمد رضا۔ فتاوی رضویہ ص ۱۷۵ ج ۱ مطبوعہ اہلسنت بریلی۔

Marfat.com
Marfat.com

آجاتی ہے۔

اصول فقہ کے مسائل میں سے فرض و واجب کی تعریف میں پھر اعتقادی، اجتہادی اور عملی کی طرف ان کی تقسیم میں علماء کے اقوال جامعیت کے ساتھ نہیں ملتے۔ اعلیٰ حضرت نے ان کی تعریف و تقسیم میں مکمل جامعیت ملحوظ رکھی ہے اور تمام قیود کی واضح افادیت کی نشاندہی بھی فرمائی ہے۔

آپ نے فرض اعتقادی اور واجب اعتقادی کی یہ تعریف فرمائی ہے "مجتہد جس شئے کی طلب جزمی حتمی کا ایسا اذعان کرے جو اصول دین میں معتبر ہو تو فرض اعتقادی ہے اور اگر ایسا اذعان نہ ہو تو واجب اعتقادی[1] ہے۔ اس تعریف پر فرض اعتقادی تمام ائمۂ دین کا اجماعی حکم ہوگا اور اس فرض کا منکر فقہائے متاخرین کے نزدیک کافر ہے[2] لیکن محققین کے نزدیک اس صورت میں کافر ہوگا جبکہ اس کی فرضیت ضروریات دین سے ہو[3] اور قول محققین ہی میں احتیاط ہے اور اسی پر اعتماد[4] ہے۔ اس موقع پر وضو میں غسل رجلین کی فرضیت مثال کے طور پر پیش کی جاسکتی ہے کہ اس کا وجوب جزمی حتمی ہے لیکن اس کے منکر کی تکفیر محققین کے مسلک پر نہ ہوگی کیونکہ یہ مسئلہ ضروریات دین سے نہیں ہے۔

فرض عملی کی تعریف ۔ فرض عملی وہ فرض ہے جس کا ثبوت نظر مجتہد میں بحکم دلائل شرعیہ تیقن سے ہو کہ جس کے کئے بغیر آدمی بری الذمہ نہ ہو یہاں تک کہ وہ اگر کسی عبادت کے اندر فرض ہے تو وہ عبادت بدون اُس کے باطل و کالعدم ہوگی[5]

---

[1] امام احمد رضا۔ فتاویٰ رضویہ ص ۶ ج ۱ مطبوعہ اہلسنت بریلی

[2] " " " ۶ " " " "

[3] " " " " " " "

[4] " " " " " " "

Marfat.com
Marfat.com

اس کا بے وجہ انکار فسق و گمراہی ہے[1]۔

واجب عملی کی تعریف - واجب عملی وہ واجب اعتقادی ہے کہ جس کے کئے بغیر بری الذمہ ہونے کا احتمال ہو لیکن غالب ظن اس کی ضرورت پر ہے۔ واجب عملی کے بغیر عبادت ناقص رہتی ہے[2] صاحب "کافی" نے فرض عملی کی تعریف اس طرح کی ہے "بما یفوت الجواز بفوتہ[3]" اور "تحریر" میں فرمایا "الفرض ما قطع بلزم ذمہ[4]"

یہ دونوں تعریفیں قابل اعتراض ہیں صاحب "کافی" کی تعریف واجب عملی پر بھی صادق آتی ہے اور صاحب "تحریر" کی تعریف پر لازم آتا ہے کہ چوتھائی سر کا مسح قطعی اللزوم نہ رہنے کی وجہ سے فرض نہ رہے اسی اعتراض سے بچنے کے لئے صاحب "نہایہ" نے یہ احتمال پیدا کیا کہ ممکن ہے کہ مقدار مسح کے معاملہ میں فرض بہ معنی واجب ہو لیکن صاحب "بحر" نے یہ تاویل کی کہ خصوصیت مقام سے فرض کی قطعیت و ظنیت کا فرق ہوتا ہے[5]

اعلیٰ حضرت نے فرمایا کہ قطعیت تین قسم کی ہوتی ہے۔

اول عام - جس میں عوام و خواص مشترک ہیں یہ ضروریات دین میں ہوتی ہے۔

دوم خاص - جو ماہرین علم کے ساتھ مخصوص ہوتی ہے یہ اجماعی فرض اعتقادی میں پائی جاتی ہے۔

سوم اخص - جو مخصوص علماء کے ساتھ خاص ہے کہ جن کے مسائل میں کسی عالم کے نزدیک قرائن و شواہد کی روشنی میں کسی فرضیت کی قطعیت ظاہر ہو جاتی ہے اور

---

[1] امام احمد رضا - فتاویٰ رضویہ ص ۷ ج ۱ مطبع اہلسنت - بریلی

[2] 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃

[3] 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃

[4] 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃

[5] 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃

Marfat.com
Marfat.com

دوسرے اس سے محروم ہوتے ہیں اس کی مثال یہ ہے کہ کسی صحابی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بلا واسطہ کوئی حکم سُنا تو یہ حکم اُن صحابی کے لئے قطعی ہے لیکن ان سے سُننے والے کے لئے خبر واحد ہونے کی وجہ سے ظنّی ہے لہٰذا فرض اعتقادی کی قطعیت پر تمام اہل علم کا یقین ضروری ہے۔

جس چیز کی فرضیت صرف ایک مجتہد کی نظر میں بالیقین ہو وہ فرض عملی ہے علامہ شامی فرماتے ہیں کہ صاحب بحر کا قول جملہ اہل اصول کے خلاف ہے کیونکہ اہل اصول کے نزدیک فرض وہی ہے جو دلیل قطعی سے بے شبہہ ثابت ہو[1]۔

اعلیٰ حضرت فرماتے ہیں کہ علّامہ شامی کا یہ اعتراض برمحل نہیں ہے کیونکہ اصطلاح اہل اصول کی پابندی ہر جگہ ضروری نہیں ہوتی بلکہ خود اہل اصول فرض کا استعمال ظنّی اور قطعی دونوں پر کرتے ہیں مثلاً الوتر واجب فرض، تعدیل الارکان فرض وغیرہ[2]۔

لہٰذا صحیح یہی ہے کہ قطعیت صرف نظر مجتہد میں ضروری ہے چنانچہ دُرمختار میں ہے۔ الفرض ما قطع بلزومہ حتّٰی یکفر جاحدہ کاصل مسح الرأس وقد یطلق علی العملی وھو ما تفوت الصحۃ بفواتہ کالمقدار الاجتھادی[3]۔

اس موقع پر دلیلوں کی ثبوتی و اثباتی قطعیت سے متعلق ایک تقسیم خالی از فائدہ نہ ہوگی صاحب بحر اور علامہ طحطاوی و شارع و کثیر علماء نے اس تقسیم کا تذکرہ اس طرح کیا ہے دلائل سمعیہ قطعی الثبوت وقطعی الدلالۃ۔ جیسے قرآن کریم اور احادیث متواتر کی محکم اور مفسر نصوص۔ قطعی الثبوت ظنی الدلالت جیسے آیات مؤول۔ ظنی الثبوت قطعی الدلالت جیسے احادیث آحاد جن کے مفہومات قطعی ہوں۔ ظنی الثبوت ظنی الدلالت جیسے

---

[1] امام احمد رضا۔ فتاویٰ رضویہ ص ۸ ج ۱ مطبع اہلسنت۔ بریلی۔

[2] 〃 〃 〃 ۹ 〃 〃 〃

[3] 〃 〃 〃 ۹ 〃 〃 〃

Marfat.com
Marfat.com

وہ اخبار آحاد جن کے مفہومات ظنی ہوں[1]۔

قسم اوّل سے فرض و حرام ثابت ہوتے ہیں اور ثانی و ثالث سے واجب اور کراہۃ تحریم اور قسم رابع سے سُنّت و مستحب ثابت ہوتے ہیں۔ پھر ایسا بھی ہوتا ہے کہ مجتہد کے نزدیک دلیل ظنی تقویت پاکر قطعی کے قریب پہنچ جاتی ہے اسی لئے علماء فرماتے ہیں کہ آحاد کو اگر تلقی قبول حاصل ہو جائے تو اثبات رُکن ان سے درست ہے جیسے کہ حدیث الحج عرفۃ سے وقوف عرفہ کی رُکنیت کا اثبات ہوتا ہے۔

ان اجلہ علماء کا فرمان نقل کرنے کے بعد اعلیٰ حضرت فرماتے ہیں کہ وجوب اور سُنّت و استحباب کے درمیان فرق کرنے کے لئے دلیلوں کی تقسیم سے جو طریقہ اپنایا گیا ہے میرے نزدیک دُرست اور قابل تسلیم نہیں۔ کیونکہ ظنی الثبوت قطعی الدلالت اور ظنی الثبوت والدلالت دونوں کی ظنیت ثبوت فعل میں یکساں ہے اور ایسی ظنیت صرف وجوب کو ثابت کرتی ہے لہٰذا وجوب و سُنّت وغیرہ میں فرق کا مدار دلیل کے ثبوت اور دلالت پر نہیں بلکہ ان کا فرق حتمی و ندبی (لازمی و غیر لازمی) ہونے پر موقوف ہے جس امر کی طلب لازمی طور پر ہوگی اس سے وجوب ثابت ہوگا اور جہاں طلب میں یہ بات نہ ہو بلکہ بطور ترغیب ہو تو اس سے سنّت و استحباب کا ثبوت ہوگا اگرچہ دلیل ثبوت و اثبات دونوں طریقوں سے قطعی یقینی ہو[2]۔ پھر آپ نے ثبوت و اثبات میں تعیین ظن اور شک کے اعتبار سے دلیلوں کی نو قسمیں کیں اور فرمایا کہ جس دلیل کے ثبوت یا اثبات میں شک ہو اس سے سُنّت و استحباب ثابت ہوں گے اگرچہ طلب میں جزم ہو اور اگر دلیل کے ثبوت و اثبات میں شک نہ ہو لیکن طلب فعل غیر لازمی ہو تو اس سے بھی سُنّت و نفل ہی کا فائدہ ہوگا۔

---

[1] شامی۔ بحر الرائق۔ طحطاوی۔ بہ حوالہ امام احمد رضا فتاوی رضویہ جلد اول ص ۹ مطبع اہلسنت بریلی شریف۔

[2] امام احمد رضا۔ فتاوی رضویہ۔ ج ۱ ص ۹۔۱۰۰ مطبع اہلسنت۔ بریلی۔

Marfat.com
Marfat.com

اور اگر طلب میں لزوم ہو اور ثبوت و اثبات دونوں اعتبار سے دلیل قطعی ہو تو فرض ثابت کرے گی یہی وجہ ہے کہ حدیث ضعیف جو اپنے ثبوت میں درجۂ شک میں ہے (مثلاً عیدین عرفہ کے دن غسل کرنے کی حدیث) صرف استحباب کا فائدہ دیتی ہے اب پوری بحث کا نتیجہ یہ نکلا کہ طلب فعل کی حدیثیں ستائیس[۲۷] قسموں میں منحصر ہیں جن میں تین بنیادی قسمیں ہیں اور ان میں سے ہر ایک کی نو نو قسمیں بنتی ہیں۔ کیونکہ دلیل میں طلب یا تو محض ترغیباً ہوگی یا تاکید کے ساتھ ہوگی یا بطور لزوم ہوگی پھر ان تینوں میں ثبوت، اثبات، قطعیت، ظن اور شک کی طرف نسبت کرتے ہوئے ۲، ۲ قسمیں ہو جائیں گی۔ جن میں سے ایک قسم سے فرض ثابت ہوگا اور تین سے وجوب اور چار سے سُنّت اور ۱۹ سے استحباب[۱]۔

مکروہ تنزیہی۔ صاحب درمختار نے مکروہ تنزیہی کی تعریف میں فرمایا "ترک کل سنۃ او مستحب[۲]"۔

امام ابن ہمام نے مکروہ کو خلاف اولیٰ قرار دیا ہے یعنی ان کے نزدیک مکروہ تنزیہی مستحب کا مقابل ہے ابن امیر الحاج نے حلیہ میں تحریر فرمایا ہے۔ المکروہ التنزیھی مرجعہ الی خلاف الاولیٰ[۳]۔ غنیہ میں فرماتے ہیں۔ التنزیہ مقابلہ المندوب[۴]۔ اسی میں یہ بھی ہے وان تضمن ترک سنۃ فھو مکروہ کراھۃ التنزیہ[۵] لیکن اسی میں دوسری جگہ ارشاد فرمایا۔ (اعلم ان للصلوٰۃ سننًا) وترکھا یوجب کراھۃ تنزیہ (وآدابًا) جمع ادب ولا بأس بترکہ ولا کراھۃ (وکراھیۃ) والمراد بھا ما یتضمن ترک سنۃ وھو کراھۃ تنزیہ او ترک واجب وھو کراھۃ التحریم۔[۶]

---

[۱] امام احمد رضا۔ فتاویٰ رضویہ۔ ج ۱۔ ص ۱۱ مطبع اہلسنت بریلی۔

[۲] درمختار۔ للعلامہ علاء الدین شامی ص ۲۷۵ برحاشیہ طحطاوی ج ۱ مطبع عامرہ مصر ۱۳۵۲ھ

[۳] حلیہ بحوالہ فتاویٰ رضویہ لامام احمد رضا ج ۱ ص ۱۷۰ اہلسنت بریلی

[۴] غنیہ بحوالہ 〃 〃 〃 〃 〃

[۵] 〃 〃 〃 〃 〃 〃

[۶] 〃 〃 〃 〃 〃 〃

Marfat.com
Marfat.com

بحرالرائق میں ہے التنزیہ فی رتبۃ المندوب پھر دوسری جگہ ارشاد فرمایا۔ لا یلزم من ترک المستحب ثبوت الکراھۃ۔ پھر دوسری جگہ فرمایا۔ المکروہ تنزیھا یرادف خلاف الاولیٰ اور دوسری جگہ فرمایا النوافل فعلھا اولیٰ ولا یقال ترکھا مکروہ[1]

اسی طرح دونوں مضمون کی عبارتیں کئی مقامات پر ان سے تحریر میں آئیں۔ مکروہ تنزیہی کی تعریف میں مذکورہ بالا مشائخ کی عبارتیں باہم متعارض ہیں اس لئے علامہ طحطاوی فرماتے ہیں۔ وان کان ذلک الشئ مستحبا او مندوبا ولیس بسنۃ فینبغی ان لا یکون ترکہ مکروھا اصلاً الا انہ یشکل علیہ ما قالوہ ان المکروہ تنزیھا مرجعہ الی خلاف الاولیٰ ولا شک ان ترک المستحب خلاف الاولیٰ[2]

اعلیٰ حضرت فرماتے ہیں کہ مستحب و کراہۃ میں تناقض نہیں ہے کہ ایک کی نفی سے دوسرے کا ثبوت ہو ورنہ مباح میں مکروہ یا مستحب ہونا لازم آئے گا یوں ہی اگر کوئی شخص خالی بیٹھا ہو اور اس پر کوئی مطالبۂ شرعی لازم نہ ہو تو بے شمار مکروہات کا مرتکب ٹھہرے گا کہ مندوبات بے شمار ہیں اور وہ ان سب کا تارک ہوا۔ نیز لفظ کراہت خود ہی نشاندہی کر رہا ہے کہ وہ بمقابلۂ سنت ہے کہ ارتکاب کراہت میں ملامت ہے اور ترک سنت میں بھی لیکن ترک مندوب پر کچھ بھی نہیں۔ علاوہ ازیں ہماری تحقیق یہ ہے کہ جس فعل کا مطالبہ شرعاً ہے اس کا ترک دو حال سے خالی نہیں نادراً ترک ہو یا عادۃً پھر ان میں سے ہر ایک تین احتمال رکھتے ہیں ترک سے استحقاق عذاب ہوگا یا استحقاق عقاب یا کچھ نہیں۔ جس میں عذاب و عقاب کا انتحقاق نہیں وہی مستحب و مندوب ہے[3]

شرعاً جن امور میں ترک فعل کا مطالبہ ہے ان کی تقسیم بھی اسی طور پر ہوگی کہ جن کے فعل

---

[1] بحرالرائق بحوالہ فتاویٰ رضویہ للامام احمد رضا ج ۱ ص ۱۷۰ اہلسنت بریلی۔

[2] " " " " " "

[3] امام احمد رضا فتاویٰ رضویہ ج ۱ ص ۱۷۳ مطبع اہلسنت بریلی

Marfat.com
Marfat.com

پر عذاب یا عقاب یا ملامت کا استحقاق ہوگا یا نہیں جہاں استحقاق عتاب و ملامت ہو وہ کراہت تنزیہی ہے اور جہاں کچھ نہ ہو وہ خلاف اولیٰ ہے۔ لہٰذا کراہت تنزیہی کسی طرح خلاف اولیٰ نہیں چنانچہ فخر الاسلام اپنے اصول میں فرماتے ہیں۔ السنن نوعان سنۃ الھدیٰ و تارکھا یستوجب اساءۃ[1]

پس کراہت تنزیہی سنت غیر موکدہ کے بالمقابل ایک قسم ہے اسے مستحب کے بالمقابل کہنا خلاف تحقیق ہے۔ ایک بات یہ بھی ہے کہ کراہت اگرچہ تنزیہی ہو بے دلیل قائم نہیں ہوسکتی۔ بحر الرائق باب العیدین میں ہے۔ لا بد لھا من دلیل خاص[2]

علامہ شامی نے مکروہات وضو میں فرمایا۔ الظاھر ان خلاف الاولیٰ اعم فقد یکون مکروہ حیث لا دلیل خاص کترک صلوٰۃ الضحیٰ[3]

تقلید کیا ہے؟

قرآن و احادیث کی متعدد نصوص سے تقلید کی حرمت ثابت ہوتی ہے جب کہ بعض دوسری آیات و احادیث میں اہل علم کی پیروی کا حکم بھی مذکور ہے اس لئے اصول فقہ میں یہ مسئلہ اٹھا کہ تقلید کیا ہے۔ فاضل بہاری نے تقلید کی یہ تعریف کی ہے۔ "التقلید العمل بقول الغیر من غیر حجۃ کاخذ العامی والمجتھد من مثلہ فالرجوع الی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم او الی الاجماع لیس منہ وکذا العامی الی المفتی والقاضی الی العدول لا یجاب النص ذلک علیھما لکن العرف علی ان العامی مقلد للمجتھد قال الامام وعلیہ معظم الاصولیین[4]

اس عبارت سے چند باتیں واضح ہوئیں۔ (۱) کسی کی بات بے دلیل تسلیم کرلینا

---

[1] امام احمد رضا فتاویٰ رضویہ ج ۱ ص ۱۷۴ مطبع اہلسنت بریلی

[2] " " " ۱۷۰ " "

[3] شامی بحوالہ امام احمد رضا فتاویٰ رضویہ ج ۱ ص ۱۰۱ مطبع اہلسنت بریلی۔

[4] شرح مسلم الثبوت ص ۶۲۴۔

Marfat.com
Marfat.com

تقلید ہے (۲) تقلید ایک قابلِ مذمت کام ہے (۳) عوام اگر فقیہ کی طرف مراجعت کریں تو یہ قابل مذمت تقلید نہیں (۴) مجتہد اگر اپنی معلومات کے برخلاف کسی دوسرے صاحب اجتہاد کی پیروی کرے تو یہ قابل مذمت فعل ہے۔

یہاں یہ نکتہ قابلِ غور ہے کہ مفتی سے معلومات حاصل کرکے عمل کرنا اہل اصول کے نزدیک تقلید نہیں ہے حالانکہ پوری دُنیا میں فقہاء کے مقلدین بھرے پڑے ہیں اور ہر جگہ انھیں مقلد ہی کہا جاتا ہے۔ اسی لئے "شرح مسلم الثبوت" میں ملّا بحرالعلوم فرماتے ہیں کہ عوام اگر مجتہد کی پیروی کریں تو یہ تقلید ہے[1] لیکن ملّا بحرالعلوم علیہ الرحمہ کے فرمانے کے بموجب یہ لازم آتا ہے کہ دُنیا کے تمام عوام وخواص تقلید کی وجہ سے قابل مذمت ہیں کیونکہ آپ نے تقلید عوام کی مثال فاضل بہاری کی ذکر کردہ تقلید کے ذیل میں پیش کی ہے۔ حالانکہ خود بحرالعلوم بلکہ فاضل محب اللہ بہاری بھی اصول وفروع میں مذہب حنفیت کے مقلد تھے۔

اعلیٰ حضرت نے ملّا بحرالعلوم کے اس بیان پر کلام کیا ہے آپ فرماتے ہیں کہ عوام کو مجتہد کی طرف مراجعت کا شرعاً حکم ہے۔ تو اسے تقلید مذموم میں کیونکر شمار کیا جائے گا۔ نیز یہ کہ تقلید مذموم کی مثال میں آپ نے مجتہد سے رجوع کرنا شمار کر دیا پھر دو سطر بعد ہی عدم تقلید کی مثال میں مفتی کی طرف رجوع کرنا تحریر کیا۔ ایک ہی صورت مسئلہ نفی و اثبات دونوں کی نظیر کیونکر ہو سکتی ہے[2]۔

ساتھ ہی ملّا بحرالعلوم نے لکھا کہ عوام مفتی کی طرف رجوع کریں تو تقلید نہیں ہے اور اگر عمل کریں تو تقلید ہے۔ وکذا رجوع العامی الی المفتی والقاضی الی العدول لیس ھذا الرجوع نفسہ تقلیداً وان کان العمل بما اخذوا یعدہ تقلیداً۔[3]

---

[1] فواتح الرحموت۔ ص ۶۲۴۔ مطبع نور الکشور لکھنؤ۔ مولانا عبدالعلیم فرنگی محل۔

[2] امام احمد رضا۔ فتاوی رضویہ ج ۱ ص ۳۸۳۔ مطبع اہلسنت بریلی۔ یوپی۔

[3] بحرالعلوم۔ فواتح الرحموت ص ۶۲۴، ۶۲۵۔ نولکشور۔ لکھنؤ۔ یوپی۔

Marfat.com
Marfat.com

یعنی اگر عالم آدمی مُفتی کے قول کو لے یا قاضی شاہدان عدول کے بیان پر فیصلہ دے تو اسے تقلید مذموم میں شمار نہ کیا جائے گا اور اس پر عمل کرلیں تو تقلید کہا جائے گا۔ اعلیٰ حضرت فرماتے ہیں کہ گواہوں کی شہادت پر فیصلہ کرنا نہ عرفاً تقلید ہے نہ شرعاً۔

اعلیٰ حضرت نے اس موقع پر نصوص سے تعارض دفع کرنے اور عرف و شرع کی اصطلاح میں تطبیق دینے کی راہ اپنائی ہے آپ فرماتے ہیں تقلید کی دو قسمیں ہیں (۱) تقلید حقیقی (۲) تقلید عرفی۔ کسی کے قول پہ دلیل اجمالی کی روشنی میں عمل کرنا تقلید عُرفی ہے اور کسی کے قول پر بے دلیل عمل کرنا تقلید حقیقی ہے۔

تقلید حقیقی مذموم و حرام ہے اور تقلید عرفی جائز بلکہ واجب ہے۔ دلیل اجمالی یہ ہے کہ ہر ہر مسئلہ کی دلیل نہ جانتے ہوئے کسی صاحب استنباط سے اس خیال سے حکم شرعی معلوم کیا جائے کہ یہ عارف و فقیہ شرع سے اخذ کرکے ہمیں بتائے گا۔ تقلید مذموم کے دائرہ سے باہر ہونے کے لئے اتنی ہی دلیل کافی ہے۔

قرآن و حدیث میں جہاں بھی تقلید کی مذمت وارد ہوئی ہے اس سے تقلید حقیقی مُراد ہے اور جس جگہ اولی الامر کی اطاعت اور اہل ذکر سے سوال کا حکم ہے اس سے صرف تقلید عُرفی مُراد ہے۔ لہٰذا کسی عام مجتہد کی تقلید ہرگز تقلیدِ ممنوع نہیں بلکہ یہ شرعاً فرض ہے[1]۔

اِس تحقیقی بحث سے فاضل بہاری کا کلام نکھر گیا اور ساتھ ہی فاضل بحرالعلوم سے تمثیل میں جو تسامح ہوا تھا اس کا ازالہ بھی ہوگیا۔ نیز عرف عام و اصطلاح اصول کے معانی میں ہم آہنگی بھی پیدا ہوگئی اس کے علاوہ ساری دُنیا کے عوام تقلید کی وجہ سے غلط کاری کے موردِ الزام ہونے سے محفوظ ہوگئے۔

---

[1] امام احمد رضا۔ فتاویٰ رضویہ ج ۱ ص ۳۸۵ مطبع اہلسنت بریلی۔

Marfat.com
Marfat.com

علوم عقلیہ کے ذریعہ فقہی خدمات

علوم عقلیہ میں منطق و فلسفہ اساس کی حیثیت رکھتے ہیں ایک فلسفی موجودات کے حقائق واقعیہ اور ان کے حالات سے بحث کرتا ہے۔ جبکہ ایک منطقی کا مبحث یہ ہے کہ مجہولات کو معلومات سے کس طرح حاصل کیا جائے جس میں نظر و فکر کی خطائیں نہ ہوں۔ یعنی ایک منطقی کے مطمح نظر وہ قواعد ہیں جو انسان کو فکری خطاؤں سے محفوظ رکھیں اور ایک فلسفی صرف امور واقعیہ کو بہ حیثیت واقعہ معلوم کرنے کے درپے ہوتا ہے۔ لہٰذا فلاسفہ کی طرز فکر کے اعتبار سے چار جماعتیں وجود میں آئیں۔ ایک جماعت مشائین جس نے عقل و استدلال کو ذریعہ تحقیق بنایا ساتھ ہی کسی مذہبی پابندی کو راہ تحقیق میں دخل نہ دیا۔ دوسرا گروہ متکلمین کا ہے جس نے مذہب اسلام کی پابندی کے ساتھ عقل و استدلال سے واقعات کی تفتیش کی۔ تیسری جماعت اشراقیین کی ہے جنھوں نے مذہبی طرز سے قطع نظر کرکے وجدانی طرز کو جادۂ تحقیق بنایا۔ چوتھا گروہ صوفیائے کرام کا ہے جنھوں نے وجدان سے کام لیا مگر اپنی فکری طرز اسلامی رکھی۔

اسلام اور علمائے اسلام کے نزدیک محور فکر شریعت ہی ہے لہٰذا طریقۂ تحقیق استدلال ہو یا وجدان ہمیشہ دائرۂ شریعت میں محدود رہے گا۔ اس لئے فلسفہ اور منطق کے غیر اسلامی طریقے اہل اسلام میں پسند نہیں کئے جاتے۔ بنیادی امر کتاب و سنت کو قرار دیا جاتا ہے لیکن اگر عقلی استدلال کتاب و سنت سے مزاحم نہ ہوں تو انھیں بھی مذہب اسلام میں یقیناً جگہ دی جائے گی۔ متکلمین نے اسلام کو عقلی دلائل سے ثابت کرکے علوم عقلیہ کے لئے راہ ہموار کردی اور منطق کے قواعد و استدلال کو فقہ و اصول فقہ میں بھی جگہ دی گئی۔

Marfat.com
Marfat.com

علامہ محب اللہ بہاری اپنی معرکۃ الآرا تصنیف "مسلم الثبوت" میں فرماتے ہیں:۔ "المقالۃ الاولیٰ فی المبادی الکلامیۃ ومنھا المنطقیہ"[1] پھر اس کے بعد آپ نے منطق کے پانچ بنیادی اور واضح قواعد استدلال بیان فرمائے اور باقی کے لئے اپنی "سلم العلوم" کی طرف مراجعت کے لئے اشارہ فرمایا۔

اعلیٰ حضرت نے بھی قواعد عقلیہ کی روشنی میں بہت سے مباحث فقہیہ کا اضافہ فرمایا ہے۔ بلکہ اس میں کافی ایجادات اور تحقیقات نادرہ بھی پیش کی ہیں لیکن آپ فی نفسہ ان فنون عقلیہ میں مہارت رکھنے کے باوجود انھیں ناپسند فرماتے تھے ہاں جن مقامات پر فنون کے بعض قواعد شرع کے لئے فائدہ بخش ثابت ہوئے انھیں قبول فرمایا ہے۔ منطق کے قواعد عکس و تناقض نیز ترتیب کو جا بجا برتا ہے۔ اس طرح لازم و ملزوم کے احکام یا شرائط و موانع اور ان کے متعلقات کو بھی استعمال فرماتے ہیں اس مقام پر پہلے ہم بعض مثالیں قواعد منطقیہ کے برتنے کے متعلق پیش کرتے ہیں۔

(۱) کسی شئ کی نفی کے کتنے طریقے ہو سکتے ہیں اس سلسلہ میں آپ منطقی استدلال تحریر فرماتے ہیں۔

ایجاب و سلب تناقض میں جمع نہیں ہو سکتے۔ وجودِ شئ اس کے لوازم کے وجود کا مقتضی اور ان کے نقائض و منافیات کا نافی ہے کہ لازم کا منافی موجود ہو تو لازم نہ ہو اور لازم نہ ہو تو شئ نہ ہو۔ تو ظاہر ہوا کہ سلب شی کے تین طریقے ہیں اول خود اس کی نفی مثلاً کوئی کہے انسان ہے ہی نہیں دوم اس کے لوازم سے کسی شئ کی نفی مثلاً کہے انسان تو ہے لیکن وہ ایک ایسی شئ کا نام ہے جو حیوان یا ناطق نہیں۔ سوم اس کے منافیات سے کسی شئ کا اثبات مثلاً کہے انسان حیوان ناہق یا صاہل سے عبارت ہے ظاہر ہے کہ ان دونوں پچھلوں نے اگرچہ زبان سے انسان کو موجود کہا مگر

---

[1] علامہ محب اللہ بہاری۔ مسلم الثبوت ص ۱۰ مطبع مجیدی کانپور۔

Marfat.com
Marfat.com

حقیقۃً انسان کو نہ جانا وہ اپنے زُعم باطل میں کسی ایسی چیز کو انسان سمجھے ہوئے ہیں جو ہرگز انسان نہیں تو انسان کی نفی اور اس سے جہل میں یہ دونوں اور وہ پہلا جس نے سرے سے انسان کا انکار کیا سب برابر ہیں فقط لفظ میں فرق ہے۔ مولا عزّ وجل کو جمیع صفات کمال لازم ذات اور جمیع عیوب و نقائص اُس پر محال بالذات کہ اس کے کمال ذاتی کے منافی ہیں کُفّار میں ہرگز کوئی نہ ملے گا جو اس کی کسی صفات کمالیہ کا منکر یا معاذ اللہ اس کے لئے کسی عیب و نقص کا مثبت نہ ہو تو دہریئے اگر قسم اوّل کے منکر ہیں کہ نفس وجود سے انکار رکھتے ہیں باقی سب کُفّار دو قسم اخیر کے منکر ہیں کہ کسی کمال لازم ذات کے نافی یا کسی عیب منافی ذات کے مثبت ہیں بہرحال اللہ عزّ وجل کو نہ جاننے میں وہ اور دہریئے برابر ہوئے وہی لفظ و۔ طرز ادا کا فرق ہے۔ دہریوں نے سرے سے انکار کیا اور اُن قہریوں نے اپنے اوہام تراشیدہ کا نام خُدا رکھ کر لفظ کا اقرار کیا مولیٰ سُبحانہٗ و تعالیٰ فرماتا ہے اَرَءَیْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰھَهٗ هَوٰىهُ[1] دیکھو تو وہ جس نے اپنی خواہش کو خُدا بنالیا و لہٰذا آیت کریمہ "لَیَقُوْلُنَّ اللّٰهُ" کے تتمہ میں ارشاد ہوا "قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا یَعْلَمُوْنَ"[2] اگر ان سے پوچھو کہ آسمان و زمین کا خالق کون ہے؟ کہیں گے اللہ "قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ" تم کہو حمد اللہ کو کہ اُس کے مُنکر بھی ان صفات میں اسی کا نام لیتے ہیں اپنے معبودان باطل کو اس لائق نہیں جانتے۔ مگر کیا اس سے یہ کوئی سمجھے کہ وہ اللہ کو جانتے ہیں نہیں نہیں "بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا یَعْلَمُوْنَ" اکثر سے جانتے ہی نہیں۔ اِنْ هُمْ اِلَّا یَخْرُصُوْنَ[3] وہ تو یوں ہی اپنی سی اٹکلیں دوڑاتے ہیں جسے اور بہتیرے معبود گڑھ لئے کہ اِنْ هِیَ اِلَّاۤ اَسْمَآءٌ سَمَّیْتُمُوْهَاۤ اَنْتُمْ وَ اٰبَآؤُكُمْ مَّاۤ اَنْزَلَ اللّٰهُ بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ[4] وہ تو نرے نام ہیں کہ تم نے اور تمہارے

---

[1] قرآن پاک پارہ ۱۹ سورہ الفرقان رکوع ۲۔ [2] قرآن پاک پارہ ۲۱ سورہ لقمٰن رکوع ۱۲۔
[3] قرآن پاک۔ پارہ ۲۵ سورہ زخرف رکوع ۳۔ [4] قرآن پاک پارہ ۲۷۔ سورہ نجم رکوع ۱۔

Marfat.com
Marfat.com

باپ دادوں نے دھر لئے اللہ نے ان کی کوئی سند نہ اُتاری یوں ہی اپنی اندھی اٹکل سے ایک سب سے بڑی ہستی خیال کر کے اس کا نام اللہ رکھ لیا ہے حالانکہ وہ اللہ نہیں کہ جس صفات کی اسے بتاتے ہیں اللہ عزّ وجل ان سے بہت بلند و بالا ہے "تَعَالَی اللّٰہُ عَمَّا یَقُوْلُ الظّٰلِمُوْنَ" عُلُوًّا کَبِیْرًا ۝ سُبْحٰنَ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا یَصِفُوْنَ ۝ رہا یہ کہ یہاں اکثر سے نفیِ علم فرمائی۔

(۲) منطق میں ایک قضیہ ممکنہ عامہ ہوتا ہے اس قضیہ کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ کسی کام کے حکم کا جانب مخالف غیر ضروری قرار دیا جائے۔ امکان کذب الٰہی کے متعلق بحث کرتے ہوئے امکان عام و خاص کا استعمال ایک عام فہم انداز میں عرف کے مطابق کرتے ہوئے استدلال کرتے ہیں۔

"یہ کہ جب اُس کا کذب ممکن ہوا تو اس کا صدق ضروری نہ رہا اور جب اس کا صدق ضروری نہ رہا تو اس کی کون سی بات پر اطمینان رہے گا ہر بات میں احتمال رہے گا کہ شاید جھوٹ کہہ دیا ہو۔ جب جھوٹ بول سکتا ہے تو اِس یقین کا کیا ذریعہ ہے کہ اس نے کبھی نہ بولا ہو۔ کیا اسے کسی کا ڈر ہے یا اس پر کوئی حاکم و افسر ہے جو اسے دبا دے گا اور جو بات وہ کر سکتا ہے نہ کرنے دے گا یا وہ ذریعہ صرف یہی ہو سکتا تھا کہ خود اس کا وعدہ ہو کہ ہمیشہ سچ بولے گا یا اس نے فرما دیا ہے کہ میری سب باتیں سچی ہیں مگر جب اُس کا جھوٹ ممکن ٹھہرا تو سرے سے اس وعدہ و فرمان ہی کے صدق پر کیا اطمینان رہا ہو سکتا ہے کہ پہلا جھوٹ ہی بولا ہو۔ معاذ اللہ اُس کا کذب ممکن مان کر دین و شریعت، اسلام و ملّت کسی کا اصلاً پتہ نہیں رہتا۔ جزا و سزا، جنّت و نار، حساب و کتاب، حشر و نشر پر ایمان کا کوئی ذریعہ نہیں رہتا۔"[2]

---

[1] امام احمد رضا۔ فتاویٰ رضویہ ج ۱ ص ۳۶، مطبع اہلسنت۔ بریلی۔

[2] امام احمد رضا۔ سبحٰن السبوح ص ۱۳۶۔ شاہی پریس۔ لکھنؤ۔

Marfat.com
Marfat.com

(۳) رقت وسیلان کے معنی کی تحقیق کرتے ہوئے علامہ شرنبلالی کا ایک قول نقل فرماتے ہیں۔ ان کل مالا ینعصر لیس برقیق[۱]۔ علامہ شرنبلالی کے پیش کردہ اس قاعدہ پر بطرز منطق معارضہ قائم فرماتے ہیں۔ فعکسہ کل رقیق ینعصر ∴ وفیہ نظر لایستقیم فان الدھن رقیق ولا ینعصر[۲] ∴

(۴) فقہ میں نواقض وضوء سے متعلق ایک کلیہ موجود ہے۔ مالیس بحدث لیس بنجس۔ اس کی شرح میں علماء فرماتے ہیں کہ اس قضیہ کا عکس نہیں۔ علامہ شامی نے اس شرح کا مطلب تحریر فرمایا۔ یرید بہ العکس المستوی لانہ جعل الجزء الاول ثانیا والثانی اولا مع بقاء الصدق والکیف بحالھم۔

اعلیٰ حضرت نے علامہ شامی کی یہ توجیہ قابل اعتراض قرار دی کہ عکس مستوی میں اصل قضیہ کی طرح صدق کا باقی رہنا ضروری ہے کہ یہ عکس لازم اصل ہے تو اس کی نفی کیونکر ہو سکتی ہے لہٰذا یہاں نفیِ عکس سے عکس عرفی کی نفی مُراد ہے۔ ھذہ زلۃ واضحۃ فانھم لو اراد وبہ العکس المنطقی لکان نفیہ نفی الاصل لان العکس من اللوازم ولم یلتفت رحمھم اللہ تعالیٰ الیٰ قول نفسہ مع بقاء الصدق فاذا کان الصدق باقیا فکیف یصح نفیہ بل الحق انھم یریدون فی امثال المقام نفی العکس العرفی وھو عکس الموجبۃ الکلیۃ کنفسھا تقول کل حلال طاھر ولا عکس ای لیس کل طاھر حلالا وھذا معھود متعارف فی الکتب العقلیۃ۔ ایضا تراھم یقولون۔ ارتفاع العام یستلزم ارتفاع الخاص ولا عکس ونفی اللازم یستلزم نفی الملزوم ولا عکس الیٰ غیر ذلک وھذا اظھر من ان یظھر[۳]۔

---

[۱] امام احمد رضا فتاویٰ رضویہ ج ۱ ص ۴۸۷۔ مطبع کشیری بازار لاہور۔

[۲] " " " " " " " " "

[۳] " " ۶۳ " " "

Marfat.com
Marfat.com

⑤ لہو ولعب، عبث و باطل کے معنی سے بحث کرتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں کہ اکثر علماء نے عبث کا معنی بے فائدہ کام تحریر فرمایا ہے۔" مراقی الفلاح میں فرمایا عمل لافائدۃ فیہ ولا حکمۃ تقتضیہ[1]" اس طرح آپ نے عبث کی معنی بارہ طرز پر متعدد کتابوں سے نقل فرمایا اور ایک منطقیانہ تحقیق اس طرح تحریر فرمائی۔

جس طرح عاقل سے کوئی فعل اختیاری اس وقت تک صادر نہ ہوگا جب تک کہ تصور بوجہ ما اور تصدیق بفائدۃٍ ما نہ ہو یوں ہی انسان کے ہوش و حواس جب تک حاضر ہیں بغیر کسی شغل کے نہیں رہتا خواہ عقلی ہو جیسے کسی قسم کا تصور یا عملی ہو جیسے جوارح سے کوئی حرکت۔ تو کسی قسم کا شغل ہو نفس کے لئے اس میں اپنی عادت کا حصول اور اپنے مقتضی کا تیسر ہے اور یہ خود اس کے لئے ایک نوع نفع ہے اگرچہ دین و دنیا میں سوائے ایک عادت بے معنی کی تحصیل کے اور کوئی ثمرہ و نفع اس پر مرتب نہ ہو بایں معنی کوئی فعل اختیاری فاعل کے لئے اصلاً فائدہ سے عاری محض نہ ہوگا ہاں یہ ممکن کہ وہ فائدہ قضیۂ شرع بلکہ قضیۂ مرضیۂ عقل سلیم کے نزدیک بھی مثل لافائدہ و محض غیر معتد بہا ہو بلکہ ممکن کہ اس کا مآل ضرر بحت ہو جیسے کہ کفار کی عبادت شاقہ عَامِلَةٌ نَّاصِبَةٌ تَصْلٰى نَارًا حَامِيَةً[2]

⑥ فلاسفۂ مشائین کے نزدیک جسم متصل واحد ہے اور ہیولی اور صورت جسمیہ سے مرکب ہے۔ لیکن متکلمین فرماتے ہیں کہ جسم کی ترکیب جواہر فردہ (ایٹم) سے ہے برتن کے پانی کے کسی حصہ کے مستعمل یا نجس ہونے سے پورے برتن کا پانی نجس کیوں قرار دیا جاتا ہے اس سلسلہ میں جسم کے متصل واحد ہونے اور متکلمین کے طور پر اجزاء لایتجزی سے مرکب ہونے کی بحث کی ہے اور اتصال جسم پر صدر شیرازی کے پیش کردہ

---

[1] امام احمد رضا فتاویٰ رضویہ ص ۱۹۹۔ ج ۱۰۔ اہلسنت۔ کشمیری بازار لاہور

[2] " " ۲۰۰ " " " " "

Marfat.com
Marfat.com

بارہ براہین ہندسیہ کا رد ایک ہی جواب سے فرمایا ہے۔

والحق مایظہر للعبد الضعیف غفرلہ ان الماء ان کان شیئاً واحدا متصلا حقیقۃ کما تزعمہ الفلاسفہ فلا شک ان لقاء بعضہ لقاء کلہ بل لا بعض ھناک لعدم التجزی بالفعل وان کان اجزاءً متفرقۃ کما ھو عندنا ان تألف الاجسام من جواھر فردۃ تتجاور ولا تتلاصق لاستحالۃ اتصال جزئین ۔ القول وکل ما تجشمہ الفلاسفۃ وخدمہ من اقامۃ براھین ھندسیہ وغیرھا علی استحالۃ الجزء وقد اوصلہ الشیرازی فی شرح الھدایہ المسماۃ ھدایۃ الحکمت الی اثنا عشر وسماھا حججا انما تدل علی استحالۃ الاتصال دون امتناع نفس الوجود للاجزاء ومبنی الھندسۃ علی توھم خطوط متصلۃ ولا حاجۃ لھا الی وجودھا عینا فضلاً عن اتصالھا کالھیئۃ تبتنی علی توھم مناطق ومحاور واقطاب ودوائر وان لم یکن لھا وجود عینی بل اولی فان الھندسۃ تستغنی عن وجودھا لوجود المناشی ایضاً۔ فلا یرد علینا شئ من ذلک وللہ الحمد وقد اغفل ذلک کثیر من المتکلمین فاختاروا فی دفع شبھۃ المتفلسفین وباللہ التوفیق بل الجسم عندنا اجزاء متفرقۃ حقیقۃ متصلۃ حسا کما ترٰی فی الھباء عند دخول الشمس فی الکوۃ بل فی الدخان والبخار والغبار فحینئذ لا اتصال حقیقۃ بشئ من الماء بشئ من البدن فلو اعتبرت الحقیقۃ لم یتنجس الماء بوقوع شئ من الخبث فظہر ان الشرع المطہر قد اعتبر الحس ھھنا ولا شک ان کلہ فی الحس شئ واحد کما ھو فی الحقیقۃ عند المتفلسفۃ ولبس ثم حاجز ینھی الجواز الحسی بالبلوغ الیہ فوجب ان یکون علی ھذا ایضا لقاء بعضہ لقاء کلہ بل لا بعض لعدم التجزی حسا اما الکثیر مجعلہ الشرع لا یحتمل الخبث فلا یضرہ

لہ براھین ھندسیہ ۔ مذکورۃ فی "صدرا" بعلامہ صدر الدین شیرازی صفحہ ۱۳ الی ۵۴ ۔ المطبوع فی مکتبہ علوی الواقعہ فی بلاۃ لکنؤ سنۃ ۱۲۱۰ ھجری۔

Marfat.com
Marfat.com

جواز الحس وبه استقر عرش التحقیق علی ان الماء لا یتنجس شئ منه بوقوع النجاسة ولو مرئیة حتی ما حولها من ما یلیها۔ هکذا ینبغی التحقیق ومن الله تعالیٰ التوفیق وهٰهنا تم الکلام للهمام ملک العلماء الکرام نفعنا الله تعالیٰ ببرکاته علی الدوام فی دار السلام۔ آمین۔

اس بحث سے متعلق دوسری جگہ اعلیٰ حضرت ارشاد فرماتے ہیں۔ اقول وباللہ التوفیق وبه الوصول الیٰ ذری التحقیق۔ اہلسنت حفظهم الله تعالیٰ کے نزدیک اگرچہ ترکیب اجسام جواہر فردہ متجاورہ غیر متلاصقہ سے ہے اور یہی حق ہے۔ فقیر نے بحمداللہ تعالیٰ اپنے فتاویٰ کلامیہ میں اسے قرآن عظیم سے ثابت کیا ہے جس کی طرف علمائے متقدمین کی نظر اب تک نہیں گئی تھی فیما اعلم واللہ اعلم اذ لم اقف علیه فی کلامهم[1] مگر اتصال حسی ضروری ہے۔ کما بیناہ فی رسالتنا "النمیقة الانقی"، تمام احکام دین و دُنیا اسی اتصال مرئی پر مبنی ہیں یہ اتصال دو قسم پر ہے قوی وضعیف۔ قوی یہ ہے کہ جب تک خارج سے کوئی سبب پیدا نہ ہو انفکاک نہیں ہوتا۔ ایسی ہی شئ کا نام جامد ہے۔ پھر یہ خود قوت وضعف میں بریاں پاپڑ سے لے کر سنگِ خارا کی چٹان اور فولاد تک مختلف ہیں مگر یہ نہ ہوگا کہ خود بہ خود اس کے اجزاء بکھر جائیں یا کہ اُتر جائیں ـــ ضعیف یہ ہے کہ محض مجاورت کے سوا اجزاء میں عام بستگی و گرفتگی نہ ہو دَل پیدا کرنے والا تراکم کہ اجزاء یکے بالائے دیگرے ہیں جگہ نہ پانے کے باعث ہو۔ گنجائش ملتے ہی اجزاء اُتر کر پھیلنے لگیں ایسی شئ کا نام مائع وسائل ہے اور ازاں جا کہ اجزاء میں تماسک یعنی جامدات کی مانند بستگی و گرفتگی نہیں اور میل طبعی ہر ثقیل کا جانب تحت ہے تو نشیب پاتے ہیں جو حرکت ثقیل اشیاء میں پیدا ہوتی ہے جب کہ کوئی مانع نہ ہو جامد میں سارے جسم کو معاً متحرک کرتی تھی کہ اجزاء اول

[1] فتاوٰی رضویہ للامام احمد رضا ج ۱ ص ۲۸۱۔ مطبع اہلسنت کشمیری بازار لاہور

Marfat.com
Marfat.com

سے آخر تک ایک دوسرے کو پکڑے ہوئے ہیں یہاں ایسا نہ ہوگا بلکہ جانب نشیب کے پہلے اجزار حرکت میں پچھلوں کا انتظار نہ کریں گے ان کے آگے بڑھتے ہی ان کے متصل جو اجزار تھے جگہ پائیں گے اور وہ اپنے پچھلوں کے منتظر نہ رہ کر جنبش کریں گے یوں ہی یہ سلسلہ اخیر اجزار تک پہنچے گا تو اس جسم کی حرکت حرکتِ واحدہ نہ ہوگی بلکہ حرکات عدیدہ متوالیہ اور ازاں جاکہ اگلوں کا بڑھنا اور پچھلوں کا اُن سے آملنا مسلسل ہے کہیں انفکاک محسوس نہ ہوگا جسم واحد کے اجزار میں اسی سلسلہ وار حرکت متوالی کا نام سیلان[1] ہے۔

(۷) امتناع ذاتی اور امتناع بالغیر کی بحث فلسفہ الہیات کے طرز پر امکان کذب کے سلسلہ میں اِس طرح فرمائی۔

ہر ممتنع بالغیر محال بالذات کو مستلزم اور باوجود اس کے خود ممکن بالذات ہونا ہے۔ اس کا امکان ذاتی اس محال بالذات کے امکان ذاتی کو مستلزم ہونا محال بالذات۔ اور لم یہ کہ ان میں استلزام ہی عارضی تھا نہ ذاتی ورنہ محال بالذات ہوتا نہ بالغیر یوں تو لازم کہ باری تعالیٰ وتقدس واجب الوجود نہ رہے یا تمام موجودات واجب بالذات۔ وجہ ملازمت سُنئے۔ زید آج موجود ہوا اس کا اس وقت وجود الٰہی سبحانہ وتعالیٰ میں تھا یا نہیں اگر نہیں تو علم محیط باری جل وعلا منتفی ہوا اور انتفاء علم کہ مقتضی ذات ہے انتفاء مقتضی کو مقتضی تو باری عزّوجل معاذاللہ معدوم ہوا۔ اور اگر تھا تو اس وقت اس کا عدم بھی ممکن ذاتی تھا یا نہیں اگر نہیں تو زید واجب بالذات ہوا اور ہاں تو اس کا وقت عدم کہ ممکن بالذات ہے عدمِ علم اور عدم علم عدم عالم کو مستلزم تو تمہارے طور پر عدم ذاتی ممکن تو باری جل جلالہٗ واجب نہ ہوا[2]

---

[1] امام احمد رضا۔ فتاوٰی رضویہ۔ ۱۶ ص ۴۸۷، ۴۸۸ مطبع اہلسنت بریلی۔

[2] امام احمد رضا۔ سبحٰن السبوح ص ۱۰۸ شاہی پریس لکھنؤ۔

Marfat.com
Marfat.com

⑧ بوعلی سینا اور ابن الہیثم فلسفہ رمشائین کے دو عظیم امام گذرے ہیں انھوں نے حدوث الوان کے لئے روشنی کو شرط قرار دیا۔ تاریک جگہوں میں ان کے خیال میں رنگ معدوم ہوتا ہے اور روشنی آنے سے رنگ واپس آجاتا ہے۔

وقال ابن سینا وکثیر من الحکماء الضوء شرط وجود اللون فی نفسہ فاللون انما یحدث فی الجسم بالفعل عند حصول الضوء وانہ ای اللون غیر موجود فی الظلمۃ[1]

وقال ابن الہیثم مستدلاً علی ان الضوء شرط لوجود اللون لا فائری الالوان تضعف بحسب ضعف الضوء فکلما کان الضوء اقوی کان اللون اشد وکلما کان اضعف کان اضعف فکل طبقۃ من الضوء شرط بطبقۃ من اللون۔[2]

اعلیٰ حضرت فرماتے ہیں کہ یہ مذہب عقلاً بھی باطل ہے اور کئی احادیث اس کے مخالف بھی ہیں کیونکہ جہنم کے بارے میں روایات موجود ہیں کہ وہ تاریک اور سیاہ ہے تیرگی کے ساتھ سیاہی کا ثابت کرنا کھلی ہوئی دلیل ہے کہ وجود الوان کے لئے روشنی شرط نہیں

⑨ فلسفۂ الٰہیات میں صفات واجب تعالیٰ کا ایک باب ہے اکثر حکمائے مشائین صفات باری تعالیٰ کو عین ذات قرار دیتے ہیں معتزلہ بھی اسی مسلک کے قائل ہیں لیکن متکلمین مشائخ ماتریدیہ اشعریہ کے نزدیک صفات باری تعالیٰ نہ عین ذات ہے نہ غیر ذات فلاسفہ کے نزدیک صفات ذات ہی کا نام ہے اور متکلمین کے قول کی تشریح یوں ہے ۔ وھی لا ھو ولا غیرہ یعنی ان صفات اللہ تعالیٰ لیست عین الذات ولا غیر الذات فلا یلزم قدم الغیر ولا تکثر القدماء۔ والنصاری وان لم یصرحوا بالقدماء المتغائرۃ لکن لزمھم ذلک لانھم اثبتوا الاقانیم الثلاثۃ ھی الوجود والعلم والحیوۃ وسموھا الاب والابن وروح القدس وزعموا ان

---

[1] سید شریف جرجانی۔ شرح مواقف ص ۳۱۴ مطبع نولکشور لکھنؤ

[2] 〃 〃 〃 ۳۱۵ 〃 〃

Marfat.com
Marfat.com

اقنوم العلم انتقل الى بدن عيسٰى عليه السلام فجوزوا الانفكاك والانتقال فكانت
ذوات متغائرة ولقائل ان يمنع توقف التعدد والتكثر على التغاير بمعنى جواز الانفكاك للقطع
بان مراتب الاعداد من الواحد والاثنين والثلاثه الى غير ذلك متعددة متكثرة
مع ان البعض جزء من البعض والجزء لا يغاير الكل وايضا لا يتصور نزاع من اهل
السنه فى كثرة الصفات وتعددها متغائرة كانت او غير متغايرة - فالاولى
ان يقال المستحيل تعدد ذوات قديمة لا ذات وصفات وان لا يجترؤ على القول بكون
الصفات واجبة الوجود لذاتها بل يقال هى واجبة لا لغيرها بل لما ليس عينها ولا
لا غيرها اعنى ذات الله تعالى وتقدس ويكون هذا مراد من قال واجب الوجود لذاته
هو الله تعالى وصفاته يعنى انها واجبة لذات الواجب تعالى وتقدس واما فى
نفسها فهى ممكنة ولا استحالة فى قدم الممكن اذا كان قائما بذات القديم واجبا به
غير منفصل عنه فليس كل قديم الٰها حتى يلزم من وجود القدماء وجود الآلهة
لكن ينبغى ان يقال ان الله تعالى قديم بذاته موصوف بصفاته ولا يطلق
القول بالقدماء ولئلا يذهب الوهم الى ان كلا منها قائم بذاته موصوف بصفات
الالوهية ولصعوبة هذا المقام ذهبت المعتزله والفلاسفه الى نفى الصفات و
الكراميه الى نفى قدمها والاشاعره الى نفى عينيتها وغيريتها فان قيل هذا فى الظاهر
رفع للنقيضين وفى الحقيقة جمع بينهما لان المفهوم من الشئ ان لم يكن هو المفهوم
من الآخر فهو غيره والا فعينه ولا يتصور بينهما واسطة قلنا قد فسروا
الغيرية بكون الموجودين بحيث يقدر ويتصور وجود احدهما مع عدم الآخر
اى يمكن الانفكاك بينهما والعينية باتحاد المفهومين بلا تفاوت اصلا فلا يكونان
نقيضين بل يتصور بينهما واسطة بان يكون الشئ بحيث لا يكون مفهومه مفهوم
الآخر ولا يوجد بدونه كالجزء مع الكل والصفة مع الذات وبعض الصفات

Marfat.com
Marfat.com

مع البعض فان ذات اللہ تعالیٰ وصفاتہ ازلیۃ والعدم علی الازلی محال والواحد من العشرۃ یستحیل بقاءہ بدونھا وبقاءہ بدونہ اذ ھو منھا فعدمھا عدمہ ووجودھا وجودہ بخلاف الصفات المحدثہ فان قیام الذات بدون تلک المعینۃ متصور فتکون غیر الذات کذا ذکرہ المشائخ۔ [1]

اُس کی صفت نہ عین ہے نہ غیر یعنی صفات اسی ذات ہی کا نام ہے ایسا نہیں۔ نہ اس سے کسی طرح کسی نحو وجود میں جُدا ہوسکیں کہ نفس ذات کی مقتضی ہیں اور عین ذات لازم۔ [2]

شیخ عبدالغنی نابلسی نے فرمایا ہے کہ عین ذات ہونے میں یہ دونوں فریق جو کچھ کہتے ہیں ان میں حق و باطل کا فرق یہ ہے کہ معتزلہ وفلاسفہ صفات باری تعالیٰ کو ذات کے سوا کچھ نہیں مانتے اور عقلاء عین ذات قرار دیتے ہیں اہل حق فرماتے ہیں کہ صفات نظر عقل میں غیر ذات ہیں اور ان کا عین ہونا اس طور پر ہے کہ حقیقت صرف اللہ کے علم میں ہے۔

اعلیٰ حضرت نے اس مسئلہ پر مکمل تحقیق فرمائی ہے اور صفات لازمہ ومفارقہ سے متعلق مذاہب کو شمار کرکے ان کے دلائل کا تجزیہ فرمایا ہے اور متکلمین کے مسلک کی تائید فرمائی ہے۔

اقول وباللہ التوفیق تحقیق المقام علی ما الھمنی الملک العلام ان الصفۃ مفارقۃ ولازمۃ اما للوجود حیث الوجود غیر الموجود او لنفس الذات اما مستندۃ الیھا نفسھا او لا بل ھما مستندان جمیعًا الی اجاعلھا۔ فالمفارقہ بینۃ المغایرۃ ولا یصح لعاقل ان یتوھم عینیتھا وصفات اللہ سبحٰنہ وتعالیٰ متعالیہ عنھا بالاجماع فلانًا لکرامیہ ولوازم الوجود دون الذات تکون الذات عاریہ عنھا من حیث ھی ھی فکانت مُفارقۃ ولو فی مرتبۃ التقرر ولا سماع لھذا فی الصفات العلیۃ فان

---

[1] شرح عقائد النسفی ص ۳۰، ۳۱۔ مطبع یوسفی۔ لکھنؤ۔ یو پی۔

[2] صدر الشریعۃ اعظمی۔ بہار شریعت ص ۲ مطبع یوسفی۔ لکھنؤ۔ یو۔ پی۔

Marfat.com
Marfat.com

وجوده تعالى عين ذاته بالاجماع من دون نزاع لانه من صفاته النفسيه وانما
الخلاف فى الذاتية ولوازم الذات اذا كانت كمالات غير مستندة الى نفسها كانت
مستكملة بغيرها وهو ايضًا محال على الله سبحانه وتعالى فاذن صفاته الذاتية ليست الا
من القسم الرابع هذا هو الحق الناصع فوجودها ليس الا بوجود الذات وتقررها
منطو فى تقرر الذات ولا عراء عنها للذات ولا مصداق لها وراء الذات اى صابه
صدقها ومنشوها حملها وهذا هو معنى قول بعضهم لا هو بحسب المفهوم ولا غيره
بحسب المصداق لان الفرق كالعنوان والمعنون او الحد والمحدود فانه العينية
سواءً بسواء وعين ما زعمته المعتزلة والحكماء بيد ان منهم او هم كلامه غير هذا
واشتم منه رائحة تغرى الذات عن الصفات فى بعض الحضرات كما تقدم
نقله عن نسيم الرياض ومن العجب ان القائل الفاضل فيه عليه ثم وقع فيه
حيث قال بل لو لم تكن موجودة كان الاثر بحاله وانى تعقل الذات عارية من
لوازمها بل لو لم تكن لان انتفاء الملزوم لازم لانتفاء اللازم فمن اين يبقى
للاثر اثر فهذه الزيادة التى يوهمها كلام بعضهم هى الباطلة المنكرة وعليها
شد وانكير سيدنا الشيخ اكبر حيث قال فى الباب السادس والخمسين من الفتوحات
اما سقم الاستقراء فلا يصح فى العقائد فان مبناها على الادلة الواضحة فانه لو استقرينا
كل ما ظهرت منه صنعة لوجدناه جسما فنقول ان العالم صنعة الخلق وفعله
وقد تتبعنا الصناع فلم نجد صانعًا الا اجسم والحق صانع فقال المجسمة الحق
جسم تعالى الله عن ذالك علوًا كبيرًا وتتبعنا الادلة فى المحدثات فما وجدنا
عالم بنفسه وانما الدليل يعطى ان لا يكون عالم الا بصفة زائدة على ذاته تسمى
علمًا وحكمها فيمن قامت به ان يكون عالمًا وقد علمنا ان الحق عالم فلابد ان يكون
له علم ويكون ذلك العلم صفة زائدة على ذاته قائمة به تعالى الله عما تقول

Marfat.com
Marfat.com

الشبهة علوا كبيراً كلا بل هو الله العالم الحي القادر والقاهر الخبير كل ذلك
بنفسه لا بامر زائد على ذاته اذ لو كان ذلك بامر زائد على نفسه وهي صفات
كمال لا يكون كمال الذات الا بها فيكون كماله بزائد على ذاته و تتصف ذاته
بالنقص اذ لم يقم بها هذا الزائد فهذا من الاستقراء الذي هذا دعا المتكلمين
ان يقولوا في صفات الحق لا هي هو ولا هي غيره وفيما ذكرناه ضرب من الاستقراء
الذي لا يليق بالجناب العالي ثم انه لما استشعر بذلك القائلون بهذا
المذهب سلكوا في العبارة عن ذلك مسلكاً آخر فقالوا ما نقلناه بالاستقراء
وانما قلنا اعطى الدليل انه ما يكون عالماً الا من قام به العلم ولا بد ان
يكون امراً زائداً على ذات العالم لانه من صفات المعاني بقدر رفعه
مع بقاء الذات فلما اعطانا الدليل ذلك طردناه شاهداً وغائباً يعني
في الحق والخلق وهذا هروب منهم وعدول عن عين الثواب اهـ بحروفه
فانظر كيف رد عليهم بلزوم النقص اذا لم يقم بها هذا الزائد وكيف نقل عنهم
الافصاح بان العلم صفة يقدر رفعها مع بقاء الذات فهذا والله هو
الباطل الصراح وكل ما رده الشيخ به مما ذكر هنا وما ذكر قبله من
لزوم افتقاره تعالى الى الصفات لو كانت اعياناً زائدات فهو حق
قراح اما على ما قررنا فليس فيه بحمد الله ما يحوم حومه رد وانكار
وان يكون فيه افتياق للذات المتعالية الى الصفات العالية وما هي الا
قضيتها والمستندة اليها والشئ لا يحتاج الى مقتضاه بل هو المحتاج الى
مقتضاه اذ لا قيام للصفات الا بالذات ولا مساغ هنالك استكمال
فان الكمال هو الصفة لا غيرها وهي مقتضاة نفس الذات فالذات بنفسها
اقتضت كمالها المسمى بالصفة لان الكمال شئ آخر يحصل للذات من جهة

Marfat.com
Marfat.com

الصفات كما يلزم على من يقدر بقاء الذات مع رفع الصفات وايضا يجئ
الانكار منهم على من يقول بمحض الزيادة فى جميع المراتب وان لم يقدر ما
او هو بعضهم وذلك لما فيه من انكار حضرة الاطلاق ومرتبة الجمع
وانت تراهم قائلين فى تلك المرتبة بعينية العالم فضلا عن الصفات
فماذا يستنكر وكيف يبطل به حكم مرتبة الفرق وهذا الشيخ الاكبر قدس سره
قائلا فى باب السبعين واربع مأة ما نصه واما وصفه بالغنى عن العالم فانما
هو لمن توهم ان الله تعالى ليس عين العالم وفرق بين الدليل والمدلول فالامر
واحد وان اختلفت العبارات عليه فهو العالم والعلم والمعلوم وهو
الدليل والدال والمدلول وهو قول المتكلم ما هو غيره فقط واما قوله و
ما هو فهو لما يرى من انه معقول زايد على ما هو قنفى ان يكون هو وما قدر
على ان يثبت هو من غير علم يصفه به فقال ما هو غيره فحار فنطق بما اعطاه
فهمه فقال ان صفة الحق ما هى هو ولا هى غيره ولكن اذا قلنا نحن مثل هذا
القول ما نقوله على حد ما يقوله المتكلم فانه يعقل الزايد ولا بد ونحن لا نقول
بالزائد الخ بعض اختصار فانظر من اى مقام يتكلم الشيخ وفى اى واد يسير وعلى
اى زيادة منه النكير وتامل اخر كلامه انا اذا قلنا نحن مثل هذا القول الخ
تعلم انه لا ينكر الكلام انما ينكر المنشا من اثبات موجود سوى الله تعالى فافهم
والله يتولى هداك وهذا ما افاده المولى النابلسى ان الصوفيه تقول بعينية طورها
وراء طور العقل فهم كما علمت لا يخصونها بالصفات بل ليس عندهم فى الدار
غيره ديار ومعاذ الله ان يكون الشيخ من نفاة الصفات وهو القائل فى خطبة له
ذكرها فى الفصل التاسع من الباب الهادى واسبعين بعد ثلاث مأة الحمد لله
الذى ليس لاوليته افتتاح كما لسائر الاوليات الذى له الاسماء الحسنى والصفات

Marfat.com
Marfat.com

العلی الازلیة الخ وقال الشیخ عبدالوهاب الشعرانی قدس سرہ الربانی فی الیواقیت والجواهر من المبحث الثانی مبنی کتب الشیخ یعنی شیخ الاکبر قدس سرہ و مصنفاته کلها فی الشریعة والحقیقة علی معرفة الله تعالیٰ و توحیدہ وعلی اثبات اسمائه وصفاته وانبیاءہ ورسوله الخ وبعد اللتی والتی یرد الاجماع المحکم المنقول عن امام الفریقین شیخ الشیوخ بمتاشبه یذکرہ لسان الطریقة المتکلم عن طور فوق طور المعقول وبالجملة فالذی نعتقدہ فی دین الله تعالیٰ ان له عزوجل صفات ازلیة قدیمة قائمة بذاته عزوجل لوازم لنفس ذاته تعالیٰ و مقتضیات لها بحیث لاتقدیر للذات بدونها وهی المفتاقة الی الذات لانها باقتضاءها وقیامها بها وهی الکمالات الحاصلة للذات بنفس الذات فلا مصداق لها الا الذات فلها حقیقة بها هی هی وهی المعانی القائمة القدیمة المقتضیات للذات وحقیقة بها هی وماهی الا عین الذات من دون زیادة اصلاً فافهم وتثبت وایاك ان تزل فان المقام زلة الاقدام وبالله التوفیق وبه الاعتصام[1]۔ (تحت الحاشیة الطولہ)

(۱۰) معتزلہ وفلاسفہ ارسال رسل کو واجب تعالیٰ پر واجب قرار دیتے ہیں یعنی واجب تعالیٰ فعل و ترک کا مختار نہیں ہے بلکہ فعل پر مضطر ہے۔ متکلمین نے فلاسفہ کے اس مسلک سے اختلاف کیا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ ارسال رسل میں واجب تعالیٰ مختار ہے۔ لیکن وہ رسولوں کو ضرور مبعوث فرمائے گا علامہ ابوالبرکات نسفی نے فرمایا۔ ارسال الرسل مبشرین ومنذرین فی حیز الامکان بل فی حیز الوجوب والظاهر استحالة تخلفه[2]

امام ابن ہمام نے علامہ نسفی کی اس عبارت پر اپنی تحریر میں اعتراض فرمایا ہے

---

[1] المعتقد المنتقد ص ۴۵ تا ۴۹ [2] المعتقد المنتقد ص ۱۰۳۔

Marfat.com
Marfat.com

کہ یہاں نسفی سے لغزش ہوئی اور آپ مذہب اعتزال کے جھانسے میں آگئے۔[1]

اعلیٰ حضرت فرماتے ہیں کہ امام نسفی کا قول اعتراض سے خالی ہے کیونکہ مذہب حق سے مطابقت کی اس میں پوری گنجائش موجود ہے[2]۔ اہل حق کے نزدیک اللہ تعالیٰ پر کچھ واجب نہیں ہے اور نہ اس پر کسی کا حکم ہے وہ قادر ہے یعنی کرنا نہ کرنا دونوں اس کے لئے برابر ہے کسی ایک جہت کی ترجیح اس کی صفت ارادہ سے متعلق ہے نہ صفت قدرت سے[3]

اعلیٰ حضرت نے اس ضمن میں حُسن و قبح کی بحث لکھی ہے کہ وہ عقلی ہیں یا نہیں۔ اشاعرہ کے نزدیک حُسن و قبح عقلی نہیں ہیں لہٰذا فرماں بردار کو ثواب دینا کافر کو عذاب اور ارسال رسل وغیرہ قبل ورود حکم ان کے یہاں نہ حسن ہے نہ قبح تو ان چیزوں کا تعلق ارادہ اور حکمت سے ہوا اور ائمہ ماتریدیہ افعال میں حُسن و قبح عقلی مانتے ہیں لیکن ان کا حکم صرف اللہ کی طرف سے عقل کو دخل نہیں تو شئی ممکن بالذات ہوگی تعلق قدرت کے قابل ہے کہ مطلق قدرت امکان ذاتی سے متعلق ہے اور امتناع بالغیر تعلق قدرت سے مانع نہیں اللہ کے علم و خبر کے خلاف جو ممکن بالذات ہیں ان کا وقوع محال ہے کیونکہ ارادہ کا تعلق صرف امکان سے نہیں ہے بلکہ امکانِ وقوعی سے ہے جس کا نکتہ یہ ہے کہ تعلق قدرت سے وجود شئی لازم نہیں آتا اور تعلق ارادہ سے وجود منفک نہیں ہو سکتا۔

الحاصل جملہ ممکنات مقدرات الٰہیہ ہیں مطابق حکمت ہوں یا نہ ہوں لیکن ان سے ارادہ کا تعلق اس صورت میں ہوگا کہ وہ مطابق حکمت ہوں ورنہ سفاہت لازم آئے گی تو جو شئی موافق حکمت ہوگی باری تعالیٰ سے اس کا صدور ارادہ و اختیار سے بطور وجوب ہوگا۔ قول فلاسفہ کے طور پر نہیں کہ جو موافق امور کا صدور

---

[1] المعتقد المنتقد ص ۱۰۳۔ [2] المعتقد المنتقد ص ۱۰۵۔ [3] المعتقد المنتقد ص ۱۰۵

Marfat.com
Marfat.com

بطور ایجاب مانتے ہوں اور اس کے خلاف سے تعلق قدرت کو ناممکن قرار دیتے ہوں ۔ پھر اعلیٰ حضرت نے اپنی تشریح کی تائید میں ملّا بحرالعلوم اور ملّا بہاری کی عبارتیں نقل فرمائی ہیں اس کے بعد فرماتے ہیں کہ خلاف حکمت شئ پر قدرت ہونیکا معنی یہ نہیں ہے کہ مخالفت حکمت بھی تحت قدرت ہے یا حکمت بھی مقدور ہے اس لئے کہ مقدوریت نفس شئ سے متعلق ہے نہ کہ مخالف حکمت ہونے کی حیثیت سے ورنہ جہل وسفاہت لازم آئیں گے وھما محالان علی اللہ تعالیٰ اور ارادہ کا تعلق مطابق حکمت سے ہوتا ہے لہٰذا حکمت کی مطابقت واجب ہے۔

الحاصل جو باتیں واجب تعالیٰ کے لئے نقص ہوں جیسے کذب، جہل اور عجز وغیرہ یا اپنے علم اور حکمت یا قدرت یا اور کسی صفت کا معدوم کرنا یہ سب محال بالذات ہیں اور جو فی نفسہٖ نقص نہ ہوں بلکہ کسی خارجی سبب سے جیسے علم وخبر کے خلاف کسی کام پر قدرت کا ہونا تو وہ محال بالغیر ہے لہٰذا متعلق قدرت ہے اور اس سے ارادہ کا تعلق ممکن نہیں۔ فرماں بردار کو ثواب دینا نافرمان کو عذاب، رسولوں کی بعثت اور انزال کتب وغیرہ عقلاً واجب نہیں ہیں اور ان کی مخالفت عقلاً محال نہیں لیکن مطابقت حکمت ہونے کی وجہ سے واجب بالغیر اور خلاف حکمت ہونے کی وجہ سے محال بالغیر ہیں۔[1]

---

[1] المعتقد المنتقد ص ۱۰۵ تا ۱۰۹ (ملخصاً)

Marfat.com
Marfat.com

ریاضی و جغرافیہ سے مسائل شرعیہ کا استحکام

دُنیا میں جتنے عُلوم وفنون ہیں ہرایک سے احکام دینیہ کی تقویت وتائید کا کام لیا جاسکتا ہے لیکن فنی مہارت کے بغیر کسی بھی علم سے اس موضوع پر کام لینا عادتاً محال ہے اسی لئے علمائے دین کی ایک جماعت نے ہر دور میں کسی نہ کسی عقلی یا ریاضی فن میں مہارت کی طرف توجہ کی اور اس سے دینی مسائل کے لئے قوت فراہم کی۔ ان فنون میں علم ریاضی ایک بہت ہی نتیجہ بخش اور صحیح رہنما فن ہے تجربات کی ہزاروں منزلوں سے گذرنے کے بعد اس فن کو وہ مقام حاصل ہوا کہ کسی عقلی فن کو صحت کے نتیجہ کے اعتبار سے یہ مقام نہ مل سکا۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ کے قضایا میں کئی ایسے واقعات ملتے ہیں کہ آپ علم الحساب سے مشکل سے مشکل مقدمات کا آناً فاناً فیصلہ فرمادیتے۔

قرآن مجید میں میراث کے تقسیم کے ضوابط واحکام بالکل حسابی طرز پر ہیں۔ صحابۂ کرام سے لے کر آج تک تقسیم ارث کے جو قواعد ملتے ہیں ان سے یہ صاف واضح ہے کہ انوار رسالت کی تجلیات نے صحابۂ کرام کو علم الحساب میں بھی مہارت تامہ فرمائی تھی کہ حساب کے وہ مسائل جو کئی منزلیں طے کرنے کے بعد نتیجہ بخش ثابت ہوتے ہیں صحابہ وتابعین انھیں قرطاس وقلم کی مدد کے بغیر منٹوں میں طے فرمادیتے اسی طرح مختلف دیار وامصار میں دور دراز مقامات پر عہد صحابہ کی

Marfat.com
Marfat.com

تعمیر کردہ مساجد اس بات پر شاہد عدل ہیں کہ جہت قبلہ متعین کرنے میں وہ علم ہیئت اور جغرافیہ کے اچھے ماہر تھے۔ کیونکہ آج ریاضی اصول پر سروے کرنے کے بعد بھی ان کو قبلہ سے سرمو متجاوز نہیں پایا جاتا۔

علامہ برجندی علوم ریاضیہ میں درجۂ امامت رکھتے تھے آپ جیّد فقیہ بھی تھے۔ فقہ، ریاضی اور علم ہیئت میں آپ کی کئی عظیم الشان تصانیف آپ کی وجاہت علمی کا خطبہ پڑھ رہی ہیں۔ علامہ موصوف نے علم فقہ کو ریاضی سے بہت سارے فوائد مہیا کئے۔

اعلیٰ حضرت ایک عظیم المرتبت فقیہ ہونے کے ساتھ ساتھ ریاضی کے بلند پایہ امام تھے محقق طوسی جسے مہندس (Geometrician) اور ہیئت کے ماہر کی مختلف خطاؤں کی طرف اعلیٰ حضرت نے نشاندہی فرمائی ہے جس سے اس فن میں آپ کی مہارت آشکارا ہوتی ہے۔

سر ضیاء الدین ریاضی کے جن مسائل میں مدتوں متحیر رہے اعلیٰ حضرت نے منٹوں میں ان کی تشفی فرمادی۔

علم ریاضی سے اعلیٰ حضرت نے علم فقہ کی جتنی خدمتیں کیں، پوری تاریخ اسلام میں ایک مثالی کارنامہ ہے مثلاً سمت قبلہ، طلوع وغروب، اوقات صوم وصلوٰۃ کی تخریج، زکوٰۃ وفطرہ کے لئے اوزان و پیمانہ کا تعین۔ مسافت سفر کی تقدیر وغیرہ بے شمار مسائل پر آپ کی نادر تحقیقات اور ایجادی قواعد وضوابط نے فقہ اسلامی میں ایک مہتم بالشان باب کا اضافہ کیا ہے۔

مسافت قصر کا تعین۔

نماز قصر کا حکم سفر کی وجہ سے ہے قرآن حکیم میں ہے وَاِذَا ضَرَبْتُمْ فِی الْاَرْضِ فَلَیْسَ عَلَیْکُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَقْصُرُوْا مِنَ الصَّلٰوۃِ۔ احادیث سے تین روز کی مسافت

Marfat.com
Marfat.com

سے سفر ثابت ہوتا ہے۔ عن ابن عمر ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لاتسافر المرأۃ ثلثۃ ایام لا ومعھا ذو رحم محرم[1] اور بعض صحابۂ کرام نے اسے چار منزل سے تعبیر کیا تھا وکان ابن عمر وابن عباس یقصران ویفطران فی اربعۃ برد وھو ستۃ وعشر فرسخا[2]۔

فقہائے حنفیہ بھی اس کے قائل ہیں کہ تین دن کی مسافت کا سفر بموجب قصر ہے لیکن چونکہ سال میں دنوں کی مقدار یکساں نہیں ہوتی اس لئے یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ کس قسم کے دن مراد لئے جائیں صاحب درمختار نے سال کے چھوٹے دنوں کا اعتبار کیا ہے۔ "مسیرۃ ثلاثۃ ایام ولیالیھا من اقصر ایام السنۃ ولا یشترط سفر کل یوم الی اللیل بل الی الزوال[3]"

اعلیٰ حضرت فرماتے ہیں بات یہیں ختم نہیں ہوتی بلکہ عرض البلد قبہ ۳۰ جبہ ۶۶ سے جبہ ۹ عرض البلد تک دن ایک گھنٹہ یا کم کا بھی ہوتا ہے۔ اس لئے مسافت قصر میں جو ایام معتبر ہیں معتدل بلاد کے حساب سے شمار کئے جائیں گے۔

"واقصر النھار ثمہ اکثر من سبع ساعات قریبا من ثمان وانما یکون النھار ساعۃ او اقل بعد عرض جبہ ۶۶ قبہ ۳۰ قریبا من تمام المیل الکلی کما لا یخفی علی عارف الفن واللہ تعالیٰ اعلم[4]"

علامہ شامی کی تحقیق بھی اعلیٰ حضرت کے اس قول سے مناسبت رکھتی ہے لیکن انھوں نے اس موقع پر مثال میں بلغاریہ وغیرہ کو خارج کیا ہے کہ وہاں کے چھوٹے دن ایک گھنٹہ سے کم کے بھی ہوتے ہیں ان کا شمار نہ کیا جائے ورنہ وہاں تین گھنٹوں کی مسافت سفر پر قصر کا جواز ثابت ہو جائے گا۔ فلا یرد ان

---

[1] بخاری۔ ج ۱ ص ۱۴۷ [2] بخاری ج ۱ ص ۱۴۷ [3] درمختار ج ۱ ص ۵۲۶۔

[4] جد الممتار ص ۲۲۶۔

Marfat.com
Marfat.com

اقصر ایام السنة فی بلاد بلغاریه قد تکون ساعة او اکثرا واقل فیلزم ان یکون مسافة السفر فیها ثلاث ساعات او اقل[1]

علامہ شامی کی اس تمثیل پر اعلیٰ حضرت معروضہ قائم فرماتے ہیں کہ بلغاریہ کا سب سے چھوٹا دن تقریباً آٹھ گھنٹے کا ہوتا ہے تو یہ مثال قاعدہ پر منطبق نہیں ہے کہ ایک گھنٹہ کا دن عرض ۶۶ درجہ سے پہلے ہوتا ہی نہیں۔ لیس کذا عرض بلغار اقل من ۴۹ط۔ ۲ھ

دوسری بحث یہ ہوتی ہے کہ فقہاء نے نصف النہار تک کی سیر کو ایک یوم کی سیر قرار دیا ہے۔ وھل یشترط سفر کل یوم الی اللیل اختلفوا فیه والصحیح انه لایشترط حتی لو بکر فی الیوم الاول ومشی الی الزوال ثم فی الیوم الثانی کذلك ثم فی الیوم الثالث کذلك فانه یصیر مسافرا[3] ھ

اعلیٰ حضرت فرماتے ہیں کہ اس مسئلہ میں مشقت و عادت کا اعتبار کیا گیا ہے لہٰذا اگر کوئی شخص ایک ہی دن میں تین روز کی راہ طے کرے تو اس کے لئے قطعاً حکم قصر ثابت ہوگا۔ الحکم ثابت علی المشقة الی قوله فافهم[4]۔

قصر کے معاملہ میں تیسرا مسئلہ مسافت قصر کی تعین و تقدیر کا ہے ظاہر روایت میں تین دنوں کا اعتبار کیا گیا ہے۔ صاحب ہدایہ نے اسی پر اعتماد کیا ہے اور تقدیر فرسخ کو غیر صحیح قرار دیا ہے۔ لان المذکور فی ظاهر الروایه اعتبار ثلاثة ایام کما فی الحلیه[5]۔

حلیہ میں ہے" قال المرغینانی وعامة المشائخ قدروها بالفراسخ وقیل اعتبروها بعشرین فرسخا وقیل ثمانیة عشر فرسخا المرغینانی وعلیه الفتوی[6]۔

---

[1] شامی ج۱ ص ۵۲۶۔ [2] جدالممتار ص ۲۲۶۔ [3] بحرالرائق ج ۲ ص ۱۲۹، ۱۴۰۔

[4] جدالممتار ج۱ ص ۲۲۶ [5] ردالمحتار ج۱ ص ۵۳۷۔ [6] حلیہ ص ۲۷۲۔

Marfat.com
Marfat.com

لیکن شامی نے اٹھارہ فرسخ کے مسافت سفر ہونے پر فتویٰ دیا ہے فقیل احد وعشرون وقیل ثمانیۃ عشر وقیل خمسۃ عشر والفتوی علی الثانی لانہ اوسط[1]۔

غنیہ میں ہے" وقیل ثمانیۃ عشر قال مرغینانی وعلیہ الفتوی وقال العتابی فی جوامع الفقہیہ وھو المختار۔[2]

اعلیٰ حضرت نے فرمایا کہ اس قول کا مفتی بہ ہونا کفایہ میں محیط سے منقول ہے اور انقروی نے اسی پر فتویٰ تحریر کیا ہے۔ خزانۃ المفتیین میں ظہیریہ سے اور بحرالرائق میں نہایہ سے ایسا ہی نقل کیا ہے لہذا اٹھارہ فرسخ پر زیادہ مشائخ کا فتویٰ ہے قولہ الفتوی علی الثانی[3]

کذا فی الکفایہ حیث قال بعد ما ذکر مثل ما ھنا الفتوی علی ثمانیۃ عشر لانھا اوسط الاعداد کما فی المحیط اھ وکذالک نقل الفتوی علیہ الانقروی فی منواتہ عن المحیط البرھانی وفی خزانۃ المفتیین برمز ظ للفتاوی الظھیریہ وفی البحر عن النھایہ ثم رد علیہ بما اجاب عنہ الشیخ اسمعیل کما نقلہ فی منحۃ الخالق[4]

علامہ شامی نے فرسخ کے معتبر نہ ہونے پر صاحب درمختار کی تائید میں یہ وجہ پیش کی ہے کہ راستوں کی نوعیت کے اختلاف سے فرسخ کی تعداد بھی مختلف ہوتی رہتی ہے ہموار اور پہاڑی اور خشکی و دریائی راستوں میں فرسخ یکساں نہیں ہوتے اس کے برخلاف مرحلوں کا اعتبار متناسب ہوتا ہے۔

امام ابن ہمام فرماتے ہیں کہ فرسخوں کی مقدار میں علماء کا جو اختلاف ہے وہ اپنے یہاں کے رواج کے اعتبار سے ہے۔[5]

---

[1] شامی ج۱ ص ۵۲۷۔ [2] غنیہ ص ۵۳۵۔ [3] جدالممتار ص ۲۲۶۔
[4] جدالممتار ص ۲۲۷۔ [5] فتح القدیر ص ۲۳۸۔

Marfat.com
Marfat.com

راستے اگر دُشوار گزار ہوں تو تین دن میں پندرہ فرسخ سے کم مسافت طے ہوگی تو حدیث پر عمل نہ ہو پائے گا۔ان عبارتوں سے واضح ہوتا ہے کہ منزلوں کا شرعًا اعتبار ہے اور یہ کہ ایک منزل ایک دن کی مسافت ہوتی ہے اور یہ کبھی کہ راستوں کی نوعیت کے اعتبار سے مسافت مختلف ہوسکتی ہیں اور یہ بھی معلوم ہوا کہ منازل کی مسافتیں ہر جگہ یکساں نہیں اسی لئے اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے احتیاط پر عمل کو ضروری قرار دیا کیونکہ عبادات میں شہادت کا دفاع مقتضار احتیاط ہے۔موجبات غسل کا بیان کرتے ہوئے صاحب ہدایہ نے فرمایا۔انه متی وجب من وجه فالاحتیاط فی الایجاب[1]

امام ابن ہمام فرماتے ہیں۔والاحتیاط واجب وهو العمل بالاقوی من الوجهین فوجب۔[2]

اعلیٰ حضرت فرماتے ہیں ہمارے بلاد ہند میں ہر منزل بارہ کوس کی ہوتی ہے اور مروجہ میل سے $\frac{۵}{۸}$ میل ہوتا ہے اس اعتبار سے ایک منزل = بارہ کوس × $\frac{۵}{۸}$ = $\frac{۹۶}{۵}$ × ۳ منزل = $\frac{۲۸۸}{۵}$ = ۵۷ $\frac{۱}{۳}$ میل ۱۹ $\frac{۱}{۳}$ میل کی ایک منزل ہوئی تو تین منزلیں $\frac{۳}{۵}$ ۵۷ میل ہوگئی۔[3]

اگر فرسخ تین میل کا ہوتا ہے جیساکہ ردالمحتار ج ۱ ص ۱۵۵ میں ہے تو اعلیٰ حضرت کی تحقیق پر مسافت قصر ۱۹ $\frac{۱}{۳}$ فرسخ پر ہے تو اس تحقیق سے کئی فوائد حاصل ہوئے۔

(۱) مفتی بہ قول میں فرسخ کو انگریزی میل میں تبدیل کرنے کی کوئی صورت نہ تھی وہ اس سے معلوم ہوا۔

(۲) ہندوستان کی راہیں نشیب و فراز ہر قسم پر مشتمل ہیں تو اس تحقیق پر

---

[1] ہدایہ ص ۲۴ [2] فتح القدیر ص ۲۴ [3] فتاویٰ رضویہ ج ۳ ص ۶۶۱

Marfat.com
Marfat.com

عمل کرنے میں میانہ پسندی بھی شامل ہوئی کیونکہ احکام میں اوساط کا اعتبار ہوتا ہے۔

(۳) ریاضی تخریج میں تحقیق مشتبہ نہیں رہتی۔

(۴) ۴۸ میل پر قصر کا فتویٰ احتیاط و تحقیق کے خلاف ہے۔

مسئلہ طلوع و غروب۔

طلوع و غروب کے وقت نماز کی ممانعت حدیث شریف میں وارد ہے حنفیہ کے نزدیک اس کا معنی یہ ہے کہ قرص آفتاب میں اتنا تغیر آجائے کہ اس پر بے تکلف نگاہ پڑنے لگے۔ بحرالرائق میں ہے۔

واختار الفضلاء ان الانسان مادام یقدر علی النظر الی قرص الشمس فی الطلوع فلا تحل الصلوٰۃ فاذا عجز عن النظر حلت وھو مناسب لتفسیر التغیر المصحح کما قدمناہ واراد بالغروب التغیر کما طرح بہ قاضی خاں فی فتاوٰیہ حیث قال عند احمرار الشمس الی ان تغیب[1] ـــ فمتی صار القرص بحیث لا تمار فیہ العین فقد تغیرت[2]

امام محمد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے اس کی مقدار "قدر رمح" یعنی ایک نیزے کی مقدار تحریر فرمائی ہے[3] اس دور کے بعض علماء نے اس وقت کراہت کی مقدار ۱۵ منٹ تحریر کی ہے اعلیٰ حضرت نے فرمایا ہے کہ بار بار تجربہ سے یہ وقت تقریباً ۲۰ منٹ ثابت ہوا ہے۔ آپ نے اس امر کی تحقیق پر محاسبات ہندسیہ بھی استعمال کئے ہیں۔ فرماتے ہیں کہ زمین کے گرد کئی میل بلندی تک بخارات کا کرہ پھیلا ہوا ہے۔ جس کی وجہ سے طلوع و غروب کے وقت آفتاب پر نگاہ بے تکلف جمتی ہے اور جب آفتاب بلند ہوتا ہے اور کرہ بخار کا قلیل حصہ حائل رہ جاتا ہے تو

---

[1] بحرالرائق ج ۱ ص ۲۶۳۔ [2] حلیہ ص ۱۳۰۔ [3] بحرالرائق ص ۲۶۳۔

Marfat.com
Marfat.com

شعاعیں زیادہ ظاہر ہوتی ہیں اور نگاہ جمنے نہیں پاتی۔ یہ حالت مشرق و مغرب دونوں جہتوں میں یکساں ہے۔



ء، ب کرہ زمین ہے۔ ا، موضع ناظر ہے یعنی سطح زمین کی وہ جگہ جہاں دیکھنے والا شخص کھڑا ہے۔ ح زمین کے سب طرف کرۂ بخار ہے جسے عالم نسیم و عالم لیل و نہار بھی کہتے ہیں اور یہ ہر طرف سطح زمین سے ۴۵ میل یا قولِ اوائل پر ۵۲ میل اونچا ہے اس کی ہوا اوپر کی ہوا سے کثیف تر ہے۔ تو آفتاب اور نگاہ میں اس کا جتنا زائد حصہ حائل ہوگا اتنا ہی نور کم نظر آئے گا۔ اور نگاہ زیادہ ٹھہرے گی ۲ مرکز شمس ہے ا ۲ ہر طرف وہ خط ہے جو نگاہ ناظر سے شمس پر گذرتا ہے۔ پہلے نمبر پر آفتاب افق شرقی سے طلوع میں ہے اور دوسرے تیسرے نمبر پر چڑھتا ہوا۔ چوتھے نمبر پر ٹھیک نصف النہار پر آیا پھر پانچویں چھٹے نمبر پر ڈھلکتا ہوا ساتویں نمبر

Marfat.com
Marfat.com

نمبر پر افق غربی پر غروب کے پاس پہنچا ظاہر ہے کہ جب آفتاب پہلے نمبر پر ہے تو خط ا ، ہ کا حصہ ا ر کرۂ بخار میں گذرا اور دوسرے پر ا ح تیسرے پر ا ط چوتھے پر ا ح اور اقلیدس سے ثابت ہے کہ ان میں ا ر سب سے بڑا ہے اور آفتاب جتنا اونچا ہوتا جاتا ہے ا ح ، ا ط وغیرہ چھوٹے ہوتے جاتے ہیں یہاں تک کہ نصف النہار پر خط ا ح سب سے چھوٹا رہ جاتا ہے۔[1]

ہم نے اپنے محاسبات ہندسیہ میں ثابت کیا ہے کہ خط ا ح یعنی دوپہر کے وقت کا خط اگر ۴۵ ہی میل ہے جب خط ا ر یعنی وقت طلوع کا خط پانچ سو اٹھانوے میل سے بھی زاید ہے پھر جب آفتاب ڈھلکتا ہے وہ خطوط اسی نسبت سے بڑے ہوتے جاتے ہیں ا ی برابر ا ط کے پڑتا ہے اور ا ک برابر ا ح کے اور ا ل برابر ا ر کے ہیں۔[2]

یہاں سے واضح ہوگیا کہ یہ قدرتی دائمی سبب ہے۔ جس کے باعث آفتاب جب نصف النہار پر ہوتا ہے اپنی انتہائی تیزی پر ہوتا ہے اور اس سے پہلے اور بعد دونوں پہلوؤں پر جتنا افق سے قریب تر ہوتا ہے اس کی شعاع دھیمی ہوتی ہے۔ یہاں تک کہ شرق و غرب میں ایک حد کے قرب پر اصلاً نگاہ کو خیرہ نہیں کرتی۔ مشرق میں جب تک اس حد سے آفتاب نکل کر اونچا نہ ہوجائے اس وقت تک نماز منع اور وقت کراہت کا ہے۔ اور مغرب میں جب آفتاب اس حد کے اندر آجائے اس وقت سے غروب تک نماز منع اور وقت کراہت کا ہے تو اس بیان سے سبب بھی ظاہر ہوگیا اور یہ بھی کھل گیا کہ مشرق و مغرب دونوں جانب میں یہ وقت برابر ہے نہ یہ کہ مشرق کی طرف یہ وقت پندرہ بیس منٹ رہے جو تقریباً ایک نیزہ بلندی کی مقدار ہے اور مغرب میں ڈیڑھ دو گھنٹے ہوجائے جو اس سے کئی نیزے زائد ہے۔ تجربہ سے یہ وقت تقریباً

---

[1] فتاوی رضویہ ج ۲ ص ۲۵۹۔ [2] فتاوی رضویہ ج ۲ ص ۲۶۰

Marfat.com
Marfat.com

۲۰ منٹ ثابت ہوا ہے تو جب سے سورج کی کرن چمکے اس وقت سے بیس منٹ گذرنے تک نماز ناجائز اور وقت مکروہ ہوا اور ادھر جب غروب کو ۲۰ منٹ رہیں وقت کراہت آئے گا اور آج کی عصر کے سوا ہر نماز منع ہو جائے گی[1]

ہاں یہ جو بعض کا خیال ہے کہ آفتاب متغیر ہونے سے مُراد دھوپ کا پیلا ہونا ہے۔ ہرگز صحیح نہیں۔ جاڑے کے موسم میں تو آفتاب ڈھلکنے کے تھوڑی ہی دیر بعد کہ ابھی سایہ ایک مثل بھی نہیں پہنچتا اور بالاجماع وقت ظہر باقی رہتا ہے یقیناً آفتاب بہت متغیر ہو جاتا ہے اور بیّن طور پر دھوپ میں زردی پیدا ہو جاتی ہے تو چاہیئے کہ عصر کا وقت آنے سے پہلے ہی وقت کراہت آجائے اور نماز بے کراہت ل ہی نہ سکے اور یہ صریح باطل و محال ہے[2]

ابوالسعود علی الکنز اور طحطاوی علی الدر میں ہے۔ المراد ان یذھب الضوء فلا یحصل البصر بہ حیرۃ ولا عبرۃ لتغیر الضوء لان تغیر الضوء یحصل بعد الزوال۔ [3]

یعنی تغیر آفتاب سے مراد یہ ہے کہ اس کی روشنی جاتی رہے تو نگاہ کو اس سے خیرگی حاصل نہ ہو اور دھوپ کا تغیر کچھ معتبر نہیں کہ یہ تو زوال کے بعد ہو جاتا ہے[4]۔

اوقات صوم وصلوٰۃ۔

مشہور یہ ہے کہ رات کے سات حصّے کرنے کے بعد جو آخری ساتواں حصّہ ہے وہ صبح صادق ہے۔ جس میں روزے دار کا کھانا پینا منع ہے اور نماز صبح درست ہے۔ اعلیٰ حضرت نے اس قاعدہ کو غلط قرار دیا ہے اور ہیئت و توقیت کے قواعد سے یہ ثابت کیا ہے کہ سال کے بعض ایّام میں صبح صادق رات کے نو حصے سے بھی

---

[1] فتاوٰی رضویہ ج ۲ ص ۲۶۱۔ [2] فتاوٰی رضویہ ج ۲ ص ۲۶۱

[3] " " " " [4] " " " "

Marfat.com
Marfat.com

کم باقی رہتی ہے اور بعض ایام میں دسواں حصہ ہوتی ہے اور کبھی چھٹا حصہ سے بھی کم ہوتی ہے اس لئے مطلقاً مقدار صبح رات کا ساتواں حصہ قرار دینا غلط ہے۔ نقشہ درج ذیل ہے:۔

تاریخ شمسی	راس برج	مقدار شب مجموعی (گھنٹہ / منٹ)	مقدار شب عرفی (گھنٹہ / منٹ)	مقدار صبح (گھنٹہ / منٹ)	مقدار شب شرعی (گھنٹہ / منٹ)	شب عرفی سے منٹ	صبح سے منٹ	شب عرفی و صبح کی نسبت	تخمینی نسبت
۲۰ مارچ	حمل	۱۲-۰	۱۱-۵۴	۱-۲۰	۱۰-۳۴	۷۱۴	۸۰	۴۰/۳۵۷	نواں حصہ
۲۲ اپریل	ثور	۱۱-۱۰	۱۱-۵۴	۱-۲۴	۹-۴۰	۶۶۴	۸۴	۲۱/۱۶۶	آٹھواں حصہ
۲۲ مئی	جوزا	۱۰-۲۸	۱۰-۲۲	۱-۳۱	۱۸-۱۵	۶۲۲	۹۱	۹۱/۶۲۲	ساتواں حصہ
۲۲ جون	سرطان	۱۰-۱۲	۱۰-۶	۱-۳۶	۸-۳۰	۶۰۶	۹۶	۱۶/۱۰۱	چھٹا حصہ قدرے کم
۲۲ جولائی	اسد	۱۰-۴۸	۱۰-۲۲	۱-۳۱	۸-۵۱	۶۲۲	۹۱	۹۱/۶۴۲	ساتواں حصہ
۲۲ اگست	سنبلہ	۱۱-۱۰	۱۱-۵۲	۱-۲۳	۹-۳۹	۶۶۲	۸۳	۸۳/۲۶۲	آٹھواں حصہ
۲۳ ستمبر	میزان	۱۲-۰	۱۱-۵۲	۱-۱۹	۱۰-۳۳	۷۱۲	۷۹	۷۹/۷۱۲	نواں حصہ
۲۲ اکتوبر	عقرب	۱۲-۵۰	۱۲-۴۲	۱-۱۹	۱۱-۲۳	۷۶۲	۷۹	۷۹/۷۶۲	انیس حصوں سے دو
۲۲ نومبر	قوس	۱۳-۳۲	۱۳-۲۲	۱-۲۲	۱۲-۰	۸۰۲	۸۲	۴۱/۴۰۱	دسواں حصہ
۲۲ دسمبر	جدی	۱۳-۴۸	۱۳-۴۴	۱-۲۵	۱۲-۱۵	۸۲۰	۸۵	۱۷/۱۶۴	دسواں حصہ
۲۲ جنوری	دلو	۱۳-۳۲	۱۳-۲۲	۱-۲۲	۱۲	۸۰۲	۸۲	۴۱/۴۰۱	دسواں حصہ
۲۱ فروری	حوت	۱۲-۵۰	۱۲-۴۲	۱-۱۹	۱۱-۲۳	۸۶۲	۷۹	۷۹/۷۶۲	انیس حصوں سے دو

یہاں ایک سوال پیدا ہوتا ہے کہ اصحاب توقیت کا قول معتبر نہ ہونا چاہئے کیونکہ صاحب دُرمختار کا کہنا ہے۔ "لاعبرۃ لقول الموقتین ولو عدولا علی المذھب قال

Marfat.com
Marfat.com

فی الوھبانیہ وقول اولی التوقیت لیس بموجب۔ [1]

واشار المصنف الی انہ لا عبرۃ لقول المنجمین قال فی غایۃ البیان ومن قال یرجع فیہ الی قولھم فقد خالف الشرع لانہ روی عنہ صلی اللہ علیہ وسلم انہ قال من اتی کاھنا او منجما فصدقہ بما قال فھو کافر بما انزل علی محمد [2]۔

اعلیٰ حضرت فرماتے ہیں کہ رویت ہلال کے سلسلہ میں یقیناً اہل توقیت کا قول معتبر نہیں کیونکہ اہل توقیت کے قواعد، مشاہدے اور تجربے کی بنیاد پر قائم ہوئے ہیں اور اب تک رویت ہلال کے لئے کوئی قاعدہ اہل توقیت کے نزدیک قابل اعتماد و کارآمد ثابت نہ ہوا اسی لئے بطلیموس نے مجسطی میں تمام تاروں کے ظہور و خفاء کے لئے قواعد مرتب کئے مگر رویت ہلال سے اصلاً بحث نہ کی کہ یہ قابو کی چیز ہی نہیں۔

المنک میں چاند کے ایک ایک گھنٹہ کا میل اور تمام سیاروں کے حالات مرقوم ہوئے ہیں مگر رویت ہلال کا وقت نہیں دیتے وہ بھی سمجھے ہوئے ہیں کہ ہمارے بس کا کام نہیں۔ اس لئے یقیناً مسئلہ رویت ہلال کا مدار صرف رویت ہے نہ کہ قواعد

لیکن دوسرے معاملات میں بے شمار تجربوں نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ قواعد کی روشنی میں طلوع و غروب یا دوسرے وقت مطلوب کی تعیین ہوتی ہے ان میں سکنڈ بھر بھی واقعہ کے خلاف نہیں ہوتا تو یہاں قواعد صحیح رہنمائی کرتے ہیں جن پر اعتماد یقیناً کیا جائے گا قرآن حکیم میں ارشاد ہے۔ وَجَعَلْنَا الَّیْلَ وَالنَّھَارَ اٰیَتَیْنِ فَمَحَوْنَآ اٰیَۃَ الَّیْلِ وَجَعَلْنَآ اٰیَۃَ النَّھَارِ مُبْصِرَۃً لِّتَبْتَغُوْا فَضْلًا مِّنْ رَّبِّکُمْ وَ لِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِیْنَ وَالْحِسَابَ [3] وَکُلَّ شَیْءٍ فَصَّلْنٰہُ تَفْصِیْلًا [4] وقال تعالیٰ یَسْئَلُوْنَکَ عَنِ الْاَھِلَّۃِ قُلْ ھِیَ مَوَاقِیْتُ لِلنَّاسِ وَالْحَجِّ [5] وقال تعالیٰ کُلُوْا وَاشْرَبُوْا حَتّٰی یَتَبَیَّنَ لَکُمُ الْخَیْطُ الْاَبْیَضُ مِنَ الْخَیْطِ الْاَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ ثُمَّ اَتِمُّوا الصِّیَامَ

---

[1] درمختار ج ۲ ص ۹۲ [2] بحرالرائق ج ۲ ص ۲۰۴ [3] فتاوی رضویہ ج ۴ ص ۶۴۴۔
[4] قرآن پاک پارہ ۱۵ رکوع ۱ سورہ بنی اسرائیل۔ [5] قرآن پاک پارہ ۲ رکوع ۱۰ سورہ بقرہ

Marfat.com
Marfat.com

إِلَى اللَّيْلِ[1] وقال تعالیٰ وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ[2] وقال تعالیٰ ذٰلِكَ تَقْدِيرُ الْعَزِيزِ الْعَلِيمِ[3] وقال تعالیٰ وَقَدَّرَهُ مَنَازِلَ لِتَعْلَمُوا عَدَدَ السِّنِينَ وَالْحِسَابَ[4]

تو یقیناً ان کی چال عزیز علیم نے ایک حساب پر منضبط فرمائی تو حساب تو قطعی تھا لیکن جن بات کی طرف راہ نہ ملی ان میں قواعد وضوابط منضبط نہ ہوئے لیکن بعض چیزوں میں تجربہ وحساب سے مل کر ایک حکم قطعی ہاتھ آگیا۔ مثلاً طلوع میں آفتاب کی پہلی کرن چمکنے اور غروب میں آخری کرن ڈوبنے کا اعتبار ہے۔ اگر اس حساب میں عرض البلاد اور میل شمسی ہی کافی ہوتے تو طلوع وغروب کا معلوم کرنا بہت آسان تھا مگر ۴۵ میل سے ۵۲ میل تک زمین کے اوپر بخارات محیط ہوتے ہیں جس کی وجہ سے شعاع بصری قرص آفتاب تک پہنچتی رہتی ہے اسی ایک علت نے صدہا سال موقتین کو متحیر رکھا اور حساب طلوع وغروب ٹھیک نہ ہو سکے اب بار بار کے مشاہدہ نے ثابت کر دیا ہے کہ مقدار ۳۳ دقیقہ ہے جس سے ایک ضابطہ ہمارے ہاتھ آگیا اور علم ہیئت کے قاعدے حکم یقینی میں مفید ہو گئے اگرچہ بعض اوقات فضا کی کثافت کچھ کم وبیش ہوتی ہے لیکن وہ اتنی مؤثر نہیں ہوتی کہ حکم شرعی میں فرق پڑ جائے۔ یہیں سے وقت عصر وشفق کے طلوع وغروب کے مسائل میں ایک راہ ملی کہ ان میں آفتاب پیش نظر ہوتا ہی نہیں کہ نظر کی شعاعوں کا انکسار لیا جائے اور صدہا سال کے تجربہ کے بعد یہ ثابت ہو گیا کہ آفتاب غروب شفق اور طلوع صبح کے وقت افق سے تقریباً ۱۸ درجہ نیچے ہوتا ہے جن لوگوں پر یہ تجربہ پوشیدہ رہا۔ رجماً بالغیب باتیں اڑایا کئے۔ علامہ خلیل کاملی کو یہی دھوکا ہوا کہ صبح صادق وکاذب کے درمیان صرف تین درجے کا فاصلہ ہے علامہ شامی نے ان کا قول نقل کر کے اس کو معتمد رکھا ہے[5]

---

[1] قرآن پاک پارہ ۲ رکوع ۶ سورہ بقرہ [2] قرآن پاک پارہ ۲۷ رکوع ۱۱ سورہ رحمٰن۔
[3] قرآن پاک پارہ ۲۳ رکوع ۱ سورہ یٰسٓ۔ [4] قرآن پاک پارہ ۱۱ رکوع ۵ سورہ یونس۔
[5] فتاویٰ رضویہ ج ۲ ص ۶۴۵

Marfat.com
Marfat.com

ذکر العلامۃ المرحوم الشیخ الخلیل الکاملی فی حاشیۃ علی رسالۃ الاسطرلاب شیخ المشائخ العلامۃ المحقق علی افندی الداغستانی ان التفاوت بین الفجرین وکذا بین الشفقین الاحمر والابیض انما ھو بثلاث درج اھ۔ لہ

حالانکہ یہ سب لغو و بے معنی ہیں شرع نے اس بات میں صرف صبح کی صورت تعلیم فرمائی ہے کہ صبح کاذب شرقًا، غربًا مستطیل ہوتی ہے اور صبح کاذب شمالاً و جنوبًا مستطیل ہوتی ہے اور ان دونوں کے درمیان مقدار انحطاط پر کسی برہان عقلی کو راہ نہیں صرف مدار رویت پر ہے اور رویت شاہد عدل ہے کہ ۱۸ درجے پستی پر صبح صادق ہوجاتی ہے بارہا ہم نے خود مشاہدہ کیا صبح کاذب سے چونکہ کوئی حکم شرعی متعلق نہ تھا اس لئے اس کا کوئی زیادہ اہتمام نہ کیا لیکن مشاہدہ سے معلوم ہوا کہ صادق و کاذب میں ۱۵ حصہ سے بھی زیادہ فاصلہ رہتا ہے اور تین درجہ کا فرق غلط ہے۔ تبیین الحقائق میں خلیل عروضی کا قول نقل کیا ہے کہ میں نے مکہ میں صبح کاذب کا مشاہدہ آدھی رات کو کیا ہے اس طور پر دونوں صبحوں کے درمیان تقریبًا پانچ گھنٹوں کا فاصلہ ہوگا۔ یہ بات اگرچہ بعید ہے مگر خود انھیں کے قول سے تین درجے کا قول باطل ہوگیا۔

بہرحال اقوال فقہا اور تجربہ سے یہ بات ثابت ہوچکی ہے کہ صبح صادق کے وقت آفتاب کی پستی ۱۸ حصہ ہوتی ہے نہ کم نہ زیادہ چنانچہ فتح القدیر ص ۸۸ بحرالرائق صفحہ ۲۵۹ درمختار ص ۲۴۲ وغیرہ میں ایک مشہور استفتار کا ذکر ہے جو بلغاریہ سے مشائخ فقہار کی خدمت میں آیا تھا کہ گرمیوں کی چھوٹی راتوں میں آدھی رات تک شفق ابیض رہتی ہے اور وہ ابھی نہ ڈوبی کہ مشرق سے صبح صادق طلوع کرآتی ہے جس سے ثابت ہوا کہ وہاں وقت عشار نہ پایا جانا متفق علیہ ہے اب اگر وقت

لہ شامی ج ۱ ص ۴۴۰۔

Marfat.com
Marfat.com

صبح آفتاب کی پستی ۵ آہے جیساکہ حاشیہ چغمنی میں ہے تو سال کی سب سے چھوٹی رات تحویل سرطان پر بھی بلغار میں وقت عشاء رہے گا۔ اس تفصیل سے تین نتیجے نکل آئے۔

۱۔ شرع کے نزدیک وقت معلوم کرنے کا مدار رویت ہے نہ کہ عقل۔

۲۔ رویت نے وہ صحیح تجارب دئے جن سے قاعدۂ کلیہ ہاتھ آیا اور بے رویت بھی وقت کا بتانا ممکن ہوا۔

۳۔ جو قاعدہ رویت سے مستفاد ہوا ہو اور شرع و عقل اس کے بارے میں خاموش ہوں تو قاعدۂ رویت اور اس سے ماخوذ قوانین کی مخالفت غلط ہے اور یہ کہ صبح رات کا ساتواں حصہ ہوتی ہے رویت اور قانون رویت اس کے بطلان پر شاہد عدل ہیں۔[1]

اختلاف مطالع معتبر نہیں۔

محدثین و شافعیہ اختلاف مطالع کا اعتبار کرتے ہیں۔ لہٰذا اہل مغرب کی رویت ہلال اہل مشرق کے لئے بے سود ہے۔ ان کے برخلاف ائمہ حنفیہ اختلاف مطالع کو کوئی حیثیت نہیں دیتے ایک شہر کی رویت دوسرے شہر پر نافذ ہے اگر شہادت شرعیہ سے ثابت ہو جائے۔

جو حضرات اختلاف مطالع کے قائل ہیں ان کے اقوال تعین مقدار میں سخت مختلف ہیں بعض نے ایک ماہ کی راہ کو مقرر کیا اور علامہ رملی شافعی نے ۲۴ فرسخ کا فاصلہ متعین فرمایا۔

ان دونوں اقوال میں آٹھ گنے کا فرق ہے اس لئے کہ ہر روز کی منزل انیس میل ہوتی ہے تو مہینہ بھر کی راہ ۵۷۶ میل پر مشتمل ہوئی تین میل کا فرسخ ہوتا ہے لہٰذا

---

[1] فتاویٰ رضویہ ج ۴ ص ۶۴۶، ۶۴۷

Marfat.com
Marfat.com

ایک سو بانوے فرسخ ہوئے اور علامہ رملی کے قول پر صرف ۲۴ فرسخ ہوئے۔

اعلیٰ حضرت نے حنفیہ کی تائید میں قواعد ریاضی سے واضح کیا کہ ان مسافتوں کا تعین جو شافعیہ نے کیا ہے عبث ہے کیونکہ شمس و قمر کے درمیان جب تک کم از کم آٹھ درجہ کا فاصلہ نہ ہو رویت ممکن نہیں اور یہ فاصلہ شرقاً غرباً ہوتا ہے نہ کہ شمالاً جنوباً کہ مشرق میں جو فاصلہ آفتاب و ماہتاب کے درمیان ہوگا مغرب میں پہنچ کر وہ فاصلہ زاید ہو جائے گا۔ اب فرض کیجئے کہ آفتاب شمالی ہے اور قمر کا میل نہیں ایک شہر خط استوا پر ہے اور دوسرا اس سے آٹھ درجہ شمالی ہے اور تیسرا سترہ درجہ شمال پر تینوں شہروں کا طول البلد ایک ہو فرض کیجئے کہ خطِ استوا پر رویت ہوئی تو سترہ درجے پر کیا رویت ہوگی ۸ درجہ پر بھی رویت ضروری نہیں اس لئے کہ خط استوائی پر آفتاب جلد غروب ہوگا تو اندھیرے کی وجہ سے رویت ممکن ہوئی نیز وہاں چاند بلند بھی ہوگا اس لئے رویت دیر تک ممکن اور شمال کے دونوں شہروں کا معاملہ بالکل برعکس ہے یہاں آفتاب بھی دیر سے غروب ہوگا اور قمر بھی پستی میں ہوگا پھر فرض کیجئے کہ ۱۷ درجہ والے شہر میں رویت ہوئی تو خط استوا تو کیا ۸ درجے والے شہر میں بھی بدرجۂ اولیٰ رویت ہوگی حالانکہ آٹھ درجے کے بعد ایک ماہ کی مسافت سے کم اور سترہ درجے کے بعد دو ماہ سے زاید تو معلوم ہوا کہ کبھی دو ماہ سے زاید کی مسافت پر بھی اختلاف مطالع کا اثر نہیں پڑتا اور کبھی ایک ماہ سے کم کی مسافت بھی اثر انداز ہوتی ہے اس تقریر سے واضح ہوگیا کہ شہروں کا بُعد قابل اعتبار شئ نہیں ہے۔

۱ درجہ = ۱۳ر۶۹ میل ∴ ۸ درجہ = ۴۰ر۵۵۳ میل = ۳۵ر۸۴ فرسخ تقریباً۔ ۱ درجہ ۱۷ × ۱۳ر۶۹ = ۲۱ر۱۱۴۵ میل ∴ ۴۰ر۳۸۱ فرسخ تقریباً۔ [1]

---

[1] فتاویٰ رضویہ ج ۴ ص ۶۳۰۔

Marfat.com
Marfat.com

فقہی معمّہ کا حل

زنا سے حرمت مصاہرت ثابت ہوتی ہے۔ زید نے ساس سے زنا کیا تو اس کی بیوی اس پر حرام ہوگئی۔ اس کے بعد زید نے اپنی بیوی سے وطی کی اولاد پیدا ہوئی وہ ثابت النسب ہیں یا ولد الزنا اگر ثابت النسب ہیں تو زوجین کے مابین وراثت جاری ہونی چاہیے۔ اور اگر وراثت جاری نہ ہو تو اولاد ولد الزنا ہوں اور اگر بچے وراثت پائیں تو اس کی ماں کو بھی وراثت ملنی چاہیے اور اگر ماں کو وراثت نہ ملے تو بچوں کو ولد الزنا ہونا چاہیے۔

اعلیٰ حضرت فرماتے ہیں کہ زنا سے ائمہ حنفیہ کے نزدیک مصاہرت ثابت ہوتی ہے اور آپ نے چار حدیثوں سے مذہب حنفیہ کو ثابت کیا پھر یہ قیاس کیا کہ کسی فعل حرام پر کوئی دوسرا حکم شرعی ثابت ہو سکتا ہے۔ مثلاً زنا کی وجہ سے جنابت لاحق ہوئی یہ فعل حرام ہے لیکن اس کی وجہ سے دوسرا حکم شرعی مثلاً نماز، قرارت قرآن، دخول مسجد، طواف کعبہ کی حرمت ضرور ثابت ہوگی۔ کسی دوسرے کی بکری مار ڈالنا حرام ہے لیکن اس کی وجہ سے دوسرا حکم یعنی میتت کی حرمت ضرور ثابت ہوگی۔ تو اگر کسی نے زنا کیا تو اس پر حرمت مصاہرت ضرور ثابت ہونی چاہیے۔ رہ گیا معمہ تو اس کا حل یہ ہے کہ اس کی وجہ سے نکاح باطل نہیں ہوتا فاسد ہو جاتا ہے اور نکاح فاسد سے اگرچہ وطی حرام ہے لیکن اولاد ثابت النسب مستحق ارث ہوں گی اور نکاح فاسد سے زوجین کے درمیان جیسے وطی ناجائز اسی طرح ارث بھی ناجائز اپنے حل معمہ کے ان دونوں اجزاء پر استدلال فرمایا۔ درمختار میں ہے۔

"بحرمۃ المصاھرۃ لا یرتفع النکاح حتی لا یحل لھا التزوج باخر

Marfat.com
Marfat.com

الا بعد المتارکۃ والقضاء العدۃ والوطوء بھا لا یکون زنا۔"

بلکہ امام محمد نے فرمایا ــــ "ان النکاح لا یرتفع بحرمۃ المصاھرۃ والرضاع بل یفسد"[1] ــــ اسی طرح اور عبارتیں ردالمحتار اور بزازیہ وغیرہ کی نقل فرمائیں۔

---

[1] فتاوی رضویہ ج ۵ جزء ۲ ص ۳۶، ۳۸۔

Marfat.com
Marfat.com

ندرت اِستنباط

کتاب وسنّت کے صریح جملوں سے مسائل کا استنباط کرنا بھی اہمیت سے خالی نہیں ہے کہ یہ کام بھی ناسخ و منسوخ اور دلائل کی ترجیح و تطبیق، اصول شرعیہ کی بھرپور رعایت کے بغیر ممکن نہیں پھر بھی اس قسم کے واضح الدلالات کلام سے کسی نتیجہ تک پہنچنے میں فقیہ کا جوہر نہیں کھلتا۔ فقیہ کی شان تفقہ وہیں ظاہر ہوتی ہے جہاں شارع نے اپنی مراد اشارات و کنایات و دیگر حجابات کلام کے سبب عام دسترس سے محفوظ کر دی ہے۔ پھر جیسے جیسے یہ حجابات دبیز ہوتے ہیں ویسے ہی فقیہ کی قوت نگاہ اور تعمق نظر کا صحیح اندازہ ہوتا ہے۔

اس سلسلہ میں تمام فقہائے عالم کے درمیان امام ابو حنیفہ اور ان کے متبعین کو امتیاز خاص حاصل ہے۔ امام شافعی فرماتے ہیں "الناس فی الفقہ عیال ابی حنیفۃ"[1] اعلیٰ حضرت نے بھی فقہ ابو حنیفہ سے اکتساب فیض کر کے اس میدان میں اپنی شہسواری کا لوہا منوالیا معاصرین و اقران تو الگ رہے امام کمال الدین ابن ہمام[2] کے بعد اعلیٰ حضرت کو یہ خصوصیت حاصل ہے کہ آپ ایک فقیہ کی دقیق نگاہ رکھتے تھے۔ جہاں آپ احکام کی زلف زولیدہ سلجھانے میں یکتا ہیں وہیں کتاب وسنّت کے رموز و اسرار اور جواہر مکنونہ کے کھولنے میں بھی نرالی شان کے حامل ہیں آپ کے فتاویٰ میں ہزاروں مقامات آپ کی دقت نظر، ندرت استنباط اور حق درک پر شاہد عدل ہیں ذیل میں اعلیٰ حضرت کے حق استنباط اور ندرت تخریج کی چند نظیریں بطور نمونہ پیش ہیں۔

---

[1] مفتاح السعادۃ ج ۲ ص ۷۰ ۔ [2] المتوفی ۸۶۱ھ تاریخ علم فقہ ص ۱۶۱۔

Marfat.com
Marfat.com

①

محرمات کے بیان میں قرآن عظیم نے جن چودہ عورتوں کا تذکرہ کیا ہے ان میں بہنوں سے بھی نکاح کرنا حرام قرار دیا ہے[1] اجماع اُمت ہے کہ ان بہنوں سے مراد وہ بہنیں ہیں جو ماں یا باپ یا دونوں رشتوں سے بہن ہوں لیکن اس مُراد پر بہ ظاہر قرآن عظیم کی کوئی دوسری آیت دلالت نہیں کرتی کہ عامۃ المؤمنین کے لئے چچازاد یا خالہ زاد اور پھوپھی زاد بہنیں جائز ہیں اعلیٰ حضرت نے ایک آیت پیش فرمائی ۔

"یٰاَیُّهَا النَّبِیُّ اِنَّآ اَحْلَلْنَا لَكَ اَزْوَاجَكَ الّٰتِیْٓ اٰتَیْتَ اُجُوْرَهُنَّ وَ مَا مَلَكَتْ یَمِیْنُكَ مِمَّآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلَیْكَ وَ بَنٰتِ عَمِّكَ وَ بَنٰتِ عَمّٰتِكَ وَ بَنٰتِ خَالِكَ وَ بَنٰتِ خٰلٰتِكَ[2]" مگر یہاں شبہہ ہوتا ہے کہ اس آیت میں خطاب خاص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ہے اس لئے یہ حکم بھی شاید انھیں کے ساتھ مخصوص ہے۔ اعلیٰ حضرت نے اب دوسری آیت سے اس حکم کو اس طور پر ثابت فرمایا کہ حکم میں تعمیم ہو جائے اور احتمال خصوصیت ختم ہو جائے حضرت زینب جو حضور کی پھوپھی زاد بہن تھیں اتباع وحی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے نکاح فرمایا نکاح کے بعد سورۂ احزاب کی یہ آیت نازل ہوئی۔ فَلَمَّا قَضٰى زَیْدٌ مِّنْهَا وَطَرًا زَوَّجْنٰكَهَا لِكَیْ لَا یَكُوْنَ عَلَى الْمُؤْمِنِیْنَ حَرَجٌ فِیْٓ اَزْوَاجِ اَدْعِیَآىِٕهِمْ اِذَا قَضَوْا مِنْهُنَّ وَطَرًا[3]

آیۂ کریمہ میں اس نکاح کی وجہ یہ بتائی گئی کہ مسلمانوں پر تنگ نہ رہے لہٰذا

---

[1] حُرِّمَتْ عَلَیْكُمْ اُمَّهٰتُكُمْ وَ بَنٰتُكُمْ وَ اَخَوٰتُكُمْ وَ عَمّٰتُكُمْ وَ خٰلٰتُكُمْ وَ بَنٰتُ الْاَخِ وَ بَنٰتُ الْاُخْتِ وَ اُمَّهٰتُكُمُ الّٰتِیْٓ اَرْضَعْنَكُمْ وَ اَخَوٰتُكُمْ مِّنَ الرَّضَاعَةِ وَ اُمَّهٰتُ نِسَآىِٕكُمْ وَ رَبَآىِٕبُكُمُ الّٰتِیْ فِیْ حُجُوْرِكُمْ مِّنْ نِّسَآىِٕكُمُ الّٰتِیْ دَخَلْتُمْ بِهِنَّ ۔ پارہ ۴ رکوع ۱۵۔ [2] پارہ ۲۲ رکوع ۲۔ [3] قرآن کریم پارہ ۲۲ رکوع ۱ آیت ۳۶۔

Marfat.com
Marfat.com

ثابت ہوا کہ اوپر والی آیت میں خطاب عام ہے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ خاص نہیں [1]

(۲)

سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے نام مبارک کے بعد بعض لوگ صلعم، عم، عہ، ص لکھ دیتے ہیں اعلیٰ حضرت نے اسے ناجائز لکھا ہے۔ ایک سطحی نگاہ والا یہ سمجھتا ہے کہ اعلیٰ حضرت اس قسم کی باتیں اپنے مزاج سے مجبور ہو کر کہہ گذرتے ہیں لیکن جس کو ذرا بھی بصیرت ملی ہوگی وہ آپ کو کتاب وسنت کے متعین کردہ حدود سے سرمو متجاوز نہ پائے گا جہاں آپ دلائل کے بوجھ سے اپنے قاری کو اعتراف حقیقت پر مجبور کر دیتے ہیں وہیں مسائل کے اخذ واستنباط میں وہ انفرادیت حاصل ہے کہ یہی ایک کمال آپ کا تفقہ منوانے کے لئے کافی ہے چنانچہ اس مسئلہ میں آپ نے پہلے متقدمین فقہاء کے چند اقوال نقل فرمائے ہیں پھر اپنی طرف سے ایک نفیس استدلال بطور استنباط اس طرح قائم فرماتے ہیں کہ قرآن عظیم میں اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی پر درود وسلام بھیجنے کا حکم دیا ہے۔ اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ۭ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ۝ [2]

ہمیں اس سے بحث نہیں کہ یہ حکم بطور وجوب ہے یا بطور استحباب مگر اتنا ضرور ہے کہ یہ حکم نام اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے بولنے، لکھنے یا سننے کے بعد زبان وقلم سے بجا لانا چاہئے۔ اب اسے بدل کر صلعم، عم، عہ، ص جیسے مہمل و بے معنی لفظ لکھنا یا بولنا حکم میں تبدیلی ہے یا نہیں؟ یقیناً درود شریف کے بدلے اَلَم غَلَم بکنا ہے اللہ عزوجل فرماتا ہے۔ فَبَدَّلَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا قَوْلًا غَيْرَ الَّذِيْ قِيْلَ لَهُمْ فَاَنْزَلْنَا

---

[1] فتاویٰ رضویہ کتاب النکاح ج ۵ جزو ۲ ص ۷۶۔ [2] فتاویٰ افریقہ ص ۴۵ مسئلہ ۴۵۔

Marfat.com
Marfat.com

عَلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا رِجْزًا مِّنَ السَّمَآءِ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ۝ [1]

بنی اسرائیل سے فرمایا گیا کہ "حطة" کہتے ہوئے بیت المقدس میں داخل ہوں انھوں نے اس کے بدلے "حنطة" کہا۔ یہ لفظ بامعنی تھا اور ایک نعمتِ الٰہی کا ذکر تھا اس کے باوجود وہ مستحق عذاب ہوئے تو یہ مہمل الفاظ درود کے بدلے بولنا۔ لکھنا بدرجۂ اولیٰ سبب عذاب ہے۔ [2]

آیت کریمہ سے یہ نفس استنباط اعلیٰ حضرت کی فقہی بصیرت کا نشان ہے۔

(۳)

مسجدوں میں سلام کے بعد کچھ دیر ائمۂ مساجد ذکر و اذکار کر کے دُعا مانگتے ہیں اس کے بعد مقتدی اُٹھتے ہیں اس سے پہلے کوئی اُٹھ جائے تو اُسے ناپسندیدگی کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ حالانکہ سلام کے بعد مقتدی کو مسجد سے نکلنے کی شرع نے اجازت دی ہے قرآن مجید میں ہے فَاِذَا قُضِيَتِ الصَّلٰوةُ فَانْتَشِرُوْا فِي الْاَرْضِ [3] کیا عوام کی یہ ناپسندیدگی درست ہے؟ اعلیٰ حضرت فرماتے ہیں کہ عوام کی یہ ناپسندیدگی شرع کے مطابق ہے۔ استنباط حکم اس آیت سے فرماتے ہیں۔ "وَاِذَا كَانُوْا مَعَهٗ عَلٰٓى اَمْرٍ جَامِعٍ لَّمْ يَذْهَبُوْا [4]

جمع بین الصلوتین سے بحث کرتے ہوئے جمع تاخیر کی دلیلوں کا ذکر آیا تو آپ نے سب سے پہلے حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی حدیث جو اس مسئلہ میں سب سے قوی دلیل ہے اس کا تذکرہ کیا اور فرمایا کہ اس حدیث کے چالیس سے زیادہ طرق اس وقت پیش نظر ہیں جن میں سے بیشتر مجمل ہیں البتہ بعض طرق میں غروب شفق کے بعد مغرب وعشار کو ایک ساتھ پڑھنے کا ذکر ملتا ہے۔ لیکن ان سب میں کسی سے بھی دلیل قائم نہیں ہوتی کہ جمع حقیقی کسی نماز کی تاخیر کے ساتھ جائز ہے۔

① مسند عبدالرزاق اور ابن جریر کی روایتوں میں ابن عمر سے ہے۔

قال قال عبد اللہ جمع لنا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ وسلم مقیما غیر مسافرین الظھر والعصر والمغرب والعشاء فقال رجل لا من عمر لم تری النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فعل ذلک قال لان لا نحرج امتہٗ ان جمع رجل[1] ابن جریر بایں لفظ راوی ہیں۔ خرج علینا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فکان یؤخر الظھر ویعجل العصر فیجمع بینھما و یؤخر المغرب ویعجل العشاء فیجمع بینھما[2]

نیز ابن جریر کی دوسری روایت میں یوں ہے ـــــ اذا بادر احدکم الحاجۃ فشاء ان یؤخر المغرب ویعجل العشاء او یصلیھما جمیعا فعل[3]

ان حدیثوں سے بھی اعلیٰ حضرت نے جمع صوری ثابت فرمایا جمع حقیقی اس سے مراد نہیں ہے۔

② سنن ابوداؤد میں اس حدیث کے راوی میں عبداللہ بن واقد جو ابن

---

[1] حاجز البحرین ص ۳۹ [2] حاجز البحرین ص ۳۹۔ [3] حاجز البحرین ص ۴۹۔

Marfat.com
Marfat.com

عمر کے شاگرد ہیں بیان کرتے ہیں کہ غروب شفق سے پہلے اتر کر مغرب پڑھی پھر انتظار کر کے شفق ڈوبنے پر عشار پڑھی۔[1]

اعلیٰ حضرت فرماتے ہیں کہ مذکورہ روایت میں نماز مغرب کو غروب شفق کے بعد پڑھنے کا مطلب یہ ہے کہ غروب شفق کے قریب مغرب پڑھی اور یہ محاورہ قرآن پاک میں بھی وارد ہے۔ وَاِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَبَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَاَمْسِكُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ سَرِّحُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ[2]

جب تم عورتوں کو طلاق دو اور وہ اپنی میعاد کو پہنچ جائیں تو اب انھیں اچھی طرح نکاح میں روک لو یا اچھی طرح چھوڑ دو۔ یہاں میعاد کے پہنچنے کا مطلب یہ ہے کہ میعاد کے قریب پہنچ جائیں ـــــ دوسری آیت فَاِذَا بَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَاَمْسِكُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ فَارِقُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ۔[3]

ظاہر ہے کہ جب عورت عدت کو پہنچ گئی تو نکاح سے نکل گئی اب رجعت کا کیا محل اور اسے روکنے چھوڑنے کا کیا اختیار تو بالیقین قرب انقضائے وقت کو انقضائے وقت سے تعبیر فرمایا ہے یعنی جب ختم عدت کے قریب پہنچیں اس وقت رجعت و ترک دونوں کا اختیار ہے ـــ اس طرح کے محاورے کثیر احادیث سے بھی ثابت ہیں۔

امامت جبرئیل امین کے واقعہ میں دوسرے دن کی ظہر پہلے دن کے عصر کے وقت میں پڑھنا مذکور ہے اور تمام علماء اس سے یہی معنی لیتے ہیں کہ پہلے دن کی عصر کے قریب ظہر ادا فرمائی جبرئیل امین علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے صبح اسرار بعد فرضیت نماز اوقات نماز معین کرنے اور ان کا اول و آخر بتانے کے لئے دو روز سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی امامت کی پہلے دن ظہر سے فجر تک پانچوں نمازیں اول وقت میں پڑھیں اور دوسرے دن

---

[1] جامع البحرین ص ۷۰۔ [2] سورہ بقرہ پ ۲ رکوع ۱۲ [3] پ ۲۸ سورہ طلاق رکوع ۱۔

Marfat.com
Marfat.com

ہر نماز آخر وقت میں، اس کے بعد گذارش کی کہ "الوقت ما بین ھذین الوقتین۔

(۳) شفق کے بارے میں دو قول ہیں اول شفق احمر دوم شفق ابیض (جو احمر کے بعد بھی رہتی ہے)۔

امام اعظم ابو حنیفہ کے نزدیک مغرب کے ختم اور عشار کے شروع ہونے میں شفق ابیض کا اعتبار ہے اور یہ ظاہر ہے کہ شفق احمر پہلے غروب ہوتی ہے لہٰذا اگر حدیث ابن عمر میں شفق کا غروب ہونا ذکر ہے تو اس سے شفق احمر مراد ہے اور جس روایت میں یہ مذکور ہے کہ مغرب غروب شفق سے پہلے پڑھی اس سے مراد شفق ابیض ہے۔ اس وضاحت سے اعلیٰ حضرت نے یہ ثابت کر دیا کہ دونوں روایتوں میں کوئی اختلاف نہیں ہے۔

اعلیٰ حضرت نے زہر الربی اور جامع الاصول کے حوالہ سے یہ ثابت کیا ہے کہ شفق حقیقۃً بیاض ہی ہے۔ زہر الربی میں ہے ـــــ فحمۃ العشاء ھی اقبال اللیل واول سوادہ[1] شرح جامع الاصول میں ہے۔ ھی شدۃ سواد اللیل فی اولہ حتّٰی اذا سکن نورہ قلت بظھور النجوم وبسط نورھا وکان العین اذا نظرت الی الظلمۃ ابتداءً لاتکاد تری شیئاً۔[2]

اس کی تائید میں امام طحاوی کی ایک روایت پیش کی ہے ـــــ حدثنا فحدثنا الحمانی حدثنا ابن عیینۃ عن ابن ابی نجیح عن اسمٰعیل ابن ابی ذویب قال کنت مع ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنھما فلما غربت الشمس ھبنا ان نقول الصلاۃ فسار حتی ذھبت فحمۃ العشاء ورأینا بیاض الافق فنزل فصلی ثلاثا المغرب واثنتین للعشاء وقال ھکذا رأیت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یفعل[3]

یہ حدیث بقاء ابیض میں نص صریح ہے کہ سرشام کا دھندلکا جاتا رہا اور افق

---

[1] حاجز البحرین ص ۸۰ [2] حاجز البحرین ص ۸۰۔ [3] حاجز البحرین ص ۸۱۔

Marfat.com
Marfat.com

کی سپیدی نظر آئی اس وقت نماز پڑھی اور کہا کہ اسی طرح حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نماز پڑھتے تھے۔

(۴) ابن عمر کی اس حدیث کی کسی بھی روایت میں مذکور نہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے غروب شفق کے بعد نماز ادا کی ہو۔ زیادہ سے زیادہ ابن عمر کا عمل مذکور ہے اور ابن عمر شفق کے معاملہ میں احمر کے قائل تھے یعنی مغرب کا وقت ان کے نزدیک شفق احمر تک ہے۔ بیہقی اور نووی کے حوالہ سے نقل کیا ہے۔

انه قال الشفق الحمرة [1]

اعلیٰ حضرت فرماتے ہیں کہ ہمارے نزدیک مغرب کا وقت شفق ابیض تک ہے حضرت صدیق اکبر حضرت عائشہ صدیقہ اور حضرت معاذ ابن جبل اور ابی ابن کعب اور حضرت ابوہریرہ اور حضرت عبداللہ ابن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین جیسے جلیل القدر صحابۂ کرام اور امام باقر اور عمر ابن عبدالعزیز جیسے اجلۂ تابعین کا مسلک بھی یہی تھا۔ اب اگر ابن عمر سے یہ ثابت بھی ہو کہ انھوں نے غروب ابیض کے بعد مغرب پڑھی تو صاف احتمال ہے کہ انھوں نے کسی سفر میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو شفق احمر کے بعد شفق ابیض میں مغرب پڑھتے دیکھا تو انھوں نے اپنے اجتہاد سے یہ سمجھا ہو کہ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے وقت کے بعد نماز پڑھی اور پھر اس اجتہاد پر ابن عمر نے بعد میں عمل کیا لہذا ان کا یہ عمل حجت نہیں ہوگا

اعلیٰ حضرت نے جہاں اس تحقیق سے ابن عمر کی حدیث جمع بین الصلاتین سے استدلال کرنا ضعیف کر دیا وہیں آپ نے ان کی روایتوں کے تعارض کو بھی متعدد وجوہ سے دفع کیا ہے۔

---

[1] حاجز البحرین ص ۸۲۔

Marfat.com
Marfat.com

شواہد سے تائیدات

کسی مسئلہ میں حکم کی دریافت کا ایک فطری طریقہ شہادت نظائر ہے جسے اصول فقہ میں قیاس واجتہاد اور منطق میں تمثیل کی اصطلاح سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ کتاب و سنت کی متعدد نصوص سے اس امر پر روشنی پڑتی ہے کہ امثال ونظائر پر قیاس کرتے ہوئے دو مسئلوں کے درمیان اتحاد حکم ثابت کرنا لازم ہے بشرطیکہ معلوم وسکوت کے درمیان اشتراک علت ثابت ہو جائے۔

عہد صحابہ سے لے کر اب تک بیشمار مسائل جدیدہ میں اسی طریقہ کو تخریج حکم کے سلسلہ میں اپنایا گیا ہے بلکہ بعض روایات سے یہ بھی ثابت ہے کہ آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم بہ نفس نفیس بعض احکام میں اجتہاد فرماتے۔ آیت مَا كَانَ لِنَبِيٍّ اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗ اَسْرٰى حَتّٰى يُثْخِنَ فِى الْاَرْضِ سے اس مدعی پر واضح روشنی پڑتی ہے۔ اور حقیقت بھی یہی ہے کہ دین اسلام چونکہ قیام قیامت تک کے لئے حیات وموت کا مکمل ضابطہ ہے اور نئے جزئیات کا پیش آنا لوازم کائنات سے ہے اس لئے ضروری ہے کہ ہر نئے مسئلہ میں دریافت حکم کا قیاسی طریقہ عمل میں لایا جائے اسی لئے فقہائے کرام قیاس کے نہ صرف قائل ہیں بلکہ اس کے برتنے کے بھی پابند ہیں۔

اعلیٰ حضرت نے بہ حیثیت فقیہ کثیر مسائل میں یہ طریقہ بھی استعمال فرمایا ہے۔ نئے مسائل میں بالخصوص شواہد ونظائر کے ذریعہ حکم کا استخراج فرمایا۔ علتوں کے اشتراک سے ایک شئ کا حکم دوسری شئ تک پہنچانے میں آپ اپنے تفقہ میں یگانۂ روزگار نظر آتے ہیں۔ ہمارے دعوے پر درج ذیل مسائل سے روشنی پڑتی ہے۔

① لوبان یا اگر بتی کا دھواں بے ارادہ ناک یا حلق کے ذریعہ جوف میں داخل

Marfat.com
Marfat.com

ہوجائے تو اس سے روزہ ٹوٹے گا یا نہیں۔ اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہ حکم دیا کہ دُھواں حلق یا دماغ میں خود سے چلا جائے تو اس سے روزہ نہ جائے گا۔

دُھوئیں کا اطلاق اگر بتی اور لوبان کے دھوئیں کو بھی شامل ہے اور دھوئیں کا یہ حکم اگلے فقہار سے ثابت ہے کہ اگر وہ خود سے حلق میں اُتر جائے تو روزہ نہیں جاتا لیکن اعلیٰ حضرت نے تائید مزید کے لئے اس مسئلہ کو غبار اور مکھی کے حلق میں داخل ہونے پر بھی قیاس فرمایا اور اس سلسلہ میں کہ غبار اور مکھی کا حلق میں جانا مضر صوم نہیں ہے۔ فقہ کی ۲۸ کتابوں سے حوالہ قلم بند فرمائے[1]

اشتراک علت کے ثابت کرنے میں یہ قاعدہ ضبط فرمایا کہ جوف صائم میں داخل ہونے والی چیزیں تین قسم پر ہیں اول جس سے بچنا محال۔ دوم جن سے تحرز کلی قدرت سے باہر ہو یعنی کبھی کبھی انسان کو اس سے سابقہ ضرور پڑتا ہو جیسے دخول غبار اور دُخان کہ اس سے آدمی بچ سکتا ہے لیکن بعض اوقات بچنا مشکل ہے کہ آدمی مُنھ بند رکھے تو ناک کی راہ سے داخل ہوجائیں گے شرع مطہر نے ان دونوں قسموں کو مفطرات سے خارج فرمایا ہے[2]

سوم وہ چیزیں جن سے ہمیشہ بچ سکتا ہے اگرچہ بعض حالات میں ان پر مجبور ہو جیسے طعام و شراب جنھیں بالقصد جوف تک پہنچایا جائے کہ یہ تو اپنا فعل ہے انسان اس میں مجبور محض نہیں اس لئے یہ قسم بہر حال مضر ہے[3] اس میں ضرورت و عدم ضرورت ارادہ و بے ارادہ کا کوئی فرق نہیں البتہ قسم اول بہر صورت مفطرات سے خارج ہے اور قسم دوم بے قصد و اختیار مفسد صوم نہیں اور قصد و ارادہ سے مضر ہے لہٰذا قسم دوم کے حکم میں صرف قصد اور عدم قصد کا فرق ہے غبار

---

[1] الاعلام بحال البخور فی الصیام ص ۳، ۴، [2] الاعلام بحال البخور فی الصیام ص ۵

[3] الاعلام بحال البخور فی الصیام ص ۵، ۶، ۷

Marfat.com
Marfat.com

اور دھوئیں کی جگہ جانا قصد سے ہو یا بے قصد ضرورت سے ہو یا بے ضرورت اس سے حکم میں کوئی فرق نہیں پڑتا جبکہ دھواں نگلنے کا قصد نہ ہو[1]

اس ضابطہ کے بعد اعلیٰ حضرت نے ایک اور نظیر کا اضافہ فرمایا کہ کلی کے بعد جو تری مُنھ میں رہ جاتی ہے اسے نگلنے سے روزہ نہیں جاتا وجیز کردری اور فتح القدیر شرنبلالیہ، شرح الملتقی اور بزازیہ سے اس جزئیہ کو نقل فرمایا ہے جن سے یہ نتیجہ نکلا کہ مطلق دخول شئ موجب افطار نہیں۔ مدار فرق صرف دخول اور ادخال پر رکھا گیا ہے۔ مزید ایک اور شاہد کا اضافہ فرمایا کہ پانی میں غوطہ لگایا اور کان میں پانی داخل ہوگیا تو روزہ نہیں ٹوٹتا کہ اگرچہ غوطہ بالقصد ہے لیکن کان میں پانی پہنچانا اس کے ارادہ میں نہ تھا اسی طرح بالاجماع رمضان شریف میں دن میں کھانا پکانا جائز ہے جس سے دُھواں حلق اور دماغ تک پہنچ سکتا ہے لیکن روزہ نہیں ٹوٹتا ان مسائل پر دس سے زائد عبارتیں پیش کیں۔ اب نظائر کا اجمال یوں فرمایا کہ رمضان المبارک میں نہانا، غوطہ لگانا، کھانا پکانا، آگ جلانا مطلقاً جائز ہے ورنہ نانبائیوں حلوائیوں، سُناروں کی دُکانوں کو معطل کرنا واجب ہوگا کہ ان سے دُھواں اُٹھتا ہے اسی طرح قصابوں، شکر سازوں، حلوہ فروشوں پر ہڑتال کرنا واجب ہوگا کہ کثرت مگس کا موجب ہے۔ نیز دن کو چکی پیسنا، غلّہ پھٹکنا، گلیوں میں چلنا پھرنا حرام ہوجائے کہ یہ غبار سے خالی نہیں اسی طرح جھاڑو دینا۔ دوائیں کوٹنا غلّہ اُسانا، دیوار گرانا، ریگستان میں سفر کرنا، گھوڑوں پر نرم زمینوں سے گذرنا ممنوع قرار پائے[2]۔

(۲) کاغذ سے استنجاء کرنا مکروہ ہے۔ اس حکم کے استنباط میں اعلیٰ حضرت نے درخت کے پتوں کو شاہد بنایا اس لئے کہ درخت کے پتے نرم اور چکنے ہوتے ہیں جس کی وجہ سے نجاست زائل ہونے کے بجائے پھیلے گی اس لئے بحرالرائق میں اس سے استنجاء

---

[1] الاعلام بحال البخور فی الصیام ص ۷۔ [2] الاعلام بحال البخور فی الصیام ص ۸، ۹، ۱۰، ۱۱، ۱۲۔

Marfat.com
Marfat.com

مکروہ قرار دیا گیا۔ اعلیٰ حضرت فرماتے ہیں کہ یہی حال کاغذ کا ہے کہ وہ نرم اور چکنا ہے۔ لہٰذا اس کا حکم بھی درخت کے پتوں کے مثل ہے اور دوسرا قیاس قیمتی چیزوں پر فرمایا جو قابل احترام ہوتی ہیں ان سے استنجا مکروہ ہے۔ کاغذ کتاب علم کا سب سے قریبی اور عام طریقہ ہے لہٰذا یہ بھی قابل احترام ہوا جس کی وجہ سے اس سے استنجا ممنوع ہے اور اگر لکھا ہوا کاغذ ہو تو حروف کا احترام آداب دین سے ہے اس لئے بھی اس سے استنجا ممنوع ہے۔ اعلیٰ حضرت کے اس فتوے میں ممانعت کی دو علتیں مشترک پائی گئی ہیں جن میں سے ہر ایک کے لئے الگ الگ شاہد پیش فرمایا۔ [1]

(۳) اعلیٰ حضرت کبھی کبھی واضح، دلنشین، عام فہم علت مشترکہ بیان فرماتے ہیں۔

ایک مرتبہ ایک وکیل صاحب نے جمعہ کی اذان خطبہ کے بارے میں اعلیٰ حضرت سے سوال کیا کہ آج تک تو بہت سی مسجدوں میں داخل مسجد ممبر کے نزدیک جمعہ کے دن اذان خطبہ دیا جاتا تھا لیکن آپ فرما رہے ہیں کہ یہ جو ہندوستان کا رواج ہے وہ غلط ہے۔ تو اعلیٰ حضرت نے ان کے پیشہ کے اعتبار سے بہت ہی عام فہم اور دلنشیں علت مشترکہ بیان فرمائی فرماتے ہیں۔

"آپ روز دیکھتے ہیں کہ کچہریوں میں چپراسی مدعی، مدعا علیہ یا گواہوں کی حاضری کے لئے کچہری کے کمرے کے اندر کھڑے ہو کر نہیں پکارتا ہے بلکہ باہر سے پکارتا ہے اور اگر اندر ہی سے چلانا شروع کر دے تو دربار عدالت کی توہین ہوگی تو احکم الحاکمین جل جلالہ کا سچا حقیقی دربار تو ارفع و اعلیٰ ہے۔ کیا یہاں اندر ہی سے چلایا جائے انھوں نے کہا میں نے سمجھ لیا۔ [2]

(۴) اس موقع پر یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ اعلیٰ حضرت استنباط حکم میں

---

[1] فتاویٰ افریقہ ص ۱۰۔ [2] فتاویٰ رضویہ ج ۳ ص ۷۷۳۔

Marfat.com
Marfat.com

علت صحیحہ مؤثرہ ہی کو ذریعہ معرفت بناتے ہیں اور کسی کی ذکر کردہ علت فاسدہ سے مرعوب نہیں ہوتے۔ چنانچہ آپ کی کتاب النہی الحاجز کے جواب میں کسی نے تکرار صلوٰۃ جنازہ پر یہ علت پیش کی کہ نماز جنازہ مثل جواب سلام فرض کفایہ ہے لہٰذا جس طرح جواب سلام میں تکرار جائز ہے اسی طرح نماز جنازہ بھی کئی بار ہو سکتی ہے۔ اعلیٰ حضرت نے اس طریقۂ استنباط کا جواب ان الفاظ میں دیا۔

"قولہ رد سلام مثل صلاۃ جنازہ فرض کفایہ ہے **اقول** مثل بھی آپ کا عجیب مثل ہے ذرا یہ تو فرمائیے مثل سے یہاں کیا مراد ہے اگر یہ مراد ہے کہ جو حکم نماز جنازہ کا ہے بعینہٖ وہی حکم رد سلام کا تو یہ غیر مسلم کہ نماز جنازہ میں تکبیر تحریمہ، استقبال قبلہ، بلا وضو، و تیمم نماز نہ پڑھنا وغیرہ وغیرہ ہے جو ہرگز رد سلام میں شرط نہیں اور اگر یہ مراد ہے کہ صرف فرض کفایہ میں دونوں مساوی بایں معنی ہیں کہ جس طرح رد سلام فرض کفایہ ہے کہ اگر بعض نے جواب سلام دے دیا سب کے ذمہ سے ساقط ہو گیا اگر کسی نے نہ دیا سب گنہگار ہوئے تو مسلم ہے مگر تمہاری کوئی مفید نہیں ہاں البتہ اگر یہ استدلال کیا جاتا کہ نماز جنازہ فرض کفایہ ہے جب بعض کر لیں باقیوں کو ناجائز ہو جاتا ہے تو اس وقت البتہ اس نقض کی گنجائش ہوتی حالانکہ استدلال یہ ہے کہ ایک بار سے فرض ساقط ہو گیا اب دوبارہ ہو تو نفل ہو گی اور وہ (نماز جنازہ) بطور نفل مشروع نہیں ورنہ مزار اقدس پر ہمیشہ نماز ہوتی اب اگر سلام میں تنفل جائز تو نقض کے کیا معنی اور ناجائز تو نقض ہی سرے سے باطل۔[1]

---

[1] الرد الناھز عن دام النھی الحاجز۔ ص ۸۔

Marfat.com
Marfat.com

ضمنی مسائل

[ایک مسئلہ کے ساتھ مسائل ضمنیہ کا بیان جو ایک ہی اصول کے تحت ہوں]

شمس الائمہ لطف الرحمٰن بردوانی مدرس مدرسہ عالیہ کلکتہ نے فتویٰ دیا تھا کہ شرافت نسب شرع کے نزدیک غبار سے زیادہ حیثیت نہیں رکھتی اللہ و رسول کے نزدیک شرافت علم یقیناً شرافت ہے۔ بہ نظر حقارت کسی عالم کو پاشا یا جولاہا یا شکاری وغیرہ کے خطاب سے منسوب کرنے والے دائرۂ کفر میں داخل ہوں گے۔

اعلیٰ حضرت سے اس فتویٰ کی تصدیق و تحقیق چاہی گئی آپ نے جواب میں جو فتویٰ تحریر فرمایا وہ چھتیس صفحہ پر مشتمل ۲۰×۲۶ سائز بصورت رسالہ جس کا نام ارارت الادب لفاضل النسب ہے۔

سنہ ۱۳۲۹ھ میں رسالہ لکھا گیا۔ اس میں آپ نے تحقیق طلب مسئلہ پر گفتگو کرتے ہوئے ضمنی مسائل تحریر فرمائے جن سے اصل مسئلہ کو استدلال و تائید و شہادت حاصل ہوتی ہے۔ اور بعض مسائل مناقب سے متعلق ہیں ان ضمنی مسائل میں بعض مسائل کلامی اور فقہی ہیں اور بعض اصولی ہیں۔ ضمنی مسائل بصورت استدلال بھی ہیں اور بصورت نظائر بھی اور خود اپنی جگہ ان کا ذکر احادیث کی تائید یا فقہاء کی شہادت کے ساتھ فرمایا ہے۔

Marfat.com
Marfat.com

مسائل ضمنیہ جو اس رسائل میں ذکر ہوئے حسب تفصیل ذیل ہیں۔

مسئلہ فقہی۔

(۱) کسی مسلمان بلکہ کافر ذمی کو بھی بے ضرورت ایسے لفظ سے یاد کرنا جو دل شکنی کا باعث ہو حرام ہے[۱] (۲) مدار نجات تقویٰ ہے[۲] (۳) فضل نسب شرعاً باطل و مہجور نہیں[۳] (۴) غیر کفو سے بے اذنِ ولی عورت نے نکاح کیا نہ ہوا[۴] (۵) امامت صغریٰ (نماز کی امامت) میں شرف نسب بھی وجہ ترجیح ہے[۵]۔ (۶) قریش پر دعوائے اُستادی نہ کرے[۶]۔ (۷) علمائے سادات سے کوئی کام موجب تعذیر واقع ہو تو قاضی ان سے صرف یہ کہے آپ ایسا کام کرتے ہیں[۷] (۸) شرافت و رذالت کسی شہر کی سکونت پر نہیں[۸] (۹) نسب پر فخر جائز نہیں[۹] (۱۰) دوسروں کے نسب کو بہ نظر حقارت دیکھنا جائز نہیں۔[۱۰] (۱۱) باپ کے سوا کسی اور سے نسب جوڑنا حرام ہے[۱۱]

مناقب۔

(۱۲) اللہ تعالیٰ نے قریشیوں کو سات قسم کی فضیلت دی ہے جو کسی کو حاصل نہیں[۱۲] (۱۳) قریش سے محبت رکھنا واجب ہے[۱۳] (۱۴) حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے دُنیا کے سب نسب میں سے جو بہتر نسب تھا اس سے چنا[۱۴] (۱۵) عجم میں اہل فارس سب سے بہتر ہیں[۱۵] (۱۶) روز قیامت قریش آگے

---

[۱] ارارت الادب بفاضل النسب ص ۳ [۲] نیز ص ۴۔ [۳] نیز ص ۴ [۴] نیز ص ۴۔
[۵] نیز ص ۴ [۶] نیز ص ۶ [۷] نیز ص ۱۲ [۸] نیز ص ۱۴ [۹] نیز ص ۳ [۱۰] نیز ص ۳۱
[۱۱] نیز ص ۳۲۔ [۱۲] [۱۳] [۱۴] نیز ص ۱۰ [۱۵] نیز ص ۱۳۔

Marfat.com
Marfat.com

ہوں گے پھر درجہ بہ درجہ [1] (۱۷) لوگ اپنے نسب کا فائدہ آخرت میں اُٹھائیں گے

اُصولی۔

(۱۸) حکم اغلب پر ہوتا ہے نہ کہ نادر پر [2] (۱۹) بعض اکابر یا انبیاء کرام سے کسی پیشے کا ثبوت دلیل جواز ہے نہ کہ دلیل افضلیت [3]۔

کلامی۔

(۲۰) امامت کبریٰ (خلافت) میں شرف نسب ہی نہیں قریشیت بھی شرط ہے۔ [4]

شتّی۔

(۲۱) دُنیا کے جمیع احکام فقہی یا کلامی میں قریش کو سب پر خصوصیت حاصل ہے [5] (۲۲) اپنے نطفے کے رشتے اچھی جگہ تلاش کرے۔ کفو میں شادی کرے اور کفو سے شادی کرکے لائے بڑی نسل کی خوبصورت عورت پر نہ جائے۔ [6]

---

[1] ازالۃ الادب ص ۱۷ [2] نیز ص ۱۸ [3] نیز ص ۱۴ [4] نیز ص ۱۴۔ [5] نیز ص ۴ [6] نیز ص ۱۳ [7] نیز ص ۱۶۔

Marfat.com
Marfat.com

فقہ حنفی کے ابواب پر مکمّل بحث

اعلیٰ حضرت کی تصنیفات میں نادرالوجود تصنیف "العطایا النبویہ فی الفتاوی الرضویہ" ہے جو جہازی سائز کے بارہ جلدوں میں بارہ ہزار صفحات پر مشتمل ہے۔ جن میں فقہ حنفی کے جمیع ابواب پر مکمل بحث کی گئی ہے۔ ان کے مطالعہ سے اعلیٰ حضرت کی تحقیقات کی عبقریت کا اندازہ ہوتا ہے۔ ابحاث کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے:۔

العطایا النبویہ فی الفتاوی الرضویہ

الجزء الاوّل

کتاب الطھارۃ، باب الوضوء، نواقض وضوء، باب المیاہ، فصل فی البئر، باب التیمم، (اس جلد میں ۱۱۴ فتاوے اور ۲۸ رسائل ہیں)

الجزء الثانی

باب الغسل، باب المیاہ، باب المسح علی الخفین، باب الحیض، باب الانجاس، باب الاستنجاء، کتاب الصلاۃ، باب اوقات الصلاۃ، باب اماکن الصلاۃ، باب الاذان والاقامۃ، باب شروط الصلاۃ، باب صفۃ الصلاۃ، باب القرأۃ، باب الامامۃ، باب الجماعۃ۔

الجزء الثالث

باب ادراک الفریضہ، باب مفسدات الصلوٰۃ، باب مکروھات الصلوٰۃ، باب الوتر والنوافل، تراویح، قضاء الفوائت، سجود السھو، سجود التلاوۃ، صلاۃ المسبوق، صلاۃ المریض، باب صلاۃ المسافر۔ احکام المسجد۔ جمعہ، عیدین،

Marfat.com
Marfat.com

کسوف واستسقاء ۔ شتی ۔ جنائز ۔

الجزء الرابع

کتاب الزکوٰۃ، کتاب الصوم، کتاب الحج ۔

الجزء الخامس

کتاب النکاح، کتاب الطلاق، کتاب الایمان، کتاب الحدود ۔

الجزء السادس

کتاب السیر، کتاب الوقف ۔

الجزء السابع

کتاب البیوع، کتاب الکفالہ، کتاب القضا والدعاوی، کتاب الشہادۃ ۔

الجزء الثامن

کتاب الوکالۃ، کتاب الاقرار، صلح، مضاربۃ، امانات، ھبہ، اجارہ، اکراہ، حجر، غصب، شفعہ، قسمت، مزارعۃ، صید، ذبائح، اضحیہ

الجزء التاسع

کتاب الحظر والاباحۃ ۔

الجزء العاشر

اشربہ، مداینات، رھن، جنایات، وصایا، فرائض ۔

الجزء الحادی عشر

شتی، مسائل کلامیہ ۔

الجزء الثانی عشر

البارقۃ الشارقہ علی المارقۃ الشارقہ ۔ رسائل کلامیہ ۔

مذکورہ ابواب وابحاث نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ فقہ حنفی کے ہر باب پر اعلیٰ حضرت کی گہری نظر تھی ۔

Marfat.com
Marfat.com

تنقیح مسائل

ائمۂ مذاہب کے لئے سب سے اہم اور مشکل منزل یہ آتی تھی کہ آیات قرآنی یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سنّت کے مفاہیم متعارض ہوں اور ان میں تقدیم و تاخیر کا کوئی ثبوت فراہم نہ ہو سکے کہ ناسخ و منسوخ کا تعیّن ہو۔ اسی طرح اقوال صحابہ کے مابین تعارض و اختلاف ملے اور کسی کا رجوع ثابت نہ ہو۔ یا کسی مسئلہ جدیدہ کی مختلف الوجوہ علّتیں درپیش ہوں اور کسی کی قوت غالب نہ آتی ہو۔ یہ وہ مقامات ہیں جہاں ہمتیں جواب دے دیتی ہیں اور بعض اوقات فقہاء کے لئے فیصلہ مشکل ہو جاتا ہے تو سکوت اختیار کرتے ہیں۔ متقدمین میں اس طرح کی مثالیں وافر مقدار میں ملتی ہیں جامع ترمذی اور امام شافعی کی کتاب الام میں کئی نظائر منقول ہیں۔

امام ابوحنیفہ اس میدان میں ایک مرد حق آگاہ تھے اسی لئے مشکل سے مشکل منزل پر بھی آپ تھکے ہوئے نظر نہیں آئے۔

ائمہ کے بعد ان کے مذہب کے فقہاء کے لئے بھی اس طرح کی صعوبتیں درپیش آئیں۔ اقوال کی کثرت اور ان کا باہمی اختلاف، روایات کا تعارض مناط و علل کا تباین، اسباب ترجیح کی یکسانیت یہ سب وہ مراحل ہیں کہ انسان تائید الٰہی کے بغیر انھیں طے نہیں کر سکتا ان مرحلوں پر بھی کثیر مسائل میں ائمہ ترجیح نے آنے والوں کے لئے کافی زاد راہ فراہم کر دی لیکن نئے پیدا ہونے والے مسائل نے خلیج کی وسعت میں کمی نہ ہونے دی۔ متاخرین میں امام ابن ہمام سے لے کر علامہ ابن عابدین شامی تک فقہ حنفی کے کئی جلیل القدر فقہاء پیدا ہوئے جنھوں نے بڑھتے ہوئے مسائل

Marfat.com
Marfat.com

کی علتوں کا تعین اور اقوال و ترجیح اقوال سے متعلق تنقیحات کیں اور بہت حد تک افتاء کے مسند نشینوں کی مشکلات حل فرمائیں لیکن اس کے باوجود بھی ہزاروں سے زائد مسائل تشنہ تنقیح رہ گئے اور کئی ایسے مواقع بھی رہ گئے جس پر بحث کے بعد بھی یہ ائمہ فیصلہ کن رائے دینے سے احتیاط برت گئے۔

نویں صدی ہجری سے اب تک کی تاریخ میں ہم نے جن فقہاء سے تعارف حاصل کیا ان میں اعلیٰ حضرت کو اس شان میں منفرد پایا ہے کہ مشکل سے مشکل مقام تنقیح میں آپ کا قلم چابک دست نظر آتا ہے ہم نے کئی ہزار صفحات پر پھیلے ہوئے ان کے فتاوے میں کوئی بھی مقام ایسا نہیں پایا کہ جہاں حکم کی تنقیح باقی رہ گئی ہو۔

فقہ حنفی کی جن کتابوں پر آپ کے حواشی و تعلیقات موجود ہیں ان سے بھی یہی شان نمایاں ہے فقہ کی پر خار وادیوں سے آپ کی یہ سبک خرامی اور علم کے بحر ذخار سے گوہر مراد کی تحصیل کا مشاہدہ کر کے حرمین کے فقہاء بھی کہہ اٹھے۔

لو رآها (فتاوی رضویہ) ابو حنیفه النعمن لاقرت عینه وجعل مؤلفها من جملة اصحاب[1]

ذیل میں اعلیٰ حضرت کی نفیس تنقیحات کی چند نظیریں پیش کی جاتی ہیں۔

(۱)

صاع کا بیان

صدقہ فطر، کفارات، نماز، روزے کے فدیے میں صاع کا بیان آتا ہے۔ صدقہ فطر نصف صاع گیہوں یا ایک صاع جَو واجب ہے۔

صاع کی مقدار میں فقہاء کا کئی جگہ آپس میں شدید اختلاف ہے صاع غلہ ناپنے کا

---

[1] الاجازات المتینہ، ص ۶۔

Marfat.com
Marfat.com

ایک پیمانہ ہے، ہر پیمانہ کسی مخصوص وزن کا ہوتا ہے، یعنی کسی چیز کو تول کر بنایا جاتا ہے۔

صاع کی مقدار کیا ہوگی؟ اس میں امام اعظم ابوحنیفہ اور دیگر ائمہ میں اختلاف ہے، امام اعظم فرماتے ہیں کہ صاع سے مراد صاع عراقی ہے جو آٹھ رطل کا ہوتا ہے امام شافعی، امام مالک، امام احمد بن حنبل اور ائمۂ احناف میں خود امام محمد امام یوسف فرماتے ہیں کہ حجازی صاع مراد ہے جو ۵ ۱/۳ رطل کا ہوتا ہے۔ چونکہ قول راجح اور مختار امام اعظم کا قول راجح اور مختار امام اعظم کا قول ہے اس کی وجہ ترجیح میں اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے احادیث کریمہ سے استدلال کیا ہے اور وہ اس بنیاد پر کہ سارے ائمہ فقہار کا اس پر اجماع ہے کہ صاع چار مُد کا ہوتا ہے البتہ مُد کی مقدار تعیین میں اختلاف ہے۔ امام اعظم کے نزدیک مُد دو رطل کا ہے اور دیگر ائمہ کے نزدیک مد ۱/۳ رطل کا ہے۔

صحیح مسلم، مسند امام احمد، ترمذی، ابن ماجہ، شرح معانی الآثار، ابوداؤد، نیز طحاوی شریف میں حضرت انس سے مروی ہے۔ کان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یتوضأ بالمد۔ ان حدیثوں میں اس کی تصریح ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک مُد کی مقدار پانی سے وضو فرماتے تھے۔ دوسری حدیث طحاوی شریف میں حضرت انس ہی سے یوں مروی ہے کان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یتوضأ برطلین۔ اس سے ظاہر ہوگیا کہ مُد دو رطل کا ہے اور صاع چار مُد کا نتیجہ یہ نکلا کہ ایک صاع آٹھ رطل کا ہوتا ہے۔

رطل ۳۶ روپئے بھر ہوتا ہے۔ اس تفصیل کے ساتھ کہ رطل ۱۲۰ استار اور استار ساڑھے چار مثقال اور مثقال ساڑھے چار ماشے، اور انگریزی روپیہ سوا گیارہ ماشے یعنی ڈھائی مثقال، تو رطل شرعی ۹۰ مثقال کا ہوا۔ ڈھائی پر تقسیم کرنے سے ۳۶ روپئے

Marfat.com
Marfat.com

آئے تو صاع دو سو اٹھاسی روپے بھر ہوا۔

یہ تو وہ مقدار ہوئی کہ اتنی وزن سے کوئی غلّہ تول کر پیمانہ بنایا جائے اب اشکال یہ پیش آیا کہ کون سا غلّہ تولا جائے۔ ابو شجاع ثلجی اور صاحبِ وقایہ نے ماش یا مسور کا اعتبار کیا ہے۔ اس لئے کہ اس کے دانے یکساں ہوتے ہیں اس کا کیل و وزن برابر ہوگا۔ بخلاف گندم یا جَو کے کہ ان میں بعض کے دانے ہلکے اور بعض کے بھاری ہوتے ہیں، دو قسم کے گیہوں یا جَو اگرچہ ایک ہی پیمانہ سے لیں۔ وزن میں مختلف ہو سکتے ہیں۔ در مختار میں بھی صرف اسی کو ذکر کیا۔ مگر امام صدر الشریعہ شرح وقایہ جلد اول میں فرماتے ہیں۔ وانی قد وزنت الماش والحنطۃ الجیدۃ المکتنزۃ والشعیر وجعلتھا فی المکیال فالماش اثقل من الحنطۃ والحنطۃ من الشعیر فالمکیال الذی یملاء بثمانیۃ وارطال من الماش یملأ باقل من ثمانیۃ ارطال من الحنطۃ الجیدۃ المکتنزۃ۔ فالاحوط فیہ ان یقدر الصاع بثمانیۃ ارطال من الحنطۃ الجیدۃ[1]

امام صدر الشریعہ نے اس کا لحاظ فرمایا کہ ماش اور مسور چونکہ وزنی ہیں ان کو تول کر اگر صاع بنایا جائے گا اور اس سے گیہوں اور جَو ناپ کر فقیروں کو دیا جائے گا تو مقدار گھٹ جائے گی اس لئے کہ جس برتن میں آٹھ رطل وزنی ماش یا مسور آئے گی اس میں گیہوں یا جَو آٹھ رطل نہ آسکے گا بلکہ آٹھ رطل سے کم آئے گا جَو اور مسور کے درمیان گیہوں ہے انھوں نے خیر الامور اوسطھا کا لحاظ کرتے ہوئے عمدہ گیہوں کے صاع کا اعتبار کیا ہے۔ یعنی آٹھ رطل عمدہ گیہوں تول کر صاع بنایا جائے۔

ان دونوں سے ہٹ کر علامہ شامی نے جَو کے صاع کا اعتبار کیا ہے لکھتے ہیں ان الذی علیہ مشائخنا بالحرم الشریف المکی ومن قبلھم من مشائخھم وبہ کانوا یفتون تقدیرہ بثمانیۃ ارطال من الشعیر۔

---

[1] شرح وقایہ جلد اول ص ۲۳۹۔

Marfat.com
Marfat.com

یعنی حرم مکہ معظمہ میں ہمارے مشائخ اوران سے پہلے ان کے مشائخ اس پر ہیں کہ آٹھ رطل جَو سے صاع کا اندازہ کیا جائے اور یہ اکابرین اسی پر فتویٰ دیتے ہیں۔

اعلیٰ حضرت نے علامہ شامی کے اس قول کو اختیار کر کے دو ایسی ٹھوس دلیلیں پیش کی ہیں جس سے کسی کو انکار کی مجال نہیں فرماتے ہیں۔

اقول۔ ظاہر ہے کہ صاع اس اناج کا تھا جو اس زمان برکت نشان میں عام طعام تھا اور معلوم ہے کہ وہاں عام طعام جَو تھا گیہوں کی کثرت زمانۂ امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہوئی۔ حدیث ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں ہے لما کثر الطعام فی زمن معویۃ جعلوہ مدین من حنطۃ ـــــ شرح صحیح مسلم امام نووی میں ہے ـــــ الطعام فی عرف اھل الحجاز اسم للحنطۃ خاصۃ صحیح ابن خزیمہ میں عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ہے ـــ قال لم تکن الصدقۃ علیٰ عھد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم الا التمر والزبیب والشعیر ولم تکن الحنطۃ۔ صحیح بخاری شریف میں ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے۔ کان طعامہ یومئذ الشعیر الخ

جب یہ ثابت ہوگیا کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عہد پاک میں جَو ہی عام غذا تھی اور اسی سے صدقۂ فطر ادا کیا جاتا تھا تو ظاہر ہوگیا کہ صاع بھی جَو ہی کا ہوتا تھا۔

دوسری دلیل میں فرماتے ہیں ـــــ اس سے قطع نظر بھی ہو تو شک نہیں کہ مد و صاع کا اطلاق مد و صاع شعیر کو بھی شامل تو اس پر عمل ضرور اتباع حدیث کی حد میں داخل۔

اس میں خاص قسم یہ ہے کہ درباره عبادات احتیاط پسندیدہ چیز ہے۔ اس سے کسی کو انکار نہیں ہو سکتا، اور جَو کا صاع لینے میں زیادہ احتیاط ہے بہ قدر واجب ادائگی میں کسی قسم کا شبہہ نہیں رہ جاتا لہٰذا ترجیح جَو ہی کے صاع کی ہے۔

اب ایک مرحلہ رہ جاتا ہے کہ آٹھ رطل جَو وزن کر کے جو پیمانہ بنایا جائے اس میں

Marfat.com
Marfat.com

گیہوں کتنے وزن کا آئے گا۔ ہمارے دیار میں آج کل صدقۂ فطر تول کر ہی ادا کیا جاتا ہے۔ اس لئے کہ پیمانہ کا رواج اُٹھ گیا ہے اس مرحلہ کو بھی اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے طے فرما دیا فرماتے ہیں۔

فقیر نے ۲۷ ماہ مبارک رمضان ۱۳۲۷ھ کو نیم صاع شعیری کا تجربہ کیا جو ٹھیک چار رطل جو کا پیمانہ تھا اس میں گیہوں برابر ہموار سطح بھر کر تولے تو ثمن رطل کم پانچ رطل آئے یعنی ایک سو چوالیس ۱۴۴ روپے بھر جو کی جگہ ایک سو پچھتر روپے آٹھ آنے بھر گیہوں کہ بریلی کے سیر سے اٹھتی بھراو پر پونے دو سیر ہوئے یہ محفوظ رکھنا چاہئے کہ صدقۂ فطر و کفارات و فدیۂ صوم و صلوٰۃ میں اسی انداز سے گیہوں ادا کرنا احوط و انفع للفقرا ہے۔[1]

(۲)

قنوت نازلہ

جب مسلمانوں پر کوئی افتاد آپڑے تو علمار نے نماز فجر میں قنوت نازلہ پڑھنے کی اجازت دی ہے۔ یہ حدیث سے ثابت[2] ہے۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک قوم کی درخواست پر ۷۰ چیدہ علمار صحابہ کو بھیجا۔ دشمنوں نے دھوکا دے کر ان حضرات کو بڑی بے دردی کے ساتھ شہید کر دیا۔

اس کی اطلاع جب حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو ہوئی تو آں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس قوم کی ہلاکت کے لئے مسلسل ایک مہینہ تک نماز فجر میں قنوت پڑھی۔ اس حدیث کی روشنی میں تمام علمار کا اس بات پر اتفاق ہے کہ جب مسلمانوں پر کوئی شدید آفت آپڑے تو فجر میں فرض کی دوسری رکعت میں قرأت سے فارغ ہو کر

---

[1] فتاویٰ رضویہ ص ۱۴۴، ۱۴۵۔ [2] بخاری شریف ۱۔۲ ص ۱۳۶۔

Marfat.com
Marfat.com

قنوت نازلہ پڑھی جائے۔ اختلاف یہاں سے شروع ہوتا ہے کہ رکوع سے پہلے پڑھی جائے یا رکوع کے بعد۔ شوافع کہتے ہیں کہ رکوع کے بعد۔ خود علمائے احناف میں دو گروہ ہے۔ علامہ حسن شرنبلالی اور علامہ شامی وغیرہ اس کے قائل ہیں کہ یہ قنوت بعد رکوع پڑھی جائے گی۔ مگر علامہ حموی وغیرہ اس کے قائل ہیں کہ قبل رکوع احادیث اس باب میں متعارض ہیں۔ کسی میں قبل رکوع وارد ہے اور کسی میں بعد رکوع۔

صحیح بخاری شریف میں ہے۔ قال سئل انس ابن مالك أقنت النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی الصبح قال نعم فقیل وقنت قبل الرکوع قال بعد الرکوع۔[1]

پھر دوسری حدیث میں حضرت انس ابن مالک رضی اللہ عنہ ہی سے مروی ہے کہ۔ قنت شھرا بعد الرکوع۔ یہی حال علماء کا ہے امام شافعی فرماتے ہیں کہ بعد رکوع ہے اور امام مالک فرماتے ہیں کہ قبل رکوع پڑھے۔ اس کو حموی وغیرہ نے اختیار فرمایا۔ علامہ سید احمد طحطاوی کے قول سے ظاہر ہوتا ہے کہ مصلی کو اختیار ہے چاہے قبل رکوع پڑھے یا بعد رکوع۔

قنوت نازلہ کے قبل رکوع یا بعد رکوع ہونے پر امام اعظم یا صاحبین کا کوئی قول نہیں ملتا۔ علامہ سید احمد طحطاوی حاشیہ' درمختار میں لکھتے ہیں :۔

وظاھرہ لو قنت فی الفجر لبلیۃ انہ یقنت قبل الرکوع ابو مسعود عن الحموی قلت قد ورد فعلہ قبلہ وبہ قال الامام مالك وبعدہ وبہ قال الامام الشافعی واقتضاء النظر التخییر وذکر الشرنبلالی انہ یقنت بعد الرکوع۔[2]

علامہ شامی لکھتے ہیں کہ ظاہر یہی ہے کہ بعد رکوع پڑھے :۔

ھل القنوت ھنا قبل الرکوع ام بعدہ، لم أرہ والذی یظھر لی ان المقتدی

---

[1] بخاری شریف ج۱ ص ۲۴۹۔ [2] طحطاوی حاشیہ درمختار ج۱ ص ۲۸۳۔

Marfat.com
Marfat.com

یتابع امامہ الا اذا جھر فیومن وانہ یقنت بعد الرکوع لا قبلہ بدلیل استدل بہ الشافعی علی قنوت الفجر وفیہ التصریح بالقنوت بعد الرکوع۔ [1]

ان سب عبارتوں کے دیکھنے سے ظاہر ہوا کہ قنوت نازلہ کے قبل رکوع یا بعد رکوع ہونے میں تین مذاہب ہیں۔ قبل رکوع، بعد رکوع، اور علامہ شامی کا اختیار فرمانا یہ ہے کہ مقتدی بہرحال اپنے امام کی اقتدا کرے گا۔ جس کا مطلب یہ ہوا کہ اگر امام قبل رکوع پڑھے تو مقتدی بھی قبل رکوع پڑھے اور اگر امام بعد رکوع پڑھے تو مقتدی بھی بعد رکوع پڑھے۔ حنفی ائمہ نے یہ فیصلہ دے دیا کہ بعد رکوع پڑھے

ہمارے اور امام شافعی کے درمیان یہ مسئلہ مختلف فیہ ہے کہ وتر کے علاوہ نماز فجر میں دُعائے قنوت پڑھی جائے گی یا نہیں۔ امام شافعی فرماتے ہیں کہ پڑھی جائیگی اور ہمارے یہاں تفصیل ہے۔ عام حالات میں نہیں پڑھی جائے گی۔ یہی مفاد ہے علماء کے اس قول کا "ولا یقنت فی غیرہ"۔ لیکن مسلمانوں پر کوئی شدید احتیاج آپڑے تو اجازت ہے۔

امام شافعی کا استدلال ان حدیثوں سے ہے جن میں مذکور ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مہینہ تک نماز فجر میں قنوت پڑھی ان احادیث میں یہ بھی تصریح ہے کہ آں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بعد رکوع قنوت پڑھا۔

ہمارے علماء نے امام شافعی کے نماز فجر میں دُعائے قنوت کے شروع ہونے کے استدلال کا جواب یہ دیا ہے کہ اس سے مُراد قنوت نازلہ ہے تو ثابت ہوگیا کہ قنوت نازلہ بعد رکوع ہے۔ بظاہر علامہ شامی کا یہ استدلال اتنا مضبوط ہے کہ اس کے خلاف کچھ کہنے کی گنجائش نظر نہیں آتی، مگر اعلیٰ حضرت عظیم البرکت رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ابو سعود اور علامہ حموی کے قول کو اختیار فرمایا کہ قنوت نازلہ قبل رکوع ہے اور

---

[1] غنیہ ج ۱ ص ۴۵۱۔

Marfat.com
Marfat.com

علآمہ شامی کے اس استدلال کا دو جواب دیا۔ اول یہ کہ مدار کار ان احادیث میں یہ مذکور ہونا ہے کہ یہ قنوت بعد رکوع تھا۔ مگر احادیث کی چھان بین سے پتہ چلتا ہے کہ بہت سی احادیث میں اس قنوت کے بارے میں یہ تصریح ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قبل رکوع پڑھا جیساکہ ابھی نمازوں کے حوالہ سے گذرا۔

دوسرا جواب یہ ارشاد فرمایا کہ بعد رکوع محل قنوت ہی نہیں ہے جیساکہ امام ابن ہمام نے فتح القدیر میں ثابت فرمایا۔

(۳)

جمعہ کی اذانِ خطبہ

جمعہ کی اذان خطبہ کے بارے میں ہندوستان میں یہ رواج تھا کہ ممبر کے قریب دی جاتی تھی اور اس سلسلہ میں فقہاء کی واضح تصریحات بھی نہ تھیں جس کی وجہ سے اعلیٰحضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دور میں علماء کے درمیان ایک فقہی بحث چھڑ گئی۔ عامۂ علماء تداول و تعامل کو دلیل بنا کر جواز کا فتویٰ دیتے لیکن اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اصول احکام کی مخالفت کو غلط قرار دے دیا اور جادۂ تفقہ سے سرِ مو بھی تجاوز نہ فرمایا اس مسئلہ پر آپ نے کئی بسیط رسالے تصنیف فرمائے لیکن بدقسمتی سے ان میں سے اکثر ناپید ہیں مثلاً "شمامۃ العنبر فی النداء بازاء المنبر"، "اوفی اللمعہ فی اذان یوم الجمعہ"۔

(۱) متعدد کتب فقہ مثلاً فتاویٰ قاضی خاں، فتاویٰ خلاصہ، فتح القدیر، شرح نقایہ، بحرالرائق، عالمگیری وغیرہ میں مطلقاً مسجد کے اندر اذان دینا مکروہ لکھا ہے جسے قاضی خاں لکھتے ہیں۔

"ان یؤذن علی المئذنہ او خارج المسجد ولا یؤذن فی المسجد" [1]

[1] فتاویٰ رضویہ، ج ۳ ص ۱۰۰، ۱۰۱۔

Marfat.com
Marfat.com

اس طرح کی عبارتیں نقل فرما کر لکھتے ہیں یہ تمام ارشادات صاف صاف مطلق بلاقید ہیں جن میں جمعہ وغیرہ کسی کی تخصیص نہیں۔ مدعی پر لازم کہ ایسے ہی کلمات صریحہ معتمدہ میں اذان ثانی جمعہ کا استثنار دکھائے۔

اب زمانۂ حال کے مصنف مولانا عبدالحئ فرنگی محلی عمدۃ الرعایہ حاشیۂ شرح وقایہ میں لکھتے ہیں:۔

"قولہ بین یدیہ الی مستقبل الامام فی المسجد کان او خارجہ والمسنون ھو الثانی" [1]

(۲) ابوداؤد شریف میں حضرت سائب بن یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بسند حسن مروی ہے۔

قال کان یؤذن بین یدی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا جلس علی المنبر یوم الجمعۃ علیٰ باب المسجد وابی بکر وعمر [2]

اس حدیث سے صاف ثابت ہوگیا کہ عہد رسالت و عہد خلفائے راشدین میں اذان مسجد میں نہیں ہوتی تھی بلکہ باب مسجد پر ہوتی تھی۔

(۳) جن لوگوں نے مسجد میں اذان جائز قرار دی ہے اعلیٰ حضرت نے ان کے تمام شکوک کا ازالہ فرمایا ہے مثلاً بعض کتابوں میں اذان خطبہ میں "یدی الامام" یا "یدی المنبر" مذکور ہے اس پر کلام فرمایا کہ "بین یدی" صرف مواجہت کا مقتضی ہے یعنی اذان منبر یا امام کے سامنے ہو لیکن یہ قید نہیں کہ منبر سے متصل یا اس کے قریب ہو کیونکہ لفظ میں یدی بہت عام اور مبہم ہے اور اس معنی عام پر قرآن پاک کی کئی آیات سے شہادتیں فرمائی ہیں بلکہ ابوداؤد کی حدیث مذکور میں بین یدی کا اطلاق باب مسجد

---

[1] عمدۃ الرعایہ حاشیہ شرح وقایہ ج ۱ ص ۲۴۵۔ [2] فتاویٰ رضویہ ج سوم ص ۲۷۲

نوٹ:۔ یہی حدیث ج ۲ کے پرانے ایڈیشن میں ص ۴۸۹ اور نئے ایڈیشن میں ص ۳۶۰ پر ہے۔

Marfat.com
Marfat.com

پر کیا گیا ہے۔

بین یدی ظرف زمان اور ظرف مکان دونوں معنوں میں استعمال ہوتا ہے مثلاً " لَہٗ مَا بَیْنَ اَیْدِیْنَا وَمَا خَلْفَنَا وَمَا بَیْنَ ذٰلِکَ" الآیۃ دوسری جگہ ارشاد ہے وَھُوَالَّذِیْ یُرْسِلُ الرِّیٰحَ بُشْرًا بَیْنَ یَدَیْ رَحْمَتِہٖ حَتّٰٓی اِذَآ اَقَلَّتْ سَحَابًا ثِقَالًا سُقْنٰہُ لِبَلَدٍ مَّیِّتٍ فَاَنْزَلْنَا بِہِ الْمَآءَ الاٰیۃ۔

اس آیت میں "بین یدی" نے قُرب مطر کی طرف اشعار فرمایا مگر یہ نہیں کہ ہوائیں چلتے ہی پانی معاً اُترے بلکہ چلے اور بادل اُٹھے اور بوجھل پڑے اور کسی شہر کو چلے وہاں پہنچ کر برسے وقال تعالیٰ اِنْ ھُوَ اِلَّا نَذِیْرٌ لَّکُمْ بَیْنَ یَدَیْ عَذَابٍ شَدِیْدٍ ○

آیت نے قُرب قیامت کا اشارہ فرمایا نہ یہ کہ بعثت کے برابر ہی قیامت ہے تیرہ سو اٹھانوے (۱۳۹۸) برس گذر گئے اور ہنوز وقت باقی ہے۔

(۴) ہندوستان کا رواج یہ ہے کہ اذان متصل ممبر ہوتی ہے آپ نے ارشاد فرمایا کہ نص حدیث اور تصریحات فقہ کے خلاف کسی بات کا ہندوستانیوں میں رواج پا جانا کوئی حجت نہیں ہندوستانیوں میں تو یہ بھی دیکھا جاتا ہے کہ پنجگانہ اذانیں بھی بہت سے لوگ مسجد میں دے لیتے ہیں۔

اعلیٰ حضرت دہلی کی ایک مسجد میں تشریف لے گئے وہاں اذان مسجد کے اندر ہوئی آپ نے مسئلہ بتایا کہ داخل مسجد اذان مکروہ ہے۔ کچھ لوگوں نے کہا، کہاں لکھا ہے؟ آپ نے بتایا قاضی خاں، خلاصہ، عالمگیری، فتح القدیر میں ہے۔ انھوں نے کہا ہم ایسے نہیں مانتے۔ اعلیٰ حضرت نے اس غیر مقلد سے پوچھا کہ آپ کیا کام کرتے ہیں۔ انھوں نے بتایا کہ میں کچہری میں کام کرتا ہوں تو اعلیٰ حضرت نے پوچھا کہ کچہری کے حاضری کمرہ کے اندر کھڑے ہو کر پکارا جاتا ہے یا باہر تو انھوں نے کہا باہر اعلیٰ حضرت نے ارشاد فرمایا! حکم الحاکمین

Marfat.com
Marfat.com

کا دربار تو ارفع واعلیٰ ہے آپ روز دیکھتے ہیں کہ چپراسی کچہریوں میں مدعی و مدعا علیہ کو پکارتا ہے اگر اندر ہی سے چلّانا شروع کردے تو بے ادبی ہوگی۔ اس نے کہا میں سمجھ گیا۔

(۵) تحقیق کے ضمن میں دو نکتے پیش فرمائے جن سے مسجد کے اندر اذان ہونے کا محل متعین ہوتا ہے۔

(الف) اگر بانیٔ مسجد نے مسجد بناتے وقت تمامیت مسجد سے پہلے مسجد کے اندر اذان کے لئے منارہ خواہ کوئی محل مرتفع بنالیا تو یہ جائز ہے۔

اسی طرح اگر اذان کی جگہ بیروں مسجد تھی پھر مسجد بڑھائی گئی اور اب میذنہ درون مسجد ہوگیا اس پر بھی اذان میں حرج نہ ہوگا۔ کیونکہ ان دونوں صورتوں میں اذان کی جگہ مسجد کے باہر ہے لیکن تمامیت مسجد کے بعد اندر میذنہ بنانے کا کسی کو اختیار نہیں[1]

(ب) متعلقات مسجد میں مسجد کے لئے اذان ہونے کو عُرف میں تعبیر کرتے ہیں کہ فلاں مسجد میں اذان ہوگی اس کا معنی ہرگز یہ نہیں کہ اذان مسجد میں ہو چنانچہ فتح القدیر کے باب الجمعہ میں ہے۔

وھو ذکر اللہ فی المسجد ای فی حدودہ لکراھۃ الاذان فی داخلہ۔ لہٰذا اگر کہیں کوئی لفظ فقہ کی کتابوں میں اذان فی المسجد کے ہم معانی نظر آئے تو وہ یقیناً عُرفی معنی پر محمول ہے یا صورتاً مسجد میں اور حقیقتاً خارج مسجد میں۔

بالفرض اگر ایک آدھ غریب اور نامتداول کتاب میں بھی کوئی تصریح ہوتی تو بھی عامہ کتب معتمدہ مذہب کے خلاف عقلاً و عرفاً و شرعاً قابل قبول نہ ہوتی۔

مکہ معظمہ میں اذان کنارہ مطاف پر ہوتی ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانے میں مسجد حرام مطاف ہی تک تھی۔

---

[1] فتاویٰ رضویہ ج ۳ ص ۷۷۳۔

Marfat.com
Marfat.com

المطاف ھو کان فی زمانہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مسجدًا۔ [1]

تو حاشیہ مطاف بیرون مسجد و محل اذان تھا اور مسجد جب بڑھالی جائے تو پہلے جو جگہ اذان یا وضو کے لئے مقرر تھی بدستور مستثنیٰ رہے گی ولہٰذا اگر مسجد بڑھا کر کنواں اندر کر لیا وہ بند نہ کیا جائے گا جیسے زمزم شریف۔ حالانکہ مسجد کے اندر کنواں بنانا ہرگز جائز نہیں ہے فتاویٰ قاضی خاں، فتاویٰ خلاصہ، و فتاویٰ عالمگیریہ میں ہے۔

یکرہ المضمضۃ والوضوء فی المسجد الا ان یکون لہ موضع اعد لذلک و لا یصلی فیہ —— وہیں ہے۔ لا یحفر فی المسجد بئر ماء و لو کانت قدیمۃ یترک [2]

تو مکہ معظمہ میں اذان ٹھیک محل پر ہوتی ہے [3]

مدینہ طیبہ میں خطیب سے ۲۰ بلکہ زائد ذراع کے فاصلہ پر ایک بلند کمرہ پر اذان کہتے ہیں۔ لہٰذا ہندوستان کے دونوں رواج کے خلاف ہیں ممبر کے سامنے اور داخل مسجد

(۴)

تنقیح عبارت

تصویر کی موجودگی میں نماز مکروہ ہوتی ہے اس مسئلہ پر صاحب درمختار نے تحریر فرمایا:۔

ولو کانت صغیرۃ لا تبتین تفاصیل اعضاء ھا لناظر قائما و صلی علی الارض ذکر ہ الحلبی او مقطوعۃ الرأس او الوجہ او محوۃ عضو و لا تعیش بدونہ او لغیر ذی روح لا یکرہ۔

خط کشیدہ فقرہ یہ شبہہ پیدا کرتا ہے کہ اگر کسی تصویر کا دھڑ الگ کر دیا جائے یا سینہ پھاڑ دیا جائے یا گردن کاٹ لی جائے تو نماز میں کوئی کراہت نہ ہوگی اگرچہ اس کا چہرہ

---

[1] مسلک منقسط لعلی قاری ص ۲۸۱۔ فتاویٰ عالمگیری ص ۴۰۔ [2] فتاویٰ رضویہ ۲۶ ص ۴۹۱۔

Marfat.com
Marfat.com

اپنی حالت پر باقی ہو۔

اس عبارت پر بحث کرتے ہوئے اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کراہت تصویر کی اس طرح تنقیح فرمائی کہ عبارت کا یہ فقرہ متقدمین کی کتابوں میں تلاش کیا جائے یا اس قسم کا حکم دیکھا جائے نیز یہ بھی دیکھا جائے کہ کن لوگوں نے صاحب درمختار کا اتباع کیا ہے اور یہ بھی تنقیح کی جائے کہ اگر متقدمین میں اس قسم کا حکم نہیں ملتا ہے تو صاحب دُرمختار نے اسے کہاں سے استنباط کیا اور ساتھ ہی یہ بھی دیکھا جائے کہ تصویروں کی وجہ سے نماز میں کراہت کی بنیادی علت کیا ہے؟ اور یہ بھی معلوم کیا جائے کہ تصویروں کا مقصود کیا ہے اور کون سی تصویر موجب کراہت ہوسکتی ہے اور کون سی نہیں ہوسکتی پھر اس کے ضمن میں جو سوالات پیدا ہوں اس کی فنافی تحقیق بھی ہوجائے۔ تو نہ ملے۔

اعلیٰ حضرت نے ان نکات پر علی الترتیب بہت ہی مکمل بحث فرمائی ہے فرماتے ہیں کہ مذکورہ بالا خط کشیدہ فقرہ متقدمین کی کتابوں میں کسی ہم معنی لفظ سے بھی نہیں ملتا اس سلسلہ میں آپ نے فقہ کی چالیس متداول متون و شروح کا حوالہ دیا اور فرمایا کہ محرر مذہب امام محمد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ تک صرف یہی فرماتے ہیں کہ اگر تصویر بے سر کی ہو یا اس کا سر مٹا دیں تو کراہت نہیں۔ نیز سید ابوسعود ازہری جو دُرمختار ہی سے مسائل اخذ کرتے ہیں انھوں نے بھی اس فقرہ کو نہیں لیا البتہ درمختار کے محشی قاری نے ان کی پیروی کی ہے۔

ممکن ہے کہ صاحب درمختار نے اس مسئلہ کو فتح القدیر سے اخذ کیا ہو کہ اس میں امام ابن ہمام فرماتے ہیں:۔

"لو قطع یدیھا و رجلیھا لا ترتفع الکراھۃ لان الانسان قد تقطع اطرافہ وھو حی"

چنانچہ درمختار کے محشی علامہ سید طحطاوی نے حاشیہ مراقی میں لکھا ہے کہ امام ابن ہمام

Marfat.com
Marfat.com

نے اپنی توجیہ سے یہ بتایا ہے کہ تصویر کا سر کٹا ہوا ہونا ضروری نہیں بلکہ اس کو اس حالت پر بنانا مقصود ہے جس کے ساتھ زندگی نہ رہے۔

اعلیٰ حضرت فرماتے ہیں کہ سید طحطاوی نے فتح القدیر سے جو مطلب نکالا وہ محل نظر ہے کیونکہ اس کا مطلب صرف یہی ہے کہ ہاتھ، پاؤں کٹنے سے بھی زندگی باقی رہتی ہے تو وہ مکروہ ہے اس سے یہ لازم نہیں آیا کہ کراہت صرف آثار زندگی والے اعضاء کے ساتھ مخصوص ہے کیونکہ کسی خاص حالت کی نفی سے کسی حکم عام کی نفی نہیں ہو سکتی۔

حلیہ میں بھی فتح القدیر جیسی عبارت زیادتی کے ساتھ موجود ہے جس میں یہ ہے کہ گردن پر نشان لگانا، یا کمر پر کوئی ایسا نشان لگانا جس سے دھڑ کا کٹنا یا دو حصوں میں تقسیم ہونا سمجھا جائے نفی کراہت کے لئے کافی نہیں۔ کیونکہ بعض اوقات گردن میں فیتہ باندھنا، کمر میں پٹکے لگانا بھی اسی نشان سے سمجھا جاتا ہے جو زندگی کے منافی نہیں۔ عجب نہیں کہ صاحبِ درمختار نے انھیں عبارات سے یہ تعمیم سمجھ لی ہو حالانکہ وہ عبارتیں مفید تعمیم نہیں ہیں۔ اس لئے امام ابو جعفر طحاوی نے غیر جاندار کی تصویر جائز ہونے پر سر کٹی ہوئی تصویروں کے جواز سے استدلال کیا اور ایک حدیث حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت کی کہ "الصورۃ الرأس فکل شئ لیس له رأس لیس بصورۃ"۔

معلوم ہوا کہ صورت کا نہ رہنا ہی عدم کراہت کا مدار ہے۔

یہ بات بالکل ظاہر ہے کہ کسی بھی تصویر میں حیات بھی نہیں پائی جاتی اور نہ وہ کسی حال میں تمام مدار حیات اعضاء کی جامع ہوتی ہے چنانچہ عکس تصویر میں صرف ایک طرف کی بالائی سطح کا عکس ہوتا ہے اور صرف ایک سطح سے حیات ناممکن ہے اور تمثالی اور معدنی میں اندرونی اعضاء، دل، دماغ، جگر، رگیں جو مدار حیات ہیں نہیں ہوتیں ڈاکٹری تصویر میں اندر باہر کی رگیں اور پٹھے ضرور ہوتے ہیں لیکن رگوں میں

Marfat.com
Marfat.com

خون کیسے آئے گا۔ الغرض کسی بھی تصویر میں تمام مدار حیات چیزیں جمع نہیں ہوسکتیں تو اگر صاحب دُرمختار کی تعمیم لی جائے تو مطلقاً کسی بھی تصویر میں کراہت باقی نہیں رہتی۔ وھو کما تری۔

دراصل مدار کراہت یہ ہے کہ تصویر دیکھنے والا یہ تصور کرے کہ میں کسی زندہ ذی روح کی تصویر دیکھ رہا ہوں۔

ابوداؤد، ترمذی، سنن ابن حبان اور طحاوی حاکم حضرت ابوہریرہ سے راوی ہیں کہ حضرت جبرئیل بارگاہ رسالت میں حاضری کے لئے آئے اور واپس ہوگئے دوسرے روز حاضر ہوکر یہ عرض کی کہ میرے لئے یہ رُکاوٹ ہوئی کہ دروازہ پر تصویریں تھیں اور گھر کے پردہ پر بھی تصویریں تھیں گھر میں ایک کُتا تھا تو حکم دیجئے کہ دروازہ پر جو تصویر ہے اس کا سر کاٹ دیا جائے کہ درخت کی طرح ہوجائے اور پردہ چیر کر اس کے دو گدے بنادئے جائیں جو اندر آجائے اور کُتا نکال دیا جائے تو آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایسا ہی کیا اس حدیث کا صریح یہ نتیجہ نکلا کہ صورت حیوانی سر کٹے بغیر ممنوع ہے کہ بغیر سر کاٹے درخت کے مثل نہیں ہوسکتی اور نہ صورت حیوانی سے الگ یا کم از کم یہ کہ بے جان کی طرح معلوم ہو اس وجہ سے نشان زدہ فقرہ پر سید طحطاوی فرماتے ہیں کہ نماز میں مکروہ نہ ہونے کی وجہ یہ ہے کہ وہ مُردہ کی صورت ہے جو پوجی نہیں جاتی اور بلاشبہ تصویریں نیم قد یا حد سینہ یا صرف چہرہ مثل شجر نہیں ہوسکتیں تو موت کی نشاندہی کرسکتی ہیں یہی وجہ ہے کہ سکّوں پر سلاطین نصاریٰ ایسی ہی ناقص تصویریں نقش کرتے ہیں۔

لہٰذا عبارت دُرمختار کا مطلب یہ ہے کہ وہ تصویر جسے توڑ پھوڑ کر ایسا بنادیں کہ حالت حیات کی حکایت نہ رہے دیکھتے ہی بے روح کی صورت جانے تو اب مدار حیات اعضاء سے اصل مقصود یہ ہے کہ عُرفاً حکایت حیات ہوسکے۔

بحث نامکمل رہ جائے گی اگر یہ ظاہر نہ کیا جائے کہ تصویر سے کراہت نماز کی اصل

Marfat.com
Marfat.com

علت کیا ہے۔اس سلسلہ میں فقہائے حنفیہ کی تمام ترکتابوں میں زیادہ سے زیادہ تین علتوں کا تذکرہ ملتا ہے۔

(۱) عبادت اصنام سے مشابہت۔ ہدایہ، فتح القدیر، تبیین الحقائق کافی وغیرہ میں اس علت کو مدار کراہت رکھا ہے۔

(۲) دوسری علت تعظیم تصویر۔حلیہ، ردالمختار، بحرالرائق وغیرہ۔

(۳) تیسری علت ملائکہ رحمت کا نہ آنا۔کیونکہ جس مکان میں ملائکۂ رحمت نہ آئیں وہ ہر جگہ سے بدتر ہے۔کافی میں ہے۔بحیث لا تدخل الملائکۃ فی شر البیوت یہ علت ہدایہ تبیین، فتح القدیر، حلیہ وغیرہ میں ہے۔بلکہ حلیہ نے صرف اس علت کو مدار کراہت لکھا ہے۔اور تشبہ اصنام کو زیارت کراہت کا سبب بتایا۔

اعلیٰ حضرت ان علتوں کی تنقیح فرماتے ہیں کہ بے شک اصل علت تشبہ اصنام ہے اور تعظیم بھی علت اور امتناع ملائکہ بھی۔لیکن ان تینوں چیزوں میں اگرچہ مفہوم کا فرق ہے لیکن وجود کے اعتبار سے ایک دوسرے کے لازم ہیں۔تشبہ عبادت بے تعظیم ناممکن اور تعظیم تصویر تشبہ عبادت کو مستلزم۔اس لئے کہ تصویر کا رب قدیر سے کوئی علاقہ نہیں اسی لئے امام فخر الاسلام جامع صغیر کی شرح میں فرماتے ہیں۔

"امساک الصورۃ علی سبیل التعظیم ظاھر امکروہ لان ذلک تشبیہ عبادۃ الصنم"

امتناع ملائکہ اسی گھر میں ہوگا جہاں تصویر بطور تعظیم ہو ورنہ ہرگز نہیں اسی لئے حضرت جبرئیل نے کپڑے کو پامال گدا بنانے کے لئے خواہش ظاہر کی کہ اس میں تعظیم مرتفع ہے۔

امام محمد مؤطا میں فرماتے ہیں کہ بستر اور فرش کی تصویروں میں حرج نہیں لیکن پردے اور نصب کرنے میں کراہت ہے وھو قول ابی حنیفۃ والعامۃ من فقھائنا۔

Marfat.com
Marfat.com

طبرانی اوسط میں حضرت ابوہریرہ سے ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پامال ہونے والی تصویر کی رخصت دی اور اسی مضمون کو علامہ شامی نے ردالمحتار میں اور مُلّا علی قاری نے مرقاۃ میں تفصیل سے بیان کیا لہٰذا علماء کا علت کراہت میں مختلف ہونا اختلاف نہیں کہ دراصل ہر ایک کا نتیجہ ایک ہے۔

پھر یہاں ایک اور تنقیح کی ضرورت ہے کہ تشبہ عبادت اگر علت کراہت ہے تو تصویروں پر سجدہ طریقۂ کفار میں داخل نہیں تو اسے مکروہ نہ ہونا چاہیئے لہٰذا یا تو شبہ عبادت کے معنی میں تصرف کیا جائے یا علت کراہت کسی اور چیز کو قرار دیا جائے۔

اعلیٰ حضرت فرماتے ہیں کہ تشبہ کی دو قسمیں ہیں تشبہ عام اور تشبہ خاص۔

تشبہ عام:۔ تصویر کا اس طور پر ہونا جس سے تعظیم مفہوم ہو۔

تشبہ خاص:۔ مصلّی کی حالت تعظیم تصویر کی مشعر ہو مثلاً تصویر سامنے ہو یا دائیں یا بائیں۔

تشبہ عام کراہت تنزیہی کا سبب ہے اور خاص سے تحریمی ثابت ہوتی ہے

امام محمد نے ایک جگہ عضو پر سجدہ کو مکروہ اور دوسرے مقام پر غیر مکروہ فرمایا اس سے مراد تحریمی کی نفی اور تنزیہی کا اثبات ہے اس تطبیق سے فقہاء کی مختلف عبارتوں کی توجیہہ آسان ہوگئی۔

اب ایک اور مشکل ترین تنقیح باقی رہ گئی کہ اگر علت کراہت تشبہ عبادت ہے تو پھر وہی تصویریں موجب کراہت ہونی چاہئیں جو مشرکین کے معبودان باطل کے قبیل سے ہوں اسی لئے چھوٹی تصویریں جن کے اعضاء کی تفصیل مختصر فاصلہ سے ظاہر نہ ہوسکے اور سر بریدہ میں کراہت نہیں اور اسی لئے چراغ یا قندیل یا لالٹین مصلی کے سامنے ہوں تو کراہت نہیں اور بھڑکتی آگ یا تنور وغیرہ ہو تو کراہت ہے کہ مجوس

Marfat.com
Marfat.com

اسے پوجتے ہیں۔ مصحف یا تلوار کا سامنے ہونا مکروہ نہیں کہ ان کی عبادت نہیں ہوتی اور اسی سے چھپی ہوئی تصویروں کا حکم بھی ثابت ہوتا ہے جیسے جیب یا بٹوے یا ٹوپی کے اندر ناجائز تصویروں کا ہونا، چاند، سورج، ستارے اور درختوں کی تصویریں موجب کراہت نہیں کہ مشرکین ان تصویروں کی عبادت نہیں کرتے اور مُلّا علی قاری نے معبودان باطل شمس و قمر کی تصویروں کو جو حرام لکھا اس میں غیر جاندار کو شامل کرنا محل نظر ہے کہ تمام کتب مذاہب کے خلاف ہے علامہ کافی نے شرح ہدایہ میں فرمایا "عبد عینه لا تمثاله" اگر مُلّا علی قاری کی بات مانی جائے تو ہمارے علاقہ میں عصر کے وقت سورج کا سامنا ہوتا ہے اور جنگلوں میں درختوں کا اور مغرب و عشار میں کبھی کبھی چاند کا تو مسافروں کے لئے نماز میں سخت اشکال پیدا ہو۔ بلکہ ابو داؤد میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے درخت کو سامنے کرکے نماز ادا فرمائی اور جن اوقات میں نماز پڑھنے سے منع فرمایا ان میں سورج کے مقابلہ میں ہونے کی قید نہیں بڑھائی۔ اس لئے چند سوالات پیدا ہوتے ہیں۔

اوّل - ہر جاندار کی تصویر رکھنا حرام ہے حالانکہ مشرکین ان سب کی عبادت نہیں کرتے اور چاند و سورج کا سامنے ہونا مطلق مکروہ نہیں حالانکہ مشرکین ان کی عبادت کرتے ہیں۔

دوم - سر بریدہ کی تصویر کراہت سے مستثنیٰ ہے حالانکہ مشرکین بعض دوسرے اعضار مثلاً لینگ کو پوجتے ہیں تو صرف سر یا چہرے کا نہ ہونا کیونکر کراہت کو ختم کرے گا

سوم - اور اگر صرف ہاتھ پاؤں کا کٹنا نفی کراہت نہیں کرتا کہ تشبہ عبادت موجود ہے تو مستور رہنے سے بھی کوئی فائدہ نہ ہوگا بلکہ چھپا دینے میں اعزاز ہے اور بے دست و پا بنانے میں اہانت۔

چہارم - جاندار کی تصویر ملائکہ رحمت سے محروم کر دیتی ہے حالانکہ مشرکین

Marfat.com
Marfat.com

ہر جاندار کو نہیں پوجتے ہیں نہ ان کی تصویروں کو پوجتے ہیں اور گائے کو پوجتے ہیں اس کے باوجود اعزاز کے ساتھ گھر میں رکھے جا سکتے ہیں اس موقع پر اگر گائے کو رکھنا بغرض ضرورت قرار دیا جائے تو تصویر بھی کم از کم زینت کی ضرورت میں شمار کی جا سکتی ہے — اب علت کراہت کی ایسی تنقیح کی ضرورت ہے کہ جس سے یہ چاروں اعتراضات ختم ہو جائیں۔ اور اصل مسئلہ نکھر جائے۔

اس لئے فرماتے ہیں کہ مدار منع صورت یا ذو صورت یا اس کی نوع یا جس کی عبادت ہونا نہیں ہے بلکہ تصویر کا معنیٰ وثن ہوتا ہے جیسا کہ فتح القدیر میں فرمایا "مالیس لھا حکم الوثن فلا تکرہ فی البیت"۔ جس سے صورت حیوانیہ کی تخصیص ہوئی کہ صورت غیر حیوانی میں مضاہات خلق اللہ نہیں ہے اور یہ مضاہات ہر مجسمہ اور عکس تصویر میں پائی جاتی ہے کہ اگر بطور اہانت نہ ہو تو نفرت ملائکہ کا سبب ہے اتنے ہی بیانات سے چاروں سوالات ختم ہو گئے کہ تصویر کواکب غیر حیوانی ہے تو معنی وثن میں داخل نہیں جاندار کی تصویر معنی بُت میں ہے اگرچہ مشرکین ان کی عبادت نہ کرتے ہوں لہٰذا پہلا اعتراض حل ہو گیا۔ تنور صورتِ حیوانی نہیں۔ اور گائے اگرچہ صورت حیوانی میں ہے لیکن وہ خود مخلوق خُدا ہے اس میں مضاہات خلق اللہ کا معنی نہیں اس سے سوال چہارم دفع ہوا۔ نیز صورت حیوانی ہونے کا مدار چہرہ پر ہے اگر چہرہ نہیں تو صورت حیوانی کا اطلاق نہیں ہوتا جیسا کہ حدیث جبرئیل اور فرمان ابو ہریرہ سے ثابت ہوا اسی وجہ سے حدیث میں چہرے پر مارنے سے منع فرمایا گیا کہ چہرے پر مارنا تعظیم کے خلاف ہے اور چہرہ ہی کو شناخت کی علامت قرار دیا گیا ہے اور دوسرے اعضاء شناخت میں کالعدم قرار دیے گئے اور اسی لئے یادگاری تصویریں بے چہرہ کے نہیں ہوتیں تو ثابت ہوا کہ صرف چہرہ ہی تصویر کو بُت کے معنی میں کرتا ہے لہٰذا جنس "ما یعبد المشرکون" سے مراد صرف معنی بُت میں ہونا ہے جس کے لئے صرف اتنا ہی

Marfat.com
Marfat.com

کافی ہے کہ تصویر کسی صورت حیوانی کی آئینہ دار ہو جس کا مدار چہرہ پر ہے ایسی تصویر کا بااعجاز رکھنا ناجائز و حرام اور ملائکہ رحمت سے محرومی کا سبب ہے اگر مصلی کے سامنے ہو تو نماز مکروہ تحریمی۔ پیچھے ہو تو نماز مکروہ تنزیہی۔ سر کٹے اور چہرہ مٹے کی تقدیر پر معنی بُت میں نہیں ہے لہٰذا اعتراض دوم حل ہوا۔ اور بہت چھوٹی تصویر یا اتنی مستور کہ نظر نہ آئے تو وہ بھی صورت حیوانی کی آئینہ دار نہیں ہے پھر کیونکر وہ معنی بُت میں ہو کہ مشرکین صنم کی وضع اس لئے کرتے ہیں کہ ان کے الٰہان باطل کے آئینہ دار ہوں اس سے تیسرا اعتراض دفع ہوا۔

اس تنقیح کے بعد مسئلہ تصویر کو چار صورتوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔

(۱) تصویر کا رکھنا بطور توہین کہ پاؤں سے پامال ہو سکے جائز ہے۔

(۲) جس میں تصویر ہو اسے باعزت رکھنا لیکن عزت کا سبب وہ تصویر نہ ہو جیسے روپئے پیسے اسٹامپ وغیرہ کہ اس کا مقصود نہ تعظیم ہے کہ اس تصویر کو مٹانے کے بعد وہ روپئے وغیرہ بے کار ہو جائیں گے یہ "الضرورات تبیح المحظورات" کے تحت جائز ہے۔

(۳) اہانت کا نہ ہونا تصویر ہی کی وجہ سے ہو لیکن مقصود خاص تعظیم تصویر نہ ہو بلکہ زینت و آرائش کا خیال ہو یہ حرام ہے اور ملائکہ رحمت سے محرومی کا سبب کہ اس میں بھی اکرام تصویر ہے اگرچہ قصداً نہ ہو۔

(۴) خاص تصویر کی تعظیم بھی مقصود ہو کہ اسے بوسہ دے، سر اور آنکھوں سے لگائے، اس کے سامنے دست بستہ کھڑا ہو یہ سخت گناہ کبیرہ اور بُت پرستی کے مشابہ ہے، اگرچہ بزرگوں ہی کی تصویر ہو کہ یہ اور باعثِ غضب ہے کہ ایسی تصویروں کو بطور تبرک رکھنا تمام بزرگوں کے نزدیک معیوب اور رکھنے والا معتوب ہے[1]۔

---

[1] عطایا القدیر فی حکم التصویر (ملخصاً)

Marfat.com
Marfat.com

معروضات

اپنے پیش رو فقہار کے اقوال پر اعتراضات وارد کرنا اس بات کا بیّن ثبوت ہے کہ معترض کے پاس قوی دلائل موجود ہیں۔ اعلیٰ حضرت نے اپنے بے شمار متقدمین فقہار پر معروضات قائم فرمایا ہے۔ مگر ادب کی پاسبانی یہ ہے کہ متقدمین فقہار کے اقوال پر جہاں تنقید کی ہے لفظ معروضہ نہیں استعمال کیا ہے بلکہ فرق مراتب کا پاس رکھتے ہوئے، متقدمین کے اقوال پر معروضہ کے بجائے لفظ تطفل استعمال کیا ہے۔ مثلاً فتاویٰ رضویہ کے جلد اوّل میں ۱۹۴۵ جگہ متقدمین فقہار کے اقوال پر تطفل کے عنوان سے دقیق بحث کی ہے اور ۱۹۴۰ مقامات پر متأخرین فقہار کے اقوال پر معروضہ کے عنوان سے اہم تحقیق پیش کی ہے جس سے اعلیٰ حضرت کی فقہی عبقریت کا اندازہ ہوتا ہے۔ ذیل میں چند نظیریں پیش کی جاتی ہیں۔

(۱)

زکام سے وضو ٹوٹتا ہے یا نہیں۔ اعلیٰ حضرت فرماتے ہیں کہ ائمہ کی تصریحات یہ ہیں کہ بلغم کا خروج خواہ بطور رقے ہو یا دماغ سے نزول کی صورت میں ہو ناقض وضو رہیں ہے جس کا صریح نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ زکام خواہ قلیل ہو خواہ کثیر ناقض وضو نہیں لیکن علامہ سید طحطاوی نے فرمایا کہ اسے ناقض وضو ہونا چاہئے کیونکہ قاعدہ یہ ہے کہ "کل ما خرج بوجع فھو ناقض" نتیجتاً کہنا پڑے گا ظاھرہ یسیم الانف اذا زکم۔

علامہ شامی نے اس پر اعتراض کیا کہ سونے والے کے منہ سے خارج شدہ رطوبت پاک ہے اگرچہ بو دار ہو تو زکام کیونکر ناقض وضو ہو سکتا ہے۔

Marfat.com
Marfat.com

اعلیٰ حضرت نے علامہ شامی کے اس استنباط پر دو اعتراض فرمائے اوّل یہ کہ علامہ سید طحطاوی اس رطوبت کے بارے میں کلام کر رہے ہیں جو مرض کی وجہ سے فارغ ہو اور دوم یہ کہ سوتے میں رال کا نکلنا مرض نہیں اور نہ اس کی بو علامت مرض ہے جیسے روزے دار کی بوئے دہن آخری پہر متغیر ہوتی ہے اور وہ بالاجماع نجس نہیں ہوتی اور یہ بوجہ مرض نہیں ہوتی ہے۔

علامہ شامی کے اعتراض کا خلاصہ یہ ہوا کہ رطوبت زکام پاک ہے اور پاک چیز ناقض وضو نہیں ہوتی۔ یہ بات تسلیم نہیں کی جا سکتی کیونکہ نیند، جنون، بے ہوشی نجس نہ ہوتے ہوئے بھی ناقض وضو ہیں۔ اسی طرح مذہب معتمد پر ریح ظاہر ہے حالانکہ بالاجماع ناقض وضو ہے۔ بلکہ خود علامہ شامی درایہ میں لکھتے ہیں فلا یقال ما لا یکون نجسا لا یکون حدثا۔ لہٰذا ہو سکتا ہے کہ زکام ظاہر ہوتے ہوئے بھی ناقض وضو ہو۔ دراصل مسئلہ زکام کا اخذ و استنباط بلغم ہی سے مناسب ہے[1] ویسے علامہ شامی کی بات قابل توجیہ ضرور ہے جس سے علامہ طحطاوی پر ایک نیا معروضہ قائم ہوگا وہ یہ کہ جو رطوبت بدن سے نکلے اور نجس نہ ہو تو ناقض وضو نہیں چنانچہ حلیہ میں ہے۔ ان کان ای القیٔ بلغما لا ینقض لانہ طاھر[2]۔

علامہ طحطاوی پر ایک تیسرا معروضہ یہ ہے کہ درد اور مرض سے بہنے والی رطوبت اسی صورت میں ناقض وضو ہے کہ اس میں خون وغیرہ کی آمیزش ہو جیسا کہ آشوب چشم اور کان کے بہنے وغیرہ میں ہوتا ہے[3]۔

امام محمد رحمۃ اللہ علیہ سے منیہ میں ہے کہ آشوب چشم سے جو رطوبت خارج ہو میں اس پر وضو کا حکم دیتا ہوں کہ مجھے خوف ہے کہ اس سے بہنے والی چیز پیپ کی قسم سے ہو۔ عن محمد اذا کان فی عینہ رمد و یسیل الدموع منھا امرہ بالوضوء

---

[1] فتاویٰ رضویہ ج۱ ص ۳۵۔ [2] فتاویٰ رضویہ ج۱ ص ۳۶۔ [3] فتاویٰ رضویہ ج۱ ص ۳۷۔

Marfat.com
Marfat.com

لانی اخاف ان یکون ما یسیل منہ صدیدًا۔[1]

تبیین الحقائق میں بھی یہی ہے۔ لاحتمال ان یکون صدیدًا۔[2]

امام ابن ہمام نے اس احتمال سے یہ اخذ کیا کہ امام محمد کا حکم وضو بطور استحباب ہے کیونکہ محض احتمال سے وضو نہیں جاتا۔ فی عینہ رمد یسیل دمعھا یؤمر بالوضوء لکل وقت لاحتمال کونہ صدیدًا واقول ھذا التعلیل یقتضی انہ امر استحباب فان الشک والاحتمال فی کونہ ناقضا لا یوجب الحکم بالنقض اذ الیقین لا یزول بالشک واللہ تعالیٰ اعلم نعم اذا علم من طریق غلبۃ الظن باخبار الاطباء او علامات تغلب الظن للمبتلی یجب۔[3]

امام ابن ہمام کی اس تقریر پر امام احمد رضا نے یہ معروضہ قائم فرمایا کہ اولاً ان کا یہ قول تصریحات عامہ فقہاء کے خلاف ہے۔ ثانیاً یہ حکم احتمال محض پر مبنی ہے ایسا کیوں نہیں ہوسکتا کہ حکم وجوب بر بناء احتیاط ہو۔ جس طرح خواب دیکھنے پر رطوبت پائے جانے کی صورت میں حکم غسل بطور وجوب ہے اگرچہ رطوبت رطوبت مذی ہو[4] بحرالرائق میں آشوب چشم سے متعلق امام ابن ہمام کا قول نقل کرکے اس کے خلاف حکم فرمایا[5] صاحب بحر یہ نہرالفائق میں یہ اعتراض کیا گیا کہ فتح القدیر میں وجوب کی صراحت موجود ہے۔[6]

اعلیٰ حضرت فرماتے ہیں کہ فتح القدیر میں وجوب کی تصریح نہیں ہے[7] بلکہ صرف یہ ہے

قالوا من رمدت عینہ وسائل الماء منھا وجب علیہ الوضوء۔[8]

یہ تو صیغہ قالوا نقل قول ہے نہ کہ اپنی تصحیح اور تصحیح تو وہی ہے جو عبارت بالا میں گذری لہٰذا صاحب نہر کو یہ کہنا چاہیے تھا کہ صاحب بحر نے وجوب کی روایت نقل

---

[1] فتاویٰ رضویہ ج ۱ ص ۳۷۔ [2] تبیین الحقائق ج ۱ ص ۹۔ [3] فتح القدیر ج ۱ ص ۱۲۹
[4] فتاویٰ رضویہ ج ۱ ص ۳۸۔ [5] فتاویٰ رضویہ ج ۱ ص ۳۸۔ [6] فتاویٰ رضویہ ج ۱ ص ۳۸۔
[7] فتاویٰ رضویہ ج ۱ ص ۳۸۔ [8] فتح القدیر ج ۱ ص ۲۶۔

Marfat.com
Marfat.com

نقل کی ہے۔ چنانچہ ابن ہمام کے شاگرد صاحب حلیہ لکھتے ہیں کہ ینبغی ان یحمل علی ما اذا کان الماء الخارج من العین متغیراً بسبب ذلک الخ مختصراً۔ [1]

اعلیٰ حضرت نے صاحب حلیہ پر معروضہ قائم فرمایا کہ وجود مرض خود مظنۂ دم ہے جس طرح مسئلہ احتلام میں رطوبت کا ہونا کہ احتلام ہی مظنۂ انزال ہے رطوبتوں میں رنگ کا تغیر اسی وقت شرط ہے جہاں کوئی مظنہ نہ ہو مثلاً ناف سے رطوبت کا آنا ہو سکتا ہے کہ داخل جسم سے ہو اور ممکن ہے پسینہ ہو۔ لہٰذا یہاں رنگ کا تغیر ضروری ہے۔ [2]

مسئلہ زکام میں علامہ طحطاوی پر چوتھا معروضہ یہ قائم فرمایا کہ زکام ایک عام چیز ہے دُنیا کا کوئی بھی شخص جس نے چند سال عمر پائی ہو اسے کبھی نہ کبھی زکام ضرور ہوا ہوگا تو یقین عادی کی رو سے کہا جا سکتا ہے کہ صحابۂ کرام، تابعین ائمہ کو بھی زکام عارض ہوا ہوگا۔ پس عموم بلوٰی کی چیز میں وضو کا حکم ہوتا تو حدیث یا متون و شروح یا فتاوٰی میں وہ حکم ضرور ملتا حالانکہ ۱۲ سو برس کے بعد صرف ایک مصری فاضل علامہ سید طحطاوی ہی کا ذہن نظر آتا ہے کہ ادھر منتقل ہوا اور انھوں نے زکام کو ناقض وضو قرار دیا اس لئے ان کا یہ قول یقیناً محل نظر ہوا بلکہ غیر مفتی بہ۔ [1]

(۲)

کیا اقرار نکاح سے نکاح منعقد ہو جاتا ہے۔ اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بسط و تفصیل کے ساتھ پچاسوں کتابوں کے حوالے سے یہ ثابت کیا ہے کہ خلاف واقعہ اقرار سے عند اللہ نکاح منعقد نہ ہوگا اور حرام اپنی جگہ حرام رہے گا ایک شبہہ کا ازالہ کرنے کی غرض سے امام برہان الدین محمود صاحب ذخیرہ کی عبارت نقل فرماتے ہیں جس میں ان سے امام محمد علیہ الرحمہ کی عبارت سے مسئلہ زیر بحث کے استخراج میں سخت تسامح ہوا ہے۔ امام محمد نے صلح کے بیان میں فرمایا ہے۔ ادعی رجل علی امرأۃ نکاحا فجحدت

---

[1] فتاوٰی رضویہ ج۱ ص ۳۹۔ [2] فتاوٰی رضویہ ج۱ ص ۳۹، ۴۰۔

Marfat.com
Marfat.com

فصالحها بمأة علی ان تقر بهذا فاقرت فهذا الاقرار جائز والمال لازم [1]

اس پر صاحب ذخیرہ نے یہ استنباط فرمایا کہ اقرار سے نکاح جائز ہے بشرطیکہ اقرار گواہوں کے محضر میں ہو اور فرمایا ان الاصح الصحة لو کان الشهود حضورا [2]

اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے صاحب ذخیرہ کی اس عبارت پر پانچ معروضے قائم فرمائے ہیں۔

(۱) امام محمد رحمۃ اللہ علیہ نے اس اقرار کے جواز اور لزوم مال کا ذکر فرمایا ہے جس کا مطلب صرف جواز صلح ہے کہ اس کے بعد اگر عورت انکار کرے تو قاضی نہ سنے گا اس سے لازم نہیں آتا کہ واقع میں عند اللہ بھی عقد نکاح نافذ ہو جائیگا کیونکہ ائمہ تصریح فرماتے ہیں کہ اگر دعویٰ واقعۃً کاذب ہو اور صلح ہو جائے تو بدل صلح عند اللہ حلال نہیں۔ [3]

(۲) کسی نے دعویٰ کیا کہ فلاں نے اپنا گھر میرے ہاتھ بیچ دیا ہے مدعا علیہ قسم سے بچنے کے لئے یا قاضی کے سامنے سبکی ہونے سے تحفظ کی خاطر اقرار کر لیا تو اس اقرار سے قضاءً بیع ثابت ہوگی اور تمام احکام بیع وجوب، تسلیم، لزوم و شفعہ وغیرہ بھی مرتب ہوں گے لیکن وہ مدعی آگ سے رہا نہیں ہے۔ [4]

(۳) صلح کرنے والے جب ارادۂ صلح کریں تو وہ اسی وقت صحیح ہوگی جب کہ عقود شرعیہ میں سے قریب ترین عقد کی طرف راجع ہو سکے تاکہ کلام کی تصحیح اور نصرت کا انقطاع ہو سکے لیکن زیر بحث مسئلہ میں دونوں نے کسی عقد کا ارادہ نہیں کیا بلکہ ایک جھوٹی خبر دی ہے جو اگرچہ فیما بین العباد مؤثر ہو سکتی ہے لیکن عند اللہ اس کا کوئی اثر نہیں ہے لہٰذا باب صلح میں اقرار نکاح اور اقرار بیع کے درمیان فرق بالکل ظاہر ہے۔ [5]

(۴) ہدایہ میں ہے کہ اگر کسی نے کسی عورت پر نکاح کا دعویٰ کیا اور وہ انکار کرتی

---

[1] فتاویٰ رضویہ ۵۶ جزء ۱ ص ۱۱ [2] فتاویٰ رضویہ ۵۶ جزء ۱ ص ۱۱ [3] فتاویٰ رضویہ ۵۶ جزء ۱ ص ۱۲۔
[4] " " ۱۲ " [5] " " ۱۲

Marfat.com
Marfat.com

ہے تو اس عورت نے کچھ مال دے کر ترک دعویٰ کے لئے صلح کر لی تو جائز ہے اور یہ صلح مرد کی طرف سے خلع کے معنی میں ہوگی اور عورت کی طرف سے دفع خصومت کے لئے ہوگی پھر بھی ائمہ نے فرمایا ہے کہ مرد کو عنداللہ اس سے کچھ لینا حلال نہیں جب کہ اپنے دعویٰ کو باطل کر دیا ہے کفایہ میں فرمایا کہ یہ حکم تمام انواع کو شامل ہے۔ [1]

(۵) دُرمختار میں تہستانی سے ہے کہ بعض دین پر صلح صحیح ہے اور وہ دعویٰ باقی سے بری ہو جائے گا یعنی قضاءً نہ کہ دیانۃً لہٰذا اگر قابو پالے تو لے سکتا ہے شامی نے اس مضمون کے کثیر اقوال نقل فرمائے ہیں۔ [2]

ان اقوال کی روشنی میں صاحب ذخیرہ پر اجمالی طور سے تین بھاری اعتراض واقع ہوتے ہیں۔

(۱) صلح کا کسی عقد کی طرف راجع کرنا صرف تصویر و تقدیر ہے صلح کی تاثیر اس سے متجاوز نہیں ہو سکتی۔

(۲) وہ عقود صرف ضمن صلح میں ثابت ہوں گے نہ کہ قصداً چنانچہ اعتق عبدک عنی بالف سے ضمناً بیع ثابت ہوتی ہے لیکن قصداً لفظ اعتاق سے بیع منعقد کرنا کسی طرح درست نہیں

(۳) یہ عقود صرف قضاءً ثابت ہوتے ہیں جن کا دیانت پر کوئی اثر نہیں پڑتا تاوقتیکہ واقعۃً دعویٰ صادق نہ ہو اور ہماری گفتگو دیانت ہی میں ہے۔ [3]

(۳)

امام ابن ہمام نے وضو میں بسم اللہ اور ذکر الٰہی کو واجب عملی قرار دیا ہے۔ اس پر امام احمد رضا فرماتے ہیں اقول لم یأت المستدل بشئ حتی سمع ما سمع پھر فرماتے ہیں اور مسئلہ تسمیہ اولاً تنہا محقق کی اپنی بحث ہے کہ نہ ائمۂ مذہب سے منقول نہ محققین مابعد میں مقبول خود ان کے تلمیذ علامہ قاسم ابن قطوبہ نے فرمایا کہ ہمارے شیخ کی جو بحثیں خلاف

---

[1] فتاویٰ رضویہ ج ۵ ص ۱۲۔ [2] فتاویٰ رضویہ ج ۵ ص ۱۲۔ [3] فتاویٰ رضویہ ج ۵ ص ۱۲۔
[2] " " ص ۱۲، ۱۳

Marfat.com
Marfat.com

مذہب ہیں ان کا اعتبار نہ ہوگا۔ علامہ قاسم کے قول پر امام احمد رضا نے یہ اضافہ فرمایا کہ اقول یعنی جب کہ خلاف اختلاف زمانہ سے ناشی نہ ہو۔ کما افتوا بجواز الاجارۃ علی التعلیم والاذان والاقامۃ۔ [1]

(۴)

وضو میں جو اجزاء دھوئے جاتے ہیں ان پر پانی بہانا فرض ہے۔ اس سلسلہ میں فقہاء نے حسب عادت کچھ باریکیاں پیدا کیں ان پر بحث کرتے ہوئے اعلیٰ حضرت فرماتے ہیں۔ منہ، ہاتھ، پاؤں تینوں اعضاء کے مذکور ذروں پر پانی کا بہنا فرض ہے فقط بھیگا ہاتھ پھر جانا یا تیل کی طرح پانی چپڑ لینا تو بالاجماع کافی نہیں اور صحیح مذہب میں ایک بوند ہر جگہ سے ٹپک جانا بھی کافی نہیں کم سے کم دو بوند ہر ذرہ ابدان مذکورہ سے بہیں۔ درمختار میں ہے ایک قطرہ بھی بہنا کافی ہے فیض میں ہے کہ مذہب اصح ہے کم از کم دو قطرے بہ جائیں پھر صاحب بحر کا قول نقل کیا کہ ابو یوسف سے مروی ہے کہ

ان الغسل مجرد بل المحل بالماء سال او لم یسل ولاجله جعل فی البحر الا سالة مختلفا فیها بینه وبین الطرفین وزعم ان اشتراطها هو ظاهر الروایة فالحق الذی لا محید عنه ولا یحل المصیر الا الیه ان تاویله ما فی الحلیة عن الذخیرة انه سال من العضو قطرة او قطرتان ولم یتدارک کیف ولولا ذلک لکان هذا والعیاذ باللہ تعالیٰ انکارا للنص وتبدیلا للشرع فان اللہ تعالیٰ امر بالغسل وهذا لیس بغسل لا لغة ولا عرفا وقد قال فی البحر لغنیه الغسل بفتح الغین ازالة الوسخ عن الشیٔ ونحوه باجراء الماء علیه لغةً وهل الاجراء الا الاسالة۔ اقول فما کان ینبغی لمثل هذا المحقق الجبران یجعله مختلفا فیه کی یجری علیه الجاهلون۔ [2]

---

[1] فتاوٰی رضویہ ۶ ص ۲۱۔ [2] فتاوٰی رضویہ ۶ ص ۱۹۔

Marfat.com
Marfat.com

مسائل جدیدہ

محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آخری نبی کی حیثیت سے تشریف لائے اب ان کے بعد کسی نبی کی آمد اور نزول وحی کے امکانات ختم ہو چکے آپ کا دین قیامت تک کے ہر انسان کے لئے خواہ کسی طبقہ اور ملک سے تعلق رکھتا ہو۔ ایک مکمل قانون ہے چنانچہ عین حجۃ الوداع کے روز مقام عرفہ میں دین اسلام کی تکمیل کا اعلان اس آیت کے نزول نے کر دیا۔ اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَیْکُمْ نِعْمَتِیْ۔

دین چونکہ حیات و موت کے ہر شعبہ سے متعلق ایک منظم قانون ہوتا ہے اس لئے دین اسلام میں تمام ضروریات زندگی کی بھرپور رعایت رکھی گئی ہے لیکن سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ عہد رسالت میں زندگی کے جو حالات اور تقاضے تھے ان کے لئے رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ یقیناً کفیل تھی پھر ہر دور میں اس قسم کے انقلابات پیدا ہوئے جیسا کہ ورود آدم سے عہد رسالت تک حالات و ضروریات میں تغیر و تبدل ہوتا رہا اس لئے ہر دور میں دین سے متعلق نئے نئے مسائل اور مختلف النوع احکام پیش آتے رہے تو اگر دین اسلام قیامت تک آنے والی نسل کے لئے مکمل نظام حیات ہے تو یقیناً اس دین میں حالات کے تنوع کے لئے قوانین و ضوابط موجود ہیں

کتاب و سنت میں جو وقائع اور جزئیات ملتے ہیں ائمہ فقہاء نے ان سے قاعدے اور ضوابط اخذ فرمائے اور نئے پیدا ہونے والے مسائل کو اپنے علم و فکر اور اجتہاد کی روشنی میں کسی ایک ضابطہ یا ایک حکم کے خانے میں منتقل فرمایا یہ صرف ایک فقیہ کی شان ہے کہ مسائل جدیدہ کا حکم متعین کرنے میں علت اور اس کی تاثیر کو دریافت کرنا ہے۔ فقہائے حنفیہ نے کسی دور میں کسی مسئلہ جدیدہ کو تشنۂ تحقیق نہ چھوڑا۔

Marfat.com
Marfat.com

اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی اس دَور میں پیدا ہوئے جب کہ مادیت نے ساری دُنیا میں ہلچل پیدا کردی تھی اور سائنس کی ترقی نے ایک انقلاب برپا کرکے مختلف النوع نئے مسائل اس طرح کھڑے کردئے کہ پوری تاریخ عالم میں مسائل جدیدہ کی اتنی طویل فہرست نہیں نظر آتی ہے جو اُنیسویں اور بیسویں صدی کے درمیان تیار ہوئی۔

ٹرین، موٹر وہوائی جہاز کی ایجاد نے احکام سفر سے متعلق کئی مسئلے پیدا کئے۔ ان پر نماز جائز ہے یا نہیں۔ منٹوں میں بے مشقت مسافت سفر طے کرنے میں قضاء صوم کی رخصت ہوگی یا نہیں۔ مسافت سفر ہر نابالغ کا ولی مقیم ہے جو منٹوں میں وطن واپس آسکتا ہے کیا اس کی غیر موجودگی میں ولی ابعد کو نابالغ کے نکاح کرنے کا حق ہے۔ وغیرہ اسی طرح بیڑی تمباکو وغیرہ کی ایجادات نے اپنے حکم کا مطالبہ کیا۔ فوٹو جو بغیر قلم اور سنگ تراش کی مدد کے صرف ایک روشنی کے ذریعہ عکس لینے کا طریقہ ہے اسے حلت وحرمت کے کس خانہ میں رکھا جائے رنگ، دوائیں، شکر اور دوسری بعض مصنوعات جن میں شراب یا دوسری حرام چیزوں کی آمیزش کا شبہہ ہے اس کا حکم کیا ہوگا۔ ٹیلیفون، ریڈیو، لاؤڈ اسپیکر اور اخبارات وغیرہ نے لمبی لمبی مسافتوں سے مشکل سے حاصل ہونے والی خبروں کو ہم سے بالکل قریب کردیا۔ ان کے اوپر کن معاملات میں اعتبار کیا جائے اور کہاں انھیں کالعدم قرار دیا جائے۔ ان سے قرآن عظیم کی تلاوت کا سُننا اور آیات سجدہ پر سجدہ کرنا واجب ہے یا نہیں اس طرح حکومتوں کے تغیر سے ہندوستان، پاکستان وغیرہ کو دارالحرب مانا جائے یا دارالاسلام پھر یہاں کے کُفار کو حربی، ذمی، مستامن کس قسم میں شمار کیا جائے۔

اس قسم کے ہزاروں مسائل ہیں جن کا تعلق عبادات سے لے کر معاملات وقضا تک ہر ابواب سے متعلق ہیں۔

اعلیٰ حضرت نے ان مسائل پر گفتگو کرتے ہوئے ایک عظیم تجدیدی کارنامہ انجام

Marfat.com
Marfat.com

دیا ہے کہ قیامت تک پیدا ہونے والے بے شمار مسائل کے احکام وعلل کی دریافت کے لئے رہبر اصول وضع فرمادئے ہیں اور مسائل جدیدہ کی وجہ سے فقہاء اور مفتیان کرام کو جن مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا وہ حل ہوگئیں۔

(۱)

ہندوستان دارُالحرب ہے یا دارُالاسلام

احکام کے اعتبار سے آبادیوں کی تقسیم دو طرح پر ہے دارالاسلام دارالحرب۔ ہندوستان میں جب اسلامی حکومت تھی ہندوستان دارُالاسلام تھا لیکن جب ہندوستان پر انگریزوں کا تسلّط عام ہوگیا تو علماء کے درمیان یہ بحث چھڑ گئی کہ اب ہندوستان دارالاسلام ہے یا دارُالحرب؟ چنانچہ علماء کے ایک گروہ نے اس پر فتویٰ دیا کہ ہندوستان نہ دارُالحرب ہے نہ دارُالاسلام بلکہ دارالامن ہے۔ مثلاً مفتی کفایت اللہ صاحب نے ہندوستان کو دارُالامن قرار دیا ہے[1]

انور شاہ کشمیری صاحب کی تحقیق یہ ہے کہ ہندوستان دارُالامن ہے ——

ملک ما اگر ہست دارالامان است۔[2]

جہاں تک کتب فقہ کا تعلق ہے اس مسئلہ میں بہت چھان بین کی گئی مگر دارالامن قسم کا کوئی شہر کسی کتاب میں نہ ملا۔ فقہاء کا اس پر اجماع ہے کہ آبادی یا تو دارالاسلام ہوگی یا دارُالحرب۔ کچھ علماء نے ہندوستان کو دارالحرب ہونا بتایا ہے۔

شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی (۱۱۵۹/۱۲۳۹ھ) نے ہندوستان کے دارالحرب ہونے کا فتویٰ دیا ہے[3]

کچھ علماء نے فیصلہ ہی نہیں کیا بلکہ زندگی بھر تردد میں رہے۔ جیسکہ مولانا رشید احمد

---

[1] مفتی اعظم کی یاد ص ۱۳۲ [2] مہاجر نمبر ص ۴ [3] فتاویٰ عزیزیہ ص ۱۶، ۱۷۔

Marfat.com
Marfat.com

گنگوہی صاحب فتاویٰ رشیدیہ میں فرماتے ہیں۔

"ہند کے دارالحرب ہونے میں اختلاف علماء کا ہے۔ بظاہر تحقیق حال ہند کی خوب نہیں ہوئی۔ [1]

حالانکہ مسئلہ بالکل ظاہر ہے عام کتب فقہ کے مطالعہ سے یہ بات واضح ہوجاتی ہے کہ ہندوستان انگریزوں کے عہد میں بھی اور آج بھی دارالاسلام ہے ہندوستان کے بارے میں کچھ لوگ اس بنیاد پر دھوکے میں پڑ گئے کہ وہ یہ سمجھتے ہیں کہ دارالاسلام ہونے کے لئے ضروری ہے کہ وہاں مسلمانوں کی حکومت بھی ہو اور بہت سے لوگوں کو تشابہ لگ گیا ہے۔ یہاں دو صورتیں الگ الگ ہیں ایک یہ کہ دارالاسلام دارالحرب کب ہوگا۔ یعنی ایک ملک دارالاسلام تھا پھر اس پر کافروں کا قبضہ ہوگیا تو محض کفار کے قبضہ ہی سے وہ دارالحرب ہوجائے گا یا اس کے لئے اور بھی شرائط ہیں۔ کچھ لوگوں نے کتب فقہ پر نظریں ڈالیں اور اجتہاد کرلیا کہ جب مسلمانوں کے تسلط سے دارالحرب دارالاسلام ہوجاتا ہے تو کفار کے تسلط سے دارالاسلام دارالحرب ہوجائے گا یا بیچ میں لٹک کر دارالامن ہوجائے گا۔ حالانکہ ایسا نہیں ہے بلکہ کفار کے تسلط کے ساتھ ساتھ دو اہم شرطیں اور بھی ہیں ایک یہ کہ اس بستی میں احکام اسلامیہ بالکل بند کر دئے جائیں دوسری یہ کہ اس کی کوئی سرحد دارالاسلام سے نہ ملتی ہو۔

خلاصہ یہ ہوا کہ ایک دارالاسلام کے دارالحرب ہونے کے لئے تین چیزیں ہونی ضروری (۱) کفار کا تسلطِ تام (۲) احکام اسلام کا بالکلیہ بند ہونا۔ (۳) دارالاسلام سے اس کی سرحد کا نہ ملا ہونا۔ اگر ان تین میں سے ایک شرط بھی مرتفع ہو تو دارالاسلام ہی ہوگا۔ مثلاً کفار کا تسلط ہے مگر احکام اسلام کل نہ سہی بعض ہی

---

[1] فتاویٰ رشیدیہ ص ۴۳۔

Marfat.com
Marfat.com

باقی ہیں مثلاً جمعہ، عیدین، نماز پنجگانہ، داڑھی رکھنا وغیرہ وغیرہ تو وہ دارالاسلام ہی ہوگا۔ جیساکہ ہندوستان انگریزوں کے زمانے میں بھی دارالاسلام تھا ـــــ اور اگرچہ دونوں شرطیں نہ پائی جائیں تو کم از کم اتنا تو ضرور تھا کہ اس کی سرحد ایران اور افغانستان اور اسلامی ملکوں سے ملی ہوئی تھیں اس لئے ہندوستان کے دارالحرب ہونے کا کوئی شبہہ بھی نہیں ہے۔

اعلیٰ حضرت فرماتے ہیں۔" ہمارے امام اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ بلکہ علمائے ثلاثہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے مذہب پر ہندوستان دارالاسلام ہے ہرگز دارالحرب نہیں کہ دارالاسلام کے دارالحرب ہوجانے میں جو تین باتیں ہمارے امام اعظم امام الائمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نزدیک درکار ہیں ان میں سے ایک یہ ہے کہ وہاں احکام شرک اعلانیہ جاری ہوں اور شریعت اسلامیہ کے احکام و شعائر مطلقاً جاری نہ ہونے پائیں اور صاحبین کے نزدیک اس قدر کافی ہے مگر یہ بات بحمداللہ یہاں قطعاً موجود نہیں اہل اسلام جمعہ و عیدین و اذان و اقامت و نماز باجماعت وغیرہا شرائع شریعت بغیر مزاحمت علی الاعلان کرتے ہیں۔ فرائض نکاح، رضاع، طلاق، عدۃ، رجعۃ، مہر، خلع، نفقات، حصانت، نسب، ہبہ، وقف وصیت شفعہ وغیرہا بہت سے معاملات مسلمین ہماری شریعت پر فیصل ہوتے ہیں۔[1]

(۲)

زندگی کا بیمہ

اعلیٰ حضرت سے زندگی کے بیمہ کے بارے میں مولانا غفران علی صاحب نے سوال کیا ـــــ کیا فرماتے ہیں علمائے دین کہ زندگی کا بیمہ کرانا شرعاً جائز ہے یا حرام۔ صورت

---

[1] اعلام الاعلام بان ہندوستان دارالاسلام ص ۲۔

Marfat.com
Marfat.com

اس کی یہ ہے کہ جو شخص زندگی کا بیمہ کرانا چاہتا ہے اس سے یہ قرار لیا جاتا ہے کہ ۵۵ سال یا ۶۰ سال یا ۵۰ سال کی عمر تک مبلغ دو ہزار روپئے، چار یا چھ روپیہ ماہوار کے حساب سے تنخواہ میں سے وضع ہوتے رہیں گے اگر وہ شخص ۵۵ سال تک زندہ رہا تو خود اس کو اور اگر میعاد مقرر کے اندر مرگیا تو اس کے ورثار کو دو ہزار روپیہ یک مُشت ملے گا خواہ وہ بیمہ کرانے کے بعد اور اس کی منظوری آنے کے بعد فوراً ہی مرجائے اور اگر میعاد مقرر تک زندہ رہا تو بھی وہی دو ہزار ملیں گے۔ بیمہ گورنمنٹ کی جانب سے ہو رہا ہے کسی کمپنی وغیرہ کو اس سے تعلق نہیں۔

اس کے جواب میں اعلیٰ حضرت نے اپنا فتویٰ صادر فرمایا ہے کہ ایسی صورت میں زندگی کا بیمہ (Life Insurance) کرنا جائز ہے جس سے کوئی شرعی قباحت نہ پیش آئے فرماتے ہیں۔

جبکہ بیمہ صرف گورنمنٹ کرتی ہے اور اس میں اپنے نقصان کی کوئی صورت نہیں تو جائز ہے کوئی حرج نہیں مگر شرط یہ ہے کہ اس کے سبب اس کے ذمہ کسی خلاف شرع احتیاط کی پابندی عائد نہ ہوتی ہو جیسے روزوں یا حج کی ممانعت واللہ تعالیٰ اعلم۔ [1]

(۳)

اسپرٹ کا حکم

دوسرا شکر جو ہڈیوں سے صاف کی جاتی تھی اس کے بارے میں مشہور تھا کہ اس میں شراب بھی پڑتی ہے۔ اسی طرح مشین سے تیار شدہ برف اور وہ چیزیں جن میں شراب کا امتزاج مشہور ہے اعلیٰ حضرت سے ان سب کا حکم شرعی پوچھا گیا تو آپ نے

---

[1] احکام شریعت حصہ دوم ص ۱۸۲۔

Marfat.com
Marfat.com

ایک رسالہ "الحلی من السکر لطلبۃ السکر من الرد سر۔

اس رسالہ میں آپ نے دریافت حکم کے لئے دس مقدمے وضع فرمائے اور ہر مقدمہ کا ثبوت احادیث کریمہ، تصریحات فقہاء یا قرآن پاک کی آیات سے کیا ہے اور دلائل کی کثرت نیز۔

مقدمۂ اولیٰ۔

خنزیر کے سوا ہر جانور کی ہڈی پاک ہے۔خواہ وہ جانور ماکول ہو یا غیر ماکول اس مقدمہ کا اثبات "تنویر الابصار، درمختار اور ردالمحتار کی عبارتوں سے فرمایا عبارتوں کے ذیل میں کچھ حوالہ جات بھی آگئے۔

مقدمہ ثانیہ۔

بعض اشیاء کے سوا ہر شئی میں طہارت وحلت اصل ہیں تاوقتیکہ کوئی دلیل شرعی قائم نہ ہوسکے اس مقدمہ کی توضیح فرماکر ایک حدیث کا اضافہ فرمایا اور طریقہ محمدیہ اور حدیقہ ندیہ سے ایک عبارت نقل کی جس میں ثبوت کے طور پر قرآن شریف کی آیت "هُوَ الَّذِیْ خَلَقَ لَكُمْ مَّا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا" ذکر ہے اور اس میں یہ بھی ہے کہ یہی اصل حنفیہ وشافعیہ وغیرہ کی کتابوں میں ملتی ہے۔اور اس کے خلاف کسی بھی اہل علم کا قول نظر نہیں آیا۔اسی طرح الاشباہ والنظائر اور حموی کی غمز العیون سے حوالے پیش کئے گئے ہیں۔

مقدمہ ثالثہ۔

بے ثبوت کسی شئی کو حرام و مکروہ کہنا شریعت پر افتراء ہے اس مقدمہ کے اثبات میں شیخ عبدالغنی نابلسی کی ایک عبارت تحریر کی ہے اور شامی سے بھی حوالہ دیا جس میں یہ تصریح بھی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نص قطعی کے نازل ہوئے بغیر شراب جیسی ام الخبائث شئی سے منع نہ فرمایا حالانکہ آپ کو تشریعی اختیارات

Marfat.com
Marfat.com

مقدمہ رابعہ۔

احکام شرع میں بازاری افواہیں ناقابل اعتبار ہیں اس سلسلہ میں بعض تمثیلات کے بعد تین حدیثیں تحریر فرمائیں اور حاشیہ درمختار سے ایک عبارت نقل کرکے شامی کا بھی ایک حوالہ اس کی تائید میں پیش فرمایا۔

مقدمہ خامسہ۔

احکام دینیہ میں کافر کی خبر غیر معتبر ہے اور حلت و حرمت طہارت و نجاست احکام دینیہ ہی ہیں۔ اس کا اثبات دو آیتوں سے فرمایا۔ اور درمختار اور عالمگیری کی عبارتیں نقل کیں اور توضیح کے بعد قاضی خاں، عالمگیری اور شامی و شرح تنویر وغیرہ سے عبارتیں نقل کیں۔

مقدمہ سادسہ۔

کسی شئی میں احتیاط کا نہ ہونا یا کسی قوم کا بے احتیاط ہوجانا کہ جس میں نجاست و حرمت سے کوئی پرہیز نہ ہو۔ اس سے چیزیں مطلقاً حرام قرار نہ پائیں گی کیوں کہ بے احتیاطی وقوع دائم کی مقتضی نہیں تو نفس شی میں ظنون و خیالات کے سوا کیا رہا۔

اس مقدمہ کے ضمن میں سات نظیریں پیش فرمائیں اور ہر حدیث میں مثل سابق عبارتیں، حدیثیں و فقہا کے مصرح ضوابط اور جزئیات تحریر فرمائے۔

مقدمہ سابعہ۔

شدت بے احتیاطی اکثر اقوال میں نجاست و آلودگی کا غلبۂ ظن پیدا کرتی ہے اور شرعاً ظن غالب معتبر ہے مگر اس کی دو صورتیں ہیں ایک تو یہ کہ جانب راجح پر قلب کو اس درجہ اعتماد ہو کہ دوسری جانب کو بالکل نظر سے ساقط کردے ایسا ظن غالب فقہ میں حکم یقین رکھتا ہے۔ اصطلاح علماء میں اکثر اس کو غالب ظن

Marfat.com
Marfat.com

کہتے ہیں ثبوت میں غمز العیون اور بصائر کی عبارتیں ہیں پھر اپنی طرف سے کئی تحقیقات پیش کی ہیں۔

دوسری صورت یہ ہے کہ جانب راجح پر دل ٹھیک ٹھیک نہ جمے اور جانب مرجوح کو پورے طور پر مضمحل نہ سمجھے یہ صورت نہ یقین ہے اور نہ یقین کے حکم میں۔ کلمات علماء میں ظن غالب کا استعمال اس معنی پر بھی ہوا ہے۔ حدیقہ ندیہ اور شرح مواقف کی عبارتیں اسی معنی میں نقل کئے پھر فرمایا اس صورت میں علماء احتیاط کو بہتر جانتے ہیں واجب قرار نہیں دیتے چنانچہ کفار کے پاجامے، مشرکین کے برتن بچوں کے ہاتھ پاؤں وغیرہ اس حال میں ہوتے ہیں کہ طہارت کی طرف ایک بار ذہن جاتا ہے تو نجاست کی جانب دس بیس دفعہ اس کے باوجود ان میں سے کسی چیز کو بے دیکھے تحقیقی طور پر ناپاک نہیں کہہ سکتے۔ لہٰذا علماء نے تصریح کی کہ ان کے پانی سے دھونا اور اس کا استعمال اور کپڑوں میں نماز صحیح و جائز ہے شہادت میں طریقہ محمدیہ اور اس کی شرح سے عبارتیں نقل کیں جن کے ضمن میں دوسرے حوالہ جات بھی آ گئے پھر اپنی تحقیق کے طور پر چند حدیثیں تحریر فرمائیں۔

مقدمہ ثامنہ۔

کسی شئ کی نوع و صنف میں نجس یا حرام کا اختلاط، لازم نہیں کرتا کہ اس کے ہر فرد سے منع کیا جائے۔ یہ اس وقت ہو سکتا ہے جبکہ تحقیق سے معلوم ہو کہ اس کے ہر فرد میں وہ نجس و حرام مخلوط ہے۔ لہٰذا علماء نے فرمایا کہ دیبائے فارسی ناپاک اور اس سے نماز ناجائز کہ وہ اس کی چمک و بھڑک زیادہ کریں تو پیشاب کا خلط کرتے ہیں اور دھوتے نہیں کہ رنگ بگڑ جائے گا۔ دُرمختار اور حلیہ سے ثبوت پیش کیا پھر فرمایا کہ اگر ایسا عموم نہیں تو ہرگز ہرگز تحریم و تنجیس کا اطلاقِ حکم روا نہیں چنانچہ کفار کے مطعوم، ملبوس اور مظروف کی نسبت یقین کامل نہیں کہ ان میں سب ہی

Marfat.com
Marfat.com

ناپاک ہوں۔ لہٰذا علماء نے اس کے جواز کا فتویٰ دیا بلکہ مجمع الفتاویٰ وغیرہ میں تصریح کی کہ ہمارے ملک میں جو کھالیں پکائی جاتی ہیں نہ ان کے گلوں سے خون دھویا جاتا ہے نہ پکانے میں نجاستوں سے پرہیز پھر ویسے ہی ناپاک زمینوں پر ڈال دیتے ہیں بعد میں دھوتے بھی نہیں اس کے باوجود حکم یہ ہے کہ وہ کھالیں بے دغدغہ پاک ہیں ان سے موزے بناؤ کتابوں کی جلدیں بناؤ پانی پینے کے مشک ڈول بناؤ تو مضائقہ نہیں۔

ثبوت میں طریقہ محمدیہ وغیرہ کی عبارتیں لکھیں پھر دُرِ مختار سے عبارت لائے اور امام محمد کی تصریح سیرت احمدیہ سے نقل کی۔ فتاویٰ امام ظہیر الدین سے امام محمد کا بلکہ امام اعظم کا قول نقل فرمایا۔ خلاصہ یہ کہ غیر کلی یقین منع کلی کا موجب نہیں۔

مقدمہ تاسعہ۔

جب بازار میں حلال وحرام فروخت ہوں یا کسی جنس خاص میں مخلوط ہوں اور کوئی علامت امتیاز ظاہر نہ ہو تو شریعت خریداری سے پرہیز کا حکم نہیں دیتی کہ آخر ان میں حلال بھی ہے اور ہر شئی میں احتمال حلت قائم ہے۔ مبسوط سے یہ ضابطہ نقل کیا اور حموی سے بھی نظیر لائے پھر تحقیق فرمائی کہ یہ ضابطہ اس صورت کے ساتھ مخصوص ہے کہ احتمال حرمت رکھنے والی چیزیں خود اپنی ملک میں نہ ہوں ورنہ ان کا استعمال جائز نہ ہوگا۔

مقدمہ عاشرہ۔

اللہ تعالیٰ نے ہم پر یہ ذمہ داری نہیں ڈالی کہ وہی چیزیں استعمال کریں جو نفس الامر میں جائز وحلال ہوں یا یہ کہ جسے ہم اپنی یقین کی رو سے طیب وطاہر جانتے ہیں۔ کہ دین تنگی نہیں پیدا کرتا اور نہ طاقت سے باہر کی ذمہ داری دیتا ہے اس کے ثبوت میں دو آیتوں اور آٹھ حدیثوں کو ذکر فرمایا ہے اور حدیقہ ندیہ و

Marfat.com
Marfat.com

جامع الفتاویٰ کی عبارتیں بھی تحریر کی ہیں اس کے بعد پھر تحقیق مزید کے طور پر دو حدیثیں اور لکھیں اور ضمن میں مؤطا امام محمد کی ایک عبارت پر تحقیق انیق فرمائی۔ پھر لکھا کہ شک کی جگہ پر تفتیش و سوال بہتر ہے جبکہ اس پر کوئی فائدہ مرتب ہو لیکن اگر کوئی فساد لازم آئے یا کسی امر اہم کی مخالفت لازم ہو تو تفتیش مذموم ہے مثلاً مسلمانان نے دعوت دی اور یہ ان کے حال کی تحقیقات کر رہے ہیں۔ بے شک یہ باتیں وحشت پیدا کرنے والی ہیں اور اس میں مسلمانان کو ایذا دینا ہے اور یہ شئ ممنوع ہے چنانچہ اس کی ممانعت چار حدیثوں سے ثابت کی ہے۔

ان مقدمات کے بعد ایک ضابطہ کلیہ وضع فرمایا:۔

کسی چیز میں نجاست مخلوط ہونے کا تعین دو قسموں پر ہے۔ شخص نوعی، شخص، کسی فرد خاص کی نسبت مثلاً اس کنویں میں نجاست گری ہے اور نوعی کا مطلب نوع کے متعلق یقین ہو اجمالی طور پر یعنی اتنا ثابت ہو کہ اس نوع میں اختلاط ہوتا ہے لیکن اس کے ہر فرد کے متعلق علم نہ ہو اور کلی یعنی نوع کے متعلق عموم و دوام اور التزام کے ساتھ اختلاط معلوم ہو اور یہ وہیں ہوگا کہ بنانے والوں کو اس سے کوئی غرض خاص مقصود ہو ورنہ بلا وجہ التزام متیقن نہیں ہو سکتا۔

اب ان تمہیدات کے بعد اصل جواب کی طرف نظر فرمائی۔ مشینی برف میں شراب ملنے کی خبر قابل غور ہے اگر یہ بازاری افواہ ہو یا بعض مشرکین و کفار کی خبر ہو تو بالکل بے اعتبار۔ مقدمہ رابعہ و خامسہ سے ثابت۔ یا فساق و مستور کی خبر ہو تو شہادت قلب کی طرف رجوع معتبر، اگر قلب ان کے صدق پر گواہی دے تو بیشک احتراز چاہیئے کہ ایسے مقام پر تحری حجت شرعیہ ہے اور وہ بھی اسی کے حق میں جس کا دل ان کے صدق کی طرف جائے لیکن اگر دوسرے کے دل پر ان کا کذب جمے تو ان کے حق میں احتراز معتبر ورنہ اجازت۔

Marfat.com
Marfat.com

ہدایہ اور ردالمختار کی عبارتوں کا حوالہ دیا۔ پھر فرماتے ہیں:۔

ہاں اگر اتنی بڑی جماعت نے خبر دی ہو جن کا کذب پر اتفاق عقلاً محال ہو تو بے شک حُرمت قطعی کا حکم دیا جائے گا۔ بلکہ اگر ایک مسلمان عادل بھی خبر دے کہ اس نے خود مشاہدہ کیا ہے جب بھی احتراز واجب اور برف حرام و نجس۔ یہاں فواتح الرحموت کا حوالہ دیا۔

اس ضمن میں خبر واحد اور خبر متواتر کی کسی قدر تحقیق و تشریح فرمائی کہ جب تک اضطرار کی کیفیت متعین نہ ہو جائے حرام سے تداوی جائز نہیں۔ لیکن دفع یہ ہے کہ اس خبر کی کچھ حقیقت پایۂ ثبوت کو نہیں پہنچتی تو برف پر حکم جواز ہی ہے۔ ہاں انگریزی دواؤں میں رقیق دوائیں جیسے ٹینچر وغیرہ میں یقیناً شراب ہوتی ہے وہ سب حرام ہیں ان کا کھانا اور بدن پر لگانا جائز نہیں۔ نہ خریدنا جائز نہ بیچنا جائز۔

اسی طرح شکر کا ہڈیوں سے صاف کیا جانا موقع انکار نہیں مگر غور طلب یہ ہے کہ اس تصفیہ میں ہڈیوں کا صرف شکر پر گذر ہو جاتا ہے کہ ان میں ہڈیوں کا کوئی جزء شریک نہیں ہونے پاتا تو اس شکر کی حلت کو صرف ان ہڈیوں کی طہارت درکار ہے اگرچہ وہ حلال نہ ہوں اور اگر اجزائے استخواں پیس کر اس میں ملاتے ہیں کہ شکر میں وہ مخلوط ہو جائیں تو ان ہڈیوں کا حلال ہونا حلت شکر کے لئے لازم ہے صرف طہارت استخواں کافی نہیں۔

دُرمختار سے ایک نظیر پیش کہ کنوئیں میں مینڈک کے اجزاء منتشر ہو کر مخلوط ہو گئے تو اس سے وضو جائز ہے لیکن پینا درست نہیں ہے۔

دوسری بات یہ کہ محض خیالات کی بنا پر دوسرے کی شکر کو مطلقاً حرام و نجس کہنا صحیح نہیں ہے تا وقتیکہ تحقیق تام نہ ہو لے۔ (مقدمہ ثالثہ)

کیا ممکن نہیں ہے کہ وہ ہڈیاں طاہر و حلال ہوں؟ یہی وجہ ہے کہ جنگل کے گدھے

Marfat.com
Marfat.com

کا پانی پاک ہے حالانکہ وہاں درندے اور خنزیر بھی ہیں۔ یہاں بھی حدیقہ اور بحر کی عبارتوں سے تائید حاصل کی نیز بے احتیاطیوں اور شدت بے احتیاطی پر نجاست و حرمت کا حکم نہیں (مقدمہ سادسہ وسابعہ)

یہ بھی نہیں معلوم کہ ہر شکر میں نجس اور حرام ہڈیاں مستعمل ہوتی ہیں (مقدمہ ثامنہ) جبکہ کوئی وجہ فائدہ نہ ہو تحقیق کی حاجت نہیں بلکہ تحقیق میں مسلمانوں کی پردہ دری وغیرہ ہے (مقدمہ عاشرہ)

جو شخص اپنی آنکھوں سے دیکھ لے کہ خاص مُردار اور حرام ہڈیاں اس کے سامنے شکر میں اس طرح ملائی گئیں کہ جُدائی ہو سکتی ہے تو اس کا کھانا کھلانا ناجائز نہیں دینا ناجائز۔ یا ثابت ہو کہ خاص وہی شکر ہے جس میں یہ عمل کیا گیا تو اس کا بھی استعمال روا نہیں۔ اس کے بعد دین میں سختی پیدا کرنے سے اور غلو و تشدد سے ممانعت کی چند حدیثیں پیش کیں اور بعض جزئیات کے احکام کی طرف بھی نشاندہی کی۔

(۴)

بندوق کا شکار

حلال جانوروں کا گوشت کھانا اسی وقت جائز ہے جبکہ وہ بطریقہ شرعی قتل کئے گئے ہوں۔ جسے عام فہم لفظ میں یہ کہیے کہ ذبح کئے گئے ہوں جو جانور ہمارے قابو میں ہیں ان کے ذبح کا ایک مخصوص طریقہ ہے۔ لیکن جو جانور ہمارے قابو میں نہیں ہیں۔ جنگلی اور وحشی ہیں جنھیں دور سے شکار کر کے بے بس کیا جاتا ہے ان کو ہم جیسے چاہیں ذبح نہیں کر سکتے۔ بسا اوقات ایسا ہوتا ہے کہ دور سے جانور کو تیر سے مارا گیا یا نیزے سے زخمی کیا گیا وہ بھاگ کھڑا ہوا اور کہیں

Marfat.com
Marfat.com

دور دراز بے جان ہو کر گرا اور مرگیا۔ شکار میں ایسا حادثہ اکثر رونما ہوتا رہتا ہے۔ اگر ہر جانور کے لئے ذبح کا وہی طریقہ شرط قرار دیا جائے تو شکار سے بہت کم ایسے جانور ملیں گے جو ہمارے کام آسکیں۔ اس لئے فقہا نے ذبح کی دو قسمیں کی ہیں۔

ذبح اختیاری، ذبح اضطراری

ذبح اختیاری۔ یہ ہے کہ جانور کی گردن کا اتنا حصہ کسی دھار دار چیز سے کاٹا جائے کہ اس کی درج ذیل چار رگیں کٹ جائیں۔

① وہ رگ جس سے کھانا اندر جاتا ہے ② وہ رگ جس سے سانس کی آمد و رفت رہتی ہے ③ و ④ وہ رگیں جن سے خون کا جریان رہتا ہے اگر چار نہ کٹیں تو کم از کم تین ضرور کٹ جائیں۔

① غذا کی گذرگاہ ② سانس کی گذرگاہ ③ خون کی دو رگوں میں سے کوئی ایک **ذبح اضطراری**۔ کسی دھار دار آلہ کو بسم اللہ پڑھ کر جانور پر پھینکا جائے جو اس کے جسم کے کسی حصہ کو کاٹ دے۔ اس تقدیر پر اگر کسی جانور کو بسم اللہ پڑھ کر تیر مارا گیا تیر جانور کو زخمی کرگیا جانور بھاگا اور جب شکاری اس کے قریب پہنچا تو وہ مرچکا تھا اس کا کھانا حلال ہے۔ اس لئے کہ ذبح اختیاری پر قدرت نہیں تھی تو اس کا قائم مقام ذبح اضطراری پاگیا۔

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور زمانہ خیر القرون بلکہ بہت بعد تک بندوق کی ایجاد نہیں ہوئی تھی تواریخ سے پتہ چلتا ہے کہ سب سے پہلے بندوق بابر نے استعمال کی ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ ۱۵۲۶ء[1] کا ایجاد ہے اس لئے قرآن مجید، احادیث ارشاد ائمہ مجتہدین و اقبال ائمہ فقہا میں اس کی کوئی تصریح

---

[1] تاریخ ہند ۲۷ ص۴

Marfat.com
Marfat.com

نہیں ملتی ہے کہ اگر بسم اللہ پڑھ کر فائر کی جائے اور گولی لگنے سے جانور گر جائے تو اس کا کھانا حلال ہوگا یا حرام۔ مسئلہ کی تنقیح اس پر موقوف ہے کہ بندوق کی گولی کاٹتی ہے یا توڑتی ہے۔ اگر تیر یا نیزے کی انی کی طرح سے یہ کاٹتی ہے تو بلا شبہہ بندوق سے کیا ہوا شکار مطلقاً حرام ہوگا اس لئے کہ قرآن کریم کی نص سے یہ ثابت ہے کہ موقوذہ حرام ہے۔ حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ وَالدَّمُ وَلَحْمُ الْخِنْزِيرِ وَمَا أُهِلَّ لِغَيْرِ اللَّهِ بِهِ وَالْمُنْخَنِقَةُ وَالْمَوْقُوذَةُ۔

ماضی قریب کے کچھ نیم اہل علم نے یہ فتویٰ دیا کہ بندوق کی گولی سے مارا ہوا شکار حلال ہے۔ انھوں نے اس کو تیر پر قیاس کیا۔

اعلیٰ حضرت رضؒ نے یہ فتویٰ دیا کہ بندوق کی گولی سے مارا ہوا شکار مطلقاً حرام ہے جب تک کہ اسے زندہ رہنے کی حالت میں اس پر قابو پاکر بہ طریق شرعی ذبح نہ کیا جائے اس لئے کہ بندوق کی گولی کاٹتی نہیں ہے بلکہ توڑتی ہے جیسے پتھر اور لاٹھی۔ اس لئے کہ کاٹنا دھار دار چیز کا خاصہ ہے جیسے چھری، چاقو، تلوار، تیر کا پھل اور نیزہ کی انی اور جن چیزوں میں دھار نہ ہوں وہ کاٹتی نہیں ہیں بلکہ توڑتی ہیں۔ شدید ٹکراؤ سے جسم کو توڑ کر اندر گھس جاتی ہیں اور یہ بھی ہے کہ بندوق کی گولی خواہ گول ہو جیسے پرانے زمانے کے کارتوسوں میں ہوتی تھی اور اب بھی ہوتی ہے یا نوکیلی ہو جیسے رائفل یا پستول کی جدید گولیاں ہوتی ہیں دھار کسی میں نہیں ہوتی نوک ہونا اور بات ہے دھار ہونا اور بات ہے۔ مولیٰ گاجر نوکیلے ہوتے ہیں مگر کوئی عقلمند یہ نہ کہے گا کہ اس میں دھار بھی ہے۔ تو جب بندوق کی کسی قسم کی گولی میں دھار نہیں ہوتی تو وہ کیسے کاٹے گی اس لئے بندوق کی گولی کو تیر پر قیاس کرنا قیاس مع الفارق ہے کہ تیر کے پھل میں دھار ہوتی ہے۔ ماننا پڑے گا کہ بندوق کی گولی جسم کو توڑ کر زخم پیدا کرتی ہے اس لئے بندوق کا مارا ہوا جانور موقوذہ میں داخل

Marfat.com
Marfat.com

ہے اور یہ بلا شبہہ حرام ہے۔[1]

(۵)

رویت ہلال

رویت ہلال اس دور کا معرکۃ الآرا مسئلہ ہے۔ رویت ہلال کے ثبوت کے طریقے بھی ہیں۔ اسلام کی متعدد عبادتوں کا دار و مدار رویت ہلال پر ہے اس لئے کہ شریعت نے ان کے لئے قمری مہینہ یا قمری مہینوں کی تاریخیں متعین کی ہیں مثلاً روزۂ رمضان، نماز عیدین، صدقۂ فطر، قربانی حج۔

قمری مہینہ کب شروع ہوتا ہے اور کب ختم ہوتا ہے۔ اس کو لوگوں نے نجی معاملہ سمجھ رکھا ہے۔ حالانکہ جب قمری مہینوں کے ساتھ شرعی عبادتوں کا تعلق ہے تو عبادتوں کی حد تک یہ خالص دینی مسئلہ ہوا اس لئے مہینوں کی ابتداء اور انتہاء بھی دینی معاملہ ہے۔ اس کو اسی معیار کے مطابق معلوم کرنا چاہئے جو شریعت نے مقرر فرمایا ہے۔ اس لئے کہ ساری عبادتیں اور ان کے اوقات شارع کی طرف سے معین ہیں ان میں کسی قسم کی تبدیلی اپنی رائے سے کرنی شریعت کی تحریف ہے۔

چاند کے ثبوت کے لئے شریعت نے بنیادی طور پر دو طریقے مقرر فرمائے۔ **اوّل** کسی مہینہ کا تیس دن پورا ہونا۔ **دوم** رویت۔ حدیث شریف میں ہے فان غم علیکم فاکملوا العدۃ ثلاثین یوما۔ دوسری حدیث میں ہے صوموا لرویتہ وافطروا لرویۃ۔ اگلے زمانے میں مراسلت کے یہ نئے طریقے نہیں تھے۔ تار، ٹیلیفون، ریڈیو، ٹیلیویژن وغیرہ کا وجود نہیں تھا۔ خطوط کی آمد و رفت تھی لیکن نہ ہونے کے برابر اس لئے ایک شہر کی رویت کی خبر دوسری جگہ بہت دیر سے پہنچتی تھی لیکن آجکل

---

[1] فتاویٰ رضویہ ج ۸۔

Marfat.com
Marfat.com

چند گھنٹے چند منٹ میں ہلال کی خبر کہاں تک پہنچ جاتی ہے۔اپنے روزمرہ کے معاملات میں تار، ٹیلیفون کا کافی اعتبار ہے۔عام لوگوں نے رویت ہلال کے سلسلہ میں بھی تار و ٹیلیفون اور ریڈیو کی خبر کو معتبر سمجھنا شروع کر دیا ہے ان کا استدلال ہے کہ جب ہم اپنے روزمرّہ کے معاملات میں اس کا اعتبار کرتے ہیں تو چاند کے معاملہ میں کیوں نہ اعتبار کریں۔گویا رمضان کب شروع ہوگا؟ کب ختم ہوگا؟ کب روزہ رکھنا ہے؟ اور کب تک رکھنا ہے؟ کب نماز عیدین پڑھنی ہے؟ کب سے قربانی کرنی ہے اور کب تک ہوسکتی ہے؟ ان سب باتوں کو لوگوں نے اپنا نجی معاملہ سمجھ لیا ہے حالانکہ یہ امور خالص دینی شرعی ہیں۔

اعلیٰ حضرت عوام کے اس واہمہ کو دور کرنے کے لئے اور شریعت کے صحیح موقف کی تعیین کے لئے متعدد رسالے تصنیف فرمائے اور متعدد مسائل لکھے جن کا مجموعہ جہازی سائز کے دو سو صفحات سے کم نہ ہوگا۔جس میں احادیث کریمہ اور ارشادات فقہاء سے نہایت واضح طریقہ پر ثابت فرمایا کہ ہلال کے ثبوت کے لئے خط، تار غیر معتبر ہیں[1]

اعلیٰ حضرت کے استدلالات کا خلاصہ یہ ہے کہ چاند کی رویت پر عمل کرنا اس وقت واجب ہوتا ہے جب وہ بطریق شرعی ثابت ہو۔

ثبوت رویت ہلال کے لئے شریعت میں سات طریقے ہیں۔

① کسی مہینہ کا تیس دن پورا ہونا ② رویت عامہ ③ شہادت علی الرویہ ④ شہادت علی شہادۃ الرویہ ⑤ شہادۃ علی حکم القاضی ⑥ کتاب القاضی الی القاضی ⑦ استفاضہ۔

اعلیٰ حضرت نے اسکی الاھلال بابطال ما اعتاد الناس فی

---

[1] اعلیٰ حضرت کے زمانہ میں ریڈیو، ٹیلیفون، ٹیلیویژن وغیرہ کی ایجاد نہیں ہوئی تھی۔

Marfat.com
Marfat.com

امر الھلال لکھا جس میں مندرجہ ذیل تنبیہات کے ذریعہ مسائل کو واضح فرمایا۔

تنبیہ اوّل۔

شریعت مطہرہ نے دربارۂ ہلال دوسرے شہر کی خبر کو شہادت کافیہ یا تواتر شرعی پر بناء فرمایا اور ان میں بھی کافی و شرعی ہونے کے لئے بہت قیود و شرائط لگائیں جن کے بغیر ہرگز گواہی و شہرت تک بکار آمد نہیں اور ظاہر کہ تار نہ کوئی شہادت شرعیہ ہے نہ خبر متواتر پھر اس پر اعتماد کیونکر حلال ہوسکتا ہے۔ فتح القدیر و دُرمختار و فتاوٰی ہندیہ و حاشیہ طحطاویہ علی مراقی الفلاح۔ شرح نورالایضاح میں ہے واللفظ للدر یلزم اھل المشرق برویۃ اھل المغرب اذا ثبت عندھم رویۃ اولئك بطریق موجب۔ علامہ حلبی اور علامہ طحطاوی و علامہ شامی حواشی دُرمختار میں فرماتے ہیں بطریق موجب بان یتحمل اثنان الشھادۃ اویشھد علی حکم القاضی اویستفیض الخبر بخلاف ما اذا اخبر ان اھل بلدۃ کذا رأوہ لانہ حکایۃ جو یہاں تار کی خبر پر عمل چاہے اس پر لازم ہے کہ شرعاً اس کا موجب و ملزم ہونا ثابت کرے مگر حاشا نہ ثابت ہوگا جب تک ہلال مشرق اور بدر مغرب سے نہ چمکے۔ پھر شرع مطہر پر بے اصل زیادت اور منصب رفیع فتوٰی پر جرأت کس لئے والعیاذ باللہ سبحانہ وتعالٰی اور یہ خیال کہ تار میں خبر تو شہادت کافی کی آئی، محض نادانی کہ ہم تک تو نامعتبر طریقے سے پہنچی نبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی خبر سے زیادہ معتبر کس کی خبر پھر جو حدیث نامعتبر راویوں کے ذریعہ سے آئی کیوں پایۂ اعتبار سے ساقط ہوجاتی ہے۔

تنبیہ دوم۔

تار کی حالت خط سے زیادہ ردی وسقیم کہ اس میں کاتب کا خط تو پہچانا جاتا ہے طرز عبارت سے شناخت میں آتا ہے واقف کار دیگر قرائن سے اعانت پاتا ہے

Marfat.com
Marfat.com

با ایں ہمارے علمار نے تصریح فرمائی کہ امور شرعیہ میں ان خطوط و مراسلات کا کچھ اعتبار نہیں کہ خط خط کے مشابہ ہوتا ہے اور بن بھی سکتا ہے تو یقین شرعی نہیں ہوسکتا کہ اسی کا لکھا ہوا ہے ائمہ دین کی عبارتیں لیجئے اشباہ میں ہے لا یعتمد علی الخط و لا یعمل بہ ہدایہ میں ہے الخط یشبہ الخط فلا یعتبر۔ فتح القدیر میں ہے الخط لا ینطق وھو متشابہ دُرمختار میں ہے لا یعمل بالخط الخ فتاوٰی قاضی خاں میں ہے القاضی انما یقضی بالحجۃ والحجۃ ھی البینہ او الاقرار اما الصک فلا یصلح حجۃ لان الخط یشبہ الخط کافی شرح وافی میں ہے الخط یشبہ الخط وقد یزور و یفتعل عینی شرح کنز میں ہے الخط یشبہ الخط فلا یلزم حجۃ لانہ یحتمل التزویر مجمع الانھر شرح ملتقی الابحر میں ہے القضاء والشھادۃ لا یحمل الا عن علم ولا علم ھٰھنا لان الخط یشبہ الخط فتاوٰی عالمگیریہ میں ملتقط سے ہے الکتاب قد یزور ویفتعل والخط یشبہ الخط والخاتم یشبہ الخاتم۔ مختصر ظہیریہ پھر شرح الاشباہ للعلامہ السیری پھر ردالمحتار میں ہے لا یقضی القاضی بذلک عند المنازعۃ لان الخط مما یزور ویفتعل غمز العیون میں فتاوی امام اجل ظہیر الدین عینانی سے ہے العلۃ فی عدم العمل بالخط کونہ مما یزور ویفتعل ای من شانہ ذلک وکونہ من شانہ ذلک یقتضی عدم العمل بہ وعدم الاعتماد علیہ وان لم یکن فی نفس الامر کما ھو ظاھر۔

دیکھئے کس قدر روشن واضح تصریحات ہیں کہ خط پر اعتماد نہیں نہ اس پر عمل ہو نہ اس کے ذریعہ سے یقین حاصل ہو۔ اس کی بناء پر حکم وگواہی حلال کہ خط خط کے مشابہ ہوتا ہے اور مُہر مُہر کے مانند بن سکتی ہے اور صاف ارشاد کرتے ہیں کہ خط کا صرف اپنی ذات میں قابل تزویر ہونا ہی بے اعتباری کو کافی ہے اگرچہ یہ خاص خط واقع میں ٹھیک ہو پھر تار جس میں خبر بھیجنے والے کے دست وزبان کی کوئی علامت

Marfat.com
Marfat.com

تک نام کو بھی نہیں اور اس میں خط کی بہ نسبت کذب و تزویر نہایت آسان کیونکہ امور دینیہ کی بنا اس پر حرام قطعی نہ ہوگی سبحان اللہ ائمہ دین کی تو وہ احتیاط کہ مہری خط کو صرف گنجائش تزویر کے سبب لغو ٹھہرایا حالانکہ مہر بنا لینا اور خط میں خط ملا دینا سہل نہیں شاید ہزار میں دو ایک ایسا کر سکتے ہوں اور یہاں تو اصلاً دشواری نہیں جو چاہے تار گھر میں جائے اور جس کے نام سے چاہے تار دے آئے وہاں نام و نسب کی کوئی تحقیقات نہیں ہوتی نہ رجسٹری کی طرح شناخت کہ گواہ لئے جائیں علاوہ بریں تار والوں کی وجوب صدق پر کون سی وحی نازل کہ ان کی بات خواہی نہ خواہی واجب القبول ہوگئی اور اس پر احکام کی بنا رہونے لگی ہزار افسوس ذلت علم قلت علماء پر انا للہ وانا الیہ راجعون

تنبیہ سوم۔

قطع نظر اس سے کہ خبر شہادت منگانے کے لئے جنہیں مراسلات بھیجے جائیں غالباً ان کا بیان حکایت و اخبار محض سے کہنا جدا ہوگا جس کی بے اعتباری تمام کتب مذہب میں مصرح بالفرض اگر اصل خبر میں کوئی خلل شرعی نہ ہوتا ہم اس کا جامہ اعتبار تار میں اگر یکسر تار تار کہ وہ بیان ہم تک اصالۃً نہ پہنچا بلکہ نسل در نسل ہو کر آیا صاحب خبر تو وہاں کے تار والے سے کہہ کر الگ ہوگیا اس نے تار کو جنبش دی اور کھٹکوں سے جن کے اطوار مختلف کو اپنی اصطلاح میں علامت حروف قرار دے رکھا ہے اشاروں میں عبارت بتائی اب وہ بھی جدا ہوگیا یہاں کے تار والے نے ان کھٹکوں پر نظر کی اور ضروریات معلومہ سے جو فہم میں آیا اسے نقوش معروفہ میں لایا اب یہ بھی الگ رہا وہ کاغذ کا پرچہ کسی ہرکارہ کے سپرد ہوا کہ یہاں پہنچا کر چلتا بنا۔ سبحان اللہ اس نفیس روایت کا سلسلۂ سند تو دیکھئے مجہول عن مجہول عن مجہول نامقبول از نامقبول از نامقبول اس قدر وسائط کو

لابدی ہیں پھر شاید کبھی نہ ہوتا ہو کہ معزز لوگ بذات خود جاکر تار دیں اب جس کے ہاتھ کھلا پہنچنا مانئے وہ جُدا واسطہ اس فارم کی حاجت ہوئی تو تحریر کا قدم درمیان آپ انگریزی نہ آئے تو کسی انگریزی داں کی وساطت اور ہر تار کا بابو اُردو نہ لکھے تو یہاں مترجم کی جُدا ضرورت باایں ہمہ فصل زاید ہوا اور تار وصل نہیں جب تو نقل در نقل کی گنتی ہی کیا ہے وائے بے انصافی اس طریقہ تراشیدہ پر عمل کرنے والوں سے پوچھا جائے ان سب وسائط کی عدالت و ثاقت سے کہاں تک آگاہ ہیں ماشاءاللہ نام بھی نہیں معلوم ہوتا نام درکنار اصل شمار وسائط بتانا دُشوار سب جانے دیجئے اسلام پر بھی علم نہیں اکثر ہنود وغیرہم کُفار ان خدمات پر معین غرض کوئی موضوع سے موضوع حدیث اس نفیس سلسلہ سے نہ آتی ہوگی پھر ایسی خبر پر امور شرعیہ کی بنا کرنا استغفراللہ علماء تو علماء ہیں نہیں جانتا کہ کسی عاقل کا بھی کام ہو۔

تنبیہ چہارم۔

علماء تصریح فرماتے ہیں کہ دوسرے شہر سے بذریعہ خط خبر شہادت دینا صرف قاضی شرع سے خاص جسے سلطان نے فصل مقدمات پر والی فرمایا ہو یہاں تک کہ حکم کا خط مقبول نہیں۔ درمختار میں ہے القاضی یکتب الی القاضی وھو نقل الشھادۃ حقیقۃ ولا یقبل من محکم بل من قاضی مولی من قبل الامام اھ ملتقی فتح میں ہے ھذا لنقل بمنزلۃ القضاء ولھذا لا یصلح الا من القاضی غیر قضاۃ تو یہیں سے الگ ہوئے رہے قاضی اُن کی نسبت صریح ارشاد کہ اس بارے میں نامہ قاضی کا قبول بھی صرف اس وجہ سے ہے کہ صحابہ و تابعین رضوان اللہ تعالٰی علیہم اجمعین نے برخلاف قیاس اس کی اجازت پر اجماع فرمالیا ورنہ قاعدہ یہی چاہتا تھا کہ اس کا خط بھی ان ہی وجہوں سے جو اوپر مذکور ہوئیں

Marfat.com
Marfat.com

مقبول نہ ہو اور پھر ظاہر کہ جو حکم خلاف قیاس ہوتا ہے مورد سے آگے تجاوز نہیں کرسکتا ہے اور دوسری جگہ اس کا اجرا محض باطل و فاحش خطا پھر حکم قبول خط سے گذر کر تار تک پہنچنا کیوں کر روا ائمہ دین تو یہاں تصریح فرماتے ہیں کہ قاضی اگر اپنا آدمی بھیجے بلکہ بذات خود بھی آکر بیان کرے کہ میرے سامنے گواہیاں گذریں ہرگز نہ سنیں گے کہ اجماع تو صرف دربارۂ خط منعقد ہوا ہے پیام ایلچی و خود بیان قاضی اس سے جدا ہے امام علامہ محقق علی الاطلاق شرح ہدایہ میں فرماتے ہیں الفرق بین رسول القاضی وکتابہ حیث یقبل کتابہ ولا یقبل رسولہ فلان غایۃ رسولہ ان یکون کنفسہ وقد منا انہ لو ذکر ما فی کتابہ لذلک القاضی بنفسہ لا یقبلہ وکان القیاس فی کتابہ کذلک الا انہ اجیز باجماع التابعین علی خلاف القیاس فاقتصر علیہ۔

سبحان اللہ پھر تار بے چارے کی کیا حقیقت کہ اسے کتاب القاضی پر قیاس کریں اور جہاں خود بیان قاضی شرعاً بے اثر وہاں بنائے احکام اس کے سر دھریں

ع بہ بیں تفاوت رہ از کجاست تا بہ کجا

اور جب شرعاً قاضی کا تاریوں بے اعتبار تو اوروں کے تار کی جو ہستی ہے وہ ہماری تقریر صدر سے آشکار کہ مقبول الکتاب کا تار ناچیز تو مردود الکتاب کا تار کیا چیز ولا حول ولا قوۃ الا باللہ الملک العزیز۔

تنبیہ پنجم۔

قاضی شرع کا نامہ بھی اس وقت مقبول جب دو مرد ثقہ یا ایک مرد دو عورتیں عادل دارالقضا سے یہاں آکر شہادت شرعیہ دیں کہ یہ خط یالیقیں اسی قاضی کا ہے اور اس نے ہمارے سامنے لکھا یا ہم کو دے کر گواہ کر لیا کہ یہ خط اسی کا ہے ورنہ ہرگز قبول نہیں اگرچہ ہم اس قاضی کا خط پہچانتے ہوں اور اس کی مہر بھی لگی ہو

Marfat.com
Marfat.com

اور اس نے خاص اپنے آدمی کے ہاتھ بھیجا بھی ہو ہدایہ میں ہے لا یقبل الکتاب الا شھادۃ رجلین او رجل او امرأتین لان الکتاب یشبہ الکتاب فلا یثبت الا بحجۃ تامۃ وھذا لانہ ملزم فلابد من الحجۃ فتاوٰی ہندیہ میں ملتقط سے ہے یجب ان یعلم ان کتاب القاضی الی القاضی صار حجۃ شرعًا فی المعاملات بخلاف القیاس لان الکتاب قد یفتعل ویزور الخط یشبہ الخط والخاتم یشبہ الخاتم ولکن جعلناہ حجۃ بالاجماع ولکن انما یقبلہ القاضی المکتوب الیہ عند وجود شرائطہ ومن جملۃ الشرائط البینۃ حتی ان القاضی المکتوب الیہ لا یقبل کتاب القاضی ما لم یثبت بالبینۃ انہ کتاب القاضی۔ عقود الدریہ میں فتاوٰی علامہ قاری الہدایہ سے ہے اذا شھدوا انہ خطہ من غیر ان یشاھدوا کتابتہ فلا یحکم بذلک درمختار میں ہے واکتفی الثانی بان یشھدھم انہ کتابہ وعلیہ الفتوی۔ سبحان اللہ یہ خطوط اور تار جو یہاں آتے ہیں ان کے ساتھ کون سے دو گواہ عادل آکر گواہی دیتے ہیں کہ فلاں نے ہمارے سامنے لکھا یا تار دیا مگر ہے یہ کہ ناواقفی کے ساتھ امور شرع میں بیجا مداخلت سب کچھ کراتی ہے۔

لہ اثر کی الھلال بابطال ما احدث الناس من امر الھلال۔

Marfat.com
Marfat.com

اعلیٰ حضرت کا فقہی مقام

کسی فقیہ کی شان تفقہ کا اندازہ کرنے کے لئے فقہ کی تعریف اور اس کے لوازمات کا جاننا بھی ضروری ہے اس لئے سب سے پہلے اختصار کے ساتھ اس کا بیان ناگزیر ہے۔

مجتہد کے لئے اسلاف سے جن شرطوں کا ذکر ملتا ہے اعلیٰ حضرت یقیناً ان شرائط کے حامل تھے۔ امام صدر الشریعۃ شرائط اجتہاد کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں

"شرطه ان يحوى علم الكتاب بمعانيه لغةً وشرعًا واقسامه المذكورة وعلم السنة متنًا وسندًا و وجوه القياس كما ذكرنا"[1]

اس کی تفصیل علامہ تفتازانی اس طرح فرماتے ہیں۔ کتاب اللہ کے مفاہیم تک رسائی کے لئے لازمی ہے کہ لغت، نحو، صرف اور معانی و بیان میں مہارت ہو اور اصولی طور پر جو خصوصیات احکام پر اثر انداز ہوتی ہیں ان کی معرفت میں بھی کمال ہو مثلاً عام، خاص، مشترک مجمل، مفسر اور اقسام دلالات وغیرہ بھی جاننا ضروری ہے اور مفاہیم سنت تک پہنچنے میں جہاں یہ تمام علوم اور اقسام اصولی شرط ہیں وہیں احادیث کی سند اور احوال رواۃ پر بھی آگاہی ضروری ہے قیاس کے شرائط و اقسام اور ان کے احکام نیز ان میں مقبول اور نامقبول میں تمیز کا علم بطور ملکہ حاصل ہو فقیہ کو اجماع امت سے بھی آگاہ ہونا چاہیے تاکہ اس کا اجتہاد اجماع سے مزاحم نہ ہو۔[2]

---

[1] توضیح مصری ص ۱۱۰، ۱۸ ج ۲۔ [2] تلویح مصری ص ۱۱۷، ۱۱۸ ج ۲۔

Marfat.com
Marfat.com

علامہ تفتازانی نے علم کلام کی معرفت بھی شرائط اجتہاد میں شمار کی ہیں۔[1]

علامہ طاش کبرلے زادہ علم فقہ کی تعریف میں لکھتے ہیں۔ ھو علم باحث عن الاحکام الشرعیۃ العملیہ من حیث استنباطھا من الادلۃ التفصیلیۃ ومبادیہ مسائل اصول الفقہ ولہ استمداد من سائر العلوم الشرعیۃ والعربیۃ[2]

امام سرخسی نے تمامیت فقہ کے لئے عمل صالح کی قید کا اضافہ بھی فرمایا ہے ان تمام الفقہ لایکون الا باجتماع ثلاثۃ اشیاء العلم بالمشروعات والاتفاق فی معرفۃ ذلک بالوقوف علی النصوص بمعانیھا وضبط الاصول بفروعھا ثم العمل بذلک فتمام المقصود لایکون الا بعد العمل بالعلم۔[3]

ان شواہد کے لکھنے سے ہمارا مقصد یہ ہے کہ ایک تخمینہ قائم کیا جا سکے کہ فقہ و اجتہاد کے لئے کتنے علوم کی مہارت شرط ہے اسی طرح اصول و فروع کی تفصیلات نیز اجماع امت اور قیاس کے اقسام واحکام میں کس قدر بصیرت لازم ہے ان شہادات سے یہ امر بھی مفہوم ہوتا ہے کہ فقیہ ہر مسئلہ کا استنباط اس کی تفصیلی دلیل سے کرنے پر قادر ہوتا ہے اور یہ ممکن نہیں جب تک وہ فقیہ ثاقب الذہن طباع سلیم الفکر اور نکتہ رس قابل اعتماد نہ ہو ساتھ ہی یہ بھی معلوم ہوا کہ فقیہ کو تدین و تقویٰ سے بھی متصف ہونا چاہیئے تاکہ قدم بہ قدم اسے تائید غیبی بھی حاصل رہے۔

عہد صحابہ کے بعد امام ابو حنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ تمام فقہاء کے امام اور قائد شمار کئے گئے ہیں امام شافعی فرماتے ہیں۔ ما رأیت احداً افقہ منہ من اراد ان یتفقہ فعلیہ بہ وبا صحابہ۔[4]

اصول و فروع کی ترتیب عہد امام ہی میں مکمل ہو گئی البتہ فکری مراتب کے اعتبار

---

[1] حاشیۃ السعدیہ علی شرح العضدیہ ۲۲۰ ص ۲۹۰۔ [2] مفتاح السعادۃ ج ۲ ص ۱۹۴۔

[3] اصول سرخسی ج ۱ ص ۱۰۰۔ [4] مفتاح السعادہ ج ۲ ص ۲۰۲۔

Marfat.com
Marfat.com

